بسم اللہ الرحمن الرحیم

حضرت امام رضا علیہ السلام

اہل سنت کی روایات میں

زندگی، شخصیت، روایت، امامت، ولایت عہدی، کرامت، زیارت

مؤلف

محمد محسن طبسی

مترجم

سید سبط حیدر زیدی

طبسی ،محمد محسن، ۱۳۶۰۔
(امام رضا علیہ السلام بہ روایت اہل سنت: زندگانی، شخصیت۔۔۔اردو)
حضرت امام رضا علیہ السلام اہل سنت کی روایات میں: زندگی، شخصیت، روایت، امامت، ولایت عہدی، کرامت، زیارت /مؤلف: محمد محسن طبسی، مترجم: سید سبط حیدر زیدی۔مشہد مقدس: بنیاد پژوہشھای اسلامی، ۱۳۸۹۔
۳۹۰ص ISBN:978-964-971-418-9
فہرست نویسی باعتبار فیپا اردو۔
۱۔ علی بن موسی (ع)، امام ہشتم، ۱۵۳؟۔۲۰۳ق۔احادیث اہل سنت۔الف: زیدی، سید سبط حیدر، مترجم، ب: بنیاد پژوہشھای اسلامی، ج: عنوان۔
۱۳۸۹ ۸۰۴۷ الف ۲ط/۲/۴۷ BP ۲۹۷/۹۵۷
کتابخانہ ملی جمہوری اسلامی ایران ۲۱۶۶۳۸۹

نام کتاب: حضرت امام رضا علیہ السلام اہل سنت کی روایات میں
تألیف: محمد محسن طبسی
ترجمہ: سید سبط حیدر زیدی
نظر ثانی: بزم رأفت (انجمن شعر وادب اردو زبان) مشہد مقدس
ناشر: (اسلامی تحقیقات فاؤنڈیشن) بنیاد پژوہشھای اسلامی آستانہ قدس رضوی مشہد مقدس
تعداد: ۳۰۰۰ طبع دوم 2011 / 1390ش ـ
قیمت: ۵۰۰۰۰ ریال
طباعت: مؤسسہ چاپ وانتشارات آستان قدس رضوی
جملہ حقوق بحق ناشر محفوظ ہیں

فہرست مطالب

مقدمہ- استاد محقق حاج شیخ نجم الدین طبسی ---------- ۱۷

تمہید---------- ۲۱

پہلا حصہ: زندگی/ ۲۷

نسب نامہ---------- ۲۹

کنیت و القاب---------- ۳۰

حضرت امام رضاؑ کو کس نے رضا کا لقب دیا؟ ---------- ۳۱

والد گرامی و والدہ ماجدہ ---------- ۳۲

حضرتؑ کی ولادت باسعادت---------- ۳۳

حضرت امام رضاؑ کی وفات یا شہادت؟ ---------- ۳۴

علماء اہل سنت کے نظریات ---------- ۳۶

لفظ شہادت ---------- ۴۱

کچھ اور تحقیق---------- ۴۲

نتیجہ ---------- ۴۳

اولاد ---------- ۴۳

دوسرا حصہ: شخصیت/ ۴۵

اہل سنت کی نظر میں علم حدیث و رجال کے اعتبار سے حضرت امام رضاؑ کی حیثیت و مقام------۴۷

حضرت امام رضاؑ پیغمبر اکرمؐ کے کلام میں---------- ۴۹

حضرت امام رضاؑ اہل سنت کے بیانات میں---------- ۵۰
دوسری صدی---------- ۵۰
تیسری صدی---------- ۵۳
چوتھی صدی---------- ۵۹
پانچویں صدی ---------- ۶۴
چھٹی صدی---------- ۶۹
ساتویں صدی---------- ۷۰
آٹھویں صدی ---------- ۷۶
نویں صدی---------- ۸۴
دسویں صدی---------- ۸۹
گیارہویں صدی ---------- ۹۸
بارہویں صدی---------- ۱۰۰
تیرہویں صدی ---------- ۱۰۱
چودھویں صدی ---------- ۱۰۳
پندرہویں صدی ---------- ۱۰۷
دولا جواب سوال---------- ۱۱۱

تیسرا حصہ: روایت/ ۱۱۵

مقام اختلاف کی تعیین---------- ۱۱۷
حدیث سلسلۃ الذہب کو لکھنے والے افراد---------- ۱۱۹
پہلی روایت- روایت حصن---------- ۱۱۹

متن روایت---------- ۱۱۹
راوی حضرات---------- ۱۲۰
تیسری صدی---------- ۱۲۰
پانچویں صدی---------- ۱۲۲
چھٹی صدی---------- ۱۲۲
ساتویں صدی---------- ۱۲۳
آٹھویں صدی---------- ۱۲۴
نویں صدی---------- ۱۲۴
دسویں صدی---------- ۱۲۵
گیارہویں صدی---------- ۱۲۵
بارہویں صدی---------- ۱۲۵
تیرہویں صدی---------- ۱۲۶
چودھویں صدی اور اس کے بعد---------- ۱۲۶
طرق روایت---------- ۱۲۷
روایت کا بقیہ---------- ۱۲۹
محمد خواجہ پارسای بخاری حنفی---------- ۱۲۹
قاضی بہجت آفندی شافعی---------- ۱۳۱
روایت حصن کے متعلق اہل سنت کے نظریات---------- ۱۳۲
موافقین---------- ۱۳۲
ابوصلت ہروی---------- ۱۳۲

احمد بن حنبل---------- ۱۳۳
یحی بن حسین حسنی---------- ۱۳۳
ابونعیم اصفہانی ---------- ۱۳۴
ابوالقاسم عبدالکریم بن ہوازن قشیری شافعی---------- ۱۳۴
ابو حامد محمد غزالی شافعی---------- ۱۳۵
دیلمی شافعی ---------- ۱۳۵
زمخشری حنفی---------- ۱۳۵
ابن قدامہ مقدسی حنفی---------- ۱۳۶
سبط ابن جوزی حنفی---------- ۱۳۶
زرندی حنفی---------- ۱۳۶
سیوطی شافعی---------- ۱۳۶
خجی اصفہانی حنفی---------- ۱۳۷
عبداللہ بن یحی واسعی یمانی حنفی---------- ۱۳۷
حدیث سلسلۃ الذہب کی برکت سے شفاء ---------- ۱۳۸
ابن خلکان شافعی کی داستان---------- ۱۳۸
خجی حنفی کی داستان---------- ۱۴۰
مخالفین---------- ۱۴۰
دوسری روایت- روایت ایمان---------- ۱۴۰
متن روایت---------- ۱۴۰
راوی حضرات ---------- ۱۴۱

تیسری صدی---------- ۱۴۱
چوتھی صدی---------- ۱۴۳
پانچویں صدی---------- ۱۴۳
چھٹی صدی---------- ۱۴۴
ساتویں صدی ---------- ۱۴۵
آٹھویں صدی---------- ۱۴۵
نویں صدی---------- ۱۴۶
دسویں صدی---------- ۱۴۶
گیارہویں صدی---------- ۱۴۷
بارہویں صدی---------- ۱۴۷
تیرہویں صدی اور اس کے بعد---------- ۱۴۷
طرق روایت---------- ۱۴۸
روایت ایمان کے متعلق اہل سنت کے نظریات---------- ۱۵۴
موافقین---------- ۱۵۴
محمد ابن ادریس شافعی---------- ۱۵۵
عبداللہ بن طاہر---------- ۱۵۵
ابوصلت ہروی---------- ۱۵۶
احمد بن حنبل---------- ۱۵۶
ابن ماجہ قزوینی---------- ۱۵۶
ابوحاتم رازی شافعی---------- ۱۵۷

یحی بن حسین حسنی---------- ۱۵۷
ابوبکر محمد بن حسین آجری شافعی---------- ۱۵۷
دار قطنی شافعی---------- ۱۵۸
منصور بن حسین آبی---------- ۱۵۸
ابونعیم اصفہانی شافعی---------- ۱۵۸
بیہقی شافعی---------- ۱۵۸
شجری جرجانی حنفی ---------- ۱۵۹
ابو حامد محمد غزالی شافعی---------- ۱۵۹
زمخشری حنفی---------- ۱۵۹
ابن قدامہ مقدسی حنفی---------- ۱۵۹
سبط ابن جوزی حنفی---------- ۱۶۰
جمال الدین مزی شافعی ---------- ۱۶۰
ابن حجر عسقلانی شافعی---------- ۱۶۰
محمد بن محمد جزری شافعی ---------- ۱۶۰
عبدالرحمٰن صفوری شافعی ---------- ۱۶۱
سیوطی شافعی---------- ۱۶۱
ابوالحسن علی بن محمد کنانی شافعی---------- ۱۶۲
ابوالحسن سندی حنفی---------- ۱۶۲
عجلونی شافعی---------- ۱۶۳
قندوزی حنفی---------- ۱۶۳

محمد بن فواد عبدالباقی حنفی---------- ۱۶۴
ڈاکٹر فاروق حمادہ ---------- ۱۶۴
مخالفین---------- ۱۶۴
ابوصلت ہروی اہل سنت کے علم رجال میں---------- ۱۶۵
پہلا نظریہ---------- ۱۶۶
یحی ابن معین---------- ۱۶۷
عجلی ---------- ۱۶۹
ابوداؤد سجستانی---------- ۱۶۹
محمد بن اسماعیل بخاری---------- ۱۶۹
ابن شاہین---------- ۱۷۰
حاکم نیشابوری شافعی---------- ۱۷۰
ابویعلی قزوینی---------- ۱۷۰
حاکم حسکانی حنفی---------- ۱۷۱
مزی شافعی ---------- ۱۷۱
محمد بن محمد جزری شافعی---------- ۱۷۲
ابن حجر عسقلانی شافعی---------- ۱۷۲
ابن تغری بردی حنفی---------- ۱۷۳
ابوالحسن کنانی شافعی---------- ۱۷۴
ابوالحسن سندی حنفی---------- ۱۷۴
عجلونی شافعی---------- ۱۷۴

دوسرا نظریہ---------- ۱۷۵
زکریا بن یحی ساجی بصری شافعی---------- ۱۷۵
نقاش حنبلی---------- ۱۷۵
ابونعیم اصفہانی شافعی---------- ۱۷۵
نتیجہ---------- ۱۷۶
تیسرا نظریہ---------- ۱۷۶
ابراہیم بن یعقوب جوزجانی---------- ۱۷۶
ابوحاتم رازی شافعی---------- ۱۷۷
ابوزرعہ دمشقی حنبلی---------- ۱۷۷
نسائی شافعی---------- ۱۷۷
عقیلی مکی ---------- ۱۷۸
ابن حبان بستی شافعی---------- ۱۷۸
ابن عدی جرجانی شافعی---------- ۱۷۹
دارقطنی بغدادی شافعی---------- ۱۷۹
محمد بن طاہر مقدسی ظاہری---------- ۱۸۰
ابوسعد عبدالکریم سمعانی شافعی---------- ۱۸۰
ابوالفرج ابن جوزی حنبلی ---------- ۱۸۰
ذھبی شافعی---------- ۱۸۱
ابن کثیر دمشقی شافعی---------- ۱۸۲
بوصیری شافعی---------- ۱۸۲

نقد وتحقیق---------- ۱۸۳
جوز جانی اور ابوصلت پر تہمتیں---------- ۱۸۵
اہل سنت کے بزرگوں کا اعتراف کہ جوز جانی دشمن اہل بیتؑ ہے ---------- ۱۸۶
نتیجہ ---------- ۱۸۹
ابوصلت ہروی کے مذہب کے متعلق گفتگو---------- ۱۹۰
اہل سنت کے نزدیک ''شیعہ''''شیعہ جلد''اور''رافضی خبیث'' کے معانی ---------- ۱۹۱
نقد وتحقیق---------- ۱۹۳
نتیجہ---------- ۱۹۴
روایت وحصن وایمان میں یکسانیت---------- ۱۹۵
حضرت امام رضاؑ کا نیشاپور میں داخل ہونا اور علماء اہل سنت وعوام کی موقعیت ---------- ۱۹۵
واقدی کا بیان---------- ۱۹۶
ابن جوزی کا بیان---------- ۱۹۶
حاکم نیشاپوری کا بیان---------- ۱۹۷
تاریخی واقعات سے نکات ---------- ۲۰۱
علماء نیشاپور کی موقعیت---------- ۲۰۲
لاجواب سوال---------- ۲۰۸
تیسرے: دیگر احادیث---------- ۲۰۹
لاجواب سوال---------- ۲۱۶

چوتھا حصہ: امامت/ ۲۱۷

کلمہ''امام'' کے معنی---------- ۲۱۹

الف) عام معانی---------- ۲۱۹
اہل سنت کی عبارات میں لفظ امام کا استعمال---------- ۲۲۰
ب) خاص معانی---------- ۲۲۳
حضرت امام رضاؑ کی امامت پر دلالت کرنے والی نصوص ---------- ۲۲۳
مسعودی شافعی---------- ۲۲۳
ابن صباغ مالکی---------- ۲۲۳
محمد خواجہ پارسائی بخاری حنفی---------- ۲۲۶
قاضی بھجت آفندی شافعی ---------- ۲۲۶
نتیجہ---------- ۲۲۶

پانچواں حصہ: ولایت عہدی/ ۲۲۹

پہلا مسئلہ: خلافت و ولایت عہدی کی درخواست مامون کی جانب سے تھی یا فضل بن سہل کی جانب سے؟---------- ۲۳۳
دوسرا مسئلہ: کیا مامون خلافت وولایت عہدی کی درخواست میں سچا تھا یا نہیں؟--------- ۲۳۵
مامون کے مقصد کے متعلق علماء اہل سنت کے نظریات---------- ۲۳۵
نقد و تحقیق---------- ۲۴۱
چار نکتے---------- ۲۴۱
مامون کون ہے؟ ---------- ۲۴۱
بنی عباس کے نزدیک مامون کی متزلزل موقعیت---------- ۲۴۴
مامون کی حکومت کے دوران سیاسی و اجتماعی حالات---------- ۲۴۵
عباسی حکومت میں حفظ اسرار---------- ۲۴۷

مذکورہ نکات سے نتیجہ---------- ۲۴۸
سوال کی تکرار---------- ۲۴۸
جواب---------- ۲۴۹
مامون کا مقصد---------- ۲۵۰
حضرت امام رضاؑ کے بارے میں مامون کی سیاستیں---------- ۲۵۲
تیسرا مسئلہ: اس درخواست پر امامؑ کا ردعمل کیا تھا؟-------- ---------- ۲۵۳
نتیجہ ---------- ۲۶۰

چھٹا حصہ: کرامت/ ۲۶۳

حضرت امام رضاؑ کی کرامت کے متعلق اہل سنت کی نظر---------- ۲۶۵
آنحضرتؑ کی کرامات کی جھلک---------- ۲۷۷
طوس کی طرف ہجرت سے پہلے---------- ۲۷۷
ولادت سے پہلے---------- ۲۷۷
۱-حمیدہ خاتون کو رسول اکرمؐ کی جانب سے خوشخبری---------- ۲۷۷
۲-حمل کے دوران معجزہ---------- ۲۷۸
ولادت کے بعد---------- ۲۷۸
۳-بچپن میں امامؑ کی مناجات---------- ---------- ۲۷۸
۴- ہارون میرا کچھ نہیں بگاڑ سکتا---------- ۲۷۸
۵- میرا اور ہارون کا مقام دفن ایک ہے---------- ۲۷۹
۶- امین کا مامون کے ہاتھوں قتل ہونا---------- ۲۸۰
۷- بکر بن صالح کی بیوی کے یہاں دو جڑواں بچوں کا پیدا ہونا---------- ۲۸۰

۸-جعفر کی ثروتمندی---------- ۲۸۱
۹-موت کے لیے آمادہ ہونا---------- ۲۸۲
۱۰-سوال معلوم کیے بغیر جواب دینا---------- ۲۸۳
۱۱-امام رضاؑ سے چڑیا کا پناہ چاہنا---------- ۲۸۳
۱۲-ابوحبیب کے خواب کی تعبیر---------- ۲۸۴
۱۳-برمکیان کی حکومت کا سقوط---------- ۲۸۵
۱۴-حضرت امام محمد تقیؑ کی ولادت اور واسطی کے دعوی کا بطلان---------- ۲۸۶
طوس کی طرف ہجرت کے بعد---------- ۲۸۷
۱۵-زبان کی لکنت کا علاج---------- ۲۸۷
۱۶-میری ولایت عہدی باقی نہیں رہے گی---------- ۲۸۸
۱۷-منافقین کی ذلت و رسوائی---------- ۲۸۹
۱۸-سوال کیے بغیر امامؑ کا جواب دینا---------- ---------- ۲۹۲
۱۹-ریان کی اندرونی خواہش کی اس کو خبر دینا ---------- ۲۹۳
۲۰-امامؑ کی چوکھٹ پر درندے---------- ----------۲۹۳
۲۱-نہ پلٹنے والا سفر---------- ۲۹۹
۲۲- سندھی زبان میں امام رضاؑ کی گفتگو ---------- ۲۹۹
۲۳-امام رضاؑ تمام زبانوں سے آشنا تھے ---------- ۳۰۰
۲۴-عید فطر کے موقع پر عظیم استقبال---------- ۳۰۰
۲۵-نماز استسقاء اور حضرت امام رضاؑ کی دعا کا مستجاب ہونا---------- ---------- ۳۰۲
۲۶-شیر کی تصویر کا واقعی شیر میں تبدیل ہونا---------- ۳۰۶

۲۷-اپنی شہادت اور مقام دفن کے بارے میں امامؑ کی پیشنگوئی ------- ---------- ۳۱۰
ابوصلت ہروی کی روایت---------- ۳۱۱
ہرثمہ ابن اعین کی روایت ---------- ۳۱۶
محمد ابن طلحہ شافعی کا کلام---------- ۳۲۱
حضرت امام رضاؑ کی عظمت کے باب میں مہم نکتہ---------- ۳۲۲

ساتواں حصہ: زیارت/ ۳۲۳

زیارت کی فضیلت---------- ۳۲۵
حضرت رسول اکرمؐ ---------- ۳۲۶
حضرت امام موسی کاظمؑ ---------- ۳۲۷
حضرت امام علی رضاؑ ---------- ۳۲۸
حضرت امام محمد تقیؑ ---------- ۳۳۲
حضرت امام علی نقیؑ ---------- ۳۳۲
مشہد الرضا ---------- ۳۳۳
اہل سنت علماء وعوام کا امام رضاؑ کی قبر کی زیارت اور توسل---------- ۳۳۳
چوتھی صدی ---------- ۳۳۴
پانچویں صدی ---------- ۳۳۸
آٹھویں صدی ---------- ۳۴۷
نویں صدی ---------- ۳۴۸
دسویں صدی---------- ۳۵۶
گیارہویں صدی ---------- ۳۵۶

چودھویں صدی---------- ۳۵۶
حضرت امام رضاؑ کا روضہ مبارکہ---------- ۳۵۷
تیسری اور چوتھی صدی ---------- ۳۵۷
آٹھوی صدی---------- ۳۵۸
چودھوی صدی---------- ۳۶۰
لاجواب سوال---------- ۳۶۱
حرف آخر---------- ۳۶۳
کتابنامہ ---------- ۳۶۵
الف﴾ اہل سنت ---------- ۳۶۵
حنبلی---------- ۳۶۵
حنفی ---------- ۳۶۶
شافعی ---------- ۳۶۹
ظاہری ---------- ۳۸۱
مالکی---------- ۳۸۲
دیگر افراد ---------- ۳۸۲
ب﴾ امامیہ ---------- ۳۸۷

☆☆☆☆☆

☆☆☆

☆

مقدمہ از استاد محقق حاج شیخ نجم الدین طبسی

الحمد لله رب العالمین و الصلاة و السلام علی خیر خلقه محمد بن عبدالله و علی آله الطاهرین۔

کتاب ''حضرت امام رضاؑ اہل سنت کی روایات میں'' ہمارے عزیز فرزند عالم فاضل و عظیم محقق شیخ محمد محسن طبسی کی تألیف ہے کہ جس کو میں نے بہت ہی شوق اور بے پناہ رغبت کے ساتھ مطالعہ کیا، خصوصاً اس لیے بھی کہ یہ کتاب ایسی شخصیت کے بارے میں لکھی گئی ہے کہ جس کے بارے میں ہر خاص و عام کا اعتراف ہے کہ آپؑ عالم آل محمدؐ اور رسول خداؐ کے جگر کے ٹکڑے ہیں۔

یہ وہ بزرگوار ہیں کہ جن کے مرقد مطہر کی زیارت کا ثواب ستّر حج کے برابر اور آپ کی ملکوتی بارگاہ میں ایک رات بسر کرنا گویا اہل آسمان کی زیارت کرنا ہے، آپ کا زائر روز قیامت عظیم مرتبہ پر فائز اور آئمہ طاہرینؑ کے جوار میں محشور ہوگا۔(۱)

وہ عظیم شخصیت کہ جس کی قبر مطہر پر اہل سنت کے ہر فرقہ و مذہب کی بڑی سے بڑی شخصیت نے سر تسلیم خم کیا، احترام بجالائے اور آپ کی زیارت کو سنت و با فضلیت جانا جیسا کہ ابن خزیمہ شافعی کے بارے میں کہا گیا:

---

(۱) عیون اخبار الرضاؑ، ج۲، ص۲۶۳۔ فرائد السمطین فی فضائل المرتضی والبتول والسبطین والآئمۃ من ذریتھم، ج۲، ص۱۹۴۔

فرأيت من تعظيمه (ابن خزيمه) لتلك البقعة و تواضعه لها و تضرعه عندها ما تحيرنا،وقالوا باجمعهم : لو لم يعلم هذا الامام انه سنة و فضيلة لما فعل هذا۔(۱)

میں نے ابن خزیمہ کو حضرت رضاؑ کی قبر مبارک پر گریہ وزاری، توسل، احترام اور تواضع کی اس حالت میں دیکھا کہ ہم سب لوگ تعجب وحیرت میں پڑ گئے۔اور سب نے بیک زبان یہ کہا کہ اگر یہ کام (اہل بیتؑ کی قبروں کے سامنے گریہ وزاری، احترام، تواضع اور تعظیم) سنت نہ ہوتا اور فضیلت نہ رکھتا تو کبھی بھی ابن خزیمہ اس طرح انجام نہ دیتے۔

یہ وہ باکمال ہستی ہیں کہ جن کے حضور حاجتوں کے برآوردہ ہونے کے لیے متوسل ہونا شیعہ وسنی کے نزدیک ایک امر مسلم، مجرب اور واضح مسئلہ ہے اس حد تک کہ شافعی مذہب کا محمد بن علی بن سہل کا بیان ہے : ما عرض لی مهم من امر الدين و الدنيا ، فقصدت قبر الرضا لتلك الحاجة ، ودعوت عند القبر الا قضيت لی تلك الحاجة ، وفرج الله عنی ذالك المهم، وقد صارت الی هذه العادة ان اخرج الی ذالك المشهد فی جميع ما يعرض لی، فانه عندی مجرب "۔(۲)

مجھے جب کبھی بھی کوئی دینی یا دنیوی مشکل پیش آئی میں نے اس حاجت کی طلب کے لیے حضرت علی رضاؑ کی قبر مطہر کا ارادہ کیا اور آپؑ کی قبر کے قریب جا کر دعا کی وہ حاجت برآئی اور خداوند عالم نے میری وہ مہم ومشکل آسان کردی۔یہ میری عادت بن چکی تھی کہ میں ہر مشکل مسئلہ میں آپ کی زیارت کے لیے جاتا اور حاجت طلب کرتا اور یہ چیز میرے نزدیک تجربہ شدہ ہے۔

---

(۱) فرائد السمطين فی فضائل المرتضٰی والبتول والسبطين والآئمة من ذريتهم ، ج ۲،ص ۱۹۸۔تہذیب التہذیب، ج ۷، ص ۳۳۹۔

(۲) فرائد السمطين فی فضائل المرتضٰی والبتول والسبطين والآئمة من ذريتهم ، ج ۲،ص ۲۲۰۔

تاریخ کبھی بھی ابن حبان بستی شافعی کے ان جملوں کو فراموش نہیں کرسکتی، وہ کہتا ہے:

قد زرته (قبره) مرارا كثيرة وما حلت بى شدة فى وقت مقامى بطوس فزرت قبر علی موسی الرضا ،صلوات الله علی جده و علیه ، و دعوت الله ازالتها عنی الا استجیب لی ، زالت عنی تلك الشدة و هذا شیٔ جربته مرارا فوجدته كذالك (۱)

میں نے کئی مرتبہ ان کی قبر مطہر کی زیارت کی ہے۔اور شہر طوس میں میرے قیام کے دوران جب کبھی بھی مجھ پر کوئی مشکل پڑی تو میں نے حضرت علی بن موسی رضاؑ- آپ اور آپ کے جد بزرگوار پر خدا کا درود وسلام ہو- کی قبر پاک کی زیارت کی۔اور خداوند عالم کی بارگاہ میں اپنی مشکل کے حل کے لیے دعا مانگی تو میری دعا مستجاب ہوگئی اور وہ مشکل حل ہوگئی، یہ تجربہ میں نے وہاں پر کئی مرتبہ کیا اور ہر مرتبہ ایسا ہی ہوا۔

البتہ یہ حقیقی واقعات اور اہل سنت کے بزرگوں کے اعترافات ابن تیمیہ سے لگ بھگ ۳۰۰ سال یا ۴۰۰ سال پہلے اور تفرقہ انگیز وفتنہ جو فرقہ وہابیت سے تقریبا ۸۰۰ سال پہلے کے ہیں کہ جو خود فرقہ وہابیت اور حرمت توسل واستغاثہ اور قبور آئمہؑ طاہرین وصلحاء ومؤمنین کی زیارت ومتبرک ہونے کے سلسلے میں نظریات وافکار کے بطلان پر دلیل ہیں۔

یہ کتاب وسیع پیمانے پر تحقیق وجستجو اور اہل سنت کے دسیوں اصلی منابع اور ان کے مختلف فرق و مذاہب کے مآخذ سے تألیف کی گئی ہے، حضرت امام رضاؑ کے بارے میں مثبت وراہ مستقیم اور منصفانہ نظریہ کو پیش کیا گیا ہے کہ جس کے مطالعہ کے بعد ہر منصف مزاج اس نتیجہ پر پہنچے گا کہ فرقہ وہابیت، سلفی وتکفیری کہ جو آج اپنے آپ کو مسلمانوں کا لیڈر وراہنما تصور کیے ہوئے ہیں یہ وہی بنی امیہ اور آل رسولؐ کے دشمنوں کا راستہ ہے کہ جو یقیناً اہل سنت کے راستے سے جدا وعلیحدہ ہے۔

---

(۱) کتاب الثقات، ج۸، ص۴۲۶۔

یہاں پر اتنا ہی جان لینا کافی ہے کہ ابوزرعہ رازی حنبلی اور محمد بن اسلم طوسی بیس ہزار سے زیادہ افراد کے ساتھ حضرت امام رضاؑ کے استقبال کے لیے نیشاپور میں جمع ہوتے ہیں اور حاکم نیشاپوری کے کلام کے مطابق کہ:

و هم بين صارخ و باك و متمرغ فی التراب و مقبل لحافر بغلته وعلاالضجيج۔(۱)

بہت سے لوگ روتے پیٹتے گریہ وزاری کرتے ہوئے آپ کے استقبال کو پہنچے اور بہت سے اپنے آپ کو خاک میں غلطاں کر رہے تھے اور کچھ حضرتؑ کی سواری کے پیروں کا بوسہ لے رہے تھے۔

اس طرح کے مسائل کو آج کی نسل کے لیے بیان کرنا مذاہب اسلامی کے درمیان الفت وقربت کے ایجاد کا سبب اور اتحاد کے سلسلے میں بہت بڑی خدمت ہے، مؤلف محترم یقیناً اس سلسلے میں کامیاب رہے ہیں۔ مجھے امید ہے کہ اسی سلسلے یعنی ''آئمہ اہل بیتؑ اہل سنت کی روایات میں'' کو آگے بڑھایا جائے اور مسلمانوں کی خدمت میں پیش کیا جائے۔ خداوند عالم ان کی تائیدات میں اضافہ فرمائے۔

والسلام

نجم الدین طبسی، قم مقدسہ

---

(۱) الفصول المهمہ فی معرفۃ الآئمہ، ص۲۴۲۔

تمہید

حضرت امام رضاؑ رسول خداؐ کے فرزند ارجمند اور مذہب حقہ شیعہ اثنا عشری کے آٹھویں امام ہیں آپ ایک ایسی نورانی شخصیت ہیں کہ آپ کے علم ودانش اور معنویت کا نور درخشاں فقط مذہب شیعہ ہی کو منور کیے ہوئے نہیں ہے بلکہ آپ کے نور کی شعائیں تمام اسلامی مذاہب وفرق اہل سنت کو اپنے احاطے میں لیے ہوئے ہیں، اس طرح کہ وہ بھی آپ کی مدح وستائش پر مجبور ہیں، اس نتیجہ پر اہل سنت کی مہم ترین کتب کے مطالعہ اور تحقیق وجستجو سے پہنچا جا سکتا ہے۔ البتہ یہ مخفی نہ رہے کہ ان کتب و متون میں اہل بیت علیہم السلام کے حقیقی مرتبے ومقام کو بیان نہیں کیا گیا ہے لیکن پھر بھی سبھی نے مختلف بیانات واپنے اپنے نظریات کے مطابق حضرت امام رضاؑ کی شخصیت وعظمت کا اعتراف کیا ہے۔

اس سلسلے میں ان کی کتب ومتون میں اہل سنت خصوصاً علماء ومفکرین کے نظریات و بیانات کو حضرت امام رضاؑ کے بچپنے سے لیکر آج تک آپ کی نورانی شخصیت کے متعلق بیان کیا جا سکتا ہے، لہذا اس عظیم وگرانبہا میراث کی طبقہ بندی وجمع آوری کی - اہل سنت کی جانب سے بہت زیادہ ظاہری وباطنی نقائص، عمدی خودغرضی اور اخفاء حقیقت کے باوجود - بے انتہا ضرورت محسوس ہوتی ہے۔

اس تحقیق کی ضرورت: حضرت امام رضاؑ کے حرم مطہر کی جانب دور ونزدیک پوری دنیا سے ہر مذہب وفرقے سے تعلق رکھنے والے افراد کا سیل کی طرح آنا۔

آنحضرتؑ کے متعلق اہل سنت کے نظریات کا واضح نہ ہونا اور ان کے نظریات میں اختلاف کا پایا جانا۔

وہابیت کی فتنہ گری ، اہل بیت علیہم السلام کی شخصیت وحیثیت کی تحریف،فتنہ انگیز فتاوی اور آنحضراتؑ کے روضوں کی تخریب حتی بارگاہ رضوی کو بھی نشانہ بنایا جانا۔

اس سلسلے میں کسی ایک جامع تحقیق کا موجود نہ ہونا،ان چار اسباب کو اس تحقیق کا مہم ترین عامل سمجھا جاسکتا ہے۔

اس تحقیق کے اہداف: اس تحقیق کی ضرورت کو مدنظر رکھتے ہوئے مندرجہ ذیل تین اہداف موردنظر رہیں گے: حضرت امام رضاؑ کی شخصیت کے مختلف ابعاد کے متعلق اہل سنت کے نظریات کے پیش نظر ایک جامع اور واقعی نظریہ تک پہنچنا۔

مذہب اہل سنت اور مذہب شیعہ کے درمیان ایجاد ہمدلی اور فرزند رسول خداؐ حضرت امام رضاؑ کی شخصیت کو محور ومرکز قرار دیتے ہوئے ان دونوں مذاہب کے درمیان ایک منطقی قربت واتحاد کا زمینہ ہموار کرنا۔

اور نتیجۃً فتنہ انگیز فرقہ وہابیت کی آگ لگانے والی حرکتوں کا مقابلہ کہ جو وہ لوگ ان دو مذاہب، اہل سنت وشیعہ کے درمیان اختلاف پیدا کررہے ہیں۔

منابع ومآخذ تحقیق: مذکورہ نکات وضرورت واہداف کے پیش نظر حضرت امام رضاؑ کے بارے میں کوئی مستقل اور جامع کتاب آج تک معرض وجود میں نہیں آئی ہے لیکن بطور غیر مستقل اور مختلف متون وکتب میں کہیں کہیں اہل سنت کی جانب سے ان مطالب کی طرف اشارہ ونشاندہی کی گئی ہے مثلا:

۱- محمد بن طلحہ شافعی (م۶۵۲ھ): مطالب السؤول فی مناقب آل الرسول۔

۲- ابن صباغ مالکی (م۸۵۵ھ): الفصول المہمہ فی معرفۃ الآئمہ۔

۳- عمر بن شجاع الدین موصلی شافعی (م۶۶۰ھ): النعیم المقیم لعترۃ النباء العظیم۔

۴- محمد خواجہ پارسائی بخاری حنفی (م۸۲۲ھ): فصل الخطاب لوصل الاحباب۔

۵- نورالدین عبدالرحمٰن جامی حنفی (م۸۹۸ھ): شواہد النبوۃ۔

۶- میر خواند شافعی (م۹۰۳ھ): تاریخ روضۃ الصفا۔
۷- نجمی اصفہانی حنفی (م ۹۲۷ھ): وسیلۃ الخادم الی المخدوم در شرح صلوات چہاردہ معصوم و مہمان نامہ بخارا۔
۸- ابن طولون دمشقی حنفی (م۹۵۳ھ): الآئمۃ الاثناعشر۔
۹- خواندامیر شافعی (م۹۴۲ھ): تاریخ حبیب السیر فی اخبار افراد بشر۔
۱۰- ابن حجر ھیثمی شافعی (م۹۷۴ھ): الصواعق المحرقہ۔
۱۱- قرمانی دمشقی (م۱۰۱۹ھ): اخبار الدول وآثار الاول۔
۱۲- شبراوی شافعی (م۱۱۷۲ھ): الاتحاف بحب الاشراف۔
۱۳- قندوزی حنفی (م۱۲۹۴ھ): ینابیع المودۃ لذوی القربی۔
۱۴- شبلنجی شافعی (م۱۲۹۸ھ): نور الابصار فی مناقب آل بیت النبی المختار۔
۱۵- سید محمد طاہر ہاشمی شافعی (م۱۴۱۲ھ): مناقب اہل بیتؑ از دیدگاہ اہل سنت۔

شیعہ علماء میں سے بھی شہید ثالث قاضی نور اللہ شوشتری کی کتاب ''احقاق الحق'' میں زحمات و کوششیں اور پھر اس پر حضرت آیت اللہ العظمی مرعشی نجفی کا تعلیقہ بنام ''ملحقات احقاق الحق'' میں اہل سنت کی نظر سے اہل بیت علیہم السلام اور ان کے مذہب حقہ کے تعارف کو نظر انداز نہیں کیا جا سکتا۔

ان دو بزرگوں کی زحمتیں اس کتاب کی سنگ بنیاد ہے لہذا اس اثر کا ثواب ان دو بزرگواروں کی ارواح طیبہ کو ہدیہ کیا جاتا ہے۔

کتاب حاضر: اہل سنت کی جانب سے غیر مستقل طور پر مختلف متون و کتب میں حضرت امام رضاؑ کا تذکرہ کافی حد تک موجود ہے لیکن آپ کے بارے میں کوئی مستقل و جامع کتاب بعنوان ''حضرت امام رضاؑ اہل سنت کی روایات میں'' نہ ہونے کی وجہ سے اس تحقیق کو سات مذکورہ ذیل حصوں پر مہیا و منظّم کیا گیا ہے۔

پہلا حصہ: زندگینامہ۔نام ونسب، کنیت والقاب، والدگرامی و والدہ مکرمہ، تاریخ و جائے ولادت، شہادت اور اہل سنت کی نظر میں حضرت امام رضاؑ کی شہادت اور حضرتؑ کی اولاد۔

دوسرا حصہ: شخصیت۔اس حصہ میں حضرت امام رضاؑ کی شخصیت کے متعلق آپ کے معاصرین اور دوسری صدی ہجری کے علماء اہل سنت سے لیکر آج تک کے علماء کے بیانات ونظریات کو جمع کیا گیا ہے۔

تیسرا حصہ: روایت۔حضرت امام رضاؑ کا شہر نیشاپور میں وارد ہونے کا تاریخی واقعہ اور اہل سنت کے علماء وعوام کا آپ کے لیے بے نظیر استقبال، حدیث سلسلۃ الذہب کے منابع واس حدیث کے متعلق اہل سنت کا نظریہ اور حضرت امام رضاؑ سے مروی تمام احادیث سلسلۃ الذہب اس حصے میں شامل ہیں۔

چوتھا حصہ: امامت۔ساتویں صدی سے آج تک اہل سنت کے یہاں کلمہ ''امام'' کا استعمال اوران کی کتابوں میں حضرت امام رضاؑ کی امامت پر دلالت کرنے والی نصوص اس حصہ میں مورد تحقیق واقع ہوئی ہیں۔

پانچواں حصہ: ولایت عہدی۔مامون کی طرف سے حضرت امام رضاؑ کو ولایت عہدی سپرد کرنا اوراس سلسلے میں بنیادی ومہم ترین سوالات کے جواب، پانچویں حصہ کا موضوع ہے۔اس حصہ میں بیان ہونے والے سوالات میں سے مثلا یہ بھی ہے کہ کیا ولایت عہدی کی پیشکش مامون کی طرف سے تھی یا فضل بن سہل کی جانب سے؟اگر مامون کی طرف سے تھی تو کیا مامون اپنے ارادے میں سچا تھا یا دوسرے اغراض واہداف مدنظر تھے؟ان تمام صورتحال میں حضرت امام رضاؑ کا جواب وکردار کیا تھا؟

چھٹا حصہ: کرامات ومعجزات۔اس حصہ میں اہل سنت کے نزدیک حضرت امام رضاؑ کے معجزات وکرامات ولادت سے پہلے سے شہادت کے بعد تک، اور آپ کے مناقب کو جمع کیا گیا ہے۔

ساتواں حصہ: زیارت ۔اس حصہ میں حضرت امام رضاؑ کے روضہ مبارکہ کی زیارت کی فضیلت اوراس پر حضرت رسول اکرمؐ، امام موسی کاظمؑ، امام رضاؑ، امام محمد تقیؑ اور امام علی نقیؑ کی جانب سے تاکید کو ذکر کیا گیا ہے۔

حضرت امام رضاؑ کے روضہ مبارکہ کی تعمیر کی تاریخ پر بھی روشنی ڈالی گئی ہے اور اہل سنت کے علماء وعوام کا زیارت پر آنا، آپ سے متوسل ہونا تیسری صدی سے آج تک کے شواہد پیش کیے گئے ہیں۔

چند نکات: آخر میں کچھ نکات کی طرف اشارہ ضروری ہے:

۱- اس کتاب میں اہل سنت کے مختلف مذاہب سے مراد، اکثریت مذاہب شافعی، مالکی، حنبلی، حنفی اور ظاہری کے علماء وعوام ہیں اور زمانے کے اعتبار سے دوسری صدی ہجری سے آج تک کے علماء کے نظریات کو سامنے رکھا گیا ہے، لہذا جعلی مذہب اور بدعت آمیز وفتنہ انگیز وہابیت کہ جو خود اہل سنت کی تصریحات کے اعتبار سے کہ وہ سنی نہیں ہیں، اس کتاب میں ان کے نظریے کو پیش نہیں کیا گیا ہے۔

۲- اس تحقیق میں نہ خالص توصیف ہے اور نہ صرف تحلیل بلکہ یہ ایک توصیفی وتحلیلی تحقیق ہے جیسا کہ حضرت امام رضاؑ کے بارے میں اہل سنت کے بیانات ونظریات اور تاریخی واقعات کو جمع آوری اور درجہ بندی کی گئی ہے کہیں کہیں ان نظریات وبیانات وواقعات پر تنقید، تحلیل وتحقیق بھی کی گئی ہے البتہ یہ تنقید، تحلیل وتحقیق خود اہل سنت ہی کے نظریات کو مدنظر رکھتے ہوئے انجام پائی ہے اور مذہب شیعہ کے نظریہ کو حق ثابت کرنے پر اصرار نہیں کیا گیا ہے مگر بہت کم مقامات ایسے ہیں کہ جہاں حقیقی نظریہ کی طرف راہنمائی کی گئی ہے لیکن ان میں بھی اہل سنت ہی کے منابع ومآخذ سے استدلال و استفادہ کیا گیا ہے۔

۳- اس تحریر میں دوسوں سے زیادہ اہل سنت کے منابع ومآخذ سے مستقیم وبغیر واسطہ استفادہ کیا گیا ہے۔اور بہت کم ایسے موارد ہیں کہ جہاں اصل کتاب کے دستیاب نہ ہونے یا حظی ہونے کی وجہ سے دوسرے معتبر منابع ومآخذ سے استفادہ کیا گیا۔

لہذا حضرت امام رضاؑ کے متعلق جو کچھ شیعہ کتب میں اہل سنت کے روایات کو درج کیا گیا ہے وہ مطالب اس تحریر میں ملحوظ خاطر نہیں رہے ہیں۔

اگر چہ اس تحقیق کو اس سلسلے میں ایک نیا قدم سمجھا جاسکتا ہے لیکن مؤلف کا یہ ادعی نہیں ہے کہ یہ اثر بے نقص ہے لہذا دوستوں کی جانب سے دلسوز نکات وتنقید کا کاملاً خوشی کے ساتھ استقبال کیا جائے گا۔

آخر میں حضرات آیات حاج شیخ نجم الدین طبسی وحاج شیخ محمد ہادی یوسفی غروی کی راہنمائی اور جج اسلام حاج شیخ محمد باقر پورامینی وحسن بلقان آبادی کے بے بہا نکات پر کہ جو اس اثر کی تالیف میں مہم نقش رکھتے تھے، قدر دانی اور شکریہ ادا کیا جاتا ہے۔

محمد محسن طبسی

قم مقدسہ

پہلا حصہ

زندگینامہ

حسب ونسب

سمعانی شافعی نے حضرت امام رضاؑ کے حسب ونسب کو اس طرح بیان کیا ہے: علیؑ بن موسیٰؑ بن جعفرؑ بن محمدؑ بن علیؑ بن حسینؑ بن علیؑ بن ابی طالبؑ۔ (۱)

واضح ہے کہ امام رضاؑ حضرت رسول اکرمؐ کی ذریت پاک میں سے ہیں۔ جیسا کہ حاکم نیشاپوری شافعی نے اس موضوع کی طرف اشارہ کیا ہے وہ کہتا ہے:

ومن اجل فضيلة لنسب علی بن موسی الرضا انه من ذرية خير البشر محمد المصطفی ، و هذا مذهب اهل السنة والجماعة و اجماع فقها الحجاز عليه۔ ومن خالف هذا القول فقد خالف الكتاب و السنة و عاند الحق و اظهر التعصب علی سيدی شباب اهل الجنة و ذريتهما الی ان تقوم الساعة۔ (۲)

حضرت امام علیؑ بن موسی الرضا کے فضائل میں سے بزرگترین فضیلت یہ ہے کہ آپ حضرت پیغمبر اکرمؐ کی ذریت طیبہ میں سے ہیں، یہی اہل سنت والجماعت کا عقیدہ ہے حجاز کے تمام فقہا اس بات پر متفق ہیں۔ جو کوئی بھی اس مطلب کی مخالفت کرے گویا اس نے کتاب وسنت کی مخالفت کی، حق سے سرپیچی اور جوانان جنت کے سردار سے اپنی دشمنی وتعصب کا اظہار کیا ہے۔

---

(۱) الانساب، ج۳، ص۷۵۔

(۲) فرائد السمطين فی فضائل المرتضیٰ والبتول والسبطين والآئمة من ذريتهم، ج۲، ص۲۲۰۔

واضح رہے کہ حضرت امام رضاؑ کے نسب پر اس تاکید سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ تاریخ میں اہل بیتؑ سے دشمنی میں یہ کوشش کی جاتی رہی ہے کہ اہل بیتؑ کو پیغمبر اکرمؐ سے جدا کر دیا جائے اور اسی طرح کچھ لوگوں کی بیداری اور اس طرح کے فتنہ انگیز اقدام کے مقابلے اٹھ کھڑے ہونے کا بھی علم ہوتا ہے جیسا کہ حاکم نیشاپوری کے مذکورہ بالا بیان سے پتہ چلتا ہے۔

کنیت والقاب

حضرتؑ کا نام مبارک، علی اور اہل سنت کی نظر کے اعتبار سے آپ پیغمبر اکرمؐ کی اولاد پاک میں حضرت امام علیؑ اور امام زین العابدینؑ کے بعد تیسری شخصیت ہیں کہ جن کا نام علی ہے۔(۱)

آنحضرتؑ کی کنیت ابوالحسن ہے (۲) جیسا کہ آپ کے والد بزرگوار کا بھی ارشاد گرامی ہے:

میرا بیٹا میری ہم کنیت ہے۔

اگرچہ بعض افراد نے آنحضرتؑ کی کنیت ابوبکر بھی لکھی ہے(۳) لیکن یہ بات نامناسب ہے اور آپ کی صحیح ومعروف کنیت ابوالحسن ہی ہے۔

غیاث الدین شافعی معروف بہ خواندامیر کہتا ہے: آنحضرتؑ کے متعدد القاب تھے(۴) کہ جن کو اس طرح بیان کیا جاسکتا ہے:

---

(۱) مطالب السؤول فی مناقب آل الرسول، ص ۲۹۵۔

(۲) المنتظم فی تواریخ الملوک والامم، ج ۶، ص ۱۲۵۔ تذکرۃ الخواص من الامۃ بذکر خصائص الآئمۃ، ص ۳۱۵۔ سیر اعلام النبلاء، ج ۹، ص ۳۸۷۔ العبر فی خبر من غبر، ج ۱، ص ۲۶۶۔

(۳) مقاتل الطالبیین، ص ۳۷۵۔

(۴) تاریخ حبیب السیر فی اخبار افراد بشر، ج ۲، ص ۸۲۔

رضا(۱) ہاشمی، علوی، حسینی، قرشی، مدنی(۲) ولی، رضی، صابر، زکی، زاکی(۳) قائم(۴) اور ان سب میں مشہور آپ کا لقب رضا ہے(۵)۔

حضرت امام رضاؑ کو کس نے رضا کا لقب دیا؟

اس سلسلے میں کہ حضرت امام رضاؑ کو کس نے رضا کا لقب دیا اور اس کے کیا معنی ہیں؟

اہل سنت کے کچھ علما کا بیان ہے کہ آنحضرتؑ کو یہ لقب مامون نے دیا ہے یعنی جس وقت مامون نے ۲۰۱ ہجری میں زبردستی ولایت عہدی امام کے سپرد کی تب آپ کو رضا کا لقب دیا۔(۶)

---

(۱) الانساب، ج۳، ص۷۵۔ اللباب فی تہذیب الانساب، ج۲، ص۳۰۔ المنتظم فی تواریخ الملوک والامم، ج۶، ص۱۲۵۔ قاموس المحیط، ج۴، ص۳۳۷۔ تہذیب الکمال فی اسماء الرجال، ج۱۳، ص۴۰۸۔ سیر اعلام النبلاء، ج۹، ص۳۸۷۔ تقریب التہذیب، ج۲، ص۴۵۔ البدایہ والنہایہ، ج۱۰، ص۲۶۱۔

(۲) تہذیب الکمال فی اسماء الرجال، ج۱۳، ص۴۰۸۔ سیر اعلام النبلاء، ج۹، ص۳۸۷۔ تاریخ الاسلام و وفیات المشاہیر والاعلام، حوادث ۲۰۱-۲۱۰، ص۲۶۹۔ العبر فی خبر من غبر، ج۱، ص۲۶۶۔ البدایہ والنہایہ، ج۱۰، ص۲۶۱۔ النجوم الزاہرہ فی ملوک مصر وقاہرہ، ج۲، ۲۱۹۔

(۳) تذکرۃ الخواص من الامۃ بذکر خصائص الآئمۃ، ص۳۱۵۔ الفصول المہمہ فی معرفۃ احوال الآئمہ، ص۲۳۴۔ سبائک الذہب فی معرفۃ قبائل العرب، ص۷۵۔ نورالابصار فی مناقب آل بیت النبی المختار، ص۲۳۲۔ احسن القصص، ج۴، ص۲۸۹۔

(۴) وسیلۃ الخادم الی المخدوم در شرح چہاردہ معصوم، ص۲۳۸۔

(۵) الفصول المہمہ فی معرفۃ احوال الآئمہ، ص۲۳۴۔ نورالابصار فی مناقب آل بیت النبی المختار، ص۲۳۲۔ احسن القصص، ج۴، ص۲۸۹۔

(۶) تاریخ الامم والملوک، ج۵، ص۱۳۸۔ مقاتل الطالبیین، ص۳۷۶۔ تجارب الامم و تعاقب الہمم، ج۳، ص۳۶۶۔ تاریخ مختصر الدول، ص۱۳۴۔ تتمۃ المختصر فی اخبار البشر، ج۱، ص۳۱۸۔

لیکن احمد بن محمد بن ابی نصر بزنطی کی روایت میں کہ جو امام محمد تقیؑ سے نقل ہوئی ہے اس مسئلہ کی تکذیب ہوتی ہے، اس روایت میں اس طرح آیا ہے۔

ابن ابی نصر بزنطی نے ایک دن حضرت امام محمد تقیؑ سے عرض کی کہ کچھ آپ کے مخالف افراد کا گمان ہے کہ مامون نے آپ کے والد گرامی کو رضا کا لقب ولایت عہدی کے قبول کرنے کے بدلے میں عطا کیا تھا۔ امام محمد تقیؑ نے اس کے جواب میں فرمایا: خدا کی قسم وہ جھوٹ کہتے ہیں، خداوند عالم نے اس لیے کہ آپ سے تمام مخالفین وموافقین سب راضی تھے لہذا آپ کو رضا کا لقب عطا فرمایا۔(۱)

بہت سے علماء اہل سنت جیسے جوینی شافعی (۲) عبدالرحمٰن جامی حنفی (۳) نے اس بات کی تائید کی ہے اور متعدد علما نے اس مطلب کو اپنے اپنے اشعار میں بھی درج کیا ہے مثلا:

امام علی نام عالی نسب　　پناہ عجم مقتدای عرب

از و بود راضی جہان آفرین　　از آن رو رضا گشت اورا لقب (۴)

والد محترم ووالدہ مکرمہ

آپ کے والد گرامی حضرت امام موسی کاظمؑ ہیں اور آپ کی والدہ مکرمہ کے اسم گرامی میں اختلاف ہے۔

---

(۱) عیون اخبار الرضاؑ، ج۱، ص۱۳۔

(۲) فرائد السمطین فی فضائل المرتضیٰ والبتول والسبطین والآئمۃ من ذریتھم، ج۲، ص۱۸۷۔

(۳) شواہد النبوہ، ص۱۸۳۔

(۴) تاریخ حبیب السیر فی اخبار افراد بشر، ج۲، ص۸۲۔

آپ کی ولدہ ماجدہ کنیز تھیں ان کے متعدد نام :سکینہ(۱)، اروی(۲)،خیزران مریسیہ، (۳) نجمہ(۴) تاریخ میں ذکر ہوئے ہیں۔

اورآپ کے القاب شقراءنوبیہ(۵) ویاام البنین (۶) بیان ہوئے ہیں۔

یہ بات بھی قابل ذکر ہے کہ محمد خواجہ پارسائی بخاری حنفی آنحضرتؑ کی والدہ گرامی کی تعظیم و تجلیل اورآپ کے مقام معنوی کواس طرح بیان کرتا ہے:

و کانت امه من اشراف العجم و کانت من افضل النساء فی عقلها و دینها۔(۷)

آنحضرتؑ کی والدہ گرامی عجم وغیرعرب میں بزرگ خاندان کی بیٹی اوراپنے زمانے کی تمام عورتوں سے عقل ودین کے اعتبار سے افضل واعلیٰ تھیں۔

حضرتؑ کی ولادت باسعادت

حضرت امام رضاؑ نے حضرت امام جعفرصادقؑ کی شہادت کے ایک سال کے بعد روز جمعہ مدینہ میں اس دنیا کواپنے نور سے منورفرمایا،آپ کی ولادت کی تاریخ اور ماہ وسال میں اختلاف ہے

---

(۱) سیراعلام النبلاء، ج۹،ص۳۸۷۔

(۲) احسن القصص، ج۴،ص۲۸۹۔

(۳) تذکرۃ الخواص من الامۃ بذکرخصائص الآئمۃ،ص۳۱۵۔مطالب السؤول فی مناقب آل الرسول،ص۲۹۵۔

(۴) تاریخ حبیب السیر فی اخبارافرادبشر، ج۲،ص۸۳۔

(۵) مطالب السؤول فی مناقب آل الرسول،ص۲۹۵۔سیراعلام النبلاء، ج۹،ص۳۸۷۔

(۶) الوافی بالوفیات، ج۲۲،ص۲۴۸۔

(۷) فصل الخطاب لوصل الاحباب بہ نقل ازینابیع المودۃ لذوی القربی، ج۳،ص۱۶۶۔

بعض نے آپ کی ولادت کا سال ۱۴۳ھ(۱) بعض نے ۱۴۸ھ(۲) اور بعض نے ۱۵۱ھ(۳) لکھا ہے۔اور کچھ مورخین نے ۱۵۳ھ(۴) تحریر کیا ہے اسی طرح آپ کی تاریخ ولادت بھی کسی نے چھ، سات یا آٹھ شوال تحریر کی ہے(۵)۔

حضرت امام رضاؑ کی ولادت باسعادت کے متعلق حیرت انگیز واقعہ بھی علماء اہل سنت نے اپنی کتابوں میں نقل کیا ہے کہ جس کو ہم اس کتاب کے چھٹے حصے میں بیان کریں گے۔

حضرت امام رضاؑ کی وفات یا شہادت؟

حضرت امام رضاؑ کی تاریخ شہادت میں اختلاف ہے: بروز ہفتہ، آخر ماہ صفر ۲۰۳ھ مامون عباسی کی خلافت کے دوران، یہ اکثر اہل سنت کا نظریہ ہے۔(۶)

---

(۱) نورالابصار فی مناقب آل بیت النبی المختار،ص۲۳۲۔

(۲) الکامل فی التاریخ ، ج۴،ص ۱۷۸۔ تتمۃ المختصر فی اخبار البشر ،ج۱،ص۳۲۰۔سیر اعلام النبلاء ، ج۹، ص۳۸۷۔الوافی بالوفیات، ج۲۲،ص۲۴۸۔نورالابصار فی مناقب آل بیت النبی المختار،ص۲۳۲۔

(۳) مرأۃ الجنان وعبرۃ الیقظان فی معرفۃ مایعتبر من حوادث الزمان، ج۲،ص۱۰۔

(۴) مروج الذھب ومعادن الجوھر، ج۴،ص۳۴۔وفیات الاعیان وانباء ابناء الزمان، ج۳،ص۱۷۰۔مرأۃ الجنان وعبرۃ الیقظان فی معرفۃ مایعتبر من حوادث الزمان، ج۲،ص۱۰۔الآئمۃ اثناعشر،ص۹۸۔

(۵) وفیات الاعیان وانباء ابناء الزمان ، ج۳،ص۱۷۰۔مرأۃ الجنان وعبرۃ الیقظان فی معرفۃ مایعتبر من حوادث الزمان، ج۲،ص۱۰۔الآئمۃ اثناعشر،ص۹۸۔

(۶) تاریخ خلیفۃ بن خیاط ،ص۳۱۲۔تاریخ یعقوبی ، ج۲،ص۴۵۳۔تاریخ الامم والملوک ،ج۵،ص۱۴۶۔مروج الذھب ومعادن الجوھر، ج۴،ص۳۳۔کتاب الثقات ، ج۸،ص۴۵۷۔المنتظم فی تواریخ الملوک والامم، ج۶، ص۱۲۱۔تجارب الامم وتعاقب الھمم ،ج۳،ص۳۷۶۔اللباب فی تھذیب الانساب، ج۲،ص۳۰۔الکامل فی التاریخ، ج۴،ص۱۷۸۔تاریخ مختصر الدول،ص۱۳۴۔المختصر فی اخبار البشر، ج۲،ص۲۳۔سیر اعلام النبلاء، ج۹،ص۳۸۹۔

-اول ماہ صفر ۲۰۳ھ۔(۱)

-شب جمعہ ماہ مبارک رمضان ۲۰۳ھ۔(۲)

-پنجم ذی الحجہ ۲۰۳ھ۔(۳)

-تیرہویں ذی القعدہ ۲۰۳ھ۔(۴)

-۲۰۲ھ۔(۵)

حضرت امام رضاؑ نے حدوداً پچاس سال عمر پائی(۶)، اگر چہ آپ کی شہادت کے وقت آپ کی دقیق عمر کے بارے میں اختلاف ہے: بعض نے ۴۴ سال نقل کی ہے(۷) اور کچھ ۴۷(۸)، ۴۹(۹)، ۵۰(۱۰) اور ۵۳(۱۱) سال بھی ذکر کرتے ہیں۔

---

(۱) التنبیہ والاشراف، ص ۳۰۳۔(۲) المنتظم فی تواریخ الملوک والامم، ج ۶، ص ۱۲۵۔الوافی بالوفیات، ج ۲۲، ص ۲۴۸۔تھذیب التھذیب، ج ۷، ص ۳۳۹۔

(۳) و(۴) وفیات الاعیان وانباء ابناء الزمان، ج ۳، ص ۲۷۰۔مرأۃ الجنان وعبرۃ الیقظان فی معرفۃ مایعتبر من حوادث الزمان، ج ۲، ص ۱۰۔

(۵) مرأۃ الجنان وعبرۃ الیقظان فی معرفۃ مایعتبر من حوادث الزمان، ج ۲، ص ۱۰۔

(۶) تقریب التھذیب، ج ۲، ص ۴۵۔

(۷) تاریخ یعقوبی، ج ۲، ص ۴۵۳۔

(۸) مروج الذھب ومعادن الجوھر، ج ۴، ص ۳۳۔(۹) مروج الذھب ومعادن الجوھر، ج ۴، ص ۳۳۔ذیل تاریخ بغداد، ج ۱۹، ص ۱۴۲۔سیر اعلام النبلاء، ج ۹، ص ۳۸۹۔الوافی بالوفیات، ج ۲۲، ص ۲۴۸۔تھذیب التھذیب، ج ۷، ص ۳۳۹۔

(۱۰) اکمال تہذیب الکمال فی اسماء الرجال، ج ۹، ص ۳۸۰۔

(۱۱) مروج الذھب ومعادن الجوھر، ج ۴، ص ۳۳۔

آنحضرتؑ مامون کی خلافت کے دوران شہرنوقان (۱) کے ایک گاؤں بنام سناباد (۲) میں شہید ہوئے، اور مامون کے دستور کے مطابق ہارون کی قبر کے نزدیک دفن کیے گئے۔ (۳)

یہ بھی واضح رہے کہ امامؑ کی شہادت کی کیفیت، آنحضرتؑ کی پیشنگوئی اور بہت سے وہ مسائل کہ جو شہادت کے بعد واقع ہوئے عجیب وغریب واقعات ہیں کہ جو اہل سنت نے نقل کیے ہیں کہ جن کو ہم چھٹے حصے میں بیان کریں گے۔

علماء اہل سنت کے نظریات

حضرت امام رضاؑ نے اپنی حیات شریف کے مختلف دور میں اس بات کی طرف اشارہ فرمایا کہ ''میں زہر دغا سے شہید، اور عالم غربت میں دفن کیا جاؤں گا'' (۴)۔ اور بارہا مامون کو اپنے قاتل کے طور پر پہچنوایا ہے۔ (۴) ان فرمایشات امامؑ کو اہل سنت کے بزرگوں نے اپنی معتبر کتابوں میں ذکر کیا ہے جیسا کہ ڈاکٹر کامل مصطفیٰ شیبی لکھتا ہے:

---

(۱) اس دور میں طوس کے علاقہ میں دو بڑے شہر تھے ایک طابران دوسرا نوقان کہ ان میں سے ہر ایک کے اطراف میں ایک ایک ہزار سے زیادہ گاؤں آباد تھے۔ معجم البلدان، ج ۵، ص ۳۱۱۔

(۲) سناباد شہرنوقان کی دیہاتوں میں سے ایک دیہات کا نام ہے۔ معجم البلدان، ج ۳، ص ۲۵۹۔

(۳) کتاب الثقات، ج ۸، ص ۴۵۷۔ کتاب الاشارات الی معرفۃ الزیارات، ۷۔ سیر اعلام النبلاء، ج ۹، ص ۳۳۹۔ الوافی بالوفیات، ج ۲۲، ص ۲۴۸۔ تھذیب التھذیب، ج ۷، ص ۳۳۹۔

(۴) فرائد السمطین فی فضائل المرتضیٰ والبتول والسبطین والآئمۃ من ذریتھم، ج ۲، ص ۸۱۲، ح ۴۹۲ وص ۱۹۲، ح ۴۶۹۔ ینابیع المودۃ لذوی القربی، ج ۳، ص ۱۶۷۔

(۴) مطالب السؤول فی مناقب آل الرسول، ص ۳۰۰-۳۰۲۔ الفصول المھمہ فی معرفۃ احوال الآئمہ، ص ۲۵۰۔ شواہد النبوۃ، ص ۳۸۹-۳۹۲۔ تاریخ روضۃ الصفاء، ج ۳، ص ۴۹۔ تاریخ حبیب السیر فی اخبار افراد بشر، ج ۲، ص ۸۸-۹۱۔ الکواکب الدریۃ فی ترجم السادۃ الصوفیۃ، ج ۱، ص ۲۵۶۔ مفتاح النجا فی مناقب آل عباء، ص ۸۲۔

مات الرضا مسموماً کما یری اکثر المورخین(۱)۔

اکثر مورخین کا یہی نظریہ ہے کہ حضرت رضاؑ زہر سے شہید ہوئے۔

جبکہ کچھ لوگوں نے اس حقیقت کو چھپایا ہے اور اس سلسلے میں کچھ نامناسب باتیں نقل کی ہیں اور شہادت یا وفات امام رضاؑ کو مختلف طریقے سے پیش کرنے کی کوشش کی ہے جن کی طرف اشارہ کیا جاتا ہے:

بہت افسوس کہ کچھ لوگ تاریخی حقائق کو سوچے سمجھے بغیر کچھ کا کچھ نقل کر دیتے ہیں مثلا ابن جریر طبری نے حضرت امام رضاؑ کی وفات کا سبب زیادہ انگور کھانا لکھا ہے وہ کہتا ہے:

ان علی بن موسی الرضا اکل عنبا فاکثر منه فمات فجاة۔(۲)

علی بن موسی الرضا نے زیادہ انگور کھا لیے جس کے سبب فوراہی انتقال ہو گیا۔

اور بہت سے مورخین جیسے ابن اثیر شافعی (۳)، شمس الدین بن خلکان شافعی (۴)، ابن جوزی حنبلی (۵)، ابوالفداء دمشقی شافعی (۶)، ابن کثیر دمشقی شافعی (۷) وغیرہ نے اس قول ہی کو اختیار کیا ہے۔

---

(۱) الصلۃ بین التصوف والتشیع، ج۱، ص۲۴۴۔

(۲) تاریخ الامم والملوک، ج۵، ص۱۴۶۔

(۳) الکامل فی التاریخ، ج۴، ص۱۷۷۔

(۴) وفیات الاعیان وانباء ابناء الزمان، ج۳، ص۲۳۔

(۵) المنتظم فی تواریخ الملوک والامم، ج۶، ص۱۲۱۔

(۶) المختصر فی اخبار البشر، ج۲، ۲۳۔

(۷) البدایۃ والنھایۃ، ج۱۰، ص۲۶۰۔

ان کے مقابل دوسرے علماء جیسے مسکویہ، یافعی شافعی، محمد خواجہ پارسائی حنفی وغیرہ ابن جریر طبری کے نظریے میں مردد ہیں۔

مسکویہ لکھتا ہے: علی ما حکی اکل عنبا فاکثر منه فمات فجاة۔(۱)

جیسا کہ نقل ہوا ہے کہ امام رضاؑ نے زیادہ انگور کھا لیے جس کے سبب انتقال فرما گئے۔

یافعی شافعی کہتا ہے:

وکان سبب موته، علی ماحکوا، انه اکل عنبا فاکثر منه ۔ قیل: بل مات مسموما۔(۲)

امام رضاؑ کے انتقال کا سبب جیسا کہ نقل ہوا ہے کہ انگور زیادہ کھا لیے اور انتقال فرما گئے اور یہ بھی نقل ہوا ہے کہ آپ کو زہر سے شہید کیا گیا۔

محمد خواجہ پارسائی حنفی بھی مخالف وموافق کے اقوال کے مابین اور یہ کہ امامؑ کی وفات ہوئی یا شہادت مردد ہے اور کسی طرح کے اظہار نظر سے اجتناب کرتا ہے۔(۳)

دیگر علماء ومورخین اہل سنت جیسے ابن حجر ہیثمی شافعی(۴)، فضل بن روزبہان خنجی اصفہانی حنفی(۵) نے امام رضاؑ کے انتقال کے سبب کو انار یا انگور میں زہر دینا مانا ہے لیکن آپ کے قاتل کا کوئی تذکرہ نہیں کیا ہے۔

---

(۱) تجارب الامم وتعاقب الہمم، ج۳، ص۳۷۶۔

(۲) مرأة الجنان وعبرة الیقظان فی معرفة مایعتبر من حوادث الزمان، ج۲، ص۱۰۔

(۳) فصل الخطاب لوصل الاحباب بہ نقل از ینابیع المودة لذوی القربی، ج۳، ص۱۶۶۔

(۴) الصواعق المحرقة، ج۲، ص۵۳۹۔

(۵) وسیلة الخادم الی المخدوم در شرح چہاردہ معصوم، ص۲۲۳۔

جب کہ اسی سلسلے میں کچھ علماء و مورخین جیسے مسعودی شافعی، ابن طقطقی، مقریزی شافعی اور معاصرین میں سے ڈاکٹر ترمانینی نے امام کی شہادت کو زہر سے تسلیم کیا ہے اور مامون کو کچھ تردید کے ساتھ امام کا قاتل کے طور پر پہچنوایا ہے۔

مسعودی شافعی لکھتا ہے:

فی خلافته قبض علی بن موسی الرضا مسموماً بطوس۔(۱)

مامون کی خلافت کے دوران علی بن موسی رضاؑ شہر طوس میں زہر سے شہید کر دیے گئے۔

ابن طقطقی: قیل: ان المامون سمه فی عنب۔(۲)

کہا جاتا ہے کہ مامون نے امام رضاؑ کو انگور میں زہر دیا۔

مقریزی شافعی: واتهم المامون انه سمه فی عنب۔(۳)

مامون پر اتہام ہے کہ اس نے امام رضاؑ کو انگور میں زہر دیا۔

البتہ دوسرے مقام پر صراحتاً اس بات کو نقل کرتا ہے: المامون سم الرضا۔(۴)

مامون نے امام رضاؑ کو زہر سے شہید کیا۔

ترمانینی لکھتا ہے: ویقال ان المامون دس له السم۔(۵)

کہا جاتا ہے کہ مامون نے امام رضاؑ کو زہر سے شہید کیا۔

---

(۱) مروج الذهب ومعادن الجوهر، ج۴، ص۴۔ التنبیه والاشراف، ص۳۰۳۔

(۲) الفخری فی الآداب السلطانیة والدول الاسلامیة، ص۲۱۵-۲۱۶۔

(۳) کتاب المقفی الکبیر، ج۴، ص۲۸۴۔

(۴) النقود الاسلامیة، ص۲۷و۳۷۔

(۵) احداث التاریخ الاسلامی بترتیب السنین، ج۲، ص۱۱۶۹۔

اوران سب کے مقابل میں مشہور معروف مورخین ومحدثین جیسے محمد بن علی حلبی معروف بہ ابن العظیمی ،ابن حبان بستی شافعی ،سمعانی شافعی (۱)،صفدی شافعی ،ابوالفرج اصفہانی ،حاکم نیشاپوری شافعی ، مقریزی شافعی اپنی بعض کتابوں میں (۲)،ابن صباغ مالکی ، شبلنجی شافعی (۳) ، میر محمد بن سید برہان الدین میر خواند شافعی (۴) ،غیاث الدین شافعی خواند امیر وعباس بن علی مکی شافعی (۵) صاف صاف لفظوں میں مامون کوامام رضاؑ کا قاتل مانتے ہیں۔

ابن عظیمی کہتا ہے: مات علی الرضا سمه المامون۔(۶)

امام رضاؑ مامون کے ذریعہ سم دینے سے شہید ہوگئے۔

ابن حبان بستی شافعی لکھتا ہے:

مات علی بن موسی بطوس من شربة سقاها ایاها المامون فمات من ساعة۔(۷)

علی بن موسی الرضاؑ مامون کے ذریعہ ایک گھونٹ زہرنوش فرما کرفوراًہی شہید ہوگئے۔

اوردوسری جگہ لکھتا ہے: قد سم من ماء الرمان واسقی قلبه المامون۔(۸)

امام رضاؑ آب انگور سے مسموم ہوئے اور یہ زہران کو مامون نے دیا۔

---

(۱) الانساب، ج۳،ص۴۷۔

(۲) النقود الاسلامیۃ،ص۲۷و۳۷۔

(۳) نورالابصار فی مناقب آل بیت النبی المختار،ص۳۲۴و۳۲۵۔

(۴) تاریخ روضۃ الصفاء، ج۳،ص۵۰۔

(۵) نزھۃ الجلیس ومنیۃ الادیب الانیس،ص۱۰۵۔

(۶) تاریخ حلب،ص۲۴۲۔

(۷) کتاب الثقات، ج۸،ص۴۵۷۔

(۸) کتاب المجروحین، ج۲،ص۱۰۷۔

صفدی شافعی کہتا ہے:

و آل امره مع المامون الی ان سمه فی رمانه علی ماقیل مداراة لبنی العباس۔(۱)

آخر کار نتیجہ امام رضاؑ مامون کے ساتھ یہ ہوا کہ آپ کو مامون نے انگور میں زہر دیدیا تا کہ بنی عباس کی خوشنودی حاصل کر سکے۔

ابوالفرج اصفہانی لکھتا ہے:

کـان المامون عقد له علی العهد من بعد ه ، ثم دس الیه فی ما ذکر بعد ذالك سماً فمات منه۔(۲)

علی بن موسی الرضاؑ کو مامون نے اپنا ولی عہد بنایا پھر جیسا کہ کہا جاتا ہے کہ زہر دیدیا کہ جس سے آپ کی شہادت واقع ہوئی۔

لفظ شہادت

یہ بھی قابل ذکر ہے کہ حاکم نیشاپوری شافعی، ابن صباغ مالکی اور فضل بن روز بہان خنجی اصفہانی حنفی نے حضرت امام رضاؑ کی شہادت کو خود لفظ شہادت ہی سے تعبیر کیا ہے۔

حاکم نیشاپوری شافعی کہتا ہے:

استشهد علی بن مو سی بسناباد من طوس۔۔۔(۳)

امام رضاؑ طوس کے ایک گاؤں سناباد میں شہید کر دیے گئے۔

---

(۱) الوافی بالوفیات، ج۲۲،ص۲۵۱۔

(۲) مقاتل الطالبیین ،ص۳۷۵۔

(۳) سیر اعلام النبلاء، ج۹،ص۳۳۹۔تھذیب التھذیب، ج۷،ص۳۳۹۔دونوں نے تاریخ نیشاپور سے نقل کیا ہے۔

ابن صباغ مالکی لکھتا ہے: استشهد علی بن موسی الرضا۔۔۔(۱)
امام رضاؑ شہید کر دیے گئے۔
فضل بن روزبہان خنجی حنفی کہتا ہے:الامام القائم الثامن الشهید بالسم فی الغم۔۔(۲)
آٹھویں امامؑ زہر دغا سے شہید کر دیے گئے۔
قاضی بہجت آفندی امام رضاؑ کو صراحتاً شہید لکھتا ہے اور مامون کو امام کا قاتل مان کر کہتا ہے:
مامون، حضرت امام رضاؑ کے نشر علوم اور انوار ہدایت سے تنگ آ گیا، آخر کار آنحضرتؑ کو زہر دغا سے شہید کر دیا اور اپنے اس غدارانہ عمل سے ثابت کر دیا کہ کبھی بھی علم و جہل، حق و باطل اور عدل و ظلم ایک جگہ جمع نہیں ہو سکتے۔(۳)

کچھ اور تحقیق

حضرت امام رضاؑ کی شہادت کا زہر دغا سے واقع ہونے کے متعلق مذکورہ شواہد و تاریخی واقعات کے علاوہ خود عقلاً بھی آپ کی وفات کو عادی و طبیعی طور پر تسلیم نہیں کیا جا سکتا چونکہ حضرت امام رضاؑ کے مامون کے ساتھ تاریخی حالات کو پیش نظر رکھتے ہوئے کہ وہ امامؑ کو اپنے لیے اور اپنی حکومت کے لیے سب سے بڑا خطرہ محسوس کرتا تھا اور ولی عہدی کا جال بھی کام نہ آ سکا اور دوسری طرف آپ کو ولی عہد بنانے سے بنی عباس بھی ناراض تھے لہذا ان کی بھی دلجوئی کرنی تھی، ہر تاریخ دان شخص یہ یقین کر لے گا کہ امامؑ کی طبیعی و عادی وفات نہیں ہوئی ہے اور دوسری طرف کہ جو شخص قلیل النوم اور کثیر الصوم ہو وہ کیسے انگور حد سے زیادہ کھا سکتا ہے کہ جس کے نتیجے میں انتقال ہو جائے؟!۔

---

(۱) الفصول المہمہ فی معرفۃ احوال الآئمہ، ص۲۶۴۔
(۲) وسیلۃ الخادم الی المخدوم در شرح چہاردہ معصوم، ص۲۲۳۔
(۳) تشریح و محاکمہ در تاریخ آل محمد، ص۱۵۷-۱۵۹۔

نتیجہ

بہر حال معتبر روایات اور اہل سنت کے اکثر مورخین کا اعتراف کہ امام رضاؑ زہر دغا سے شہید ہوئے اور مامون آپؑ کے بارے میں دوہری چال چلتا رہا، لہذا اس میں کوئی شک وشبہہ کا مقام باقی نہیں رہ جاتا کہ امام کی شہادت نہ ہوئی ہو اور عادی وطبیعی طور پر انتقال فرمایا ہو، لہذا بعض افراد کا شخصی تصور اور حقیقت سے چشم پوشی جیسے ابن خلدون مالکی (۱) اور احمد امین مصری شافعی (۲) کے نظریہ کا کوئی اعتبار نہیں ہے۔

اولاد

فخر رازی شافعی کے بقول: حضرت امام رضاؑ کے پانچ بیٹے کہ جن کے نام یہ ہیں امام ابوجعفر محمد تقی، حسن، علی، حسین، موسی اور ایک بیٹی بنام فاطمہ تھیں۔ اور تمام مورخین کا اتفاق ہے کہ آپ کی نسل فقط امام محمد تقی سے چلی ہے۔ (۳)

بعض مورخین نے امام رضاؑ کی اولاد میں صرف امام محمد تقی اور حسین کا ذکر کیا ہے۔ (۴)

---

(۱) تاریخ ابن خلدون، ج ۴، ص ۳۸۔

(۲) ضحیٰ الاسلام، ج ۳، ص ۲۹۶۔

(۳) الشجرۃ المبارکۃ فی انساب الطالبیۃ، ص ۷۷۔ دیکھیے: النعیم المقیم لعترۃ النباء العظیم، ص ۴۰۹۔ ینابیع المودۃ لذوی القربی، ج ۳، ص ۱۶۵۔

(۴) جمھرۃ انساب العرب، ص ۶۲۔

لیکن زرندی حنفی (م۷۵۷ھ) کہتا ہے:

والصحیح انه لم یلد له ذکر و لاانثی غیر محمد بن علی التقی و له عقب۔(۱)

صحیح یہ ہے کہ حضرت امام رضاؑ کے حضرت امام محمد تقیؑ کے علاوہ کوئی نہ بیٹا تھا اور نہ بیٹی، اور آپ کی نسل امام محمد تقیؑ سے چلی۔

سمعانی شافعی کہتا ہے: حضرت امام رضاؑ کی اولاد کو رضوی کہا جاتا ہے۔(۲)

☆☆☆☆☆

☆☆☆

☆

---

(۱) معارج الوصول الی معرفۃ فضل آل الرسول والبتول، ۱۵۹و۱۶۰۔

(۲) الانساب، ج۳، ص۷۵۔ دیکھیے: اللباب فی تھذیب الاسماء، ج۲، ص۳۰۔ لب اللباب فی تحریر الانساب، ج۱، ص۳۵۴۔

دوسرا حصہ

شخصیت

اہل سنت کی نظر میں، علم حدیث ورجال کے اعتبار سے حضرت امام رضاؑ کی حیثیت ومقام

حضرت امام رضاؑ کا مقام مذہب شیعہ کے عقیدے میں اس بات سے کہیں بلند و بالا ہے کہ علم حدیث ورجال کے اعتبار سے آپ کی حیثیت کے سلسلے میں گفتگو کی جائے چونکہ آپ رسول اکرمؐ کے آٹھویں معصوم جانشین ہیں اور حجت الٰہی ہیں لہذا آپ کا کلام خود حدیث اور حجت ہے، لیکن اہل سنت کی نظر میں آپؑ رجال حدیث کے طبقات کے اعتبار سے اہل مدینہ کے تابعین میں سے ہیں اور آٹھویں طبقے میں ہیں (۱)، جب کہ بعض علماء نے آپ کو دسویں طبقے میں شمار کیا ہے۔ (۲)

حضرت امام رضاؑ کی علمی وحدیثی حیثیت اہل سنت کی نظر میں اس طرح ہے کہ ذہبی شافعی کے بقول صحاح ستہ میں سے فقط ترمذی، ابوداؤد اور ابن ماجہ (۳) نے اپنی سنن میں مباحث زکاۃ وایمان وغیرہ میں حضرت امام رضاؑ سے روایات نقل کی ہیں۔ (۴)

---

(۱) تذکرۃ الخواص من الامۃ بذکر خصائص الآئمۃ، ص ۳۱۵۔

(۲) تقریب التھذیب، ج ۲، ص ۴۵۔ یہ واضح رہے کہ یہ اختلاف ان معیار کی وجہ سے ہے کہ جو اہل سنت کے یہاں معتبر ہیں۔ تقریب التھذیب، ج ۱، ص ۵۔

(۳) سنن ابن ماجہ، ج ۱، ص ۲۶، ح ۶۵۔

(۴) تاریخ الاسلام و وفیات المشاہیر والاعلام (حوادث ۲۰۱ تا ۲۱۰)، ج ۹، ص ۳۸۷۔ واضح رہے کہ موجودہ سنن ترمذی وسنن ابوداؤد میں امام رضا سے کوئی حدیث نظر نہیں آئی۔

مزی شافعی لکھتا ہے:

امام رضاؑ نے اپنے بزرگوں سے جیسے آپ کے آباء و اجداد مانند موسیٰؑ ابن جعفرؑ، اسماعیل، اسحاق، عبداللہ، علی، اولاد جعفر، عبدالرحمٰن ابن ابی الموالی وغیرہ سے نقل احادیث کی ہیں اور بہت سے افراد جیسے ابوصلت عبدالسلام ہروی، احمد عامر طائی، عبداللہ بن عباس قزوینی، آدم بن ابی ایاس، احمد بن حنبل، محمد بن رافع، نصر بن علی جھضمی یا جہنی، خالد بن احمد ذہلی، اسحاق بن راہویہ، ابوزرعہ رازی، محمد بن اسلم طوسی وغیرہ نے آپ سے روایات اخذ و نقل کی ہیں۔(۱)

ابن حبان بستی شافعی حضرت امام رضاؑ آپ کے خاندان پاک کی تمجید و تعریف کرنے کے بعد کہتا ہے کہ آپ کی احادیث معتبر ہیں، اس کی عین عبارت یہ ہے:

علی بن موسی الرضا ابو الحسن من سادات اهل البيت و عقلائهم و جلة الهاشميين و نبلائهم يجب ان يعتبر حديثه اذاروى عنه۔۔۔(۲)

حضرت ابوالحسن علی بن موسی الرضاؑ، اہل بیتؑ کے بزرگان و عقلاء اور ہاشمی خاندان کے بزرگوں اور شرفاء میں سے ہیں، جب ان سے کوئی روایت نقل ہو تو اس پر اعتبار کرنا واجب ہے۔

حاکم نیشاپوری شافعی بھی امامؑ کی علمی و حدیثی حیثیت کے بارے لکھتا ہے کہ اہل حدیث کے بزرگوں نے آپؑ سے روایات نقل کی ہیں:

---

(۱) تہذیب الکمال فی اسماء الرجال، ج ۱۳، ص ۴۰۸۔ دیکھیے: تاریخ الاسلام و وفیات المشاہیر والاعلام (حوادث ۲۰۱ تا ۲۱۰)، ج ۹، ص ۲۷۰۔ سیر اعلام النبلاء، ج ۹، ص ۳۸۷-۳۸۸۔

(۲) کتاب الثقات، ج ۸، ص ۴۵۶۔ ابن حبان بستی کی عبارت کا بقیہ یہ ہے: ''اذا روى عنه غير اولاده و شيعته وابى الصلت خاصة۔'' حضرت امام رضاؑ سے ان کی اولاد و شیعہ اور خصوصاً ابوصلت ہروی کے علاوہ کوئی اور روایت نقل کرے تو معتبر ہے جب کہ آنحضرت سے ان کے علاوہ کسی اور نے کوئی روایت نقل ہی نہیں کی ہے۔

روی عنه آئمة الحدیث ، آدم بن ابی ایاس و نصر بن علی الجهنی و محمد بن القشیری و غیرهم ۔۔۔(۱) آئمہ حدیث نے آپ سے روایات نقل کی ہیں جیسے آدم بن ابی ایاس و نصر بن علی الجھنی اور محمد بن القشیر ی وغیرہ۔

یہ بات بھی قابل ذکر ہے کہ بہت سے افراد جیسے ابراہیم بن ابی مکرم جعفری، ابراہیم بن داؤد یعقوبی، ابراہیم بن موسی، احمد بن حسن کوفی اسیدی، اسماعیل بن ھمام بصری، ثلج بن ابی ثلج یعقوبی، جعفر بن ابراہیم حضرمی، جعفر بن سہل، جعفر بن شریک، حسن بن ابراہیم کوفی ، دعبل خزاعی، عبدالسلام بن صالح، احمد بن علی رقی، داؤد بن سلمان جرجانی وغیرہ کو حضرت امام رضاؑ کے اصحاب وروات میں سے شمار کیا گیا ہے۔لیکن ان حضرات کے شیعہ ہونے کی وجہ سے یا امام رضاؑ سے بہت زیادہ گہرے تعلقات و روابط کی بنیاد پر یا کچھ ایسی احادیث کے نقل کرنے کے سبب کہ جو مذہب شیعہ کے حق میں اور دوسروں کے خلاف ہیں، اہل سنت نے ان حضرات سے نقل شدہ روایات کو ضعیف جانا ہے۔(۲)

حضرت امام رضاؑ حضرت پیغمبر اکرمؐ کے کلام مبارک میں

روی عن موسی الکاظم انه قال: رأیت رسول الله و امیر المؤمنین علی معه فقال : یا موسی ! ابنك ینظر بنور الله ، عز وجل ، و ینطق بالحکمة ، یصیب و لایخطی ، یعلم ولا یجهل قد ملئ علماً و حکماً۔(۳)

---

(۱) تھذیب التھذیب، ج ۷، ص ۳۳۹، بنقل از تاریخ نیشاپور۔

(۲) ان تمام حضرات کے حالات اہل سنت کی رجالی کتب جیسے لسان المیزان، الکامل فی ضعفاء الرجال، الکاشف فی معرفۃ من لہ روایۃ فی الکتب الستۃ والمغنی فی الضعفاء میں مذکور ہیں اور ان کے ضعیف ہونے کی وجہ بھی بیان کی گئی ہے۔

(۳) شواہد النبوۃ، ص ۳۸۹-۳۹۲۔تاریخ روضۃ الصفاء، ج ۳، ص ۴۹۔تاریخ حبیب السیر فی اخبار افراد بشر، ج ۲، ص ۸۸-۹۱۔ ینابیع المودۃ لذوی القربی، ج ۳، ص ۱۶۵۔

حضرت امام موسی کاظمؑ سے روایت نقل ہوئی ہے کہ آپ نے فرمایا: میں نے حضرت رسول اکرمؐ اوران کے ساتھ امیر المؤمنین علیؑ کوخواب میں دیکھا کہ وہ فرمارہے ہیں: اے موسی آپ کا بیٹا نور خدا سے دیکھتا ہے، حکیمانہ کلام کرتا ہے اس کا ہر فعل صحیح ہے اس سے کوئی خطا سرزد نہیں ہوگی، عالم ودانا ہے جہل اس سے بہت دور ہے اور وہ علم وحکمت سے سرشار ہے۔

حضرت امام رضاؑ اہل سنت کے بیانات واقوال میں

دوسری صدی

۱- حسن بن ہانی معروف بہ ابونواس (۱۹۶ھ):

ایک روز ابونواس کے کچھ دوستوں نے اس سے کہا کہ تو اتنا بڑا شاعر ہے، بے باک و بے تکلف شعر کہتا ہے ہر چیز کے بارے میں تو نے شعر کہے ہیں حتی شراب خواری کے بارے میں، حالانکہ تو حضرت امام رضاؑ کا ہم عصر ہے ان کے بارے میں کوئی شعر نہیں کہا!

ابونواس نے جواب دیا: خدا کی قسم ان کی شأن میں میرا شعر نہ کہنا خود ان کی بزرگواری کی وجہ سے ہے چونکہ میری وہ حیثیت نہیں ہے کہ میں اتنی عظیم شخصیت کے بارے میں شعر کہوں، لیکن پھر کچھ ہی دیر کے بعد حضرت امام رضاؑ کے متعلق اس طرح اشعار کہے:

قيل لی : انت احسن الناس طرا　　فی فنون من المقال(الكلام) النبيه

لك جند من القريض (جيد)مديح　　يثمر الدر فی يدی مجتنيه

فعلام تركت مدح ابن موسی　　و الخصال التی تجمعن فيه

قلت : لا استطیع مدح امام كان جبرئیل خادما لابیه(۱)

ان اشعار کا فارسی زبان میں اس طرح ترجمہ کیا گیا ہے۔

کسی گفتا به من : ای آن که هستی یگانهٔ عصر در شعر و سخنور
تو را باشد چنان قدرت به گفتار که ریزی از سخن در دست گوهر
چرا لب بسته ای از مدح مولا علی موسی الرضا پور پیمبر
بگفتم : کی تواند مدح آن کس که بابش را بدی جبریل چاکر
بیان و شعر کوته شد ز وصفش که هست اوصاف او از مدح برتر(۲)

کسی نے مجھ سے کہا کہ تو شعر وسخن میں یگانۂ روزگار ہے کہ جب تیرے لب کھلتے ہیں تو گوہر بکھرتے ہیں تو پھر کیوں آل پیغمبرؐ حضرت علی بن موسی الرضاؑ کی مدح میں اپنی زبان کو بند کئے ہوئے ہے؟ میں نے کہا کہ آنحضرتؑ کی مدح سرائی کون کرسکتا ہے کہ جن کا دربان ونوکر جبرئیل ہو، ان کی توصیف میں سخن وشعر کوتاہ ہیں چونکہ ان کے اوصاف، مدح وثناء سے بلند وبالا ہیں۔

سید عباس مکی حسینی شافعی اہل سنت کا مشہور ادیب ہے وہ ان اشعار کو تعجب کی نگاہوں سے دیکھتا ہے اور کہتا ہے: لا شك ان ناظم هذا العقد الجوهر يغفرالله ماتقدم من ذنبه و ماتاخر۔(۳)

بے شک خداوند عالم ان بے بہا اشعار کے کہنے والے کے گذشتہ وآئندہ گناہ معاف فرمادیگا۔

---

(۱) المنتظم فی تواریخ الملوک والامم، ج۶، ص۱۲۵۔ تذکرۃ الخواص من الامۃ بذکر خصائص الآئمۃ، ص۳۲۱۔ وفیات الاعیان وانباء ابناء الزمان، ج۳، ص۲۷۰۔ تاریخ الاسلام ووفیات المشاہیر والاعلام (حوادث ۲۰۱ تا ۲۱۰)، ج۹، ص۲۷۱۔ مرأۃ الجنان وعبرۃ الیقظان فی معرفۃ مایعتبر من حوادث الزمان، ج۲، ص۱۱۔ النجوم الزاہرۃ فی ملوک مصر والقاہرۃ، ج۲، ص۲۲۰۔ الآئمۃ الاثناعشر، ص۹۸۔ اخبار الدول، ص۱۱۴۔

(۲) شاعر: احمد خوش نویس۔ دیکھیے: منتھی الآمال، ج۳، ص۱۶۱۹-۱۶۲۰۔ انتشارات دلیل ما۔

(۳) نزھۃ الجلیس ومنیۃ الادیب الانیس، ص۱۰۵۔

حاکم نیشاپوری شافعی کا بیان ہے:

ایک روز ابونواس اپنے گھر سے باہر نکلا اس نے دیکھا کہ ایک سواری اس کے ساتھ ساتھ کچھ فاصلے پر چل رہی ہے لیکن اس کا چہرہ نظر نہیں آ رہا ہے، ابونواس نے اس سے پوچھا کہ آپ کون ہو؟ تو اس سے کہا گیا کہ وہ علی بن موسی الرضاؑ ہیں۔ ابونواس نے فوراً شوق وذوق کے ساتھ آنحضرتؑ کی شأن میں یہ شعر کہے: اذا ابصرتك العين من بعد غاية و عارض فيك الشك اثبتك القلب

ولو ان قوماً اماموك لقادهم نسيمك حتى يستدل به الركب(۱)

جس وقت دور سے آنکھیں آپ کے چہرہ انور کی زیارت کریں تو شک ہوتا ہے لیکن دل آپ کی حقانیت کی گواہی دیتا ہے، جو کوئی بھی انسان آپ کو اپنا امام ورہبر مان لے اور آپ کا وجود مبارک اس کی رہبری کرے تو وہ یقیناً نجات یافتہ ہے۔

منقول ہے کہ ایک روز ابونواس مامون کے پاس سے آیا، امام رضاؑ کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کی: اے فرزند رسولؐ میں نے کچھ شعر آپ کی شأن میں کہے ہیں، چاہتا ہوں کہ وہ آپ کو سناؤں، امامؑ نے فرمایا: پڑھیں، ابونواس نے اس طرح اشعار پڑھے:

مطهرون نقيات جيوبهم تجرى الصلاة عليهم اينما ذكروا

من لم يكن علويا حين تنسبه فما له فى قديم الدهر مفتخر

الله لما يرى خلقا فأتقنه صفا كم واصطفاكم ايها البشر

فانتم الملأ الاعلى و عندكم علم الكتاب و ما جائت به السور(۲)

---

(۱) فرائد السمطین فی فضائل المرتضیٰ والبتول والسبطین، ج۲، ص۲۰۲، ح۴۸۱، بنقل از تاریخ نیشاپور۔

(۲) النعیم المقیم لعترۃ النباء العظیم، ص۳۹۶۔ وفیات الاعیان وانباء ابناء الزمان، ج۳، ص۲۷۱۔ فرائد السمطین فی فضائل المرتضیٰ والبتول والسبطین، ج۲، ص۲۰۱، ح۴۸۰۔ الوافی بالوفیات، ج۲۲، ص۲۵۰۔

وہ حضرات پاک و پاکیزہ اور پاک دامن ہیں جہاں کہیں بھی ان کا ذکر خیر ہو ان پر درود وصلوات نثار ہوتیں ہیں، اور جو کوئی بھی خاندان علوی سے نہ ہو تو اس کے اسلاف میں کوئی قابل افتخار بات نہیں ہے، جب خداوند عالم نے نیک و اچھے افراد کو خلق کرنے کا ارادہ کیا تو آپ کے خاندان کا انتخاب فرمایا، آپ اس بلند و بالا مقام پر فائز ہیں کہ تمام کتاب اور تمام قرآنی سوروں کا علم آپ کے پاس ہے۔

حضرت امام رضاؑ نے ابونواس سے یہ اشعار سن کر اس کی تشویق فرمائی اور تین سو دینار اس کو عطا فرمائے۔(۱)

تیسری صدی

۲- محمد بن عمر واقدی (۲۰۷ھ):

و کان ثقة یفتی بمسجد رسول الله وهو ابن نیف و عشرین سنة وهو من الطبقة الثامنة من التابعین اهل المدینه۔(۲)

علی ابن موسی الرضاؑ قابل اطمینان وثقہ تھے آپ کی عمر ۲۴ سال کی تھی کہ آپ مسجد رسول میں بیٹھ کر لوگوں کو فتوے دیتے تھے، آپ اہل مدینہ کے تابعین میں سے آٹھویں طبقے میں شمار ہوتے ہیں۔

۳- حسن بن سہل (۲۱۵ھ):

قد جعل (المامون) علی بن موسی ولی عهده من بعد ه وانه نظر فی بنی العباس و بنی علی فلم یجد افضل ولااورع ولا اعلم منه۔۔۔(۳)

---

(۱) فرائد السمطین فی فضائل المرتضٰی والبتول والسبطین والآئمۃ من ذریتھم، ج۲،ص۲۰۱، ح۴۸۰۔الاتحاف بحب الاشراف،ص۳۲۰و۳۲۱۔احسن القصص، ج۴،ص۲۹۰۔

(۲) تذکرۃ الخواص من الامۃ بذکر خصائص الآئمۃ،ص۳۱۵۔

(۳) تاریخ الملوک والامم، ج۵،ص۱۳۸۔تجارب الامم، ج۳،ص۳۶۶۔الکامل فی التاریخ، ج۴،ص۱۶۲۔

مامون نے حضرت علیؑ ابن موسیٰؑ کو اپنا ولی عہد بنایا اس نے بنی عباس واولاد علیؑ میں آپ سے زیادہ پرہیز گار و متقی، افضل واعلی اور عالم ودانا کسی کو نہیں پایا۔

۴- مامون عباسی (۲۱۸ھ):

حضرت امام رضاؑ کا قاتل مامون آپ کے بارے میں اپنے وزیر فضل بن سہل سے مخاطب ہوکر کہتا ہے: وما اعلم احد افضل من هذا الرجل۔(۱)

میں نے کسی کو بھی اس شخص (امام رضاؑ) سے زیادہ عالم نہیں پایا۔

۵- عبدالجبار بن سعید (۲۲۹ھ):

جس وقت ولایت عہدی کو زبردستی حضرت امام رضاؑ کے حوالے کیا گیا اسی سال عبدالجبار بن سعید مدینہ گیا اور اس نے تاریخ کے اس مہم ترین واقعہ کے بارے میں اس طرح کہا:

ولی عهد المسلمین علی بن موسی بن جعفر بن محمد بن علی بن الحسین بن علی بن ابی طالب۔

پھر یہ شعر کہا: ستة آبائهم ماهم هم خير من يشرب صوب الغمام(۲)

آپ کے چھ آباء واجداد وہ بزرگ ہستیاں ہیں جن کا شرف یہ ہے کہ وہ ہر اس سے کہ جس نے آسمانی پانی نوش فرمایا، افضل وبہتر ہیں (گویا نبیوں سے افضل ہیں)۔

موصلی شافعی اس شعر کے بارے میں کہتا ہے: ولله در القائل۔(۳) خدا کی قسم کیا خوب شعر کہا

---

(۱) مقاتل الطالبیین، ص۴۰۲۔

(۲) نثر الدرر، ج۱، ص۳۶۳۔ تہذیب الکمال فی اسماء الرجال، ج۱۳، ص۴۰۹۔ یہ اشعار اصل میں نابغہ ذبیانی کے ہیں عبدالجبار بن سعید نے ان کو پڑھا ہے۔ دیکھیے: النعیم المقیم لعترۃ النباء العظیم، ص۳۹۳۔

(۳) النعیم المقیم لعترۃ النباء العظیم، ص۳۹۳۔

۶- ابوصلت ہروی(۱)(۲۳۶ھ):

بدخشی ہندی حنفی ابوصلت سے روایت نقل کرتے ہوئے کہتا ہے:

ما رأیت اعلم من علی بن موسی الرضاولا رأہ عالم الا شهد له بمثل شهادتی۔(۲)

میں نے کسی شخص کو بھی حضرت امام علی بن موسی الرضاؑ سے زیادہ عالم ودانا نہیں دیکھا اور جو عالم و دانشمند بھی حضرتؑ کو دیکھتا وہ یہی کہتا کہ جو میں نے کہا ہے۔

۷- ابراہیم بن عباس صولی(۲۴۳ھ):

جس وقت مامون نے حضرت امام رضاؑ پر ولایت عہدی تحمیل کی تب ابراہیم بن عباس مبارکبادی کے لیے امامؑ کی خدمت میں حاضر ہوا اور کہا:

ازالت عزاء القلب بعد التجلد مصارع اولادالنبی محمد (۳)

حضرت امام رضاؑ کو ولایت عہدی کا عطا ہونا گویا اہل بیت طاہرین کے تمام مصائب وآلام کو بر طرف کر دیا گیا ہے۔اور اسی طرح حضرت امام رضاؑ کے فراق وجدائی میں اس طرح کہا:

ان الرزیة یابن موسی لم تدع فی العین بعد ك للمصائب مدمعا

والصبر یحمد فی المواطن کلها والصبر ان نبکی علیك و نجزعا(۴)

اے فرزند موسیؑ آپ کی جدائی سے بڑھ کر کوئی جدائی ومصیبت نہیں ہے کہ جو ہمارے اشکوں کو جاری کر سکے اگر چہ صبر ہر حال میں بہتر ہے لیکن آپ پر گریہ وزاری کرنا ہی صبر وشکیبائی ہے۔

---

(۱) ابوصلت ہروی اہل سنت کی نظر میں سنی مذہب ہے اس کی تفصیل تیسرے حصہ میں آئے گی۔

(۲) مفتاح النجا فی مناقب آل عباء، ص ۱۷۹۔

(۳) الاغانی، ج ۱۰، ص ۶۳۔

(۴) نهایة الارب فی فنون الادب، ج ۵، ص ۱۶۹۔

اسی طرح اس نے حضرت امام رضاؑ کے خاندان پاک کے بارے میں اشعار کہے:

الا ان خیر الناس نفسا و والدا ورهطا و اجداد علی المعظم

اتتنا به العلم و الحلم ثامنا اماما یؤدی حجة الله تکتم(۱)

آگاہ ہوجاؤ کہ تمام انسانوں سے بہتر وافضل علی بن موسیٰؑ اوران کے آباءواجداد طاہرین ہیں، آپ کے ذریعہ ہمیں علم ودانش اور حلم نصیب ہوا کہ آپ آٹھویں امام ہیں کہ جو مخفی و پوشیدہ حجت الٰہی کو بیان فرماتے ہیں۔

۸- ابوزرعہ حنبلی (۲۶۱ھ) ومحمد بن اسلم طوسی (۲۴۲ھ):

حضرت امام رضاؑ جس وقت نیشاپور کی سرزمین میں وارد ہوئے اس دوران یہ دو بزرگوار وعلماء اہل سنت وہاں موجود تھے انہوں نے امام کو اس طرح خطاب کیا:

ایها السید الجلیل ! ابن السادة الآئمة ! بحق آبائك الطاهرین و اسلافك الاکرمین ، الاما اریتنا وجهك المیمون و رویت لنا حدیثا عن آبائك عن جدك نذکرك به ۔۔۔(۲)

اے سرور والا مقام! اے بزرگوار آئمہ کے فرزند! آپ کو آپ کے پاک و پاکیزہ آباء اور مکرم اجداد کے حق کا واسطہ، اپنے نورانی چہرے کی ہمیں زیارت کرادیں اور اپنے آباء وآجداد کے سلسلے سے کوئی حدیث ہمارے لیے بیان فرمائیں کہ جس کے ذریعہ سے ہم آپ کو یاد کرتے رہیں۔

---

(۱) معارج الوصول الی معرفة فضل آل الرسول والبتول، ص۱۶۰۔

(۲) الفصول المهمہ فی معرفة احوال الآئمہ، ص۲۴۳۔ الصواعق المحرقة، ج۲، ص۵۹۴۔ اخبار الدول، ص۱۱۵۔ ینابیع المودة لذوی القربی، ج۳، ص ۱۶۸۔ نورالابصار فی مناقب آل بیت النبی المختار، ص۲۳۶۔ اسرار الشریعة یا الفتح الربانی والفیض الرحمانی، ص۲۲۴-۲۲۳۔ الاعتصام بحبل الاسلام، ص۲۰۵، بنقل از تاریخ نیشاپور۔

۹- احمد بن یحی بلاذری (۲۷۹ھ):

جس وقت حضرت امام رضاؑ کے ایک فرزند ارجمند کا انتقال ہوا تو بلاذری اظہار تسلیت وتعزیت کے لیے آپ کی خدمت میں حاضر ہوا اور کہا: انت تجل عن وصفنا و نحن نقصر عن عظتك و فی علمك ما كفاك و فی ثواب الله ما عزاك۔(۱)

آپ کا مقام ومرتبہ اس سے کہیں بلند وبالا ہے کہ ہم آپ کی تعریف وتوصیف کریں اور ہم آپ کی نصیحتوں کے محتاج ہیں آپ کے پاس وہ علم ہے کہ جس کے ذریعہ آپ کو خدا نے ہر چیز سے مستغنی کر دیا ہے اور خداوند ہی آپ کو تعزیت عطا فرمائے گا۔

۱۰- عباس بن محمد بن صول:

ابراہیم بن عباس کہتا ہے: میں نے عباس بن محمد بن صول سے سنا کہ جو امام رضاؑ کا ہم عصر تھا آنحضرتؑ کے بارے میں اس طرح کہتا تھا:

ما سئل الرضا عن شئ الا علمه و لا رأيت اعلم منه بما كان فی الزمان الی وقت عصره ،و كان المأمون يمتحنه بالسوال عن كل شئ فيجيبه الجواب الشافی ،و كان قليل النوم ،كثير الصوم لايفوته صيام ثلاثة ايام فی كل شهر و يقول :ذالك صيام الدهر ۔ و كان كثير المعروف و الصدقه سراً ، واكثر ما يكون ذالك منه فی الليالی المظلمة ، و كان جلوسه فی الصيف علی حصير و فی الشتاء علی مسح۔(۲)

---

(۱) نہایۃ الارب فی فنون الادب، ج۵،ص۱۶۸۔

(۲) الفصول المہمہ فی معرفۃ احوال الآئمہ،ص۲۴۱۔نورالابصار فی مناقب آل بیت النبی المختار،ص۲۳۶-۲۳۵۔ البتہ بعض کتب میں یہ الفاظ ابراہیم بن عباس سے نقل ہوئے ہیں نہ کہ عباس سے ۔دیکھیے: الاتحاف بحب الاشراف،ص۳۳۸۔احسن القصص، ج۴۷،ص۲۸۹۔

حضرت امام رضاؑ سے جو کچھ بھی سوال ہوتا تھا آپ اس کا تسلی بخش جواب مرحمت فرماتے ، میں نے دنیا میں آج تک ان سے زیادہ عالم نہیں دیکھا ، مامون طرح طرح کے سوالات کے ذریعہ آنحضرتؑ کی آزمائش کرتا لیکن آپ بااطمینان خاطر تسلی بخش جواب عطا فرماتے ۔آنحضرتؑ بہت کم سوتے اور بہت زیادہ روزے رکھتے تھے،کبھی بھی آپ کے ہر مہینے کے تین روزے ترک نہیں ہوتے اورفرماتے یہ تین دن کے روزے ایک سال کے روزوں کے برابر ثواب رکھتے ہیں،آپ بہت زیادہ کار خیر انجام دیتے خاموشی سے صدقات عطا فرماتے اور اکثر وبیشتر یہ صدقات رات کی تاریکی میں انجام پاتے ،گرمیوں میں آپ کا بستر چٹائی وحصیر اور سردیوں میں کھال وچرم ہوتی تھی۔

۱۱- نوفلی:

آنحضرتؑ کے ہم عصر شاعر نوفلی نے آپؑ کی مدح میں اس طرح اشعار کہے ہیں:

رأيت الشيب مكروها و فيه وقار لاتليق به الذنوب

اذا ركب الذنوب اخومشيب فما احد يقول متى يتوب

و داء الغانيات بياض رأسى ومن مد البقاء له يشيب

سأصحبه بتقوى الله حتى يفرق بيننا الاجل القريب(۱)

میں بڑھاپے اور محاسن کی سفیدی کو ناپسند کرتا ہوں جب کہ اس دوارن وہ وقار ہوتا ہے کہ جو گناہ کے ساتھ جمع نہیں ہوسکتا۔ جب کوئی بوڑھا اور محاسن سفید کسی گناہ کا مرتکب ہو تو اس کو کبھی بھی توبہ کی امید نہیں کرنی چاہیے،غناء اور ترنم سے پڑھنا میرے سر ومحاسن کی سفیدی ہے اور جس کی عمر طولانی ہو جائے اس کے بال سفید ہو ہی جاتے ہیں لہذا میں جب تک بھی زندہ ہوں حضرت امام رضاؑ کی خدمت میں زندگی گذاروں گا۔

---

(۱) الوافی بالوفیات، ج۲۲،ص۲۵۱۔

چوتھی صدی

۱۳- ابوبکر بن خزیمۃ شافعی (۳۱۱ھ) اور ابوعلی ثقفی شافعی (۳۲۸ھ):

حاکم نیشاپوری شافعی کا بیان ہے:

"سمعت محمد بن المؤمل بن حسن بن عیسی یقول : خرجنا مع امام اهل الحدیث ابی بکر بن خزیمة و عدیله ابی علی الثقفی مع جماعة من مشایخنا ، وهم اذذالك متوافرون الی زیارة قبر علی بن موسی الرضا بطوس ، قال : فرأیت من تعظیمه (ابن خزیمه) لتلك البقعة و تواضعه لها و تضرعه عندها ما تحیرنا"۔(۱)

حاکم کا بیان ہے کہ میں نے محمد بن مؤمل سے سنا، وہ کہتا ہے کہ ہم ایک روز اہل حدیث کے امام ابوبکر بن خزیمہ وابوعلی ثقفی اور دیگر اپنے اساتید و بزرگوں کے ہمراہ حضرت امام علی رضاؑ کے مرقد مبارک پر زیارت کے لیے گئے، وہ لوگ آپؑ کی زیارت کے لیے طوس بہت زیادہ جاتے تھے۔

محمد بن مؤمل کا بیان ہے کہ ابن خزیمہ کا حضرت رضاؑ کی قبر مبارک پر گریہ وزاری، توسل، احترام اور تواضع اس قدر زیادہ تھا کہ ہم سب لوگ تعجب وحیرت میں پڑے ہوئے تھے۔

اس سے بھی زیادہ حیرت انگیز راوی کا یہ جملہ ہے کہ جو مذکورہ روایت کا تسلسل و بقیہ ہے لیکن افسوس کہ بہت سے مؤرخین ومحدثین نے اس کو نقل نہیں کیا، راوی کا بیان ہے:

"ذالك بمشهد من عدة من آل السلطان و آل شاذان ابن نعیم و آل الشنقشین و بحضرة جماعة من العلویة من اهل نیسابور و هرات و طوس و سرخس ،

---

(۱) فرائد السمطین فی فضائل المرتضی والبتول والسبطین والآئمۃ من ذریتھم، ج۲،ص ۱۹۸، ح۴۷۷۔ تھذیب التھذیب، ج۷،ص۳۳۹، دونوں نے تاریخ نیشاپور سے نقل کیا ہے۔

فدوّنوا شمائل ابی بکر محمد بن اسحاق عند الزیارة و فرحوا و تصدقوا شکراً لله علی ما ظهر من امام العلماء عند ذالك الامام و المشهد وقالوا باجمعهم : لو لم یعلم هذا الامام انه سنة و فضیلة لما فعل هذا ۔''(۱)

راوی کہتا ہے کہ حضرت امام علی رضاؑ کے مرقد مطہر پر ابن خزیمہ کا یہ گریہ وزاری اور احترام، تواضع اور تعظیم، سلطان کے خاندان کے حضور اور خاندان شاذان و خاندان شنقشین نیز نیشاپور، ہرات و سرخس کے شیعوں و علویوں کے سامنے انجام پایا اور سب نے ابن خزیمہ کی یہ حرکات و سکنات کو کہ جو اس نے حضرت امام رضاؑ کے روضہ مبارکہ پر انجام دیں، دیکھا اور ثبت و ضبط کیا۔ ابن خزیمہ کی اس روش اور آنحضرتؑ کی قبر مطہر کی زیارت سے تمام افراد بہت خوش ہوئے نیز امام العلماء کی اس روش پر خوشی اور شکر خدا میں صدقات دیئے۔ اور سب نے بیک زبان یہ کہا کہ اگر یہ کام (اہل بیتؑ کی قبروں کے سامنے گریہ وزاری، احترام و تواضع اور تعظیم) سنت نہ ہوتا اور فضیلت نہ رکھتا تو کبھی بھی ابن خزیمہ اس طرح انجام نہ دیتے۔

۱۴- محمد بن یحی صولی (۳۳۵ھ):

احمد بن یحی نے شعبی سے نقل کیا ہے:

ایک روز شعبی نے کہا: سب سے افضل و بہتر کون سا شعر ہے؟ تو اس کو جواب دیا گیا انصار کا جنگ بدر میں رجز: و بئر بدر اذ یرد وجوههم جبریل تحت لوائنا و محمد

جس وقت صنادید قریش بدر کے کنوے کے نزدیک شکست کھا گئے اور جبریل و حضرت محمدؐ ہمارے پرچم کے سائے میں موجود تھے۔

---

(۱) فرائد السمطین فی فضائل المرتضی والبتول والسبطین والآئمة من ذریتهم، ج ۲، ص ۱۹۸، ح ۴۷۷۔

محمد بن یحیی صولی نے مقام قضاوت میں جواب دیا: نہیں بلکہ ابونواس کا شعر کے جو اس نے امام رضاؑ کی شأن میں کہا ہے (۱)۔ کہ جو پہلے گذر چکا ہے۔

محمد بن یحیی صولی نے حضرت امام رضاؑ کی ولایت عہدی کے بارے میں اس طرح مدح سرائی کی:

علی حین اعطی الناس صفق اکفهم علی بن موسی بالولایة والعهد

فما کان فینا من ابی الضیم غیره کریم کفی باقی القول وفی الرد(۲)

جس وقت لوگ حضرت علیؑ بن موسیٰؑ کے دست مبارک پر ولی عہدی کی بیعت کر رہے تھے ہمارے درمیان ان سے بڑھ کر کوئی نہیں تھا کہ جو کریم النفس اور صبور و بردبار ہوتا وہی ہیں کہ جو ہر صاحب مال کو اس کا مال اور صاحب حق کو اس کا حق پلٹا دیتے ہیں۔

۱۵- علی بن حسین مسعودی شافعی (۳۴۶ھ):

فلم یجد فی وقته احد افضل ولا احق بالامر من علی بن موسی الرضا فبایع له بولایة العهد و ضرب اسمه علی الدنانیر و الدراهم۔(۳)

مامون نے امر خلافت کے لیے اپنے زمانے میں حضرت علی بن موسی الرضاؑ سے افضل و بہتر کسی کو نہیں پایا لہذا آپ کی ولی عہدی کے لیے لوگوں سے بیعت لی اور درھم و دینار پر آپ ہی کا اسم مبارک کندہ کرایا گیا۔

---

(۱) سیر اعلام النبلاء، ج۹، ص۳۸۸۔

(۲) اشعار اولاد الخلفاء واخبارهم من کتاب الارواق، ص۳۰۔

(۳) مروج الذهب ومعادن الجوهر، ج۶، ص۳۳۔ تاریخ مختصر الدول، ص۱۳۴۔ مرأة الجنان وعبرة الیقظان فی معرفة مایعتبر من حوادث الزمان، ج۲، ص۱۰۔

۱۶- ابن حبان بستی شافعی (۳۵۴ھ):

"علی بن موسی الرضا ابو الحسن من ساداة اهل البيت و عقلائهم و جلة الهاشميين و نبلائهم ، يجب ان يعتبر حديثه اذا روى عنه ـ ـ ـقد زرته (قبره) مرارا كثيرة وما حلت بی شدة فی وقت مقامی بطوس فزرت قبر علی موسی الرضا ،صلوات الله علی جده و عليه ، و دعوت الله ازالتها عنی الا استجيب لی ، زالت عنی تلك الشدة و هذا شیٔ جربته مرارا فوجدته كذالك ـاماتنا الله علی محبة المصطفی و اهل بيته صلی الله عليه و عليهم اجمعين"ـ(۱)

حضرت ابوالحسن علی بن موسی الرضاؑ، اہل بیتؑ کے بزرگان وعقلاء اور ہاشمی خاندان کے بزرگوں وشرفاء میں سے ہیں، جب ان سے کوئی روایت نقل ہوتو اس پر اعتبار کرنا واجب ہے۔۔۔ میں نے کئی مرتبہ ان کی قبر مطہر کی زیارت کی ہے۔اور شہر طوس میں میرے قیام کے دوران جب کبھی بھی مجھ پر کوئی مشکل پڑی تو میں نے حضرت علی بن موسی رضاؑ- آپ اور آپ کے جد بزرگوار پر خدا کا درود وسلام ہو- کی قبر پاک کی زیارت کی اور خداوند عالم کی بارگاہ میں اپنی مشکل کے حل کے لیے دعا مانگی تو میری دعا مستجاب ہوگئی اور وہ مشکل حل ہوگئی ، یہ تجربہ میں نے وہاں پر کئی مرتبہ کیا اور ہر مرتبہ ایسا ہی ہوا۔ خداوند عالم ہمیں محبت رسولؐ وآل رسولؐ پر موت عطا کرے۔اور خدا کا درود وسلام ہو محمد وآل محمد پر۔

۱۷- حسین بن احمد مہلبی (۳۸۰ھ):

وہ بھی حضرت امام رضاؑ کی شخصیت اور نوقان کے بارے میں کہ جو طوس کا ایک شہر ہے لکھتا ہے:

"وهی من اجل مدن خراسان و اعمر ها و بظاهر مدينة نوقان قبر الامام علی بن موسی بن جعفر و به ايضاً قبر هارون الرشيد و علی قبر علی بن موسی حصن

---

(۱) کتاب الثقات، ج۸،ص۴۵۷۔

و فيه قوم معتكفون ـــ ـ"۔(۱)

خراسان کے شہروں میں سے بزرگ ترین اور آبادترین شہر نوقان ہے، شہر نوقان کے پیچھے حضرت امام علیؑ بن موسیٰؑ بن جعفرؑ کی قبر ہے اور وہیں پر ہارون الرشید کی قبر بھی ہے۔ حضرت علی بن موسیٰؑ کی قبر پر ایک عمارت ہے کہ جس میں لوگ اعتکاف بجالاتے ہیں۔

۱۸- محمد بن علی بن سہل شافعی (۳۸۴ھ):

حاکم نیشاپوری کا بیان ہے:

"سمعت ابا الحسن محمد بن علی بن سهل الفقيه يقول: ما عرض لی مهم من امر الدين والدنيا ، فقصدت قبر الرضا لتلك الحاجة ، ودعوت عند القبر الا قضيت لی تلك الحاجة ، وفرج الله عنی ذالك المهم۔۔۔ وقد صارت الی هذه العادة ان اخرج الی ذالك المشهد فی جميع ما يعرض لی ، فانه عندی مجرب"۔(۲)

میں نے ابوالحسن محمد بن علی بن سہل فقیہ سے سنا، وہ کہتا ہے کہ مجھ کو جب کبھی بھی کوئی دینی یا دنیوی مشکل پیش آئی میں نے اس حاجت کی طلب کے لیے حضرت علی رضاؑ کی قبر مطہر کا ارادہ کیا اور آپؑ کی قبر کے قریب جا کر دعا کی وہ حاجت برآئی اور خداوند عالم نے میری وہ مہم و مشکل آسان کردی۔۔۔ یہ میری عادت بن چکی تھی کہ میں ہر مشکل مسئلہ میں آپ کی زیارت کے لیے جاتا اور حاجت طلب کرتا اور یہ چیز میرے نزدیک تجربہ شدہ ہے۔

۱۹- دارقطنی بغدادی شافعی (۳۸۵ھ):

آنحضرتؑ کی شأن وعظمت کو اس طرح بیان کرتا ہے:

---

(۱) الکتاب العزیزی، ص۱۵۵۔

(۲) فرائد السمطین فی فضائل المرتضیٰ والبتول والسبطین، ج۲، ص۲۲۰، ح۴۹۶۔ بنقل از تاریخ نیشاپور۔

فهو علی بن موسی بن جعفربن محمد العلوی الحسینی ، ابو الحسن الرضا یروی عن ابیه موسی بن جعفر عن آبائه عن علی۔(۱)

آپ علی فرزند موسی فرزند جعفر فرزند محمد علوی حسینی ابوالحسن رضا ہیں وہ اپنے والد بزرگوار موسی بن جعفر اور وہ اپنے آباء واجداد سے کہ وہ علی ابن ابی طالب سے روایات نقل فرماتے ہیں۔

پانچویں صدی

۲۰- حاکم نیشاپوری شافعی (۴۰۵ھ):

وہ مذہب شافعی کی عظیم ترین شخصیتوں میں سے ہے کہ جس نے اپنی عظیم کتاب تاریخ نیشاپور میں حضرت امام رضاؑ کی شخصیت وعظمت کے بارے میں تحریر کیا ہے، اگر چہ آج کل یہ کتاب دستیاب نہیں ہے لیکن اہل سنت کے بزرگوں کا اس کتاب سے نقل روایت کرنا اور حاکم نیشاپوری کی روایات پر اعتماد کرنا خصوصاً حضرت امام رضاؑ کے متعلق اس کتاب کی عظمت کو کسی حد تک محفوظ رکھے ہوئے ہے۔

جوینی شافعی نے اپنی کتاب فرائد السمطین فی فضائل المرتضی والبتول السبطین والآئمۃ من ذریتھم میں حضرت امام رضاؑ کے متعلق حاکم نیشاپوری کی بہت سی روایات وواقعات کو محفوظ کیا ہے۔

بہر حال حاکم نیشاپوری شافعی حضرت امام رضاؑ کی علمی شخصیت کے بارے میں اس طرح لکھتا ہے:وکان یفتی فی مسجد رسول الله ، وهو ابن نیف و عشرین سنة ، روی عنه من آئمة الحدیث ،آدم بن ابی ایاس و نصر بن علی الجهنی و محمد بن رافع القشیری و غیرهم (۲)۔

---

(۱) المؤتلف والمختلف ، ج۲،ص۱۱۱۵۔

(۲) فرائد السمطین فی فضائل المرتضٰی والبتول والسبطین والآئمۃ من ذریتھم، ج۲،ص ۱۹۹، ح۴۷۸۔تھذیب التھذیب، ج۷،ص۳۳۹۔

علی ابن موسی الرضا کی عمر بیس سال سے اوپر کی تھی کہ آپ مسجد رسول میں بیٹھ کر لوگوں کو فتوے دیتے تھے، آئمہ حدیث نے آپ سے روایات نقل کی ہیں جیسے آدم بن ابی ایاس ونصر بن علی الجھنی اور محمد بن القشیر ی وغیرہ۔۔۔

حضرت امام رضاؑ کے سلسلہ نسب کی عظمت وتجلیل کرتے ہوئے کہ آپ آل رسولؐ میں سے ہیں اس طرح بیان کرتا ہے:

ومن اجل فضيلة لنسب علی بن موسی الرضا انه من ذرية خير البشر محمد المصطفی۔(۱)

حضرت علی بن موسی الرضاؑ کے نسب کی ایک عظیم فضیلت یہ ہے کہ آپ افضل الناس وخیر البشر حضرت محمد مصطفیؐ کی ذریت پاک میں سے ہیں۔

حاکم نیشاپوری شافعی کہتا ہے:

'وقد عرفنی الله من كرامات التربة خير كرامة ، منها : انی كنت متقرساً لا اتحرك الا بجهد فخرجت وزرت و انصرفت الی نوقان بخفين من كرابيس ، فاصبحت من الغد بنوقان و قد ذهب ذالك الوجع وا نصرفت سالماً الی نيسابور"۔(۲)

خداوند عالم نے مجھے اس تربت اقدس اور قبر مطہر کی کئی کرامات دکھائیں جن میں سے ایک یہ ہے کہ جب میں جوڑوں کی خشکی ودرد میں مبتلا ہوا اور بڑی مشکل سے چلتا پھرتا تھا تو گھر سے باہر آیا اور حضرتؑ کی قبر پاک کی زیارت کی اور کرابیس کے جوتے پہن کر پاپیادہ نوقان پہنچا رات وہیں گذاری صبح نمودار ہوئی تو میرا تمام درد ختم ہو چکا تھا اور میں صحیح وتندرست نیشاپور واپس آیا۔

---

(۱) فرائد السمطین فی فضائل المرتضیٰ والبتول والسبطین والآئمۃ من ذریتھم، ج۲، ص۲۰۲، ح۴۸۱۔

(۲) فرائد السمطین فی فضائل المرتضیٰ والبتول والسبطین والآئمۃ من ذریتھم، ج۲، ص۲۲۰، ح۴۹۶۔

حاکم نیشاپوری شافعی اپنے مذکورہ کلام کی تائید اور شاہد کے طور پر کچھ دیگر اہل سنت کے اعترافات کو بھی نقل کرتا ہے کہ جو حضرت امام رضاؑ کے روضہ منورہ سے شفا پا چکے ہیں کہ جن میں سے چند کی طرف ہم بھی اشارہ کریں گے۔

ایک- مصری زائر بنام حمزہ:

حاکم نیشاپوری اپنی اسناد کے ساتھ نقل کرتا ہے: ''حمزہ حضرت امام رضاؑ کے مرقد مطہر کی زیارت کے لیے مصر سے آیا تھا اور آنحضرتؑ کی کرامات معنوی پر اعتقاد رکھتا تھا'' یہ واقعہ تفصیلاً اسی کتاب کے حصہ زیارت میں نقل کیا جائے گا۔

دو- محمد بن قاسم شافعی:

وہ ان لوگوں میں سے تھا کہ جو حضرت امام رضاؑ کی قبر مطہر کی زیارت کے منکر ہیں لیکن بعد میں اس کے ساتھ ایک واقعہ پیش آیا کہ جس کی وجہ سے وہ اپنے اس باطل عقیدے سے پلٹا اور آنحضرتؑ کی قبر کا زائر بن گیا اس طرح زائر بنا کہ اس زمانے کے سفر کی مشکلات کے باوجود ہر سال دو مرتبہ آنحضرتؑ کے روضہ منورہ کی زیارت کے لیے آتا تھا۔(١)

تین- فخر الدین ادیب جندی شافعی:

وہ بھی حضرت امام رضاؑ کی قبر مطہر کا زائر اور آنحضرتؑ کے روضہ مبارک سے شگفت آور معجزات وکرامات کا شاہد ہے۔(٢)

چار- ابوالنضر موذن نیشاپوری شافعی:

ابوالنضر موذن نیشاپوری شافعی ان لوگوں میں سے ہے کہ جس نے حضرت امام رضاؑ کی قبر شریف کی زیارت سے شفا پائی ہے۔(٣)

---

(١)و(٢)و(٣) فرائد السمطین فی فضائل المرتضیٰ والبتول والسبطین، ج٢، ص١٩٧، ح٤٧٥و٤٧٦ وص٢١٧، ح٤٩١

پانچ- ایک نامعلوم شخص:

حاکم نیشاپوری حضرت امام رضاؑ کی قبر مبارک پر زیارت کے لیے آنے کے متعلق ایک اجنبی شخص کا عجیب وغریب واقعہ نقل کرتا ہے کہ جس کی تفصیل حصہ زیارت میں آئے گی۔(۱)

چھ- زید فارسی:

وہ لاعلاج مرض میں مبتلا تھا اور حضرت امام رضاؑ کے روضہ مبارک کی زیارت کی برکت سے شفایاب ہوگیا۔(۲)

سات- حمویہ بن علی:

وہ حضرت امام رضاؑ کی قبر مطہر کا زائر، آنحضرت کے روضہ منورہ سے رونما ہونے والے معجزات وکرامات کا شاہد اور آپ کی معنوی شخصیت کا معتقد ہے۔(۳)

۲۱- ابوالحسین بن ابی بکر شافعی:

حاکم نیشاپوری شافعی کہتا ہے:

"سمعت ابا الحسین بن ابی بکر الفقیه یقول: قد اجاب الله لی فی کل دعوة دعوته بها عند مشهد الرضا ، حتی انی دعوت الله (ان یرزقنی ولداً)فرزقت ولداً بعد الایاس منه"۔(۴)

ابوالحسین بن ابی بکر فقیہ سے میں نے سنا اس نے کہا؛ میں نے خداوند عالم سے حضرت امام رضا کے جوار میں جو بھی دعا مانگی وہ مستجاب ہوئی یہاں تک کہ میں نے کافی مایوسی کے بعد خداوند عالم سے بیٹے کی دعا کی تو خداوند عالم نے وہ بھی مستجاب فرمائی اور مجھ کو نعمت فرزند سے سرفراز فرمایا۔

---

(۱)و(۲) فرائد السمطین فی فضائل المرتضٰی والبتول والسبطین، ج۲،ص۲۱۸، ح۴۹۳وص۲۱۹، ح۴۹۴۔

(۳)و(۴)فرائد السمطین فی فضائل المرتضٰی والبتول والسبطین، ج۲،ص۲۱۹، ح۴۹۵وص۲۲۰، ح۴۹۸۔

۲۲- ابوسعد منصور بن حسین آبی (۴۲۱ھ):

اس نے بھی اپنی کتاب کے کچھ صفحوں کو حضرت امام رضاؑ کی زندگی وحالات اور آپ کے نورانی کلام سے مخصوص کیا ہے اور سب سے مہم آپ کا نیشاپور تشریف لانا، لوگوں کا تاریخی استقبال، حدیث سلسلۃ الذھب، اس حدیث کے بارے میں علماء اہل سنت کے نظریات اور اس حدیث شریف سے لوگوں کا شفایاب ہونے کو ذکر کیا ہے۔(۱)

۲۳- احمد بن علی خطیب بغدادی شافعی (۴۶۳ھ):

وہ حضرات امام رضاؑ کے بارے میں تحریر کرتا ہے:

علی بن موسی الرضا و کان والله رضا کما سمی ۔(۲)

خدا کی قسم! حضرت علی بن موسی الرضاؑ جیسا کہ آپ کا اسم گرامی رضا ہے واقعا آپ رضا اسم بامسمی ہیں۔

۲۴- علی بن ھبۃ اللہ ابن ماکولا شافعی (۴۷۵ھ):

وہ آٹھویں امام کے متعلق لکھتا ہے:

ابو الحسن علی بن موسی بن جعفر بن محمد بن علی بن الحسین بن علی بن ابی طالب --- و کان من اعیان اھل بیته علماً و فضلاً ۔(۳)

ابوالحسن علیؑ بن موسیٰؑ بن جعفرؑ بن محمدؑ بن علیؑ بن الحسینؑ بن علیؑ بن ابی طالبؑ ۔۔۔علم و دانش اور فضیلت کے اعتبار سے اپنے خاندان میں بزرگ و باعظمت شمار کیے جاتے تھے۔

---

(۱) نثر الدرر، ج۱، ص۳۶۱-۳۶۵۔

(۲) تاریخ بغداد، ج۵، ص۴۸۱۔

(۳) الاکمال فی رفع الارتیاب عن المؤتلف والمختلف فی اسماء والکنی والانساب، ج۴، ص۷۵۔

چھٹی صدی

۲۵- ابوسعد عبدالکریم بن منصور تمیمی سمعانی شافعی (۵۶۲ھ):

الرضا كان من اهل العلم و الفضل مع شرف النسب۔(۱)

حضرت امام رضاؑ شرافت وکمال نسب کے ساتھ ساتھ اہل علم وفضل حضرات میں سے تھے۔

۲۶- ابوالفرج ابن جوزی حنبلی (۵۹۷ھ):

و كان يفتى فى مسجد رسول الله ، وهو ابن نيف و عشرين سنة --- و كان المامؤن قد امر باشخاصه من المدينه ، فلما قدم نيسابور خرج و هو فى عمارية على بغلة شهباء ، فخرج علماء البلد فى طلبه ، مثل يحى بن يحى ، اسحاق بن راهويه ، محمد بن رافع ، احمد بن حرب و غيرهم فاقام بها مدة۔(۲)

امام رضاؑ بیس سال سے کچھ زیادہ کی عمر میں مسجد رسول میں بیٹھ کر لوگوں کو فتوے دیتے ۔۔۔اور مامون کے دستور کے مطابق مدینہ سے ہجرت فرمائی، جب آپ نیشاپور تشریف لائے تو خاکی رنگ کے خچر پر عماری میں سوار تھے، علماء شہر جیسے یحی بن یحی، اسحاق بن راھویہ، محمد بن رافع، احمد بن حرب وغیرہ نے بڑھ کر آنحضرتؑ کا استقبال کیا اور آپ نے کافی وقت تک اس شہر میں قیام فرمایا۔

اور وہ دوسری جگہ پر تحریر کرتا ہے:

على بن موسى الرضا من آئمة الامصار و تابع تابعين --- على بن موسى بن جعفر بن محمد بن على بن الحسين بن على الهاشمى ، يلقب بالرضا ، صدوق مات ۲۰۳ھ۔(۳)

---

(۱) الانساب، ج۳، ص۴۷۔ تھذیب التھذیب، ج۷، ص۳۴۰۔
(۲) المنتظم فی تواریخ الملوک والامم، ج۶، ص۱۲۵۔(۳) عجائب القرآن، ص۵۹۔

علی بن موسی الرضاؑ بزرگوں کے پیشوا و اماموں میں سے اور تابعین کے بعد کے طبقہ میں سے تھے ۔۔۔آپ علی بن موسی بن جعفر بن محمد بن علی بن الحسین بن علی الھاشمی ہیں آپ کا لقب رضا ہے، بہت زیادہ سچ بولنے والے تھے آپ کا انتقال ۲۰۳ھ میں ہوا۔

ساتویں صدی

۲۷- مجدالدین ابن اثیر جزری شافعی (۶۰۶ھ):

ھو ابوالحسن علی بن موسی بن جعفر بن محمد بن علی بن الحسین بن علی الھاشمی، المعروف بالرضا ___ وکان مقامه مع ابیه موسی بن جعفر تسعاً و عشرین سنة واشهراً و عاش بعد ابیه عشرین سنة ___ والیه انتهت امامة الشیعه فی زمانه وفضائله اکثر من ان تحصی ، رحمة الله علیه و رضوانه۔(۱)

آپ ابوالحسن علی بن موسی بن جعفر بن محمد بن علی بن الحسین بن علی الھاشمی، معروف بہ رضا ۲۹ سال اور کچھ مہینے اپنے والد بزرگوار کی خدمت میں رہے اور والد ماجد کے انتقال کے بعد بیس سال زندگی بسر کی اپنے زمانے میں شیعوں کے امام تھے آپ کے فضائل اتنے زیادہ ہیں کہ جن کا احصاء اور شمار نہیں کیا جا سکتا۔آپ پر خدا کی رحمت و رضوان ہو۔

۲۸- ابن قدامہ مقدسی حنبلی (۶۲۰ھ):

وہ حضرت امام حسین کی اولاد کو شمار کرتے ہوئے کہتا ہے:

علی بن الحسین، محمد بن علی ابو جعفر الباقر___ جعفر بن محمد الصادق ، موسی بن جعفر، علی بن موسی ، کلهم آئمة مرضیون و فضائلهم کثیرة مشهورة۔

---

(۱) تتمۃ جامع الاصول، ج۲،ص۱۵۷۔

علی فرزند حسین، ابوجعفر محمد باقر فرزند علی، جعفر صادق فرزند محمد، موسی فرزند جعفر، علی فرزند موسی یہ سب آئمہ مورد رضایت الٰہی ہیں، ان کے فضائل بہت زیادہ اور مشہور ہیں۔

پھر آئمہ معصومینؑ اور خصوصا حضرت امام رضاؑ کے بارے میں کہتا ہے:

وفی بعض روایاتهم عن آبائهم نسخة یرویها علی بن موسی عن ابیه موسی بن جعفر عن ابیه جعفر عن ابیه محمد بن علی بن الحسین بن علی ، عن ابیه علی ، عن النبی ، قال بعض اهل العلم : لو قرئ هذا الاسناد علی مجنون لبرئ۔(۱)

بعض روایات کے ایسے نسخے بھی ہیں کہ جو علیؑ بن موسیؑ نے اپنے والد ماجد موسیؑ بن جعفرؑ سے اور آپ نے اپنے والد گرامی جعفرؑ بن محمدؑ سے اور انہوں نے اپنے والد بزرگوار محمدؑ بن علیؑ بن حسینؑ بن علیؑ سے اور آپ نے اپنے والد علیؑ سے۔ انہوں نے پیغمبر اکرمؐ سے روایت نقل کی ہے کہ جس کے بارے میں ایک عالم کا نظریہ ہے کہ اس سلسلہ اسناد کو اگر کسی مجنون پر پڑھ دیا جائے تو وہ شفایاب ہو جائے گا۔

۲۹- ابوالقاسم عبدالکریم رافعی شافعی (۶۲۳ھ):

علی بن موسی بن جعفر --- ابو الحسن الرضا من آئمة اهل البیت و اعاظم ساداتهم و اکابرهم ---(۲) حضرت علیؑ بن موسیؑ بن جعفرؑ ابوالحسن الرضا آئمہ اہل بیتؑ میں، ان کے بزرگوں اور عظیم شخصیتوں میں سے ہیں۔

۳۰- شیخ محی الدین ابن عربی شافعی (۶۳۸ھ):

علی السر الالهٰی والرائی للحقائق کما هی ، النور اللاهوتی والانسان الجبروتی والاصل الملکوتی والعالم الناسوتی ، مصداق معلم المطلق و الشاهد الغیبی

---

(۱) التبیین فی انساب القرشیین، ص۱۳۲-۳۳۔

(۲) التدوین فی اخبار قزوین، ج۳، ص۴۲۵۔

المحقق روح الارواح و حیاۃ الاشباح، هندسة الوجود الطیار فی المنشأ ت الوجود ، کهف النفوس القدسیة غوث الاقطاب الانسیة ، الحجة القاطعة الربانیة محقق الحقائق الامکانیة ، ازل الابدیات وابد الازلیات ، الکنز الغیبی والکتاب اللاریبی ، قرآن المجملات الاحدیة و فرقان المفصلات الواحدیة ، امام الوری بدر الدجی ، ابی محمد علی بن موسی الرضا ۔(۱)

علی، سرالٰہی اور حقائق کو اس کی اصلی حالت میں دیکھنے والے، نور لاہوتی، انسان جبروتی واصل ملکوتی اور عالم ناسوتی ہیں، معلم مطلق کے مصداق اور غیبی و پوشیدہ اشیاء وآثار کے شاہد ہیں، تمام ارواح کی روح کو تحقق، اشباح کو زندگی وحیات بخشنے والے اور حدو ہندسہ موجودات ہیں، عوالم وجود میں پرواز کرنے والے، نفوس قدسیہ کو پناہ دینے والے اور انسانی اقطاب کے فریادرس، خداوند عالم کی جانب سے حجت قاطع و برحق، حقائق ممکنات کو وجود عطا کرنے والے، ابدی امور کے ازل اور ازلی امور کے ابد، غیبی گنج اور بے شک ولاریب کتاب، پروردگار احدیت کے مجملات کے قرآن اور اس واحد ویکتا کی تفصیلات کے فرقان، انسانوں کے امام تاریکی میں چودھویں کے چاند ابومحمد علی بن موسی ملقب بہ رضاؑ۔

۳۱- محبّ الدین ابوعبداللہ، معروف بہ ابن نجار بغداری شافعی (۶۴۳ھ):

--- ولد بمدینة النبی --- وسمع الحدیث من والده وعمومته و غیرهم من اهل الحجاز ، وکان من العلم الدین بمکان کان یفتی فی مسجد رسول الله ، وهو ابن نیف و عشرین سنة ۔(۲)

---

(۱) کتاب المناقب، ص ۲۹۶۔ یہ کتاب وسیلۃ الخادم الی المخدوم درشرح چہاردہ معصوم کی آخر میں چھپی ہے بنقل از ملحقات احقاق الحق، ج ۲۸، ص ۶۵۷۔

(۲) ذیل تاریخ بغداد، ج ۱۹، ص ۱۳۵، شمارہ ۹۶۹۔

آپؑ کی مدینہ منورہ میں ولادت ہوئی۔ اور اپنے والد بزرگوار اور چچا اور دیگر بزرگان اہل حجاز سے احادیث کو سنا۔ علی بن موسی الرضاؑ علم و دین کے اعتبار سے ایسے مقام پر فائز تھے کہ بیس سے کچھ ہی زیادہ کی عمر میں مسجد رسولؐ میں بیٹھ کر لوگوں کو فتوے دیتے تھے۔

۳۲- محمد بن طلحہ شافعی (۶۵۲ھ):

شبراوی شافعی، محمد بن طلحہ شافعی سے نقل کرتے ہوئے امام موسی کاظمؑ کی اولاد کے بارے میں اس طرح کہتا ہے: کان لموسی الکاظم من الاولاد سبع وثلاثون ولداً ما بین ذکر و انثی اجلهم وافضلهم واشرفهم وا کملهم علی بن موسی الرضا۔۔۔(۱) امام موسی کاظم کی اولاد بیٹے اور بیٹیاں ۳۷ تھیں کہ جن میں سب سے باعظمت وافضل، اشرف اور اکمل علی بن موسی الرضاؑ تھے۔

محمد بن طلحہ خود بھی اس طرح کہتا ہے:

قد تقدم القول فی امیر المؤمنین علی و فی زین العابدین علی و جاء هذا علی الرضا ثالثهما و من امعن النظر و الفکرة وجده وارثهما ، فیحکم کونه ثالث العلیین، فما ایمانه و علا شأنه و ارتفع مکانه و اتسع امکانه و کثر اعوانه و ظهر برهانه ،حتی احله الخلیفة المامون محل مهجته و اشرکه فی مملکته ___ فکانت مناقبه علیة و صفاته سنیة و مکارمه خاتمیة واخلاقه عربیة و شنشنته اخزمیة و نفسه هاشمیة وارومته الکریمة نبویة ، فمهما عد من مزایاه کان اعظم منه و مهما فصل من مناقبه کان اعلی رتبة منه۔(۲)

---

(۱) الاتحاف بحب الاشراف ،ص۳۱۰۔ یہ نکتہ بیان کرنا ضروری ہے کہ مذکورہ مطلب محمد بن طلحہ کی موجودہ کتاب مطالب السؤول فی مناقب آل الرسول میں نہیں ہے شاید اس کی دوسری کتاب زبدۃ المقال فی فضائل الآل میں موجود ہو لیکن یہ کتاب اب نایاب ہے۔ دیکھیے: اھل البیت فی المکتبۃ العربیۃ ،ص۲۰۵ ،شمارہ ۳۴۶۔

(۲) مطالب السؤول فی مناقب آل الرسول ،ص۲۹۵۔

حضرت امیر المؤمنین علیؑ اور امام زین العابدین علیؑ کے متعلق کلام گذر چکا ہے اب یہ علی رضاؑ تیسرے علی ہیں کہ اگر دقت نظر اور غور وفکر سے کام لیا جائے تو آپ تمام کمالات وفضائل میں ان دونوں علیؑ کے وارث ہیں گویا کہ آپ تیسرے علیؑ ہیں، آپ کے ایمان کا مرتبہ اور شأن ومنزلت کی بلندی، آپ کی قدرت واختیار کی وسعت، آپ کے چاہنے والوں کی کثرت اور آپ کی حقانیت پر دلائل اتنے زیادہ ہیں کہ قابل احصاء نہیں یہاں تک کہ خلیفہ مامون نے آپ کے لیے تخت حکومت پیش کیا اور اپنی مملکت میں شریک کیا۔ آپ کے فضائل بہت زیادہ اور صفات بہت بلند وبالا ہیں آپ کی رفتار پیغمبرانہ ہے اور اخلاق اصلی عربی ہے کہ جو آپ کو اپنے آباء واجداد سے ورثے میں ملا ہے آپ کے نفسیات ہاشمی اور خاندان شریف نبوی ہے، آپ کی جو عظمت بھی بیان کی جائے کم ہے اور جو کوئی صفات بیان کی جائیں آپ اس سے کہیں بلند وبالا ہیں۔

۳۳- سبط ابن جوزی حنفی (۶۵۴ھ):

كان من الفضلاء الاتقياء الاجواد۔(۱)

امام رضاؑ اہل فضیلت وتقوی اور اہل کرم وبخشش تھے۔

۳۴- ابن ابی الحدید معتزلی شافعی (۶۵۶ھ):

وہ امام کو اہل بیتؑ کے علماء وبزرگوں میں سے مانتا ہے۔(۲)

دوسرے مقام پر خاندان بنی ہاشم کی جانب سے دفاع کرتے ہوئے خصوصاً امام رضاؑ کے بارے میں کہتا ہے:

---

(۱) تذکرۃ الخواص من الامۃ بذکر خصائص الآئمۃ، ص ۳۱۵۔

(۲) شرح نہج البلاغہ، ج ۱۲، ص ۲۵۴۔

المرشح للخلافة و المخطوب له بالعهد، كان اعلم الناس و اسخى الناس و اكرم الناس اخلاقاً۔(۱)

امام رضاؑ خلافت و ولی عہد کے لیے منتخب تھے آپ تمام انسانوں میں سب سے زیادہ علم رکھنے والے، سب سے زیادہ سخاوت منداور سب سے زیادہ خوش اخلاق تھے۔

۳۵- محمد بن یوسف گنجی دمشقی شافعی (۶۵۸ھ):

والامام بعده (موسى بن جعفر) ابوالحسن على بن موسى الرضا مولده بالمدينه سنة ثمان و اربعين و مأة ، و قبض بطوس من ارض خراسان ۔۔۔(۲)

امام رضاؑ ۱۴۸ھ مدینہ منورہ میں پیدا ہوئے، امام موسیٰ کاظمؑ کے بعد امامت آپ تک پہنچی اور سرزمین خراسان شہر طوس میں انتقال فرمایا۔

۳۶- عمر بن شجاع الدین محمد بن عبدالواحد موصلی شافعی (۶۶۰ھ):

اس نے اپنی کتاب میں ایک فصل مستقل حضرت امام رضاؑ کے لیے تحریر کی ہے بعنوان ''فصل فی امام علی بن موسی الرضا ''لہذا لکھتا ہے:

علی بن موسى بن جعفر بن محمد بن علی بن الحسين قيل : كان غزير الادب و الحلم و الفهم ، واسع الرواية متقن الدراية ، مكين فى العلم امينا فى الحلم ، كامل الزهد و الورع و الفتوة و المروة ۔۔۔(۳)

---

(۱) شرح نہج البلاغہ، ج۱۵، ص۲۹۱۔

(۲) کفایۃ الطالب فی مناقب علی ابن ابی طالب، ص۴۵۷-۴۵۸۔

(۳) النعیم المقیم لعترۃ النباء العظیم، ص۳۷۷۔

حضرت علیؑ بن موسیٰؑ بن جعفرؑ بن محمدؑ بن علیؑ بن الحسینؑ کے متعلق کہا گیا ہے کہ آپ ادب وحلم اور فہم کے اعتبار سے بہت زیادہ باریک بین ونکتہ سنج اور بہت دقیق تھے، بہت زیادہ احادیث نقل فرماتے اور بہت دقت کے ساتھ افہام وتفہیم فرماتے، علم میں مکین وغرق اور حلم میں امین تھے، زہد وپرہیز کاری میں کامل ترین فرد اور شجاعت وشہامت میں سرآمد تھے۔

۳۷- شمس الدین ابن خلکان شافعی (۶۸۱ھ):

هو احد الآئمة اثنا عشر على اعتقاد الامامية و ضرب المامون اسمه عل الدينار و الدرهم --- واستدعى عليا فانزله احسن منزله --- فلم يجد فى وقته احداً افضل ولا احق بالامر من على الرضا فبايعه ---(۱)

امام رضاؑ شیعہ عقیدے کے مطابق بارہ اماموں میں سے ایک ہیں، مامون نے آپ کے نام کے درھم ودینار کے سکہ رائج کرائے، آپ کو مدینہ سے طوس طلب کیا آپ کو اچھا مقام دیا، مامون نے اپنے زمانے میں کسی کو بھی آپ سے افضل وخلافت کا حقدار نہیں پایا لہذا آپ کے ہاتھ پر بیعت کی۔

آٹھویں صدی

۳۸- شیخ الاسلام ابراہیم بن محمد جوینی خراسانی شافعی (۷۲۲ھ):

وہ اپنی عظیم کتاب فرائد السمطین فی فضائل المرتضی والبتول والسبطین والآئمۃ من ذریتھم میں ایک حصہ کو امام رضاؑ سے مخصوص کرتا ہے اور اس میں آپ کی عظمت وشخصیت کے متعلق مذکورہ ذیل عبارت تحریر کرتا ہے:

---

(۱) وفیات الاعیان وانباء ابناء الزمان، ج۳، ص۲۶۹-۲۷۰۔

فی ذکر بعض مناقب الامام الثامن مظهر خفيات الاسرار و مبرز خبيات الامور الكوامن ،منبع المكارم و الميامن و متبع الاعالی الخضارم والايامن،منيع الجناب رفيع القباب ، وسيع الرحاب هموم السحاب ، عزيز الالطاف غزير الاكفاف امير الاشراف، قرة عين آل ياسين وآل عبد مناف ، السيد الطاهر المعصوم والعارف بحقائق العلوم والواقف على غوامض السر المكتوم ، والمخبر بما هو آت و عما غبر و مضى ، المرضى عندا لله سبحانه برضاه عنه فی جميع الاحوال ، ولذا لقب بالرضا على بن موسى ، صلوات الله على محمد وآله ، خصوصاً عليه ما سح سحاب و هما ، وطلع نبات و نما۔ وفی طرف من بيان اخلاقه الشريفه و اعرافه المنيفه و نبذ من كراماته الباهره و شمائل الزاهره ، ذكر بعض احاديثه التی رواها عن آبائه حجج الله على خلقه و آبائه، سلام الله عليهم و صلوات وصلواته و تحيات تحياته۔(۱)

حضرت امام رضاؑ کے بعض مناقب کے بیان میں، آنحضرتؑ مظہر اسرار خفیہ اور پوشیدہ امور کو ظاہر کرنے والے، بزرگواری و برکت کی کان، بزرگوں کے آقا و رہبر، بلند و بالا بارگاہ والے، بے پناہ برکت والے بادل اور رحمت الٰہی سے برسنے والی بارش، کہ جن کے الطاف کم نظیر ہیں اور بہت زیادہ بخشش کرنے والے، اشراف و بزرگوں کے امیر اور خاندان یاسین و عبد مناف کے نور چشم، سید و سردار، معصوم و پاک و پاکیزہ حقائق علوم کے عارف اور مخفی اسرار سے واقف، ماضی و مستقبل کی خبر دینے والے، خداوند عالم کے پسندیدہ اور تمام حالات میں اس کی رضا میں راضی رہنے والے اسی وجہ سے خدا کی جانب سے آپ کا لقب رضا رکھا گیا یعنی حضرت علی بن موسی الرضاؑ۔ درود و سلام خدا ہو محمد اور ان کی آل پاک پر خصوصاً امام رضاؑ پر جب تک کہ بادل برستے رہیں، سبزہ ہرا ہوتا رہے اور شکوفے کھلتے رہیں۔

---

(۱) فرائد السمطین فی فضائل المرتضی والبتول والسبطین والآئمۃ من ذریتھم، ج ۲، ص ۱۸۷۔

آنحضرتؑ کے اخلاق شریفہ کے سلسلے میں کچھ بیان اور آپ کی بہت زیادہ خوبیوں کے متعلق اور کچھ آپ کے کرامات و معجزات کے بارے میں، آپ کے نوارنی خلق وخو اور آپ کی بعض احادیث کہ جو آپ کے آباء واجداد- کہ جو خداوند عالم کی جانب سے مخلوق پر حجت ہیں، ان پر خدا کا درود وسلام ہو- کے ذریعہ نقل ہوئی ہیں۔

۳۹- عمادالدین اسماعیل ابوالفداء دمشقی شافعی (۷۳۲ھ):

وكان يقال لعلى المذكور: على الرضا وهو ثامن الآئمة الاثناعشر، على رأى الاماميه وهو على الرضا بن موسى الكاظم بن جعفر الصادق بن محمد الباقر بن زين العابدين بن حسين بن على بن ابى طالب، و على الرضا هو والد محمد الجواد، تاسع الآئمه۔(۱)

علی بن موسی کو علی رضاؑ بھی کہا جاتا ہے، آنحضرتؑ بارہ امامی شیعوں کے آٹھویں امام ہیں، آپ علی رضاؑ بن موسی کاظمؑ بن جعفر صادقؑ بن محمد باقرؑ بن زین العابدینؑ بن حسینؑ بن علیؑ بن ابی طالبؑ اور محمد تقی جوادؑ کے والد ماجد ہیں کہ جو شیعوں کے نویں امام ہیں۔

۴۰- ذهبی شافعی (۷۴۸ھ):

الامام السيد ابو الحسن على الرضا بن موسى الكاظم بن جعفر الصادق بن محمد الباقر بن على بن الحسين الهاشمى --- وكان من العلم والدين والسؤود بمكان۔(۲)

سید وسردار امام ابوالحسن علی رضاؑ بن موسی کاظمؑ بن جعفر صادقؑ بن محمد باقرؑ بن علیؑ بن الحسینؑ الھاشمی علم ودانش، دین ودیانت اور سیادت وبزرگواری کے اعتبار سے ایک خاص مقام کے حامل تھے۔

---

(۱) المختصر فی اخبار البشر، ج۲، ص۲۴۔

(۲) سیر اعلام النبلاء، ج۹، ص۳۸۶-۳۸۸۔ العبر فی خبر من غبر، ج۱، ۲۶۶۔

دوسری جگہ پر لکھتا ہے:

احداعلام هو الامام۔۔۔ و كان سيد بنى هاشم فى زمانه و اجلهم و انبلهم و كان المامون يعظمه و يخضع له و يتغالى فيه ، حتى انه جعله ولى عهده من بعد و كتب بذالك الى الآفاق ۔۔۔(۱)

امام رضاؑ بزرگ شخصیتوں میں سے ہیں۔آپ خاندان بنی ہاشم کے سید وسردار اور اپنے زمانے میں سب سے افضل، بزرگوار اور کریم وعظیم تھے۔ مامون آپ کا بہت احترام کرتا اور آپ کے سامنے بہت خضوع وخشوع سے پیش آتا آپ کے بارے میں بہت ہی مبالغہ گوئی سے کام لیتا یہاں تک کہ آپ کو اپنے بعد کے لیے ولی عہد قرار دیا اور یہ خبر سارے عالم میں پہنچادی۔

ایک اور جگہ تحریر کرتا ہے:

كبير الشأن له علم و بيان و وقع فى النفوس صيره المامون ولى عهده لجلالته(۲)

امام رضاؑ کا مرتبہ بہت بلند وبالا تھا آپ کا علم وبیان بہت وسیع تھا،لوگوں کے دلوں میں آپ کی بہت قدر ومنزلت تھی اسی عظمت وجلالت کی وجہ سے مامون نے آپ کو اپنا ولی عہد بنایا۔

پھر کہتا ہے:

وهو من الاثنا عشر الذين تعتقد الرافضه عصمتهم و وجوب طاعتهم۔(۳)

امام رضا، بارہ اماموں میں سے ایک ہیں کہ جن کے بارے میں شیعہ معتقد ہیں کہ یہ بارہ امام معصوم ہیں اور ان کی اطاعت اللہ کی جانب سے واجب ہے۔

---

(۱) تاریخ الاسلام ووفیات المشاھیر والاعلام،ص ۲۷۰۔

(۲) سیر اعلام النبلاء ج ۱۳،ص ۱۲۱۔

(۳) دول الاسلام، ج ۱،ص ۱۷۸۔

یقال : افتی وھو شاب فی ایام مالك ۔(۱) کہا جاتا ہے کہ آپ عالم جوانی میں مالک بن انس (اہل سنت کے چار اماموں میں سے ایک) کے زمانے میں فتوی دیتے تھے۔

دوسری جگہ لکھتا ہے: کان سید بنی ھاشم فی زمانه و اجلهم و انبلهم و کان المامون یبالغ فی تعظیمه۔(۲)

آپؑ اپنے زمانے میں خاندان بنی ہاشم کے سید وسردار، سب سے افضل، بزرگوار اور کریم وعظیم تھے۔ مامون آپ کی تعظیم میں بہت ہی مبالغہ سے کام لیتا تھا۔

۴۱- زین الدین ابن وردی حلبی شافعی (۷۴۹ھ):

وہ امام رضاؑ کے بارے میں لکھتا ہے: وھو ثامن الآئمة الاثنا عشر علی رائی الامامیه۔(۳) آپ شیعہ دوازدہ امامی عقیدے کے مطابق آٹھویں امام ہیں۔

۴۲- زرندی حنفی (۷۵۷ھ):

الامام الثامن نورالهدی و معدن التقی الفاضل الوفی ولکاهل الصفی ذوالعلم المکتوم الغریب المظلوم الشهید المسموم ، القتیل المرحوم عین المؤمنین و عمدة المؤملین شمس الشموس وانیس النفوس ، المدفون بارض طوس ، المجتبی المرتجی المرتضی ابو الحسن علی بن موسی الرضا ، کان من العلماء الزهاد الابرار والاولیاء الحکماء والاخیار۔(۴)

---

(۱) سیر اعلام النبلاء ج۹، ص۳۸۸۔

(۲) تھذیب تہذیب الکمال فی اسماء الرجال، ج۷، ص۴۴-۴۵۔

(۳) تتمة المختصر فی اخبار البشر، ج۱، ص۳۲۰۔

(۴) معارج الوصول الی معرفة فضل آل الرسول والبتول، ص۱۶۰۔

آٹھویں امام نور ہدایت اورتقوی کی کان، فاضل باوفا، کامل ومصفیٰ، صاحب علم خفی، غریب مظلوم، شہید مسموم، مقتول مرحوم، مومنین کی آنکھ، امید والوں کا ستون، سورجوں کا سورج، جانوں کا انیس وہمدم، سرزمین طوس کے مدفون، اللہ کی جانب سے منتخب، مخلوق کی امید، سب کے پسندیدہ، ابوالحسن علیؑ فرزند موسی ملقب بہ رضا، نیک وزاہد علماء میں سے اور شریف حکماء واولیاء میں سے تھے۔

۴۳- خلیل بن ایبک صفدی شافعی (۷۶۴ھ):

وهو احد الآئمة الاثنا عشر ، كان سيد بنى هاشم فى زمانه و كان المامون يخضع له و يتغالى فيه۔(۱)

آپ بارہ اماموں میں سے ایک ہیں، اپنے زمانے میں بنی ہاشم کے سید وسردار تھے، مامون آپ کے حضور بہت متواضع وخضوع سے پیش آتا اور آپ کے بارے میں مبالغے سے کام لیتا تھا۔

۴۴- عبداللہ بن اسعد یافعی یمنی مکی شافعی (۷۶۸ھ):

الامام الجليل المعظم سلالة السادة الاكارم ، ابوالحسن على بن موسى الكاظم --- احد الآئمة الاثنا عشر ، اولى المناقب الذين انتسب الاماميه اليهم فقصروا بناء مذهبهم عليه۔(۲)

امام رضاؑ، عظیم المرتبت وجلیل القدر امام ورہبر، اہل کرم بزرگوں کی نسل وذریت سے ہیں، ابوالحسن علی بن موسی کاظمؑ بارہ اماموں میں سے ایک ہیں، آپ صاحب فضائل ومناقب ہیں، شیعہ مذہب کی بنیاد آپ پر ہی ہے اسی لیے شیعہ مذہب کو امامیہ کہا جاتا ہے۔

---

(۱) الوافی بالوفیات، ج۲،ص۲۵۱۔

(۲) مرأۃ الجنان وعبرۃ الیقظان فی معرفۃ مایعتبر من حوادث الزمان، ج۲،ص۱۰۔

۴۵- ابن کثیر دمشقی شافعی (۷۷۴ھ):

وہ امام رضاؑ کی سال وفات کے بارے میں کہتا ہے:

وفیھا (۲۰۳ھ) توفی من الاعیان علی بن موسی بن جعفر بن محمد بن علی بن الحسین بن علی بن ابی طالب القرشی الھاشمی العلوی الملقب بالرضا۔(۱)

سال ۲۰۳ھ میں ایک عظیم شخصیت-حضرت علی بن موسی بن جعفر بن محمد بن علی بن الحسین بن علی بن ابی طالب قرشی ھاشمی علوی کہ جو رضا کے لقب سے معروف تھے-کی وفات ہوئی۔

۴۶- محمد بن عبداللہ ابن بطوطہ مراکشی (۷۷۹ھ):

"و رحلنا الی مدینة مشھد الرضا ، وھو علی بن موسی الکاظم بن جعفر الصادق بن محمد الباقر بن علی زین العابدین بن الحسین الشھیدبن امیرالمؤمنین علی بن ابی طالب ،رضی الله عنھم، وھی ایضاً مدینة کبیرة --- و المشھد المکرم علیه قبة عظیمة فی داخل زاویة تجاورھا مدرسة و مسجد و جمیعھا ملیح البناء ، مصنوع الحیطان بالقاشانی و علی القبر دکانة خشب ملبسة بصفائح الفضة وعلیه قنادیل فضة معلقة و عتبة باب القبة فضة وعلی بابھا ستر حریر مذھب وھی مبسوط بانواع البسط و ازاء ھذا قبرھارون الرشید --- و اذا دخل الرافضی للزیارة ضرب قبر ھارون الرشید برجله و سلم علی الرضا "۔(۲)

شہر مشہد الرضا میں پہنچے کہ وہ علی رضاؑ بن موسی کاظمؑ بن جعفر صادقؑ بن محمد باقرؑ بن علی زین العابدینؑ بن حسین شہیدؑ بن امیر المومنین علیؑ ابن ابی طالبؑ ہیں-ان پر اللہ کی رحمت و برکت ہو-

---

(۱) البدایۃ والنھایۃ، ج۱۰،ص۲۶۱-۲۶۰۔

(۲) تحفۃ النظار فی غرائب الامصار معروف بہ رحلۃ ابن بطوطہ،ص۴۰۱۔

مشہد الرضا بہت بڑا شہر ہے اور حضرت کی بارگاہ پر بہت عظیم اور خوبصورت گنبد ہے، اس کے کنارے مدرسہ اور ایک مسجد ہے کہ جن میں سے ہر ایک عمارت اپنی مثال آپ ہے۔ خصوصاً کاشی سے تزیین کی ہوئی دیواریں اور قبر مطہر اور قبر کے چاروں طرف ایک لکڑی کی ضریح نبی ہوئی ہے کہ جس کے اوپر چاندی کا غلاف ہے۔

ضریح کے بالائی حصہ اور اوپر چاندی سے بنے ہوئے چراغدان اور ان میں چمکتے ہوئے چراغ، اس پر سنہرے دھاگے سے بنا ہوا ریشم کا پردہ اور نیچے بچھے ہوئے مختلف اقسام کے قالین تھے۔ اسی کے مقابل ہارون الرشید کی قبر بھی ہے کہ جب کوئی شیعہ رافضی زیارت کے لیے جاتا ہے تو پہلے ھارون الرشید کی قبر پر ٹھوکر مارتا ہے پھر امام رضاؑ کو سلام کرتا ہے۔

۴۷- محمد بن حسین بن احمد خلیفہ نیشاپوری شافعی:

وہ اپنی کتاب تاریخ نیشاپور کی تلخیص میں حضرت امام رضاؑ کی توصیف بیان کرتے ہوئے اور قدیم نیشاپور کے مفاخرات کو شمار کرتے ہوئے کہ ان کی برکت ہمیشہ اس شہر کے رہنے والوں پر باقی ہے اس طرح تحریر کرتا ہے:

جب سلطان اولیاء، برہان اتقیاء، وارث علوم مرسلین، خزانہ دار اسرار پروردگار عالمین، ولی اللہ، صفی اللہ، جگر گوشہ رسول اللہؐ، امت کو پناہ دینے والے، روز قیامت کہ جس دن ناک پکڑی ہوگی اس روز مشکلات کو برطرف کرنے والے، روز بعث کہ جس دن میزان اخلاص میں اعمال تولے جائیں گے گناہکاروں کے چھٹکارے کے لیے پناہ گاہ، جیسا کہ آپ ہی نے وعدہ فرمایا ہے کہ میں تین مقامات پر اپنے زائرین کی مدد کو پہنچوں گا، اعمال کے تولے جاتے وقت، نامہ اعمال دیے جاتے وقت، اور صراط سے گذرتے وقت، مکمل اختیارات کے ساتھ شفاعت فرمائیں گے، روز جزا و یوم حشر سلطان مقربین حضرت ابوالحسن علی بن موسی الرضاؑ، خدا کا درود وسلام ہو اس کے رسولؐ، آپ کی آل پاک اور آئمہ معصومینؑ و روز قیامت تک آپ کے ماننے والے واتباع کرنے والوں پر۔

آپ ۱۴۸ھ کو مدینہ منورہ میں ظہور پذیر ہوئے اور ۱۹۴ھ کو شہر بصرہ میں درس حدیث و تفسیر اور نشر علوم محمد و آل محمدؐ میں مصروف اور نصرت دین کے لیے آفتاب ہدایت بن کر چمکے، اس کے بعد مصلحت الٰہی کے مطابق خراسان کے لیے عازم سفر ہوئے۔ ۲۰۰ھ کو نیشاپور میں وارد ہوئے آپ کی تشریف آوری باعث رضایت مقربین ہوئی اور چون کہ آپ کے نور کی شعائیں دور دور تک پھیلیں کہ جس سے اہل شہر نیشاپور بھی مستفیض ہوئے اور شہر شہرت یافتہ بھی ہو گیا۔(۱)

نویں صدی

۴۸- عطاءاللہ بن فضل اللہ شیرازی (۸۰۳ھ):

علی بن موسی الرضاؑ لوگوں سے خود انہی کی زبان میں گفتگو فرماتے تھے اور آپ گفتگو کرنے میں بہترین سخنور اور عقلمند ترین فرد تھے اور سب کی زبانوں کو خود اہل زبان سے بہتر جانتے تھے۔۔۔ مشہد مقدس اور آپ کا مرقد منور تمام طبقات اور پوری دنیا کے زائرین کا مرکز و ملجأ و ماوی ہے۔(۲)

۴۹- ابن خلدون مالکی (۸۰۸ھ):

علی الرضا و کان عظیماً فی بنی هاشم۔(۳)

امام علی رضاؑ بنی ہاشم میں عظیم المرتبت تھے۔

۵۰- احمد بن علی قلقشندی شافعی (۸۲۱ھ):

وہ بھی حضرتؑ کے مقام و منزلت کی توصیف میں کہ جس کے سبب مامون کی جانب سے آپ کو ولایت عہدی ملی لکھتا ہے:

---

(۱) تلخیص و ترجمہ تاریخ نیشاپور، ص ۱۳۱-۱۳۲۔

(۲) روضۃ الاحباب، ج ۴، ص ۴۳۔ دیکھیے: تاریخ احمدی، ص ۳۶۔

(۳) تاریخ ابن خلدون، ج ۴، ص ۳۸۔

علی بن موسی الکاظم بن جعفر الصادق بن محمد الباقر بن علی زین العابدین بن الحسین بن علی بن ابی طالب ، لما رأی من فضیلة البارع و علمه الناصع و ورعه الظاهر و زهدالخالص و تخلیه من الدنیا و تسلمه من الناس و قد استباق له ما لم تزل الاخبار علیه متواطئة والالسن علیه متفقة والکلمة فیه جامعة ۔۔۔ فعقد له بالعقد والخلافة ۔۔۔(۱) علیؑ بن موسی کاظمؑ بن جعفر صادقؑ بن محمد باقرؑ بن علی زین العابدینؑ بن حسینؑ بن علیؑ بن ابی طالبؑ جب کہ مامون نے فضیلت گستردہ ،علم نافع ،تقوی واقعی اورزہد خالص کو ملاحظہ کیا اورآپ کی دینا سے بے نیازی ولوگوں کا آپ کے حضور خاضع وخاشع ہونے کو دیکھا کہ تمام زبانیں آپ کی فضائل میں متفق ہیں سارے نظریات آپ کے بارے میں ایک ہیں اورسب کا آپ کے حق میں ایک ہی قول ہے تب آپ کوولایت عہدی سپرد کی۔

۵۱- محمد خواجہ پارسائی بخاری حنفی (۸۲۲ھ):

ومن آئمة اهل البیت ابو الحسن علی الرضا بن موسی الکاظم رضی الله عنهما۔

اورآئمہ اہل بیتؑ میں سے ابوالحسن علی رضاؑ بن موسی کاظمؑ ہیں،خدا ان دونوں سے راضی ہو۔

وہ اسی کے تسلسل میں حضرت امام رضاؑ کے کرامات،خصوصاً آپ کی نیشاپور تشریف آوری کے واقعات،علماءوعوام اہل سنت کا عظیم الشأن استقبال اورحدیث سلسلة الذهب کونقل کرتا ہے۔(۲)

۵۲- ابن عنبہ (۸۲۸ھ):

لم یکن فی الطالبین فی عصره مثله ۔۔۔و کان جلیل القدر ، عظیم المنزلة۔(۳)

---

(۱) صبح الأعشی فی صناعة الانشاء، ج۹،ص۳۸۳۔ مآثر الانافة فی معالم الخلافة،ص۳۰۴۔

(۲) فصل الخطاب لوصل الاحباب،بنقل از ینابیع المودة لذوی القربی، ج۳،ص۱۶۵-۱۶۸۔

(۳) عمدة الطالب فی انساب آل ابی طالب،ص۱۷۹۔

خاندان ابوطالبؑ میں حضرت امام رضاؑ کے جیسا ان کے زمانے میں کوئی نہیں تھا آپ جلیل القدر و عظیم المرتبت تھے۔

۵۳- تقی الدین احمد بن علی مقریزی شافعی (۸۴۵ھ):

وہ اپنی کتاب میں مامون کی جانب سے حضرت امام رضاؑ کے احترام کو ذکر کرتا ہے اور آپ کے نام پر سکے گھڑوانا اور رائج کرانے کو مامون کی طرف سے آنحضرتؑ کے ولایت عہدی قبول کرنے کا شکریہ کے طور پر پیش کرتا ہے۔ اور آخر میں اس بات کی طرف بھی اشارہ کرتا ہے کہ امام کو مامون نے مسموم کر کے شہید کیا۔(۱)

۵۴- ابن حجر عسقلانی شافعی (۸۵۲ھ):

علی بن موسی الرضا صدوق من کبار العاشرة۔(۲)

علی بن موسی الرضاؑ سچے اور سلسلہ رواۃ میں دسویں طبقے میں سے ہیں۔

۵۵- ابن صباغ مالکی (۸۵۵ھ):

وهو الامام الثامن --- واما مناقبه عليه السلام فمن ذالك كان اكبر دلائل برهانه و شهد له بعلو قدره و سمو مكانه۔(۳)

آپ آٹھویں امام ہیں۔۔۔لیکن آپ علیہ السلام کے مناقب کہ جو خود آپ کی بزرگی و بلندی مقام اور حقانیت پر عظیم دلیل ہیں۔

---

(۱) النقود الاسلامیۃ، ص۷۲-۷۳۔

(۲) تقریب التھذیب، ج۲، ص۴۲۔

(۳) الفصول المھمۃ فی معرفۃ احوال الآئمۃ، ص۲۳۳-۲۳۴۔

اس کے بعد وہ امامؑ کے بعض فضائل ومناقب کو بیان کرتا ہے اور بعض علماء سے نقل کرتے ہوئے کہتا ہے: مناقب علی بن موسی الرضا من اجل المناقب وامداد فضائله و فواصله متوالية كتوالي الكتائب و موالاته محمودة البوادی و العواقب و عجائب اوصافه من غرائب العجائب ، و سؤدده و نبله قد حل من الشرف فی الذروة و المغارب ، فلمواليه السعد الطالع و لمناوويه النحس الغارب ، اما شرف آبائه فاشهر من الصباح المنير واضوأ من عارض الشمس المستدير ، واما اخلاقه وسماته و سيرته و صفاته و دلائله و علاماته ، فناهيك من فخار و حسبك من علو مقدار جاز علی طريقة ورثها من الآباء و ورثها عنه البنون ، فهم جميعا فی كرم الارومة و طيب الجرثومة كاسنان المشط متعادلون ، فشرفا لهٰذا البيت المعالی الرتبة السامی المعلة لقد طال السما ء علاء ونبلا و وسما علی الفراقة منزلة و محلا و استوفی صفات الكمال فما يستثنی فی شئ منه لغيروالاانتظم هولاء الآئمة انتظام اللآلی وتناسبوا فی الشرف، فاستوی المقدم والتالی و نالوا رتبة مجد يحيط عنها المقصر و العالی ، اجتهد عداتهم فی خفض منازلهم ، والله يرفعه و ركبوا الصعب و الذلول فی تشتيت شملهم و الله يجمعه و كم ضيعوا من حقوقهم مالا يهمله ولا يضيعه۔(۱)

حضرت علی بن موسی الرضاؑ کے مناقب عالی ترین فضائل وکمالات میں سے ہیں جیسا کہ لشکر کے سپاہی ایک دوسرے کے پیچھے ترتیب کے ساتھ نکلتے ہیں اسی طرح فضائل ومناقب امام رضاؑ بھی مسلسل ہیں، آپ کی ولایت روز ازل ہی سے بہت پسندیدہ، آپ کے فضائل وکمالات بہت حیرت انگیز اور آپ کا مقام ومرتبہ بہت عظیم وبلند ہے۔

---

(۱) الفصول المهمة فی معرفة احوال الآئمة، ص ۲۵۱۔

آپ کے دوست خوشحال اور آپ کے دشمن بد بخت ہوں، آپ اور آپ کے آباء واجداد کی عظمت وشرافت روز روشن سے بھی زیادہ آشکار اور سورج سے زیادہ تاباں و درخشاں ہے۔آپ کی اخلاقی خصوصیات و اخلاقیات اتنے عظیم ہیں کہ کوئی بھی ان کے مقام کو درک نہیں کرسکتا، آپ کی بزرگواری کے لیے یہی کافی ہے کہ آپ کو صراط مستقیم اپنے آباء واجداد سے ورثے میں ملی ہے، وہ سب خاندانی حسب ونسب اور اصل واصالت میں کنگھے کے دانتوں کی طرح برابر ہیں، پس اصل شرافت اسی خاندان والا مقام کی ہے کہ جو بلندی و بزرگواری کے آسمان ہیں۔

ان کے تمام صفات وکمالات بے استثناء ہیں، کہ کوئی ان کمالات میں ان کا شریک نہیں ہے یہ آئمہ طاہرینؑ ایک ہی جنس کے گوہر ودر ہیں، ان کے اول وآخر سب برابر ہیں اور بلندی مقام ومرتبہ میں اس منزل پر فائز ہیں کہ کسی کو یہ مرتبہ نصیب نہ ہوسکا، ان کے دشمنوں نے چاہا کہ ان کے مقام کو کم کریں اور ان کے مرتبے کو گھٹائیں لیکن خدا نے ان کو بلند و بالا رکھا، دشمنوں نے مختلف حیلوں وحربوں سے چاہا کہ ان میں اختلاف ڈالیں لیکن خداوند عالم نے ان کے اتحاد کو اور محکم فرمایا، کس قدر ان کے حق کو برباد و نابود کیا گیا لیکن خداوند عالم نے ان کے کسی عمل کو بھی ضائع نہ ہونے دیا اور ہر کام کا اجر محفوظ رکھا۔

۵۶- ابن تغری بردی اتابکی حنفی (۸۷۴ھ):

الاما م ابو الحسن علی الرضا --- کان اماماً عالماً--- و کان علی سید بنی هاشم فی زمانه و اجلهم و کان المامون یعظمه و یبجله و یخضع له و یتغالی فیه ، حتی انه جعله ولی عهده من بعده۔(۱)

---

(۱) النجوم الزاهرة فی ملوک مصر والقاهرة، ج۲،ص۲۱۹-۲۲۰۔

امام ابوالحسن علی رضاؑ ایک عالم و دانا امام تھے آپ اپنے زمانے میں خاندان بنی ہاشم کے سید و سرادر تھے، مامون آپ کا بہت زیادہ احترام، تعظیم و تجلیل کرتا اور اپ کے بارے میں مبالغے سے کام لیتا یہاں تک کہ آپ کو اپنے بعد کے لیے ولی عہد بنایا۔

۵۷- نورالدین عبدالرحمٰن جامی حنفی (۸۹۸ھ):

اس نے اپنی کتاب میں ایک باب بعنوان ''ذکر علی بن موسی بن جعفر رضی الله تعالی عنهم'' قرار دیا ہے اور آنحضرتؑ کے بارے میں لکھتا ہے:

آپ آٹھویں امام ہیں۔۔۔ جتنے بھی زبانوں اور کتابوں میں ان کے فضائل و کمالات ہیں وہ آپ کے فضائل و کمالات کا ایک مختصر سا حصہ ہیں اور بحر بیکراں سے ایک قطرہ ہے لہذا اس مختصر باب میں جمع نہیں کیے جاسکتے، پس مجبوراً صرف آپ کی کرامات اور خارق العادہ افعال کے ذکر پر اکتفاء کرتے ہیں۔

اس کے بعد آنحضرتؑ کے کمالات و معجزات کو بیان کرتا ہے۔(۱)

دسویں صدی

۵۸- میر محمد بن سید برھان الدین خواوند شاہ، معروف بہ میر خواند شافعی (۹۰۳ھ):

وہ حضرت امام رضاؑ کی قبر مطہر کے زائرین کے شگفت انگیز واقعات کو تحریر کرتا اور کہتا ہے کہ آپ کے زائر نہ فقط ایران بلکہ روم و ہندوستان اور دوسرے تمام ممالک سے آتے ہیں۔ اور پھر کہتا ہے:

ذکر احوال علی بن موسی الرضا رضی اللہ عنھما۔ مشہد مقدس اور حضرت امام رضاؑ (کہ جو بطور مطلق وبغیر کسی قید کے امام ہیں) کا مرقد، ایران کا مرکز اور اہل طریقت کے ہر چھوٹے بڑے کی منزل ہے۔

---

(۱) شواھد النبوۃ، ص۳۸۰-۳۸۲۔

امت اسلامی کے تمام فرقے اور بنی آدم کے تمام طبقات پوری دنیا میں دور دراز سے جیسے روم، ہندوستان اور ہر طرف سے ہر سال اپنے وطن سے ہجرت کر کے، دوستوں اور عزیز و اقارب کو چھوڑ کر آتے ہیں، اپنی آبرومند پیشانی کو آپؑ کی چوکھٹ پر رکھتے ہیں اور زیارت کے مراسم وقبر کا طواف انجام دیتے ہیں، اس عظیم نعمت الٰہی کو دنیا و آخرت کا سرمایہ جانتے ہیں۔ حضرت امام ابوالحسن علی بن موسی الرضاؑ کے مناقب و مآثر اور فضائل اس سے کہیں زیادہ ہیں کہ بشری علم ان کا احاطہ کر سکے، اس مقام پر چند سطروں میں ارباب سعادت کے عظیم رہبر کے خوارق العادۃ وعجیب وغریب واقعات میں سے کچھ کی طرف اشارہ پر اکتفا کیا جاتا ہے۔

پھر آپؑ کے مناقب و کرامات کو ذکر کرتا ہے اور آخر میں کہتا ہے کہ امام رضاؑ کے متعلق بہت زیادہ واقعات منقول ہیں کہ جو آپ کی عظمت اور کرامات کی وسعت پر دلالت کرتے ہیں۔(۱)

۵۹- جلال الدین سیوطی شافعی (۹۱۱ھ):

وہ بھی امام کو بزرگ شخصیتوں میں سے شمار کرتا ہے۔(۲)

۶۰- فضل اللہ بن روزبہان خنجی اصفہانی حنفی (۹۲۷ھ):

زیارت قبر مکرم و مرقد معظم حضرت امام آئمۃ الھدی، سلطان الانس والجن، امام علی بن موسی الرضاؑ الکاظمؑ بن جعفر الصادقؑ بن محمد الباقرؑ بن علی زین العابدینؑ بن الحسین الشہیدؑ بن علی المرتضیٰؑ صلوات اللہ و سلامہ علی سیدنا محمد و آلہ الکرام، سیما الآیۃ النظام ستۃ آبائہ کلھم افضل من یشرب صوب الغمام-

---

(۱) تاریخ روضۃ الصفاء، ج ۳، ص ۴۱-۵۲۔

(۲) تاریخ الخلفاء، ص ۳۵۱۔

(درود وسلام ہو ہمارے سید وسردار حضرت محمد اور آپ کی آل پاک پر خصوصاً امام رضا کے چھ آباء واجداد پر جو کہ نظام کائنات کی نشانی ہیں اور وہ کائنات کی ہر شے سے افضل ہیں)(آپ کی زیارت) آپ کے دوستوں کے لیے اکسیر اعظم اور دل وجان کی زندگی کی باعث ہے تمام عالم کی آپ کی بارگاہ میں رفت وآمد باعث برکت بلکہ صدق دل سے یوں کہا جائے کہ اشرف منازل ہے، یہ وہ مقام ہے کہ جہاں ہر وقت تلاوت قرآن مجید ہوتی رہتی ہے لہذا کہا جاسکتا ہے کہ اسلام کی عظیم ترین عبادت گاہوں میں سے ایک ہے، وہ عظیم مرقد کسی وقت بھی نیازمندوں کی عبادت واطاعت سے خالی نہیں ہوتا اور اس طرح کیوں نہ ہو کہ وہ اس امام برحق کی آرامگاہ ہے کہ جو علوم نبوی کا مظہر، مصطفوی صفات کا وارث، امام برحق وراہنمائے مطلق اور صاحب زمان امامت، وارث نبوت اور محکم واستوار حق وحقیقت ہے۔

هزار دفتر اگر در مناقبش گویند هنوز ره به کمال علی نشاید برد

(اگر آپؑ کے مناقب وفضائل میں ہزار دیوان بھی بھر جائیں تو بھی آپ کے کمال تک رسائی کے لیے کافی راہ باقی ہے)۔ میرا پہلے حضرت امام رضاؑ کی زیارت کا قصد تھا تب یہ قصیدہ لکھا تھا کہ جس کے درج کرنے کے لیے یہ مقام مناسب ہے۔

لہذا اس عبارت کے تسلسل میں ایک قصیدہ بعنوان ''قصیدہ در منقبت امام ثامن، ولی ضامن، امام ابوالحسن علی بن موسی الرضا صلوات اللہ وسلامہ علیہ'' آپ کی مدح وثناء میں تحریر کرتا ہے۔(۱)

---

(۱) مہمان نامہ بخارا، ص ۳۳۶۔

دوسری جگہ پر کہتا ہے:

''اللّٰھمّ و صلّ و سلّم علی الاما م الثامن ، السید الحسنان ، السند البرھا ن ، حجة اللہ علی الانس و الجان الذی ھو لجند الاولیاء سلطان ، صاحب المروة و الجود والاحسان ، المتلالئی فیه انوار النبی عند عین العیان ، رافع معالم التوحید و ناصب ألویة الایمان ، الراقی علی درجات العلم و العرفان ، صاحب منقبة قوله ﷺ ستدفن بضعة منی بارض خراسان ، المستخرج بالجفر والجامع مایکون و ما کان المقول فی شرف آبائه ستة آبائه کلھم افضل من شرب صوب الغمام ، المقتدی برسول اللہ فی کل حال و فی کل شأن ابی الحسن علی بن موسی الرضا ، الامام القائم الثامن الشھیدبالسم فی الغم و البؤس المدفون بمشھد طوس''۔(۱)

پروردگارا! درود وسلام بھیج آٹھویں امام پر کہ آنحضرتؑ اہل نیک سیرت و نیک خصلت کے سید و سردار ہیں، محکم دلیل وتمام جن وانس پر اللہ کی حجت ہیں یہ اولیاالٰہی کے لشکر کے سلطان و بادشاہ ہیں، صاحب جود وسخا ومروت و احسان ہیں، آپ کے وجود مبارک میں پیغمبر اکرمؐ کے انوار بزرگوں کی آنکھوں کے حضور درخشندہ ہیں، آپ پرچم توحید کو سربلند کرنے والے اور ایمان کے علم کو نصب کرنے والے ہیں، آپ علم وعرفان کے بالاترین درجات میں سیر کرنے والے ہیں، آپ حضرت رسول اکرمؐ کی اس فرمائش کے مصداق ہیں: ''میرے بدن کا ٹکڑا خراسان کی سرزمین میں مدفون ہوگا'' آپ علم جفر وجامع کو ایجاد کرنے والے اور علم ما کان وما یکون (ماضی، حال ومستقبل کا علم) رکھنے والے ہیں، آپ وہ ہیں کہ جن کے آباء واجداد کا شرف یہ ہے کہ آپ کے چھ آباء وہ ہیں کہ جو ہر اس سے کہ جس نے آسمانی پانی نوش فرمایا، افضل ہیں (گویا نبیوں سے افضل ہیں)۔

---

(۱) وسیلۃ الخادم الی المخدوم در شرح صلوات چہادہ معصوم، ص۲۲۳۔

آپ ہر حال ہر کام اور ہر امر میں رسول خداؐ کی اقتداء کرنے والے ہیں آپ ابوالحسن علی بن موسی الرضاؑ، امام قائم ثامن ہیں، آپ کو زہر دغا سے عالم غربت میں شہید کیا گیا اور شہر طوس میں دفن کیا گیا۔

"اللھم ارزقنا بلطفك و فضلك و كرمك و امتنانك ، زيارة قبره المقدس و مرقده المؤنس و اغفرلنا ذنوبنا و اقض جميع حاجاتنا ببركته ۔ اللهم صل على سيدنا محمد وآل سيد نا محمد سيما الامام المجتبى ابى الحسن على بن موسى الرضا و سلم تسليما"۔ (۱)

پروردگارا! اپنے لطف و کرم اور فضل و احسان کے ذریعے مجھے حضرتؑ کے روضہ مبارک و مرقد منور کی زیارت کی توفیق عنایت فرما، اور حضرت کی برکت کے صدقہ میں ہمارے گناہوں کو بخش دے اور ہماری تمام حاجات کو پورا فرما۔

پروردگارا! درود و سلام بھیج ہمارے سید و سردار محمد اور آپ کی آل پاک پر خصوصاً امام منتخب ابوالحسن علی بن موسی الرضا پر۔

وہ حضرت امام رضاؑ کی نورانی بارگاہ کے متعلق عجیب و غریب باتیں تحریر کرتا ہے کہ جن میں سے بعض کو ہم اشارۃً بیان کرتے ہیں۔

۔۔۔اور آنحضرتؑ کو اس روضہ مقدسہ و مرقد منورہ مشہد معطر میں دفن کر دیا گیا اور وہ روضۂ بہشت، کعبۂ آمال اور روز قیامت تک تمام حاجتمندوں کا ملجاء و ماوی ہو گیا۔

خدا کا درود و سلام اور تحیت و رضوان ہو اس روضۂ مقدسہ پر، خداوند عالم ہمیں اس کی زیارت کی توفیق عطا فرمائے اور اس کی عمارت کو انوار الٰہیہ اور انفاس قدسیہ سے منور فرمائے۔

---

(۱) وسیلۃ الخادم الی المخدوم در شرح صلوات چہادہ معصوم، ص ۲۲۳۔

اس کمترین بندے فضل اللہ روز بہان امینؔ کی یہی آرزو ہے اور الطاف الٰہی پر یقین ہے کہ اس فقیر وحقیر کو آنحضرتؑ کے مرقد مطہر ومشہد مقدس کی زیارت کی توفیق نصیب ہوگی اور اس کتاب ''وسیلۃ الخادم الی المخدوم درشرح صلوات چہادہ معصوم'' کی قرائت آنحضرتؑ کے روضہ میں آپ کے محبوں و دوستوں کے حضور ہوگی۔ اس حقیر وفقیر کا سینہ حضرت کی ولایت وتولا اور محبت واخلاص اور استمداد سے سرشار ہے، جب کبھی بھی کوئی واقعہ پیش آتا تو آنحضرتؑ سے مدد طلب کرتا، اور قلبی طور پر آنحضرتؑ ہی سے نجات طلب کرتا اور ہر مصیبت وحادثہ میں آپ ہی کی روح مقدس سے ملتجی ہوتا ہوں۔

اس نے حضرت امام رضاؑ کی مدح میں شعر بھی کہے ہیں:

سلام علی روضة للامام علی بن موسی علیه السلام
سلام من العاشق المنتظر سلام من الواله المستهام
بر آن پیشوای کریم الشیم بر آن مقتدای رفیع المقام
از شهد شهادت حلاوت مذاق ز زهر عدو در جهان تلخ کام
زخلد برین مشهد ش روضه ای خراسان از او گوشه دارالسلام
از آن خوانمش جنت هشتمین که شد منزل پاك هشتم امام
محبان ز انگور پر زهر او فکندند می های خونین به جام
مرا چهره بنمود یك شب به خواب شد از شوق اوخواب برمن حرام
علیؑ وار بر شیر مردی سوار امینؔ در رکابش کمینه غلام(۱)

۶۱- غیاث الدین بن ہمام الدین شافعی معروف بہ خواندامیر (۹۴۲ھ):

وہ حضرت امام موسی کاظمؑ کی اولاد کا تذکرہ کرتے ہوئے کہتا ہے:

---

(۱) وسیلۃ الخادم الی المخدوم درشرح صلوات چہادہ معصوم، ص۲۲۳۔

حضرت امام موسی کاظمؑ کی اولاد میں سے سب سے افضل بلکہ اپنے زمانے میں سب سے اشرف وافضل علی بن موسی الرضاؑ تھے۔(۱)

عنوان ''ذکر امام ہشتم علی بن موسی الرضا سلام اللہ علیہما'' کے ذیل میں آنحضرتؑ کے بارے میں ایک فصل بیان کرتا ہے اور امامؑ کے متعلق اس طرح تحریر کرتا ہے: ''امام واجب الاحترام علی بن موسی الرضاؑ۔۔۔امام عالی مقام''(۲)

اور اسی طرح مشہد الرضا کے متعلق کہتا ہے:

اور اب آنحضرتؑ کا روضہ منورہ اعیان واشراف کا محل طواف، تمام ممالک وشہروں، ہر دور میں چھوٹے بڑے، عام وخاص افراد کی آمد ورفت اور ان کی آرزوں کا قبلہ ونصیبوں کا کعبہ بن چکا ہے۔

؎ ''سلام علی آل طاها و یاسین سلام علی آل خیر النبیین

سلام علی روضة حل فیها امام یباهی به الملك والدین

و صلی اللہ علی خیر خلقه محمد سید المرسلین و آله الطیبین الطاهرین سیما الآئمة المعصومین الهادین''۔(۳)

سلام ہو آل طاہا ویسین پر، سلام ہو بہترین رسول کی آل پاک پر، سلام ہو اس باغ پر کہ جس میں وہ امام آرام فرما رہا ہے کہ جس پر دین ودنیا دونوں فخر کرتے ہیں۔

خدایا درود وسلام بھیج اپنی مخلوقات میں سے سب سے بہترین مخلوق تمام پیغمبروں کے سردار حضرت محمد اور ان کی آل پاک وپاکیزہ پر خصوصاً ہدایت کرنے والے آئمہ معصومین پر۔

عنوان ''گفتار در بیان فضائل وکمالات آن امام عالی مقام، علی نبینا وعلیہ الصلوۃ والسلام'' کے ذیل میں ایک فصل بیان کی ہے کہ جس میں حضرت امام رضاؑ کے متعلق تحریر کرتا ہے:

---

(۱)و(۲)و(۳) تاریخ حبیب السیر فی اخبار افراد بشر، ج۲، ص۸۱-۸۳۔

سرزمین خراسان، امام شہید، طیب وطاہر علی بن موسی بن جعفر بن محمد باقر کا بیت الشرف ہے۔۔ آنحضرتؑ کی جود وسخا، بلند و بالا مقام اور عظمت واحترام کا مغرب سے مشرق تک اپنے پرائے سب کو اعتراف تھا اور ہے۔

ہر چھوٹے بڑے بلکہ نوع انسانی کے تمام افراد نے آپ کے مناقب وکمالات اور اوصاف حمیدہ پر صحائف وکتب تحریر کی ہیں اور لکھ رہے ہیں لیکن جو کچھ بھی لکھا جائے اور تصور کیا جائے آپ اس سے کہیں بلند و بالا ہیں اور آپ کی امامت آپ کے آباء واجداد کی نص کے مطابق معین ومقرر ہے۔

از آن زمان که فلك شد به نور مهر منور
ندید دیده کس چون علی موسی جعفر
سپهر عز وجلالت محیط علم و فضیلت
امام مشرق و مغرب ملاذ آل پیمبر
حریم تربت او سجده گاه خسرو انجم
غبار مقدم او توتیای دیدۀ اختر
وفور علم و علو مکان اوست به حدی
که شرح آن نتواند نمود کلك سخنور
قلم اگر همگی وصف ذات او بنویسد
حدیث او نشود در هزار سال مکرر(۱)

(وہ امام کہ جس کے نور سے آسمان منور وروشن ہوا، کسی نے بھی حضرت علیؑ ابن موسیٰؑ ابن جعفرؑ جیسی عظیم شخصیت نہیں دیکھی، وہ عزت وجلالت کے آسمان ہیں اور علم وفضیلت ان کا احاطہ کئے ہوئے ہے۔

---

(۱) تاریخ حبیب السیر فی اخبار افراد بشر، ج ۲، ص ۸۳۔

وہ آل رسولؐ میں سے ایک رکن ہیں اور مشرق ومغرب کے امام، ان کے حرم کی خاک چاند کی سجدہ گاہ ہے، ان کے مبارک قدموں سے اٹھنے والی گرد وغبار ستاروں کی آنکھوں کا سرما ہے۔ ان کے علم کی کثرت اور شأن ومنزلت کی بلندی اس حد تک ہے کہ کوئی بھی سخنور آپ کی توصیف اور مدح وثناء نہیں کرسکتا، قلم اگر ان کی تمام صفات لکھنے پر آئے تو ہزاروں سال اگر بار بار آتے رہیں پھر بھی تمام نہیں ہوسکتی ہیں)۔

پھر آپ کے فضائل وکرامات بیان کیے ہیں، اور اس کے بعد کہتا ہے:

مخفی نہ رہے کہ کرامات ومعجزات حضرت امام رضاؑ بہت زیادہ ہیں اور آپ کے مشہد منور کی برکات اور آپ کے مرقد معطر کی فیوضات اس قدر ہیں کہ اس حقیر کی زبان قاصر کے بس کی بات نہیں ہے کہ ان کی تفصیل بیان کی جائے لہذا مجبوراً اختصار سے کام لیا ہے۔(۱)

۶۲- شمس الدین محمد بن طولون دمشقی حنفی (۹۵۳ھ):

و ثامنهم ابنه (امام موسی بن جعفر) علی وهو ابو الحسن علی الرضا بن موسی الكاظم بن جعفر الصادق بن محمد الباقر بن علی زين العابدين بن الحسين بن علی بن ابی طالب رضوان الله عليهم اجمعين۔

آٹھویں امام، امام موسی کاظمؑ کے فرزند علیؑ ہیں وہ ابوالحسن علی رضاؑ بن موسی کاظمؑ بن جعفر صادقؑ بن محمد باقرؑ بن علی زین العابدینؑ بن حسینؑ بن علیؑ بن ابی طالبؑ، ان سب پر خداوند عالم کی رحمت ورضوان ہو۔ اس کے بعد پھر امام کے بارے میں آپ کے ہم عصر افراد کے اقوال ونظریات کو ذکر کرتے ہوئے آپ کی مدح سرائی کرتا ہے۔(۲)

---

(۱) تاریخ حبیب السیر فی اخبار افراد بشر، ج۲، ص۹۱۔

(۲) الآئمۃ الاثناعشر، ص۹۷-۹۹۔

۶۳- شیخ حسین بن محمد دیار بکری شافعی (۹۶۶ھ):

علی بن موسی الرضا وهو من الاثنا عشر الذین تعتقد الرافضه عصمتهم و وجوب طاعتهم ۔(۱) علی بن موسی الرضاؑ، آپ دوازدہ امامی شیعوں کے آٹھویں امام ہیں کہ جن کے بارے میں شیعہ معتقد ہیں کہ یہ آئمہ صاحبان عصمت اوران کی اطاعت واجب ہے۔

۶۴- ابن حجر ھیثمی شافعی (۹۷۴ھ):

علی الرضا وهو انبهم ذکراً و اجلهم قدراً ومن ثم احله المامون محل مهجته وانکحه ابنته و اشرکه فی مملکته و فوض الیه امر خلافته ۔(۲) امام علی رضاؑ اہل بیتؑ میں سے نام آور ترین وکریم ترین فرد ہیں اسی وجہ سے مامون آپ کا احترام کرتا تھا، آپ کو اپنی بیٹی بھی بیاہ دی، امور خلافت آپ کے سپرد کر دیے اور اپنی حکومت میں آپ کو شریک کیا۔

گیارھویں صدی

۶۵- احمد بن یوسف قرمانی دمشقی (۱۰۱۹ھ):

اس نے اپنی کتاب میں ایک فصل امام رضاؑ کے نام کی رکھی ہے اور کہتا ہے:

الفصل السابع فی ذکر شبه شجاعة جده علی المرتضی ، الامام علی بن موسی الرضا و کانت مناقبه علیّة و صفاته سنیّة ـــ و کراماته کثیرة و مناقبه شهیرة ـــ و کان قلیل النوم ، کثیر الصوم و کان جلوسه فی الصیف علی حصیر و فی الشتاء علی جلدشاة ۔(۱)

---

(۱) تاریخ الخمیس فی احوال انفس نفیس، ج۲،ص۳۳۵۔

(۲) الصواعق المحرقۃ، ج۲،ص۵۹۳۔

(۱) اخبار الدول وآثار الاول،ص۱۱۴-۱۱۵۔

ساتویں فصل آپ کی شجاعت کی تشبیہ آپ کے جد بزرگوار علی مرتضیٰؑ کے بیان میں ہے امام علی بن موسی الرضاؑ، آپ کے مناقب وفضائل بلند وبالا اور صفات عظیم ہیں۔ آپ کی کرامات بہت زیادہ اور فضائل مشہور ہیں۔ آپ بہت کم سوتے اور اکثر روزے سے رہتے، آپ کا بستر گرمیوں میں حصیر و چٹائی اور سردیوں میں بھیڑ کی کھال کا ہوتا تھا۔

پھر آپ کے فضائل ومعجزات خصوصاً حدیث سلسلۃ الذھب کو نقل کرتا ہے۔

۶۶- عبدالرؤف مناوی شافعی (۱۰۳۱ھ):

علی الرضا بن موسی الکاظم بن جعفر الصادق ، کان عظیم القدر مشهور الذکر --- وله کرامات کثیرة ۔(۱) علی رضاؑ بن موسی کاظمؑ بن جعفر صادقؑ ، آپ عظیم المرتبت ہیں، آپ کا ذکر مشہور ہے اور آپ کی کرامات بہت زیادہ ہیں۔ پھر آپ کی کرامات کو نقل کرتا ہے۔

۶۷- ابن عماد دمشقی حنبلی (۱۰۸۹ھ):

علی بن موسی الرضا الامام ابو الحسن الحسینی بطوس وله خمسون سنة وله مشهد کبیر بطوس یزار ، روی عن ابیه موسی الکاظم عن جده جعفر بن محمد الصادق وهو احدالآئمة الاثنا عشر فی اعتقاد الامامیه۔(۲)

امام ابوالحسن علی بن موسی الرضاؑ حسینی، طوس میں مدفون ہیں آپ نے پچاس سال عمر پائی اور آپ کا طوس میں بہت بڑا روضہ ہے کہ جس کی زیارت کی جاتی ہے۔ آپ اپنے والد بزرگوار موسی کاظمؑ سے روایت نقل فرماتے تھے اور وہ اپنے والد امام جعفر صادقؑ سے، آپ شیعہ دوازدہ امامی مذہب کے عقیدے میں آٹھویں امام ہیں۔

---

(۱) الکواکب الدریۃ فی تراجم السادۃ الصوفیۃ، ج۱، ص۲۶۵-۲۶۶، شمارہ ۲۶۵۔

(۲) شذرات الذھب فی اخبار من ذھب، ج۳، ص۱۴۔

بارھویں صدی

۶۸- عبداللہ بن محمد بن عامر شبراوی شافعی (۱۱۷۲ھ):

الثامن من الآئمة على الرضا كان كريماً جليلاً مهاباً موقراً و كان ابوه موسى الكاظم يحبه حباً شديداً ـ ويقال : ان على الرضا اعتق الف مملوك و كان صاحب وضوء و صلاة ليلة كله يتوضأ ويصلى ويرقد ثم يقوم فيتوضأ ويصلى ويرقد و هكذا الى الصباح ـ قال بعض جماعته : مارأيته قطاً الاذكرت قوله تعالى ﴿قليلا من الليل ما يهجعون﴾ ـ(۱)

قال بعضهم : على الرضا بن موسى الكاظم بن جعفر الصادق فاق اهل البيت شأنه و ارتفع فيهم مكانه و كثر اعوانه و ظاهر برهانه ـــ و كانت مناقبه علية و صفاته سنية ونفسه الشريفة هاشمية وارومته الكريمة نبوية و كراماته اكثر من ان تحصر و اشهر من ان يذكر ـ(۲)

آٹھویں امام علی بن موسی الرضاؑ ہیں آپ کریم النفس جلیل القدر باعظمت و باوقار شخصیت کے مالک تھے آپ کے والد بزرگوار امام موسی کاظمؑ آپ کو چاہتے تھے ۔کہا جاتا ہے کہ حضرت علی رضاؑ نے ایک ہزار غلام وکنیزیں راہ خدا میں آزاد کیں ۔آپ اہل طہارت ووضو اور اہل نماز شب تھے اس طرح کہ ہر نماز کے لیے وضو فرماتے پھر نماز بجالاتے اسی طرح صبح تک عبادت میں مشغول رہتے تھے ۔بعض علماء کا بیان ہے کہ جب بھی ہم امامؑ کی زیارت سے مشرف ہوتے تو اس آیت کی یاد آجاتی ﴿قلیلاً من اللیل ما یھجعون﴾ رات میں بہت کم سوتے ہیں ۔

---

(۱) سورہ ذاریات، آیت ۱۷۔

(۲) الاتحاف بحب الاشراف، ص ۳۱۲-۳۱۳۔

بعض دیگر علماء نے آپ کے بارے میں کہا: امام علی رضاؑ بن موسی کاظمؑ بن جعفر صادقؑ آپ کی شأن اپنے اہل بیتؑ میں بہت بلند و بالا اور مکان و منزلت بہت رفیع آپ کے چاہنے والے بہت زیادہ اور آپ کی حقانیت پر بہت سی دلیلیں ہیں۔۔۔آپ کے فضائل بہت زیادہ اور صفات بہت بلند و بالا ہیں آپ کی رفتار پیغمبرانہ ہے آپ کے نفسیات ہاشمی اور خاندان شریف نبوی ہے، آپ کی جو عظمت بھی بیان کی جائے کم ہے اور جو کوئی صفات بیان کی جائیں آپ ان سے کہیں بلند و بالا ہیں۔

۶۹- عباس بن علی بن نور الدین مکی حسینی موسوی شافعی (۱۱۸۰ھ):

فضائل علی بن موسی الرضا لیس لها حد و لایحصرها عد و لله الامر من قبل و من بعد۔(۱) حضرت علی بن موسی الرضاؑ کے فضائل کی کوئی حد و اندازہ نہیں ہے اور ان کو شمار نہیں کیا جا سکتا، ان کے بارے میں خدا بہتر جانتا ہے۔

تیرہویں صدی

۷۰- زبیدی حنفی (۱۲۰۵ھ):

ان ابا الحسن بن موسی --- یلقب بالرضا صدوق روی له ابن ماجه ۔(۲) ابوالحسن علیؑ بن موسیؑ کہ جن کا لقب رضا ہے بہت زیادہ سچے ہیں اور آپ سے ابن ماجہ نے روایت نقل کی ہے۔

۷۱- ابوالفوز محمد بن امین بغدادی سویدی شافعی (۱۲۴۶ھ):

ولد بالمدینه و کان شدید السمرة و کراماته کثیرة و مناقبه شهیرة و لایسعها مثل هذا الموضع۔(۳)

---

(۱) نزهة الجلیس ومنیة الادیب الانیس، ج۲، ص۱۰۵۔
(۲) اتحاف السادة المتقین، ج۷، ص۳۶۰۔
(۳) سبائک الذهب فی معرفة قبائل العرب، ص۷۵۔

آنحضرتؑ مدینہ میں متولد ہوئے آپ کا رنگ گندمی تھا آپ کی کرامات بہت زیادہ اور مناقب مشہور ہیں کہ جس کو بیان کرنے کی یہاں گنجائش نہیں ہے۔

۷۲- سید مصطفیٰ بن محمد عروسی مصری شافعی (۱۲۹۳ھ):

علی بن موسی الکاظم بن جعفر الصادق ، کان عظیم القدر ، مشهور الذکر --- له کرامات کثیرة ۔ علیؑ بن موسی کاظمؑ بن جعفر صادقؑ، عظیم القدر اور مشہور و معروف شخصیت تھے اور آپ کی کرامات بہت زیادہ ہیں۔ اور پھر حضرت امام رضاؑ کی کرامات کا ذکر کرتا ہے۔(۱)

۷۳- قندوزی حنفی (۱۲۹۴ھ):

وہ بھی اپنی شہرہ آفاق کتاب ینابیع المودہ لذوی القربی میں حضرات آئمہ معصومینؑ کے بارے میں اہل سنت کے نظریہ کو بیان کرتا ہے خصوصاً حضرت امام رضاؑ کے مقام و مرتبہ کو نقل اور آپ کی بہت زیادہ تجلیل کرتا ہے۔(۲)

۷۴- شیخ مؤمن بن حسن شبلنجی شافعی (۱۲۹۸ھ):

فی ذکر مناقب سیدنا علی الرضا بن موسی الکاظم بن جعفر الصادق بن محمدالباقر بن علی زین العابدین بن الحسین بن علی بن ابی طالب رضی الله عنهم ۔

علی رضاؑ بن موسی کاظمؑ بن جعفر صادقؑ بن محمد باقرؑ بن علی زین العابدینؑ بن حسینؑ بن علیؑ بن ابی طالبؑ، خدا ان سے راضی ہو، کے ذکر کے بیان میں۔

پھر حضرت امام رضاؑ کے صفات و کمالات اور خصوصیات کو بیان کرتا ہے۔(۳)

---

(۱) نتائج الافکار القدسیۃ فی بیان معانی شرح الرسالۃ القشیریۃ، ج۱، ص۸۰۔

(۲) ینابیع المودہ لذوی القربی، ج۳، ص۱۰۵-۱۷۴۔

(۳) نورالابصار فی مناقب آل بیت النبی المختار، ص۲۳۲-۲۴۵۔

۷۵- امیر احمد حسین بہادر خان بریلوی ہندی حنفی:

وہ امام موسی کاظمؑ کی اولاد کے حالات لکھتے ہوئے جب امام رضاؑ تک پہنچا تو آپ کا بہت احترام وتکریم کرتے ہوئے بعض کتابوں سے نقل کرتا ہے کہ امام رضاؑ فرزندان امام موسی کاظمؑ میں عظیم ترین فرد تھے بلکہ اپنے زمانے میں تمام مخلوق سے افضل تھے پھر آپ کے کچھ فضائل وکرامات بیان کرتا ہے۔(۱)

چودھویں صدی

شیخ یاسین بن ابراہیم سنھوتی شافعی (حدوداً ۱۳۴۴ھ):

الامام علی الرضا عقدجید جلالة الرسالة و شاح عطف سلالة الشرف و شرف السلالة ، جعل الله تعالی وجوده العزیز علی قدر ته اعظم دلالة فلا یسمع ساعیا فی اطرافه براعة عبارة ولا یدرکه عرفانه الا بلسان الاشارة ، وکان عظیم الشأن والقدر ، مشهور الفضل ، حمید الذکر احله المامون محل مهجته واشرکه فی مملکته وعقد له علی ابنته وعهد الیه بالخلافة من بعد ه بعد ما اراد ان یخلع نفسه و یفوضها فی حیاته الیه فمنعه بنوالعباس فمات قبله فاسف کل الاسف و له کرامات کثیرة۔(۲)

امام رضاؑ گوہر گراں بہا، عظمت وجلالت نبوت کے سلالہ وذریت سے ہیں آپ کا وجود شرافت نبوی کا حصہ ہے خدائے عزوجل نے آپ کے وجود عزیز کو اپنی قدرت کی بزرگترین دلیل قرار دیا، آنحضرتؑ کے اوصاف کو الفاظ وعبارت کے ذریعہ بیان نہیں کیا جاسکتا، اور زبان عاجز ہے کہ ابراز کرے، آپ عظیم الشأن جلیل القدر شخصیت اور آپ کے فضائل مشہور ہیں۔آپ کا ذکر ہمیشہ نیکی کے ساتھ ہوتا ہے، مامون نے آپ کو بہت عظیم مقام دیا اور اپنی حکومت میں شریک کیا۔

---

(۱) تاریخ احمدی، ص۳۴۲۔

(۲) الانوار القدسیۃ، ص۳۹۔

اور خلافت کو بھی آپ ہی کے سپرد کرنے کا ارادہ رکھتا تھا اور خود کو خلافت سے الگ کرنا چاہتا تھا لیکن بنی عباس نے مخالفت کی، آپ خلافت سپرد ہونے سے پہلے گویا مامون ہی کی زندگی میں رحلت فرما گئے مامون کو اس حادثہ پر بہت افسوس ہوا، آپ کی بہت زیادہ کرامات ہیں۔

۷۷- یوسف بن اسماعیل نبھانی شافعی (۱۳۵۰ھ):

علی الرضا بن موسی الکاظم بن جعفر الصادق احد کبار الآئمة و مصابیح الامة من اهل بیت النبوة ومعادن العلم و العرفان والکرم والفتوة ، کان عظیم القدر ، مشهور الذکرو له کرامات کثیرة ۔(۱) علی رضاؑ بن موسی کاظمؑ بن جعفر صادقؑ اہل بیت نبوت سے عظیم و بزرگ امام اور امت کے لیے چراغ ہدایت، علم وعرفان کرم وشجاعت کے خزینہ دار تھے آپ عظیم القدر اور مشہور الذکر تھے، آپ کی کرامات بہت زیادہ ہیں۔

۷۸- قاضی بہجت آفندی شافعی (۱۳۵۰ھ):

حضرت امام موسی کاظمؑ کے بعد آپ کی وصیت کے مطابق آپ کے فرزند ارجمند حضرت امام علی رضاؑ امام امت قرار پائے آپ کا مقام ومرتبہ اتنا بلند وبالا ہے کہ اس مختصر کتاب میں بیان نہیں کیا جا سکتا، امام رضاؑ علوم نبوت وامامت کے وارث ہیں اور اسی بناء پر آپ پر مصائب وآلام بھی زیادہ وارد ہوئے۔

پھر وہ امام رضاؑ کے مناقب بیان کرتے ہوئے کہتا ہے کہ امام علم غیب سے بھی واقف تھے:

آنحضرتؑ اسرار مکنونات وعواقب امور کے عالم تھے اور آخر کار مامون کی عوام فریبی اور ظلم و زیادتی سے اس دنیائے فانی سے رخصت ہوئے۔(۲)

پھر وہ حضرتؑ کی نیشاپور میں آمد اور حدیث سلسلۃ الذھب کے متعلق تفصیل سے لکھتا ہے۔

---

(۱) جامع کرامات الاولیاء، ج ۲، ص ۳۱۱۔

(۲) تشریح ومحاکمہ در تاریخ آل محمد، ص ۱۵۷-۱۵۹۔

۷۹- علی بن محمد عبداللہ فکری حسینی قاہری شافعی (۱۳۷۲ھ):

وہ حضرت امام رضاؑ کی شخصیت کو علمی واجتماعی وعبادی حیثیت سے جانچتا اور پرکھتا ہے۔ اور اس طرح رقمطراز ہے:

علمه و فضله : قال ابراهيم بن العباس : مارأيت الرضا سئل عن شئ الا علمه ولارأيت اعلم منه بما كان فى الزمان الى وقت عصره ، وكان المامون يمتحنه بالسوال عن كل شئ فيجيبه الجواب الشافى الكافى۔

تعبده : وكان قليل النوم ، كثير الصوم ، لا يفوته صوم ثلاثة ايام من كل شهر و يقول: ذالك صيام الدهر۔

معروفه و تصدقه: وكان كثير المعروف و الصدقة واكثر ما يكون ذالك منه فى الليالى المظلمة۔

كرمه و جوده : من كرمه ان ابانواس مدحه بابيات فامر غلامه بان يعطيه ثلاث مائة دينا ر كانت معه و مدحه دعبل الخزاعى بقصيدة طويلة فانفذ اليه صرة فيها مائة دينار واعتذر اليه ۔ زهده و ورعه :كان زاهداً و ورعاً و كان جلوسه فى الصيف على حصير و فى الشتاء على مسح۔(۱)

ابراہیم بن عباس حضرت امام رضاؑ کے علم وفضل کے متعلق کہتا ہے: حضرت امام رضاؑ سے جو سوال بھی کیا جاتا آپ اس کا جواب پہلے ہی سے جانتے ہوتے میں نے آن سے زیادہ عالم ودانا تر کسی کو نہیں دیکھا، مامون آپ کو مختلف سوالات کے ذریعہ آزماتا لیکن آپ اس کے سوالات کے تسلی بخش جواب دیتے تھے۔

---

(۱) احسن القصص، ج۴، ص۲۸۹-۲۹۰۔

آنحضرتؑ کی عبادت: آپ کم سوتے اور بہت زیادہ روزہ رکھتے تھے اور ہر مہینے کے تین دن کے روزے آپ سے کبھی نہ چھوٹے آپ فرماتے تھے کہ یہ روزے گویا پورے سال کے روزوں کی برابر ثواب رکھتے ہیں۔

آنحضرتؑ کے کار خیر: آپ بہت زیادہ صدقہ اور کار خیر انجام دیتے اور آپ کے اکثر صدقات رات کی تاریکی میں انجام پاتے۔

آنحضرتؑ کی کرم وبخشش: آپ کی بخشش کی مثال یہ ہے کہ ایک روز ابونواس نے اہل بیتؑ کی مدح میں قصیدہ لکھا، امام نے دستور دیا کہ تین سو دینار اس کو دیے دجائیں۔

اسی طرح دعبل خزاعی نے آپ کی شان میں ایک طولانی قصیدہ لکھا امامؑ نے اس کو بھی سو دینار عطا فرمائے اور اس سے کم ہونے کی وجہ سے عذر خواہی بھی کی۔

آنحضرتؑ کا زہد وتقوی: آپ بہت بڑے زاہد ومتقی تھے اس طرح کہ آپ کا بستر گرمیوں میں حصیر وچٹائی ہوتا اور سردیوں میں چرم کھال۔

۸۰- محمد فرید وجدی (۱۳۷۳ھ):

الرضا هو ابو الحسن علی الرضا بن موسی الکاظم بن جعفر الصادق بن محمد الباقر بن علی زین العابدین ، هو فی اعتقاد الشیعه احد الآئمة الاثنا عشر ، زوجه المامون ابنته و جعله ولی عهده و ضرب اسمه علی الدینار و الدرهم ۔(۱)

امام رضا آپ ابوالحسن علی رضاؑ بن موسی کاظمؑ بن جعفر صادقؑ بن محمد باقرؑ بن علی زین العابدینؑ شیعہ عقیدے کے مطابق بارہ اماموں سے ایک ہیں، آپ سے مامون نے اپنی بیٹی کی شادی کی اور آپ کو اپنا ولی عہد قرار دیا اور آنحضرتؑ کے نام سے درھم ودینار کے سکے گھڑوائے اور رائج کیے۔

---

(۱) دائرۃ المعارف القرن العشرین، ج۴، ص۲۵۱۔

اور آخر میں ابونواس کے اشعار آپ کی شان میں نقل کرتا ہے۔

۸۱- عبدالمتعال صعیدی مصری شافعی (۱۳۷۷ھ) استاد عربی زبان الازہر یونیورسٹی:

وقد ولد علی الرضا سنة ۱۵۰ / ۷۶۷ میلادی و کان علی جانب عظیم من العلم و الورع ۔(۱) امام علی رضا ۱۵۰ھ مطابق بہ ۷۶۷ء میں پیدا ہوئے آپ علم وتقوی میں بلند و بالا مقام رکھتے تھے۔

دوسری جگہ کہتا ہے:

و کان اماماً فی الزهد۔(۲) آپ تقوی و پرہیز گاری میں امام تھے۔

۸۲- خیرالدین زرکلی دمشقی (۱۳۹۶ھ):

ابو الحسن الملقب بالرضا ثامن الآئمة الاثنا عشر عند الامامیة و هو من اجلاء السادة اهل البیت و فضلائهم ۔(۳) ابوالحسن کہ جن کا لقب رضاؑ ہے آپ دوازدہ امامی شیعوں کے نزدیک آٹھویں امام ہیں، آپ اہل بیتؑ کے بزرگوں اور علماء وفضلاء میں سے ہیں۔

پندرہویں صدی

۸۳- سید محمد طاہر ہاشمی شافعی (۱۴۱۲ھ):

وہ حضرت امام رضا سلام اللہ علیہ کے فضائل ومناقب کے عنوان سے اپنی کتاب کے بہت زیادہ صفحات تحریر کرتا ہے اور اس میں آپ کے کرامات و معجزات کو نقل کرتا ہے اور اہل سنت کے علماء کے نظریات بیان کرتا ہے۔(۴)

---

(۱) و (۲) المجد دون فی الاسلام، ص ۶۹ و ۷۷۔

(۳) الاعلام، ج ۵، ص ۲۶۔

(۴) مناقب اھل بیت از دیدگاہ اہل سنت، ص ۲۰۲-۲۳۳۔

۸۴- محمد امین ضناوی:

علی بن موسی بن جعفر بن محمد بن علی بن الحسین الملقب بالرضا ثامن الآئمة الاثنا عشر عند الامامية و من اجلاء سادة اهل البيت وفضلائهم۔(۱)

علیؑ بن موسیٰؑ بن جعفرؑ بن محمدؑ بن علیؑ بن الحسینؑ کہ جن کا لقب رضا ہے آپ دوازدہ امامی شیعوں کے نزدیک آٹھویں امام ہیں، آپ اہل بیتؑ کے بزرگوں اور علماء وفضلاء میں سے ہیں۔

۸۵- احمد زکی صفوت شافعی:

وہ بھی حضرت کا نام نسب اور عظمت وجلالت کو بیان اور ولایت عہدی کا تذکرہ کرتا ہے۔(۲)

۸۶- ڈاکٹر عبدالسلام ترمانینی:

هوعلی بن موسی الكاظم بن جعفر الصادق بن محمدالباقر بن علی زين العابدين بن الحسين بن علی بن ابی طالب ،ابوالحسن الملقب بالرضا ثامن الآئمة الاثنا عشر عند الامامية و من اجلاء سادة اهل البيت وفضلائهم۔(۳)

آپ ابوالحسن علیؑ بن موسیٰ کاظمؑ بن جعفر صادقؑ بن محمد باقرؑ بن علی زین العابدینؑ بن حسینؑ بن علیؑ بن ابی طالبؑ آپ کا لقب رضا ہے، آپ دوازدہ امامی شیعوں کے نزدیک آٹھویں امام ہیں، آپ اہل بیتؑ کے بزرگوں اور علماء وفضلاء میں سے ہیں۔

۸۷- ھادی حمو مصری شافعی:

فالامام الرضا كان فی ازهی عصور الحضارة الاسلامية فقد عاصر المامون حقبة

---

(۱) پارورقی کتاب البلدان، ص۹۳۔

(۲) جمهرة رسائل العرب فی العصور العربية الزاهرة، ج۳، ص۴۰۵۔

(۳) احداث التاریخ الاسلامی بترتیب السنین، ج۲، ص۱۱۶۹۔

و كان له فی مجالسه العلمية و نشاطه الفكرى نصيب عظيم ،و كان المامون يخصه بعقد المناظرات و يجمع له العلماء و الفقهاء و المتكلمين من جميع الاديان فيسئلونه و يجيب الواحد تلو الآخر ، حتى لايبدى احدمنهم الا الاعتراف له بالفضل و يقره على نفسه بالقصور امامه ، وقد جمع له عيسى اليقطينى كتابا فيه ۱۸ مسئلة واجوبتها ، لكن هذا الكتاب قد فقد مع الوف الكتب التى خسر تها المكتبة العربية الاسلامية ـ ولدى الشيعة الآن اثر انيق التعبير، شيق الاسلوب يدعونه صحيفة الرضاـ(۱)

حضرت امام رضاؑ نے بہترین و درخشاں اسلامی تہذیب وتمدن میں زندگی بسر کی مامون آپ کا ہم عصر ہے، مامون علمی مجالس ومناظرے کے جلسات منعقد کرتا اور آنحضرتؑ کو دعوت دیتا، ہر دین و مذہب کے علماء فقہاء اور متکلمین کو بلاتا وہ سب آپ سے مختلف موضوعات پر سوالات کرتے آپ سب کو ایک ایک کر کے الگ الگ تسلی بخش جواب مرحمت فرماتے کہ ہر ایک آپ کے فضل وکمال کا اعتراف اور اپنی کم علمی کو قبول کرتا۔ آپ کا اسلامی تہذیب وتمدن کے ارتقاء میں بہت عظیم حصہ ہے۔ عیسی یقطینی نے آپ کے مناظرات کو ایک کتاب کی شکل میں جمع کیا کہ جس میں ۱۸ مسئلے اور ان کے جواب تھے لیکن افسوس یہ کتاب بھی دیگر ہزاروں کتابوں کی طرح مفقود ہو چکی ہے کہ جو اسلامی عربی کتب کے لیے بہت بڑا فقدان ہے۔ آج بھی شیعوں کے یہاں ایک عظیم کتاب بہت اچھے اسلوب وطریقہ سے تالیف شدہ موجود ہے کہ جس کو وہ لوگ صحیفہ امام رضاؑ کہتے ہیں۔

۸۸- باقر امین ورد شافعی:

علی بن موسى الكاظم بن جعفر الصادق ابو الحسن الملقب بالرضا ثامن الآئمة الاثنا عشر عند الامامية و من اجلاء اهل البيت وفضلائهم۔(۲)

---

(۱) اضواء علی الشیعۃ، ص۱۳۴۔ (۲) معجم العلماء العرب، ج۱، ص۱۵۳۔

ابوالحسن علیؑ بن موسی کاظمؑ بن جعفر صادقؑ آپ کا لقب رضا اور دوازدہ امامی شیعوں کے نزدیک آٹھویں امام ہیں۔آپ اہل بیتؑ کے بزرگوں اور اہل علم وفضل میں سے ہیں۔

وہ آخر میں امامؑ کے رسالہ طب کے متعلق تفصیل سے گفتگو کرتا ہے۔

۸۹- ڈاکٹر خلدون احدب حنبلی:

وہ ابن حجر عسقلانی شافعی کے کلام کے بعد کہ اس نے امام کو کلمہ ''صدوق'' سے تعبیر کیا ہے آپ کے اور آپ کے آباء واجداد طاہرینؑ کے متعلق کہتا ہے:

و آبائهم كلهم ثقات من اهل الصلاح و الفضل و العلم۔(۱)

حضرت امام رضاؑ کے آباء واجداد سب مورد اعتماد وثقہ تھے اور اہل صلاح وفضل وعلم تھے۔

۹۰- ڈاکٹر عبدالحلیم محمود شافعی ومحمود بن شریف شافعی:

حضرت امام رضاؑ کی شخصیت کے بارے میں کہتے ہیں:

اجله المامون و عهد اليه الخلافة من بعده و مات قبله ---ولد فی المدينة سنة ۱٤۸ه، ومات بطوس سنة ۲۰۳ هـ له كرامات كثيرة۔(۲)

مامون آپ کا بہت زیادہ احترام کرتا تھا آپ کو اپنے بعد کے لیے ولی عہد بنایا لیکن آپ کا مامون سے پہلے انتقال ہوگیا، آپ ۱۴۸ھ کو مدینہ منورہ میں پیدا ہوئے اور ۲۰۳ھ کو طوس میں انتقال فرما گئے، آپ کی کرامات بہت زیادہ ہیں۔

پھر انہوں نے آپ کی کرامات کو نقل کیا ہے۔

---

(۱) زوائد تاریخ بغداد علی الکتب الستۃ، ج ۷، ص ۴۴۰۔

(۲) الرسالۃ القشیریۃ، ج ۱، ص ۶۵-۶۶۔

۹۱- ڈاکٹر کامل مصطفیٰ شیبی:

و کان الرضا مشتغلا بالعلم کجده و ابیه حتی روی عبدالله بن جعفر الحمیری انه اجاب علی خمسة عشر الف مسئلة و کان ذالك قبل ان یجمع الناس علی فضله ---و کان صاحب کرامات و فراسة --- و کان یمثل فی علمه جده جعفر الصادق و کانت له آراء فی الامامة و انتقالها و علامتها ـ وللرضا صحیفة تضم مجموعة من الاحادیث یرویها من آبائه عن النبی و یشترك فی سندها القشیری ـ(۱)

امام رضا اپنے آباء واجداد کی طرح تبلیغ علم دین میں مشغول تھے جیسا کہ عبداللہ بن جعفر حمیری نے روایت نقل کی ہے کہ آپ نے پندرہ ہزار مسائل کا اس وقت جواب دیا کہ جب آپ کے علمی کمال و برتری پر لوگوں کا اتفاق بھی نہیں ہو پایا تھا۔۔۔آپ صاحب کرامت اور باریک بین واہل فراست تھے ۔آپ علم میں اپنے جد بزرگوار امام جعفر صادقؑ کی مانند تھے آپ مسئلہ امامت میں صاحب نظر تھے اور آپ میں علامات امامت پائی جاتی تھیں آپ کا ایک صحیفہ ہے کہ جس میں آپ کے آباء واجداد سے روایات کو جمع کیا گیا ہے کہ جو رسول اکرمؐ سے مروی ہیں ان روایات کی اسناد میں قشیری بھی ہے۔

دولا جواب سوال

پہلا سوال: جیسا کہ اہل سنت کے کلام سے ظاہر ہوتا ہے کہ امام رضاؑ کا علمی، معنوی، عرفانی و اجتماعی مقام بہت بلند و بالا ہے جیسا کہ وہ لوگ صرف آپ کے علمی مقام کو اس طرح کی عبارات سے پیش کرتے ہیں:

" ثقة یفتی بمسجد رسول الله و هو ابن نیف وعشرین سنة " " کان اعلم الناس"

---

(۱) الصلة بین التصوف والتشیع، ج۱،ص۲۳۶-۲۳۸۔

"وکان من العلم والدین بمکان کان یفتی فی مسجد رسول الله وهو ابن نیف وعشرین سنة" "ماسئل الرضا عن شئ الاعلمه" "من ساداة اهل البیت و عقلائهم و جلة الهاشمیین و نبلائهم یجب ان یعتبر حدیثه اذا روی عنه" "روی عنه من آئمة الحدیث" "وکان من اعیان اهل بیته علما و فضلا" "کان من اهل العلم والفضل من شرف النسب" "علی بن موسی الرضا من آئمة الامصا ر وتابع التابعین" "کان من مجددین المذهب" "مکین فی العلم" "کان من العلم والدین والسؤود بمکان" "احد الاعلام هو الامام" "کبیرالشأن له علم وبیان و وقع فی النفوس" "افتی وهو شاب فی ایام مالك" "کان اماما عالما" "احد اکابر الآئمة ومصابیح الامة من اهل بیت النبوة و معادن العلم و العرفان" "کان علی جانب عظیم من العلم والورع"۔

یہ تمام اقوال آپ کے علمی مقام کو اچھی طرح واضح کرتے ہیں کہ آپ بیس سال کی عمر سے مسجد رسول میں بیٹھ کر لوگوں کو فتوے دیتے تھے آپ اہل بیتؑ کے بزرگوں میں سے تھے، آئمہ حدیث نے آپ سے روایات نقل کی ہیں اور آپ کو چراغ امت، معدن علم وعرفان جانتے تھے۔

ان مذکورہ صفات کے باوجود سوال یہ ہے کہ امام رضاؑ کے اس علمی مقام کو مدنظر رکھتے ہوئے اور دوسری طرف صاحبان صحاح آپ کے معاصر تھے لیکن ایک روایت بھی کسی بھی موضوع سے مربوط فقہ یا تفسیر وغیرہ میں اہل سنت کی صحاح میں آپ سے نقل نہیں ہوئی ہے۔(۱) اور اگر کوئی روایت سنن یا مسند میں نقل بھی ہوئی تو اس کو بغیر کسی دلیل کے ضعیف کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔

---

(۱) صرف ابن ماجہ نے ایک روایت نقل کی وہ بھی راوی ابوصلت کے شیعہ ہونے کی وجہ سے تضعیف بلکہ بعض نے اس کو گھڑا ہوا جانا ہے، اس کی تفصیل اسی کتاب کے حصہ روایت میں آئے گی۔

دوسرا سوال: اگر امام رضاؑ کی زندگی کا غور سے مطالعہ کریں تو دیکھیں گے کہ امام رضاؑ کا دور وہ دور ہے کہ جس زمانے میں اہل سنت کے بزرگترین علماء، دنیا کے مختلف علاقوں میں زندگی بسر کر رہے تھے جیسے مالک بن انس (۱۹۰ھ)، ابوبکر بن عیاش (۱۹۳ھ)، سیبویہ نحوی (۱۹۴ھ)، ابویعقوب یوسف بن اسباط (۱۹۵ھ) وکیع بن جراح (۱۹۷ھ)، سفیان بن عیینہ (۱۹۸ھ) عبدالرحمٰن بن مہدی (۱۹۴ھ)، یحی بن سعید قطان (۱۹۸ھ)، محمد بن ادریس شافعی (۲۰۴ھ)، ابوداؤد طیالسی (۲۰۴ھ) اور دوسرے دسیوں مشہور و معروف راوی، محدث و فقیہ کہ جو اپنے اپنے وقت میں ایک علمی شخصیت کے حامل تھے، خصوصاً ذہبی شافعی کا حضرت امام رضاؑ کے علمی مرتبے کے لیے یہ جملہ کہ ''افتی وھو شاب فی ایا م مالك بن انس ''یا''علی بن موسی الرضا من آئمة الامصار ''وغیرہ اور اسی طرح کے دوسرے فضائل و کمالات کو سامنے رکھتے ہوئے یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ کیوں ان افراد میں سے کسی ایک نے بھی امامؑ سے ایک روایت بھی نقل نہیں کی یا ایک بھی علمی سوال نہیں کیا یہاں تک کہ اصلاً آپ سے کوئی رابطہ بھی نہیں رکھتے تھے۔

لہذا حضرت امام رضاؑ کے متعلق اہل سنت کے علماء و بزرگوں کے بیانات و کلام کہ جو یہاں پر بیان ہوا اس کا مطالعہ کرتے ہوئے لمحہ فکریہ ہے کہ کیا وجہ ہے کہ ایک طرف تو امامؑ کی اس قدر فضیلت بیا ن کرتے ہیں اور دوسری طرف ایک روایت بھی آپ سے نقل نہیں کرتے ؟ یہ رفتار، اور ان علماء کی یہ دوہری پالیسی کا فلسفہ کیا ہے؟۔

☆☆☆☆☆

☆☆☆

☆

تیسرا حصہ

روایت

سلسلۃ الذھب، یہ وہ جملہ ہے کہ جس سے حضرت امام رضاؑ کے نیشاپور تشریف لانے کا تاریخی واقعہ، لوگوں کا بے نظیر استقبال خصوصاً علماء ومحدثین اہل سنت کا آپ کی زیارت کے لیے جمع ہونا اور حدوداً بیس ہزار کاتب ومحدثین کا اس روایت کو تحریر کرنا یاد آجاتا ہے۔

حاکم نیشاپوری شافعی اپنی تاریخ میں لکھتا ہے:

امام رضاؑ ۲۰۰ھ کو نیشاپور میں وارد ہوئے۔(۱)

اس نے اسی سال کے تاریخی واقعات میں اس عظیم واقعہ کو بھی درج کیا ہے۔

اختلاف روایت

اہل سنت کی کتابوں میں حضرت امام رضاؑ کی زبان مبارک سے شہر نیشاپور میں بیان ہونے والی حدیث، سلسلۃ الذہب کے عنوان سے دو طرح سے مذکور ہے کہ دونوں دلالت کے اعتبار سے مختلف لیکن سند کے اعتبار سے متحد ہیں۔

ایک حدیث حصن اور دوسری حدیث ایمان۔

---

(۱) فرائد السمطین فی فضائل المرتضیٰ والبتول والسبطین والآئمۃ من ذریتھم، ج۲، ص۱۹۹۔ بنقل از تاریخ نیشاپور۔

دوسرا نکتہ یہ ہے کہ حدیث سلسلۃ الذھب حصن وایمان کے علاوہ بھی بہت سی دوسری احادیث موجود ہیں کہ جو حضرت امام رضاؑ سے نقل ہوئی ہیں اور آپ نے ان کو بھی اسی روش پر یعنی اپنے آباء و اجداد سے بیان فرمایا ہے لیکن ان کا متن حدیث حصن وایمان سے مختلف ہے لہذا اس طرح حدیث سلسلۃ الذھب بہت زیادہ ہیں اور ظاہراً حضرت امام رضاؑ کی روش یہی رہی ہے کہ آپ نے اکثر روایات کو اپنے آباءواجداد سے نقل فرمایا ''روایۃ الابناء عن الآباء '' کہ جن کو آپؑ کے بعض اصحاب نے ایک صحیفہ کے شکل میں جمع کیا ہے۔جیسا کہ سمعانی شافعی کہتا ہے'' یروی صحیفۃ عن آبائہ --- ''ایک صحیفہ آپ نے آپنے آباءواجداد سے نقل فرمایا ہے۔''والمشھور من روایاتہ الصحیفۃ ''(۱)اور آپ کی مشہور روایات میں صحیفہ ہے۔اس مجموعہ وصحیفہ کو''مسند الرضا'' بھی کہا جاتا ہے ۔(۲)ابن شبرویہ دیلمی شافعی اس صحیفہ کو صحیح ومعتبر جانتا ہے اور اپنی مسند میں اس صحیفہ سے کافی روایات بھی نقل کی ہیں (۳)،جبکہ بہت افسوس ہے کہ بعض راویوں نے اس صحیفہ یا مسند کی روایات کو بغیر کسی دلیل کے تضعیف وکمزور پیش کرنے کی کوشش کی ہے اور اس کی روایات کو بے اعتبار جانا ہے۔(۴)

اس حصہ میں اہل سنت کی جانب سے ان کی کتابوں میں اس طرح کی احادیث کی جمع آوری ونقل کو پیش کرتے ہوئے ابتداءً مشہور ومعروف حدیث سلسلۃ الذھب اور دونوں احادیث، حدیث حصن وایمان کے متعلق اہل سنت کے علماء و بزرگوں کے نظریات کو بیان کیا جائے گا اور پھر دوسری احادیث امام رضا کہ جن کی سند کاملاً حدیث سلسلۃ الذہب کی طرح ہے پیش کی جائیں گی۔

---

(۱) الانساب، ج۳،ص۴۷-۵۷۔دیکھیے: الصلۃ بین التصوف والتشیع ،ج۱،ص۲۳۸۔

(۲) التدوین فی اخبار قزوین، ج۱،ص۴۷۰وج۲،ص۳۰۶و۴۰۷۔

(۳) فردوس الاخبار بماثور الخطاب، ج۱،ص۴۰۔

(۴) دیکھیے: کتاب المجروحین، ج۲،ص۱۰۶۔کتاب الثقات، ج۸،ص۴۵۶۔

سلسلۃ الذھب کے کاتب

حضرت امام رضاؑ کی نیشاپور تشریف آوری کے عظیم واقعہ کو ایک روایت کے مطابق دس ہزار(۱)، دوسری روایت کے مطابق بیس ہزار(۲) اور تیسری روایت کے مطابق تیس ہزار(۳) راویوں اور کاتبوں نے تحریر کیا کہ جن میں بیس ہزار والی روایت زیادہ مشہور ہے۔

پہلی روایت۔ حدیث حصن

متن روایت:

''قال علی بن موسی الرضاؑ ، حدثنی ابی موسی الکاظمؑ ، عن ابیه جعفر الصادقؑ ، عن ابیه محمد الباقرؑ ، عن ابیه علی زین العابدینؑ ، عن ابیه الحسین الشهید بکربلاء ، عن ابیه علیؑ بن ابی طالبؑ ، قال : حدثنی حبیبی و قرة عینی رسول اللهؐ ، قال : حدثنی جبرائیل ،قال: سمعت رب العزة سبحانه و تعالی یقول : کلمة لااله الا الله حصنی فمن قالها دخل حصنی ومن دخل حصنی امن من عذابی''۔(۴)

---

(۱) مہمان نامہ بخارا، ص ۳۴۵۔

(۲) الفصول المھمۃ فی معرفۃ احوال الآئمۃ، ص ۲۴۳۔ جواہر العقدین فی فضل الشرفین، ص ۲۴۴۔ الصواعق المحرقۃ، ج ۲، ص ۵۹۵۔ اخبار الدول وآثار الاول، ص ۱۱۵۔ فیض القدیر بشرح جامع الصغیر، ج ۴، ص ۴۹۸۔ نور الابصار فی مناقب آل بیت النبی المختار، ص ۲۳۶۔ اسرار الشریعۃ یا فتح الربانی والفیض الرحمانی، ص ۲۲۴، ان تمام کتابوں میں تاریخ نیشاپور سے نقل کیا گیا ہے۔

(۳) وسیلۃ الخادم الی المخدوم درشرح صلوات چہاردہ معصوم، ص ۲۲۹۔

(۴) الفصول المھمۃ فی معرفۃ احوال الآئمۃ، ص ۲۴۲-۲۴۳۔

حضرت امام رضاؑ نے فرمایا: میرے والد گرامی موسی کاظمؑ نے اپنے پدر بزرگوار امام جعفر صادقؑ سے آپ نے اپنے والد ماجد امام محمد باقرؑ سے، آپ نے اپنے والد بزرگوار امام زین العابدین سے، آپ نے اپنے پدر بزرگوار امام حسینؑ شہید کربلا سے، آپ نے اپنے والد گرامی امیر المؤمنین علیؑ ابن ابی طالبؑ سے حدیث نقل کی ہے کہ حضرت علیؑ نے فرمایا کہ مجھ سے میرے دوست ونور چشم رسول خداؐ نے فرمایا کہ آپ سے جبرئیل نے کہا کہ میں نے رب العزت سبحانہ تعالی سے سنا کہ اس نے فرمایا: کلمہ لاالــہ الا اللــہ میرا قلعہ ہے پس جو بھی یہ کلمہ کہے میرے قلعہ میں داخل ہوگا اور جو میرے قلعہ میں داخل ہو گیا وہ میرے عذاب سے محفوظ رہے گا۔

راوی حضرات

اس واقعہ کو اہل سنت کے بہت سے علماء و بزرگوں نے نقل کیا ہے کہ ہم ترتیب کے ساتھ حضرت امام رضاؑ کے ہم عصر علماء ومحدثین سے لیکر آج تک کے علماء کا تذکرہ کریں گے۔ یہ بھی واضح رہے کہ اس دور یعنی تیسری صدی ہجری کے ان دس ہزار، بیس ہزار یا تیس ہزار راویوں وکاتبوں میں سے عصر حاضر میں صرف پچاس راویوں کی روایات مختلف بیانات کے ساتھ باقی رہ گئی ہیں۔

تیسری صدی:

امام محمد تقیؑ (۲۲۰ھ)(۱)

محمد بن عمر واقدی (۲۰۷ھ)(۲)

---

(۱) فرائد السمطین فی فضائل المرتضی والبتول والسبطین والآئمۃ من ذریتھم، ج ۲، ص ۱۸۹، ح ۴۶۶۔ الاتحاف بحب الاشراف، ج ۳، ص ۱۴۷۔

(۲) تذکرۃ الخواص من الآئمۃ بذکر خصائص الآئمۃ، ص ۳۱۵۔

یحی بن یحی (۲۲۶ھ)(۱)

احمد بن حرب نیشاپوری (۲۳۴ھ)(۲)

ابوصلت عبدالسلام بن صالح ہروی (۲۳۶ھ)(۳)

اسحاق بن راہویہ مروزی (۲۳۸ھ)(۴)

محمد بن اسلم کندی طوسی (۲۴۲ھ)(۵)

محمد بن رافع قشیری (۲۴۵ھ)(۶)

ابوزرعہ رازی (۲۶۱ھ)(۷)

احمد بن عامر طائی (۸)

احمد بن عیسی علوی (۹)

احمد بن علی بن صدقہ (۱۰)

---

(۱) المنتظم فی تواریخ الملوک والامم، ج۶، ص۱۲۵۔

(۲) المنتظم فی تواریخ الملوک والامم، ج۶، ص۱۲۵۔ تذکرۃ الخواص، ص۳۱۵۔

(۳) ینابیع المودۃ لذوی القربی، ج۳، ص۱۲۲-۱۲۳ و ۱۶۸۔

(۴) و (۵) و (۶) المنتظم فی تواریخ الملوک والامم، ج۶، ص۱۲۵۔ تذکرۃ الخواص، ص۳۱۵۔

(۷) الفصول المہمۃ فی معرفۃ احوال الآئمۃ، ص۲۴۲-۲۴۳۔ الصواعق المحرقۃ، ج۲، ص۵۹۵۔ اخبار الدول وآثار الاول، ص۱۱۵۔ فیض القدیر بشرح جامع الصغیر، ج۴، ص۴۸۹۔ نورالابصار فی مناقب آل بیت النبی المختار، ص ۲۳۶۔

(۸) تاریخ دمشق الکبیر، ج۵۱، ص۲۵۳، ح۱۱۴۷۳۔ دیکھیے: کنز العمال فی سنن الاقوال والافعال، ج۱، ص۵۲، ح ۱۵۸۔ مسند الامام زید، ص۴۳۹۔

(۹) التدوین فی اخبار قزوین، ج۲، ص۲۱۳۔ (۱۰) مسند الشہاب، ج۲، ص۳۲۳، ح۱۴۵۱۔

پانچویں صدی

حاکم نیشاپوری شافعی (۴۰۵ھ)(۱)

احمد بن عبدالرحمٰن شیرازی (۴۰۷ھ یا ۴۱۱ھ)(۲)

ابونعیم اصفہانی شافعی (۴۳۰ھ)(۳)

قضاعی شافعی (۴۵۴ھ)(۴)

شجری جرجانی حنفی (۴۹۹ھ)(۵)

چھٹی صدی

ابوحامد محمد غزالی شافعی (۵۰۵ھ)(۶)

---

(۱) تاریخ نیشاپور حاکم بنابرنقل :الفصول المھمۃ فی معرفۃ احوال الآئمۃ ،ص۲۴۲-۲۴۳۔الصواعق المحرقۃ ،ج۲، ص۵۹۴- ۵۹۵۔ اخبارالدول و آثار الاول ،ص۱۱۵۔ فیض القدیر بشرح جامع الصغیر،ج ۴،ص ۴۸۹-۴۹۰ ۔ نورالابصار فی مناقب آل بیت النبی المختار،ص۲۳۶۔

(۲) الجامع الصغیرمن حدیث البشیر النذیر ،ص۳۷۶،ح ۶۰۴۷۔فیض القدیر بشرح جامع الصغیر،ج ۴،ص ۴۸۹-۴۹۰۔بنقل از شیرازی ''القاب'' لیکن افسوس یہ کتاب دستیاب نہیں ہے بعض لوگ کہتے ہیں کہ اس کتاب کا خطی نسخہ موجود ہے ۔دیکھیے : تاریخ التراث العربی ، ج۱،ص ۳۷۶۔سیر اعلام النبلاء ،ج۱۷،ص۲۴۲۔مختصر کتاب الالقاب ۔اس کتاب کا بھی خطی نسخہ موجود ہے، دیکھے :الفھرس الشامل للتراث العربی الاسلامی المخطوط الحدیث النبوی الشریف وعلومہ ورجالہ،ج۱،ص۶۳،شمارہ۴۵۴،وص۲۳۳۔

(۳) حلیۃ الاولیاء وطبقات الاصفیاء، ج۳،ص۱۹۱-۱۹۲۔(۴) مسند الشہاب، ج۲۷،ص۳۲۳، ح۱۴۵۱۔

(۵) الامالی الخمیسۃ ،ج۱،ص ۱۵، ح۱۶۔(۶) شرح حدیث سلسلۃ الذھب ، یہ کتاب خطی ہے اور اس کا ایک نسخہ محمدیہ لائبریری ہندوستان میں موجود ہے۔دیکھیے :اھل البیت فی المکتبۃ العربیۃ ،ص۲۳۷،شمارہ۳۹۱۔

ابن شیرویہ دیلمی شافعی (۵۰۹ھ)(۱)

زمخشری حنفی (۵۳۸ھ)(۲)

ابن عساکر دمشقی شافعی (۵۷۱ھ)(۳)

ابن جوزی حنبلی (۵۹۷ھ)(۴)

ساتویں صدی

ابن قدامہ مقدسی حنبلی (۶۲۰ھ)(۵)

رافعی قزوینی شافعی (۶۲۳ھ)(۶)

محمد بن طلحہ شافعی (۶۵۲ھ)(۷)

سبط ابن جوزی حنفی (۶۵۴ھ)(۸)

---

(۱) فردوس الاخبار بماثور الخطاب، ج۳،ص۳۱۱، ح۴۴۵۸، وج۵،ص۳۵۱، ح۸۱۳۸۔ دیکھیے: فیض القدیر بشرح جامع الصغیر، ج۴،ص۴۹۰۔

(۲) ربیع الابرار ونصوص الاخبار، ج۲،ص۳۸۵، ح۲۲۷۔

(۳) تاریخ دمشق الکبیر، ج۵۱،ص۲۵۲، ح۱۱۴۷۲، و۱۴۷۳، شمارہ۵۷۴۲۔

(۴) المنتظم فی تواریخ الملوک والامم، ج۶،ص۱۲۵۔

(۵) التبیین فی انساب القرشیین، ص۱۳۳۔ (۶) التدوین فی اخبار قزوین، ج۲،ص۲۱۳۔

(۷) یہ بات قابل ذکر ہے کہ یہ روایت محمد بن طلحہ کی موجودہ کتاب مطالب السؤول فی مناقب آل الرسول میں نہیں ہے شاید اس کی دوسری کتاب زبدۃ المقال فی فضائل الآل میں موجود ہو لیکن یہ کتاب اب نایاب ہے۔ دیکھیے: اھل البیت فی المکتبۃ العربیۃ، ص۲۰۵، شمارہ۳۴۶۔ لہذا یہاں پر یہ مطلب ''وسیلۃ الخادم الی المخدوم درشرح صلوات چھاردہ معصوم، ص۲۲۷'' سے نقل کیا گیا ہے۔

(۸) تذکرۃ الخواص من الآئمۃ بذکر خصائص الآئمۃ، ص۳۱۵۔

آٹھویں صدی

ابن منظور افریقی (۷۱۱ھ)(۱)

جوینی شافعی (۷۳۰ھ)(۲)

ذہبی شافعی (۷۴۸ھ)(۳)

زرندی حنفی (۷۵۷ھ)(۴)

خلیفہ نیشاپوری شافعی (آٹھویں صدی)(۵)

نویں صدی

محمد خواجہ پارسائی بخاری حنفی (۸۲۲ھ)(۶)

ابن حجر عسقلانی شافعی (۸۵۲ھ)(۷)

ابن صباغ مالکی (۸۵۵ھ)(۸)

---

(۱) مختصر تاریخ دمشق، ج ۲۰، ص ۲۹۳۔

(۲) فرائد السمطین فی فضائل المرتضٰی والبتول والسبطین والآئمۃ من ذریتھم، ج ۲، ص ۱۸۹، ح ۴۶۶۔

(۳) سیر اعلام النبلاء، ج ۹، ص ۳۹۰۔

(۴) معارج الوصول الی معرفۃ فضل آل الرسول والبتول، ص ۱۶۵-۱۶۶

(۵) تلخیص وترجمہ تاریخ نیشاپور، ص ۱۳۱-۱۳۲۔

(۶) فصل الخطاب لوصل الاحباب بنقل از ینابیع المودۃ لذوی القربی، ج ۳، ص ۱۶۸۔

(۷) تھذیب التھذیب، ج ۷، ص ۳۳۹۔

(۸) الفصول المھمۃ فی معرفۃ احوال الآئمۃ، ص ۲۴۲-۲۴۳۔

دسویں صدی

سیوطی شافعی (۹۱۱ھ)(۱)

سمہودی شافعی (۹۱۱ھ)(۲)

نجمی اصفہانی حنفی (۹۲۷ھ)(۳)

ابن حجر ھیثمی شافعی (۹۷۴ھ)(۴)

متقی ہندی (۹۷۵ھ)(۵)

گیارہویں صدی

قرمانی دمشقی (۱۰۱۹ھ)(۶)

عبدالرؤوف مناوی شافعی (۱۰۳۱ھ)(۷)

بارہویں صدی

نابلسی دمشقی حنفی (۱۱۴۳ھ)(۸)

---

(۱) الجامع الصغیر من حدیث البشیر النذیر، ص۳۷۶، ح۶۰۴۷۔

(۲) جواھر العقدین فی فضل الشرفین، ص۳۴۲-۳۴۳۔

(۳) وسیلۃ الخادم الی المخدوم در شرح صلوات چہاردہ معصوم، ص۲۲۷۔ مہمان نامہ بخارا، ۳۴۳-۳۴۵۔

(۴) الصواعق المحرقۃ، ج۲، ص۵۹۴-۵۹۵۔

(۵) کنز العمال فی سنن الاقوال والافعال، ج۱، ص۵۲، ح۱۵۸۔

(۶) اخبار الدول وآثار الاول، ص۱۱۵۔

(۷) فیض القدیر بشرح جامع الصغیر، ج۴، ص۴۸۹-۴۹۰۔

(۸) اسرار الشریعۃ یا فتح الربانی والفیض الرحمانی، ص۲۳۲-۲۲۴۔

میرزا محمد خان بدخشی ہندی حنفی (بارہویں صدی)(۱)

تیرہویں صدی

زبیدی حنفی (۱۲۰۵ھ)(۲)

قندوزی حنفی (۱۲۹۴ھ)(۳)

شلنجی شافعی (۱۲۹۸ھ)(۴)

چودہویں صدی کے بعد

قاضی بہجت آفندی شافعی (۱۳۵۰ھ)(۵)

سید محمد طاہر ہاشمی شافعی (۱۴۱۲ھ)(۶)

شیخ احمد تابعی مصری شافعی (۷)

عبدالعزیز بن اسحاق بغدادی حنفی (۸)

---

(۱) مفتاح النجا فی مناقب آل عباء، ص۱۷۹۔

(۲) الاتحاف بحب الاشراف، ج۳، ص۱۴۷۔

(۳) ینابیع المودۃ لذوی القربی، ج۳، ص۱۲۲-۱۲۳و۱۶۸۔

(۴) نورالابصار فی مناقب آل بیت النبی المختار، ص۲۳۶۔

(۵) تشریح ومحاکمہ در تاریخ آل محمد، ص۱۵۷-۱۵۹۔

(۶) مناقب اہل بیت از دیدگاہ اہل سنت، ص۲۰۲۔

(۷) الاعتصام بحبل الاسلام، ص۲۰۵-۲۰۶۔

(۸) مسند الامام زید، ص۴۳۹-۴۴۰۔

طرق روایت

اگر چہ حضرت امام رضاؑ کا شہر نیشاپور میں وارد ہونے کے واقعے اور حدیث حصن کو اس زمانے یعنی تیسری صدی ہجری کے ان دس ہزار، بیس ہزار یا تیس ہزار راویوں و کاتبوں نے تحریر کیا لیکن افسوس کہ یہ حدیث بھی حدیث غدیر کی طرح مہجور ہوگئی اور اس کے اسناد بھی مختلف دلیلوں کے سبب مفقود ہو گئے۔

بہر حال معروف یہ ہے کہ یہ حدیث ابوصلت عبدالسلام بن صالح ہروی نے حضرت امام رضاؑ سے نقل کی ہے لہذا بعض کا گمان یہ ہے کہ ابوصلت کی تضعیف کر کے اس حدیث کے اعتبار کو ساقط کر دیا جائے۔

جب کہ ان کا جواب یہ ہے کہ اولاً: جیسا کہ آگے آئے گا کہ اہل سنت کے علماء و بزرگان ابوصلت پر اعتماد رکھتے ہیں۔ ثانیاً: ابوصلت کے علاوہ دوسرے افراد نے بھی حضرت امام رضاؑ سے اس حدیث کو نقل کیا ہے کہ جن کا تذکرہ ملاحظہ فرمائیں:

۱- امام محمد تقیؑ - جوینی شافعی (۱) و زبیدی حنفی (۲) دونوں نے اپنی اپنی اسناد کے ساتھ اس حدیث کو امام محمد تقیؑ سے نقل کیا ہے۔

۲- ابوصلت عبدالسلام بن صالح ہروی - وہ حضرت امام رضاؑ کے خادم تھے اور اس تاریخی واقعہ کو تمام جزیات کے ساتھ نقل کرتے ہیں۔ اکثراً بلکہ تقریباً سبھی اہل سنت نے ابوصلت کی اس روایت کو مختلف طرق و اسناد کے ساتھ نقل کیا ہے۔ (۳)

---

(۱) فرائد السمطین فی فضائل المرتضیٰ والبتول والسبطین والآئمۃ من ذریتھم، ج ۲، ص ۱۸۹، ح ۴۶۶۔

(۲) الاتحاف بحب الاشراف، ج ۳، ص ۱۴۷۔

(۳) ینابیع المودۃ لذوی القربی، ج ۳، ص ۱۲۲-۱۲۳ و ۱۶۸۔

۳-احمد بن عامر طائی-ابن عساکر دمشقی شافعی نے اپنی اسناد کے ساتھ اس حدیث کو احمد بن عامر طائی سے نقل کیا ہے۔(۱)

۴-احمد بن عیسی علوی-رافعی قزوینی شافعی نے مذکورہ روایت کو اپنی اسناد کے ساتھ احمد بن عیسی علوی سے نقل کیا ہے۔(۲)

۵-احمد بن علی بن صدقہ-ابوعبداللہ محمد بن سلالہ قضاعی شافعی مذکورہ حدیث کو اپنی اسناد کے ساتھ احمد بن علی بن صدقہ سے نقل کیا ہے۔(۳)

۶-محمد بن عمر واقدی-سبط ابن جوزی حنفی نے اس روایت کو از طریق واقدی نقل کیا ہے۔(۴)

۷-ابوزرعہ رازی-

۸-محمد بن اسلم طوسی-

حاکم نیشاپوری شافعی نے اس عظیم واقعہ کو ان دو افراد سے نقل کیا ہے۔(۵)

۹-اسحاق بن راہویہ مروزی-

۱۰-محمد بن رافع قشیری-

---

(۱) تاریخ دمشق الکبیر، ج ۵۱، ص ۲۵۳، ح ۱۱۴۷۳۔ دیکھیے: کنز العمال فی سنن الاقوال والافعال، ج ۱، ص ۵۲، ح ۱۵۸۔ مسند الامام زید، ص ۴۳۹۔

(۲) التدوین فی اخبار قزوین، ج ۲، ص ۲۱۳۔

(۳) مسند الشہاب، ج ۲، ص ۳۲۳، ح ۱۴۵۱۔

(۴) تذکرۃ الخواص من الآئمۃ بذکر خصائص الآئمۃ، ص ۳۱۵۔

(۵) تاریخ نیشاپور حاکم بنابر نقل: الفصول المہمۃ فی معرفۃ احوال الآئمۃ، ص ۲۴۲-۲۴۳۔ الصواعق المحرقۃ، ج ۲، ص ۵۹۴-۵۹۵۔ اخبار الدول و آثار الاول، ص ۱۱۵۔ فیض القدیر بشرح جامع الصغیر، ج ۴، ص ۴۸۹-۴۹۰۔ نور الابصار فی مناقب آل بیت النبی المختار، ص ۲۳۶۔

۱۱-احمد بن حرب نیشاپوری-

ان تینوں سے ابن جوزی حنبلی (۱) وسبط ابن جوزی حنفی (۲) نے از طریق واقدی اس واقعہ کو نقل کیا ہے۔

۱۲-یحی ابن یحی-اس سے بھی ابن جوزی حنبلی نے نقل کیا ہے۔(۳)

روایت کا بقیہ

الا بشروطها و انا من شروطها

آگاہ ہو جاؤ کہ (کلمة لااله الا الله) کے کچھ شرائط ہیں کہ جن میں سے ایک شرط میں ہوں۔

اگر چہ اہل سنت کی بہت سے کتابوں سے حدیث کا بقیہ حصہ حذف ہو چکا ہے لیکن پھر بھی بعض منصف علماء نے اس کو محفوظ رکھا ہے جیسے خواجہ پارسائی حنفی اور قاضی بہجت آفندی شافعی وغیرہ نے حدیث کے بقیہ حصہ کو نقل کر کے مقام امامت کی عظمت کی طرف اشارہ کیا ہے۔

محمد خواجہ پارسائی بخاری حنفی (۸۲۲ھ):

عن ابی الصلت عبد السلام بن صالح بن سليمان الهروی قال: كنت مع علی الرضاؑ حين خرج من نيسابور وهو راكب بغلته الشهباء، فاذا احمد بن الحرب و يحی بن يحی و اسحاق بن راهويه و عدة من اهل العلم قد تعلقوا بلجام بغلته فقالوا: يابن رسول الله بحق آبائك الطاهرين حدثنا بحديث سمعته عن ابيك عن آبائه فاخرج رأسه الشريف من مظلته و قال: لقد حدثنی ابی موسی الكاظمؑ، عن ابيه جعفر الصادقؑ،

---

(۱) المنتظم فی تواریخ الملوک والامم، ج۶، ص۱۲۵۔

(۲) تذکرۃ الخواص من الآئمۃ بذکر خصائص الآئمۃ، ص۳۱۵۔

(۳) المنتظم فی تواریخ الملوک والامم، ج۶، ص۱۲۵۔

عن ابیه محمد الباقرؑ ،عن ابیه علی زین العابدینؑ ، عن ابیه الحسین الشهید بکربلاء ، عن ابیه علیؑ بن ابی طالبؑ، عن رسول اللهؐ، انه قال : سمعت جبرائیل، یقول: سمعت رب العزة سبحانه و تعالی یقول :انی انا الله لااله الاانا فاعبدونی من جاء بشهادة ان لااله الا الله بالاخلاص دخل حصنی فمن دخل حصنی امن من عذابی ، وفی روایة فلما مرت الراحلة نادانا : "الابشروطها وانا من شروطها"

قیل : من شروطها الاقرار بانه امام مفترض الطاعة۔(۱)

ابوصلت عبدالسلام بن صالح بن سلیمان ہروی سے روایت ہے کہ جس وقت حضرت امام رضاؑ شہر نیشاپور سے گذر رہے تھے تو آپ ہلکے کالے رنگ کے خچر پر سوار تھے، میں آپ کے ساتھ تھا اس وقت احمد بن حرب، یحی بن یحی واسحاق بن راہویہ اور دیگر کافی تعداد میں اہل علم آئے اور حضرت کی سواری کی لگام کو پکڑ کے عرض کی: اے فرزند رسول خداؐ آپ کو آپ کے پاک آباء واجداد کا واسطہ ہمارے لیے ایسی حدیث نقل فرمائیں کہ جو آپ نے اپنے والد گرامی اور انہوں نے اپنے آباء واجداد سے سنی ہو۔ پس آپ نے اپنا سر مبارک عماری سے باہر نکالا اور فرمایا: میرے والد گرامی موسی کاظمؑ نے اپنے پدر بزرگوار امام جعفر صادقؑ سے آپ نے اپنے والد ماجد امام محمد باقرؑ سے، آپ نے اپنے والد بزرگوار امام زین العابدین سے، آپ نے اپنے پدر بزرگوار امام حسینؑ شہید کربلا سے، آپ نے اپنے والد گرامی امیر المؤمنین علیؑ ابن ابی طالبؑ سے، اور حضرت علیؑ نے رسول خداؐ سے، اور آپ نے جبرئیل سے سنا کہ وہ کہتا ہے کہ میں نے رب العزت سے سنا کہ اس نے فرمایا: میں خدائے واحد ہوں میرے علاوہ کوئی معبود نہیں، میری عبادت کرو، جو کوئی بھی مخلصانہ گواہی وشہادت کے ساتھ ''لااله الا الله '' کہے گا میرے قلعہ میں داخل ہوگا اور جو میرے قلعہ میں داخل ہو گیا وہ میرے عذاب سے محفوظ رہے گا۔

---

(۱) فصل الخطاب لوصل الاحباب بنابرنقل ینابیع المودة لذوی القربی، ج۳،ص۱۶۸۔

دوسری روایت میں ہے کہ جیسے ہی قافلہ نے حرکت کی تب آپ نے بلند آواز سے فرمایا آگاہ رہو اس کلمہ کے کچھ شرائط ہیں کہ جن میں سے میں ایک شرط ہوں۔ کہا گیا ہے کہ کلمہ اخلاص کی شرائط میں سے حضرتؑ کو واجب الاطاعت ماننا ہے۔

قاضی بہجت آفندی شافعی (۱۳۵۰ھ)

ابوصلت عبدالسلام بن صالح ہروی کہتا ہے کہ جس وقت حضرت امام رضاؑ شہر نیشاپور سے گذر رہے تھے میں آپ کے ہم رکاب تھا، آپ سفید رنگ کے خچر پر سوار تھے۔ خراسان کے بعض علماء جیسے اسحاق بن راہویہ، احمد بن حرب، یحی بن یحی حضرت کے حضور میں شرفیاب ہوئے اور عرض کی: اے فرزند رسول خدا! اپنے پاک آباء واجداد سے سنی ہوئی کسی حدیث سے ہمیں خوشحال و مستفیض فرمائیں، حضرت امام رضاؑ نے ان کے جواب میں اپنے سر مبارک کو کجاوہ سے باہر نکالا اور فرمایا:

انی سمعت من ابی موسی قال : انی سمعت من ابی عبدالله جعفر انه قال: سمعت من ابی محمد الباقر انه قال: سمعت من ابی علی ، انه قال: سمعت من ابی الحسین انه قال: سمعت من ابی علی امیرالمؤمنین انه قال: انی سمعت من رسول اللهؐ انه قال: من قال لااله الا الله ، دخل حصنی فمن دخل حصنی امن من عذابی ۔ ثم قال : " الابشروطها – وقال الامام انامن شروطها"۔

یہ حدیث بھی سلسلہ سند کے اعتبار سے امامت سے رسالت پناہ تک پہنچتی ہے اس کے معنی یہ ہیں کہ کلمہ لااله الا الله میرا قلعہ ہے جو کوئی بھی میرے قلعے میں داخل ہوگا میرے عذاب سے محفوظ رہے گا لیکن اس کلمہ طیبہ کے کچھ شرائط ہیں کہ جن میں سے ایک میں ہوں۔(۱)

---

(۱) تشریح ومحاکمہ در تاریخ آل محمد، ص ۱۵۷-۱۵۹۔

روایت حصن کے متعلق اہل سنت کے نظریات

حدیث حصن کے متعلق دو نظریے پائے جاتے ہیں: بعض کا یہ خیال ہے کہ اس حدیث کا راوی تنہا ابوصلت ہروی ہے لہذا اس کی تضعیف کرتے ہیں اور پھر اس کے نتیجے میں حدیث حصن کو بھی بے اعتبار ظاہر کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ جب کہ اہل سنت کے بہت سے علماء و بزرگوں نے ابوصلت ہروی کی توثیق واعتماد کے ساتھ ساتھ اس حدیث حصن کی بھی تائید کی ہے۔ اور بعض حضرات نے تو حیرت انگیز کلمات کو اپنی زبان وقلم پر جاری کیا ہے، بعض نے اس حدیث کو شفا بخش ومتبرک جانتے ہوئے تجربہ بھی کیا ہے کہ جن کی طرف اشارہ کیا جائے گا۔

موافقین

حدیث حصن یا سلسلۃ الذہب ان مخصوص ومحدود احادیث میں سے ہے کہ جس نے اہل سنت کے علماء و بزرگوں کو حیرت میں ڈالا، ان سے اپنی عظمت کا اعتراف کرایا اور حدیث شریف کی تائید میں عجیب وغریب کلمات وجملات ان کی زبان پر جاری ہوئے کہ جن میں سے بعض کی طرف اشارہ کیا جارہا ہے۔

ابا صلت ہروی (۲۳۶ھ):

وہ اس حدیث کی عظمت کے متعلق کہتا ہے:

لو قرئ هذا الاسناد على مجنون لافاق۔(۱)

یہ اسناد اگر کسی مجنون ودیوانے پر پڑھے جائیں تو وہ عاقل ہوئے گا۔

---

(۱) تذکرۃ الخواص من الآئمۃ بذکر خصائص الآئمۃ، ص ۳۱۵۔

احمد ابن حنبل (۲۴۱ھ):

وہ اہل سنت کے چار فقہی اماموں میں سے ایک ہے، کہتا ہے:

لو قرأت هذا اسناد على مجنون لبرئ من جنته۔(۱)

اگر ان اسناد کو کسی دیوانے پر پڑھوں تو وہ اس دیوانگی سے افاقہ پائے اور عاقل ہو جائے۔

دوسری جگہ اس طرح آیا ہے:

لو قرئ هذا الاسناد على مجنون لافاق۔(۲)

ایک اور جگہ اس طرح نقل ہوا ہے:

لو قرئ هذا الاسناد على مجنون لبرئ من جنونه ۔(۳)

ایک جگہ اور نقل ہوا:

لو قرئ هذا الاسناد على مجنون لافاق من جنونه ۔(۴)

اگر یہ اسناد کسی دیوانے پر پڑھے جائیں تو وہ اس جنون سے شفا پا جائے گا۔

یحی بن حسین حسنی (۲۹۸ھ):

وہ حضرت امام رضاؑ کے صحیفہ کی اسناد کے بارے میں ہمیشہ کہتا تھا:

لو قرئ هذا الاسناد فی اذن مجنون لافاق۔(۵)

اگر یہ اسناد کسی دیوانے کے کان میں پڑھے جائیں تو وہ شفا پا جائے گا۔

---

(۱) الصواعق المحرقۃ، ج۲،ص۵۹۵۔ (۲) نور الابصار فی مناقب آل بیت النبی المختار،ص۲۳۶۔

(۳) الامالی الخمیسۃ، ج۱،ص۱۵، ح۱۶۔

(۴) تعلیقہ بر مسند الامام زید،ص۴۴۱۔الاعتصام بحبل الاسلام،ص۲۰۶۔

(۵) ربیع الابرار ونصوص الاخبار، ج۴،ص۹۷، ح۳۴۶۔

ابونعیم اصفہانی شافعی (۴۳۰ھ):

وہ آنحضرتؑ کی اس حدیث کے متعلق ایک جامع بیان نقل کرتا ہے:

هذا حديث ثابت مشهور بهذا الاسناد من رواية الطاهرين عن آبائهم الطيبين و كان بعض سلفنا من المحدثين اذا روى هذا الاسناد قال: لو قرئ هذا الاسناد على مجنون لافاق۔(۱)

یہ حدیث ثابت اور اس اسناد کے ساتھ مشہور ہے کہ جو پاک و پاکیزہ حضرات نے اپنے طیب و طاہر آباء واجداد سے نقل کی ہے، ہمارے بعض گذشتہ محدثین جب اس اسناد کو نقل کرتے تو کہتے تھے کہ یہ اسناد اگر کسی دیوانے پر پڑھے جائیں تو وہ عقلمند ہو جائے گا۔

ابوالقاسم عبدالکریم بن ھوازن قشیری شافعی (۴۶۵ھ):

وہ بھی اس حدیث کے بارے میں عجیب بات کہتا ہے کہ جس کی طرف ہم اشارہ کرتے ہیں:

اتصل هذا الحديث بهذا السند ببعض امراء السامانيه فكتب بالذهب و اوصى ان يدفن معه فى قبره ، فرئ فى منام بعد موته فقيل : ما فعل الله بك ؟ فقال : غفر الله لى بتلفظى بلااله الا الله و تصديقى ان محمد اً رسول الله۔(۲)

---

(۱) حلیۃ الاولیاء وطبقات الاصفیاء، ج ۳، ص ۱۹۲۔

(۲) الفصول المھمۃ فی معرفۃ احوال الآئمۃ، ص ۲۴۳۔ جواھر العقدین فی فضل الشرفین، ص ۳۳۴۔ مہمان نامہ بخارا، ۳۴۲۔ وسیلۃ الخادم الی المخدوم در شرح صلوات چھاردہ معصوم، ص ۲۲۹۔ اخبار الدول و آثار الاول، ص ۱۱۵۔ فیض القدیر بشرح جامع الصغیر، ج ۴، ص ۴۸۹-۴۸۹۔ نور الابصار فی مناقب آل بیت النبی المختار، ص ۲۳۶۔ الاعتصام بحبل الاسلام، ۲۰۶۔

یہ حدیث اسی سند کے ساتھ کسی سامانی بادشاہ (نوح بن منصور) کے پاس پہنچی اس نے حکم دیا کہ اس حدیث کو سونے سے تحریر کیا جائے اور وصیت کی کہ میرے مرنے کے بعد اس کو میرے ساتھ میری قبر میں دفن کر دیا جائے۔ اس کے مرنے کے بعد اس کو کسی نے خواب میں دیکھا اور سوال کیا کہ آپ کے ساتھ کیا گذری؟ اس نے جواب دیا خداوند عالم نے مجھ کو کلمہ لااله الا الله کہنے اور محمد رسول الله کی تصدیق کرنے کی وجہ سے بخش دیا ہے۔

ابو حامد محمد غزالی شافعی (۵۰۵ھ):

اس نے حدیث سلسلۃ الذھب کی تائید کے ساتھ ساتھ اس کی شرح و تفسیر بھی کی ہے۔(۱)

دیلمی شافعی (۵۰۹ھ):

وہ حدیث حصن کو صحیح جانتا ہے اور کہتا ہے:

هذا حديث ثابت ۔(۲) یہ حدیث ثابت ہے۔

زمخشری حنفی (۵۳۸ھ):

وہ حدیث سلسلۃ الذھب کی عظمت میں یحی بن حسین حسنی کے قول کو نقل کرتا ہے کہ وہ ہمیشہ کہتا تھا: لو قرئ هذا الاسناد فی اذن مجنون لافاق ۔(۳)

اگر یہ اسناد کسی دیوانے کے کان میں پڑھے جائیں وہ یقیناً عقلمند ہو جائے گا۔

---

(۱) شرح حدیث سلسلۃ الذھب اس کتاب کا خطی نسخہ کتاب خانہ محمدیہ ہندوستان میں ہے، دیکھیے: اھل بیت فی المکتبۃ العربیہ، ص ۲۳۷، شمارہ ۲۹۱۔

(۲) فیض القدیر بشرح جامع الصغیر، ج ۴، ص ۴۸۹-۴۹۰۔

(۳) ربیع الابرار و نصوص الاخبار، ج ۴، ص ۷۹، ح ۳۴۶۔

ابن قدامہ مقدسی حنبلی (۶۲۰ھ):

قال بعض اهل العلم :لوقرئ هذا الاسنادعلی مجنون لبرئ۔(۱)

بعض اہل علم کا کہنا ہے کہ اگر یہ اسناد کسی دیوانے پر پڑھے جائیں وہ یقیناً شفایاب ہوجائے گا۔

سبط ابن جوزی حنفی (۶۵۴ھ):

اس نے اس حدیث کی عظمت میں ابن قدامہ مقدسی حنبلی کے کلام کو دہرایا ہے اور کہتا ہے:لوقرئ هذا الاسنادعلی مجنون لبرئ۔(۲)

اگر یہ اسناد دیوانے پر پڑھے جائیں وہ یقیناً عقلمند ہوجائے۔

زرندی حنفی (۷۵۷ھ)

وہ بھی حدیث حصن کی عظمت کے متعلق کہتا ہے: اللهم اجعلنامن الآمنين من عذابك يوم الفزع الاكبر ، انك اعلی و اجل و اجود و اكبر ۔(۳)

پروردگارا! ہم کو روز قیامت اپنے عذاب سے محفوظ رکھنا کہ بیشک تو بلند مرتبہ، جلیل القدر بخشنے والا اور بزرگ و برتر ہے۔

سیوطی شافعی (۹۱۱ھ):

وہ حدیث حصن کو صحیح جانتا ہے اور کہتا ہے:

حديث صحيح ۔(۴) حدیث صحیح ہے۔

---

(۱) التبیین فی انساب القرشیین ،ص۱۳۲۔

(۲) تذکرۃ الخواص من الآئمۃ بذکر خصائص الآئمۃ ،ص۳۱۵۔

(۳) معارج الوصول الی معرفۃ فضل آل الرسول والبتول ،ص۱۶۶۔

(۴) الجامع الصغیر من حدیث البشیر النذیر ،ص۳۷۶، ح۶۰۴۷۔

نجی اصفہانی حنفی (۹۲۷ھ):

محققین کا کہنا ہے کہ یہ حدیث ان اسناد کے ساتھ اگر دیونے پر پڑھی جائے تو وہ شفایاب ہوجائے گا۔(۱)

دوسری جگہ کہتا ہے:

یہ حدیث عظیم المرتبت ہے اور اسناد بہت ہی عمدہ وعالی ہیں یہاں تک کہ علماء کا بیان ہے: ایک محدث نے بخارا کے ایک بادشاہ کے دربار میں اس حدیث کو پڑھا، بادشاہ نے اس محدث سے درخواست کی کہ اس حدیث کو میرے لیے لکھے اور وصیت کی اس کے مرنے کے بعد اس کو میرے کفن میں رکھ کر دفن کر دینا۔(۲)

عبدالواسع بن یحی واسعی یمانی حنفی:

وہ بھی کہتا ہے:

فما احق ان یکتب هذا المسند بالذهب لاشتماله علی السند المسلسل بالسلسلة الطاهرة و العترة النبویة الفاخرة ۔(۳)

یہ حدیث کہ جو نبوت کی عترت طاہرہ اور پاک و پاکیزہ سلسلۂ سند کے ساتھ درج ہے اس کا حق ہے کہ اس کو سونے سے لکھا جائے۔

---

(۱) وسیلۃ الخادم الی المخدوم در شرح صلوات چہاردہ معصوم، ص ۲۲۹۔

(۲) وسیلۃ الخادم الی المخدوم در شرح صلوات چہاردہ معصوم، ص ۲۲۹۔ مہمان نامہ بخارا ص ۳۴۲۔

(۳) مسند الامام زید، ص ۴۴۱۔

حدیث سلسلۃ الذھب کی برکت سے شفا پانا

اب تک اس حدیث کے سلسلے میں اہل سنت کے نظریات بیان ہوئے لیکن اسی سلسلے میں یہ بات بھی قابل ذکر ہے کہ بعض اہل سنت نے اس دعوی (دیوانے ومجنون اور بیمار کے شفا پانے) کو عملی جامہ پہنایا ہے اور کہتے ہیں کہ حدیث سلسلۃ الذھب سے بیماروں کا شفاء پانا مجربات میں سے ہے۔

ابن خلکان شافعی کا واقعہ

ان ابا دلف العجلی لما حجب مرض موته الناس عن الدخول اليه لثقل مرضه فاتفق انه افاق فی بعض الايام ، فقال لحاجبه : من بالباب من المحاويج ؟ فقال عشرة من الاشراف ، وقد وصلوا من خراسان ، ولهم بالباب عدة ايام ، فاستدعاهم فرحب بهم ، و سألهم عن سبب قدومهم ، فقالوا ضاقت بنا الاحوال و سمعنا بكرمك فقصدناك ، فاخرج عشرين كيسا فی كيس الف دينار ، ودفع لكل واحد منهم كيسين ، ثم اعطى كل واحد منهم مؤونة طريقه، وقال : لاتمسكو الاكياس حتى تصلوا بها سالمة الى اهلكم ، وصرفو ا هذا فی مصالح الطريق ، ثم قال : لكتب لی كل واحد منكم خطه: بانه فلان بن فلان حتى ينتهى الى علیؑ ابن ابی طالبؑ ، ويذكر جدته فاطمة بنت رسول الله ثم يكتب يا رسول الله انی وجدت اضاقة فقصدت ابا دلف العجلی ، فاعطانی الفی دينار كرامة لك و طلبا لمرضاتك و رجاء لشفاعتك ، فكتبوا و تسلم الاوراق واوصى من يتولى تجهيزة اذا مات ان يضع تلك الاوراق فی كفته حتى يلقى بها رسول الله ويعرض عليه۔(۱)

---

(۱) وفیات الاعیان وانباء ابناء الزمان، ج۴، ۷۷۔

ابودلف عجلی جب مرض موت میں مبتلا ہوا، اس نے لوگوں سے ملاقات بند کردی پس جب کچھ افاقہ ہوااس نے اپنے دربان سے سوال کیا کہ کون کون مجھ سے ملنے اور میری عیادت کو آیا؟

خادم نے جواب دیا دس افراد، سادات خراسان سے آئے ہیں، ان کو کئی روز ہو چکے اور وہ ابھی تک آپ سے ملاقات کے منتظر ہیں۔ ابودلف نے ان کو بلوایا، خوش آمدید کہا اور ان کے آنے کا سبب معلوم کیا، انہوں نے جواب دیا ہمارے حالات خراب تھے زندگی سخت ہو چکی تھی ہم کو آپ کی بخشش وکرم کی اطلاع ملی لہذا آپ کے پاس آئے ہیں۔ ابودلف نے ہزار ہزار دینار کی بیس تھیلیاں نکالیں اور ان میں سے ہر ایک کو دو تھیلیاں دیں، پھر کچھ اور مقدار ہزینہ سفر کے طور پر ہر ایک کو دیا اور ان سے کہا کہ جب تک آپ اپنے وطن نہ پہنچ جاؤ ان تھیلیوں کو نہ کھولنا اور ان سے کہا کہ ہر ایک اپنے ہاتھ سے اپنا اور اپنے آباء واجداد کے نام لکھیں یہاں تک کہ شجرہ علیؑ ابن ابی طالبؑ تک پہنچ جائے اور اپنی جدہ ماجدہ حضرت فاطمہ زہراؑ بنت محمد مصطفیؐ کا بھی ذکر کریں، اور پھر لکھیں اے رسول خدا! ہمارے حالات خراب تھے زندگی سخت ہو چکی تھی ہم ابودلف کے پاس گئے اس سے مدد مانگی اس نے دو ہزار دینار ہم کو دیے اس امید کے ساتھ کہ آپ اس سے راضی رہیں اور اس کی شفاعت فرمائیں۔ ان لوگوں نے یہ جملات تحریر کیے، ابودلف نے ان تحریروں کو لیا اور اپنے کفن ودفن کے متولی سے سفارش کی کہ ان اوراق کو اس کے کفن میں رکھ کر دفنا دینا تا کہ ان کاغذوں کے ساتھ رسول اکرمؐ سے ملاقات کروں اور آپؐ کو دکھاؤں۔

سمہودی نے اس واقعہ کو حدیث سلسلۃ الذھب کی شفا بخش اور معنوی برکتوں میں سے شمار کیا ہے اور اس کی تفصیل کو روایت حصن کے ذیل میں بیان کرتا ہے۔(۱)

---

(۱) جواھر العقدین فی فضل الشرفین، ص ۳۴۶-۳۴۷۔

خنجی حنفی کی داستان

اس حدیث شریف کی خاصیتوں میں سے ایک یہ ہے کہ اگر خلوص دل سے اس روایت کی اسناد کو کسی ایسے مریض کے سرہانے پڑھا جائے کہ جو مرنے والا ہو تو اگر اس کی موت میں تاخیر ہو تو یقیناً اس کا مرض دور اور وہ صحت مند ہو جائے گا میں نے اس حدیث کو کئی مرتبہ بہت سے مریضوں پر پڑھا اور تجربہ کیا ہے۔(۱)

دوسری جگہ کہتا ہے:

اس حقیر و فقیر کا تجربہ ہے میں جس مریض کی بھی عیادت کو جاتا اور اس کی موت نہ پہنچی ہو تو میں صدق دل سے ان اسناد کو اس مریض پر پڑھتا تو اس کا اثر دیکھتا، مریض شفا پا جاتا فوراً صحت مند ہوتا یہ بات میری تجربہ شدہ ہے۔(۲)

مخالفین

بعض افراد اس گمان میں ہیں کہ حدیث سلسلۃ الذھب کا راوی تنہا ابوصلت ہروی ہے اس کی تضعیف کرتے ہوئے اس کے ذریعہ تمام احادیث حتی حدیث حصن کو بھی بے اعتبار جانتے ہیں جب کہ یہ مطلب بے دلیل و بے بنیاد ادعی ہے اور اہل سنت کے بزرگوں نے اس ادعی کو رد کیا۔ اہل سنت کے نزدیک ابوصلت کے مقام کی تفصیل آئندہ آئے گی۔

دوسری روایت- روایت ایمان

متن روایت

---

(۱) مہمان نامہ بخارا ص ۳۴۲۔

(۲) وسیلۃ الخادم الی المخدوم در شرح صلوات چہاردہ معصوم، ص ۲۲۹۔

حدیث سلسلۃ الذھب، دوسری نقل کے اعتبار سے مذکورہ ذیل متن کے ساتھ بھی پائی جاتی ہے:

لما دخل علی بن موسی الرضا نیسابور علی بغلة شهباء فخرج علماء البلد فی طلبه منهم یحی بن یحی ، اسحاق بن راهویه ، احمد بن حرب ، محمد بن رافع، فتعلقوا بلجام دابته فقال له اسحاق : بحق آبائك حدثنا ـ فقال : الایمان معرفة بالقلب و اقرار باللسان وعمل بالارکان ـ(۱)

جس وقت حضرت امام رضاؑ شہر نیشاپور میں داخل ہوئے ، ہلکے کالے رنگ کے خچر پر سوار تھے علماء شہر جیسے یحی بن یحی ، اسحاق بن راھویہ، احمد بن حرب، محمد بن رافع نے بڑھ کر استقبال کیا، امام کی سواری کی لگام سے متمسک ہوئے پھر اسحاق بن راھویہ نے عرض کی: آپ کو اپنے آباء طیبین کا واسطہ ہمارے لیے حدیث بیان فرمائیں۔ آپ نے فرمایا: ایمان، دل سے جاننے، زبان سے اقرار کرنے اور اعضاء و جوارح سے عمل انجام دینے کا نام ہے۔

راوی حضرات

یہ واضح رہے کہ اس دور یعنی تیسری صدی ہجری کے ان دس ہزار، بیس ہزار یا تیس ہزار راویوں و کاتبوں میں سے عصر حاضر میں صرف اڑتالیس (۴۸) روایات مختلف بیانات کے ساتھ باقی رہ گئی ہیں

تیسری صدی

یحی بن یحی (۲۲۶ھ)(۲)

---

(۱) سنن ابن ماجہ، ج۱، ص۲۵، ح۶۵، باب الایمان۔ دیکھیے: کشف الخفاء و مزیل الالباس عما اشتھر من الاحادیث علی السنۃ الناس، ج۱، ص۲۲۔ تنزیہ الشریعۃ المرفوعۃ عن الاخبار الشنیعۃ الموضوعۃ، ج۱، ص۱۵۲۔

(۲) المنتظم فی تواریخ الملوک والامم، ج۶، ص۱۲۵۔

احمد بن حرب نیشاپوری (۲۳۴ھ)(۱)

ابوصلت عبدالسلام بن صالح ہروی (۲۳۶ھ)(۲)

اسحاق بن راہویہ مروزی (۲۳۸ھ)(۳)

محمد بن اسلم کندی طوسی (۲۴۲ھ)(۴)

محمد بن رافع قشیری (۲۴۵ھ)(۵)

ابوزرعہ رازی (۲۶۱ھ)(۶)

ابن ماجہ قزوینی (۲۷۵ھ)(۷)

محمد بن سہل بن عامر بجلی (۸)

محمد بن زیاد سلمی (۹)

داؤد بن سلیمان قزوینی (۱۰)

علی بن ازھر سرخسی (۱۱)

---

(۱) المنتظم فی تواریخ الملوک والامم، ج۶،ص۱۲۵۔تذکرۃ الخواص من الامۃ،ص۳۱۵۔

(۲) تحفۃ الاشراف بمعرفۃ الاطراف، ج۷،ص۳۶۶، ح۱۰۰۷۶۔

(۳) المنتظم فی تواریخ الملوک والامم، ج۶،ص۱۲۵۔تذکرۃ الخواص من الامۃ،ص۳۱۵۔

(۴) شعب الایمان، ج۱،ص۴۸، ح۱۷۔الاعتقاد والھدایۃ الی سبیل الرشاد،ص۱۸۰۔

(۵) المنتظم فی تواریخ الملوک والامم، ج۶،ص۱۲۵۔تذکرۃ الخواص من الامۃ،ص۳۱۵۔

(۶) معارج الوصول الی معرفۃ فضل آل الرسول والبتول،ص۱۶۴۔

(۷) سنن ابن ماجہ، ج۱،ص۲۵، ح۶۵، باب الایمان۔

(۸) و (۹) تحفۃ الاشراف بمعرفۃ الاطراف، ج۷،ص۳۶۶، ح۱۰۰۷۶۔

(۱۰) و (۱۱) الکامل فی ضعفاء الرجال، ج۲،ص۳۴۲۔

ھیثم بن عبداللہ(۱)

احمد بن عباس صنعانی(۲)

احمد بن عامر طائی(۳)

چوتھی صدی

دولابی حنفی(۳۱۰ھ)(۴)

ابوبکر آجری شافعی(۳۶۰ھ)(۵)

طبرانی حنبلی(۳۶۰ھ)(۶)

دارقطنی شافعی(۳۸۵ھ)(۷)

پانچویں صدی

ابن مردویہ اصفہانی(۴۱۰ھ)(۸)

منصور بن حسین آبی(۴۲۱ھ)(۹)

---

(۱) الکامل فی ضعفاء الرجال، ج۲،ص۳۴۲۔

(۲) الکامل فی ضعفاء الرجال، ج۱،ص۱۹۸۔

(۳) الکشف الحیث ،ص۴۹-۲۲۰۔

(۴) الکنی والاسماء، ج۱،ص۴۷۸-۴۷۹، ح۱۶۹۸۔

(۵) الاربعین حدیثا،ص۴۷، ح۱۲۔

(۶) المعجم الاوسط، ج۴،ص۳۶۳، ح۶۲۵۴۔ج۶،ص۲۲۲، ح۸۵۸۰۔

(۷) المؤتلف والمختلف ، ج۲،ص۱۱۱۵۔

(۸) الدرالمنثور فی التفسیر المأثور، ج۶،ص۱۰۰۔(۹) نثرالدرر، ج۱،ص۳۶۲۔

ابونعیم اصفہانی شافعی (۴۳۰ھ)(۱)

بیہقی شافعی (۴۵۸ھ)(۲)

خطیب بغدادی شافعی (۴۶۳ھ)(۳)

شجری جرجانی حنفی (۴۹۹ھ)(۴)

چھٹی صدی

ابوحامد محمد غزالی شافعی (۵۰۵ھ)(۵)

ابن شیرویہ دیلمی شافعی (۵۰۹ھ)(۶)

ابن عساکر دمشقی شافعی (۵۷۱ھ)(۷)

ابن جوزی حنبلی (۵۹۷ھ)(۸)

---

(۱) تاریخ اصفہان (ذکر اخبار اصبھان)، ج۱،ص۱۷۴، شمارہ۱۷۳۔

(۲) شعب الایمان، ج۱،ص۴۸، ح۱۶-۱۷۔

(۳) تاریخ بغداد، ج۱،ص۲۵۵-۲۵۶۔ج۹،ص۳۸۶۱۳۸۵۔ج۱۱،ص۴۷۔

(۴) الامالی الخمیسۃ، ج۱،ص۱۳، ح۶۔وص۱۴-۱۵، ح۱۵۔

(۵) شرح حدیث سلسلۃ الذھب، اس کتاب کا خطی نسخہ محمدیہ لائبریری ہندوستان میں ہے، دیکھیے: اھل بیت فی المکتبۃ العربیہ،ص۲۳۷، شمارہ۲۹۱۔

(۶) فردوس الاخبار بماثور الخطاب، ج۱،ص۱۴۸، ح۳۷۱۔

(۷) تاریخ دمشق الکبیر، ج۴۶،ص۱۲۶-۱۴۷، ح۱۰۰۶۶، شمارہ۵۱۳۶۔

(۸) المنتظم فی تواریخ الملوک والامم، ج۶،ص۱۲۵۔

ساتویں صدی

ابن قدامہ مقدسی حنبلی (۶۲۰ھ)(۱)

رافعی قزوینی شافعی (۶۲۳ھ)(۲)

سبط ابن جوزی حنفی (۶۵۴ھ)(۳)

ابن ابی الحدید معتزلی شافعی (۶۵۶ھ)(۴)

موصلی شافعی (۶۶۰ھ)(۵)

آٹھویں صدی

ابن منظور افریقی (۷۱۱ھ)(۶)

مزی شافعی (۷۴۲ھ)(۷)

ذہبی شافعی (۷۴۸ھ)(۸)

---

(۱) التبیین فی انساب القرشیین، ص۱۳۳۔

(۲) التدوین فی اخبار قزوین، ج۱،ص۱۶۷-۱۶۸ و ۴۶۲۔

(۳) تذکرۃ الخواص من الآئمۃ بذکر خصائص الآئمۃ، ص۳۱۵۔

(۴) شرح نہج البلاغہ، ج۱۹،ص۵۱، حکمت۲۲۳۔

(۵) النعیم المقیم لعترۃ النباء العظیم، ص۳۹۴۔

(۶) مختصر تاریخ دمشق، ج۱۸،ص۱۵۹، رقم۷۸۔

(۷) تحفۃ الاشراف بمعرفۃ الاطراف، ج۷،ص۳۶۲، ح۱۰۰۷۶۔مصباح الزجاجۃ فی زوائد ابن ماجہ، ج۱،ص ۱۲۱-۱۲۲، ح۲۳۔

(۸) تھذیب تھذیب الکمال فی اسماء الرجال، ج۶،ص۹۲، شمارہ۴۰۹۷۔سیر اعلام النبلاء، ج۱۵،ص۴۰۰۔

زرندی حنفی (۷۵۷ھ)(۱)

صفدی شافعی (۷۶۴ھ)(۲)

نویں صدی

محمد بن محمد جزری شافعی (۸۳۳ھ)(۳)

ابن حجر عسقلانی شافعی (۸۵۲ھ)(۴)

عبدالرحمٰن صفوری شافعی (۸۹۴ھ)(۵)

دسویں صدی

سمہودی شافعی (۹۱۱ھ)(۶)

سیوطی شافعی (۹۱۱ھ)(۷)

ابن حجر ھیثمی شافعی (۹۷۴ھ)(۸)

---

(۱) معارج الوصول الی معرفۃ فضل آل الرسول والبتول، ص۱۶۳۔

(۲) الوافی بالوفیات، ج۲۲، ص۲۵۰۔

(۳) اسنی المطالب فی مناقب سیدنا علی ابن ابی طالب کرم اللہ وجھہ، ص۱۲۲-۱۲۶۔

(۴) تھذیب التھذیب، ج۶، ص۲۸۶، شمارہ ۶۱۹۔ نکت الظراف علی الاطراف، ج۷، ص۳۶۶، ح۱۰۰۷۶۔ یہ کتاب تحفۃ الاشراف بمعرفۃ الاطراف کے حاشیہ پر چھپی ہوئی ہے۔

(۵) نزھۃ المجالس ومنتخب النفائس، ج۱، ص۲۳۔

(۶) جواھر العقدین فی فضل الشرفین، ص۳۴۵-۳۴۶۔

(۷) الجامع الصغیر من حدیث البشیر النذیر، ص۱۸۵، ح۳۰۹۴ و۳۰۹۵۔ الدر المنثور فی التفسیر المأثور، ج۶، ص۱۰۰۔

(۸) الصواعق المحرقۃ، ج۲، ص۵۹۵۔

متقی ہندی (۹۷۵ھ) (۱)

گیارہویں صدی

عبدالرؤوف مناوی شافعی (۱۰۳۱ھ) (۲)

بارہویں صدی

میرزا محمد خان بدخشی ہندی حنفی (۳)

تیرہویں صدی اور اس کے بعد

قندوزی حنفی (۱۲۹۴ھ) (۴)

محمد بن یوسف حفصی عدوی (۱۳۳۲ھ) (۵)

سید محمد طاہر ہاشمی شافعی (۱۴۱۲ھ) (۶)

عبدالعزیز بن اسحاق بغدادی حنفی (۷)

---

(۱) کنز العمال فی سنن الاقوال والافعال، ج۱، ص۲۷۳-۲۷۴، ح۱۳۶۱ و ۱۳۶۲۔

(۲) فیض القدیر بشرح جامع الصغیر، ج۳، ص۱۸۵۔

(۳) مفتاح النجا فی مناقب آل عبا، ص۱۸۰۔

(۴) ینابیع المودۃ لذوی القربی، ج۳، ص۱۲۳-۱۲۴۔

(۵) جامع الشمل فی حدیث خاتم الرسل، ج۱، ص۳۰۔

(۶) مناقب اھل بیتؑ از دیدگاہ اہل سنت، ص۲۰۲۔

(۷) مسند الامام زید، ص۴۴۳۔

طرق روایت

جیسا کہ بیان ہو چکا ہے کہ بعض افراد اس گمان میں ہیں کہ حدیث سلسلۃ الذھب کا روای تنہا ابوصلت ہروی ہے لہذا اس کی تضعیف کرتے ہوئے چاہتے ہیں کہ تمام احادیث کو بے اعتبار ثابت کریں جب کہ یہ واضح ہے کہ ابوصلت کا مقام اہل سنت کے علماء و بزرگوں کے نزدیک ان تہمتوں سے بہت بلند و بالا ہے۔ انہیں میں سے ایک طبرانی حنبلی ہے کہ اس کا نظریہ ہے کہ حدیث ایمان فقط ابوصلت ہروی نے امام رضاؑ سے نقل کی ہے۔(۱)

یہاں پر یہ نکتہ بیان کرنا ضروری ہے کہ حدیث ایمان فقط ابوصلت ہروی پر منحصر و موقوف نہیں ہے بلکہ دارقطنی شافعی، ابن عدی جرجانی (۲)، رافعی قزوینی شافعی (۳) اور مزی شافعی (۴) کے بقول اس حدیث شریف کی اسناد متعدد ہیں۔

---

(۱) الطبرانی الحنبلی: حدثنا محمد بن علی الصائغ قال: حدثنا عبدالسلام بن صالح الھروی قال: حدثنا علی بن موسی عن آبائه عن علی قال: قال رسول الله: "الایمان معرفة بالقلب واقرار باللسان و عمل بالارکان" لا یروی ھذا الحدیث عن علی الا بھذا الاسناد تفرد به عبدالسلام بن صالح، دیکھیے: المعجم الاوسط، ج۴، ص۳۶۴، ح۶۲۵۴۔

الطبرانی: حدثنا معاذ، قال: حدثنا عبدالسلام بن صالح الھروی --- لم یرو ھذا الحدیث عن موسی بن جعفر الا عبدالسلام و لا یروی عن علی الا بھذا الاسناد، المعجم الاوسط، ج۶، ص۲۲۲۔

(۲) الکامل فی ضعفاء الرجال، ج۲، ص۳۴۲۔

(۳) التدوین فی اخبار قزوین، ج۱، ص۱۶۷-۱۶۸ و ۴۶۲۔

(۴) تحفۃ الاشراف بمعرفۃ الاطراف، ج۷، ص۳۶۶، ح۱۰۰۷۶۔

دارقطنی شافعی حضرت امام رضاؑ سے حدیث ایمان نقل ہونے کے سلسلے میں اسناد وطرق کے متعلق کا ملا انصاف سے کہتا ہے:

فی نسخ کثیرة عندنا بهذا الاسناد ۔(۱)

اس اسناد کے متعدد نسخے ہمارے پاس ہیں۔

یہاں پر کچھ روات وطرق کی طرف اشارہ کیا جاتا ہے:

۱-عبدالسلام بن صالح ابوصلت ہروی

۲-محمد بن سہل بن عامر بجلی

۳-محمد بن زیاد سلمی

مزی شافعی ابن ماجہ کے ذریعہ ابوصلت کی روایت کو نقل کرنے کے بعد کہتا ہے:

و تابعه محمد بن سهل بن عامر البجلی و محمد بن زیاد السلمی من علی بن موسی الرضاؑ۔(۲)

عبدالسلام بن صالح ابوصلت ہروی کی اتباع کرتے ہوئے محمد بن سہل بن عامر بجلی اور محمد بن زیاد سلمی نے بھی حضرت امام رضاؑ سے روایت نقل کی ہے۔

ابن حجر عسقلانی شافعی نے بھی حدیث ایمان کی تائید میں دوسری طرق واسناد کے ذریعہ اس حدیث کو امام رضاؑ کے علاوہ امام موسی کاظمؑ سے نقل کیا ہے۔(۳)

---

(۱) المؤتلف والمختلف، ج۲، ص۱۱۱۵۔

(۲) تحفۃ الاشراف بمعرفۃ الاطراف، ج۷، ص۳۶۶، ح۱۰۰۷۶۔

(۳) تحفۃ الاشراف بمعرفۃ الاطراف، ج۷، ص۳۶۶، ح۱۰۰۷۶۔

مزی شافعی دوسری جگہ ابوصلت ہروی کے دفاع میں کہتا ہے:

روی ابن ماجه هذا الحديث (حديث ايمان) وقد وقع لنا عنه عاليا جداً--- رواه محمد بن اسماعيل الاحمسی و سهل بن زنجلة الرازی عنه فوقع لنا بدلاً عالياً بدرجتين۔

ابن ماجہ نے اس حدیث کو نقل کیا ہے اور اس کی سند بہت عمدہ ہے اس کو محمد بن اسماعیل احمسی اور سہل بن زنجلہ رازی نے ابوصلت سے نقل کیا ہے کہ جو دو درجہ بلند تر ہمارے لیے ثابت ہے۔

اسی کے تسلسل میں دوسرے دو طرق سے حدیث ایمان حضرت امام موسی کاظمؑ اور حضرت امام جعفر صادق کے ذریعہ بھی نقل ہوئی ہے کہ جو ابوصلت کے کلام کی تائید میں کہتا ہے:

تابعه الحسن بن علی التميمی الطبرستانی عن محمد بن صدقه العنبری عن موسی بن جعفر و تابعه احمد بن عيسی بن علی بن الحسين بن علی بن الحسين بن علی ابن ابی طالب العلوی عن عباد بن صهيب عن جعفر بن محمد۔(۱)

ابوصلت ہروی کی اتباع کی ہے حسن بن علی تمیمی طبرستانی نے محمد بن صدقہ العنبری سے اور اس نے امام موسیٰؑ بن جعفرؑ سے۔ اور ابوصلت ہروی کی اتباع کی ہے احمد بن عیسی بن علی بن حسین بن علی بن حسین بن علی ابن ابی طالب علوی نے عباد بن صہیب سے اور اس نے امام جعفرؑ بن محمدؑ سے نقل کیا ہے۔

۴- محمد بن اسلم کندی طوسی

بیہقی شافعی نے بھی اس روایت کو اپنی اسناد کے ساتھ محمد بن اسلم کندی سے نقل کیا ہے۔(۲)

---

(۱) تہذیب الکمال فی اسماء الرجال، ج۱۱، ص۴۵۶، شمارہ ۴۰۹۷۔

(۲) شعب الایمان، ج۱، ص۴۸، ح۱۶-۱۷۔ الاعتقاد والھدایۃ الی سبیل الرشاد، ۱۸۰۔

۵-داؤد بن سلیمان قزوینی

۶-علی بن ازھر سرخسی

۷-ھیثم بن عبداللہ

ابن عدی جرجانی شافعی ''حسن بن علی بن صالح عدوی بصری'' کا زندگینامہ تحریر کرتے ہوئے جب حدیث ایمان تک پہنچتا ہے تو کہتا ہے:

وھذا عن علی بن موسی الرضا قد رواہ عنہ ابو صلت و داؤد بن سلیمان الغازی القزوینی و علی بن الازھر السرخسی و غیرھم و ھؤلاء اشھر من الھیثم بن عبداللہ الذی روی عنہ العدوی۔۔۔(۱)

اس حدیث کو ابوصلت ہروی، داؤد بن سلیمان غازی قزوینی اور علی ابن ازہر سرخسی وغیرہ نے حضرت امام رضاؑ سے نقل کیا ہے اور یہ حضرات ھیثم بن عبداللہ سے-کہ جس سے عدوی نے روایت نقل کی ہے-زیادہ مشہور ہیں۔

۸-احمد بن عباس صنعانی

ابن عدی جرجانی شافعی احمد بن عباس صنعانی کے طریق سے نقل کرتا ہے۔(۲)

۹-احمد بن عامر طائی

ابوالوفاء حلبی نے اپنی اس طریق کے ساتھ روایت کی طرف اشارہ کیا ہے۔(۳)

---

(۱) الکامل فی ضعفاء الرجال، ج۲،ص۳۴۲۔

(۲) الکامل فی ضعفاء الرجال، ج۱،ص۱۹۸۔

(۳) الکشف الحیث ،ص۴۹۔و ۲۲۰۔

۱۰-اسحاق بن راہویہ

۱۱-محمد بن رافع

۱۲-احمد بن حرب(۱)

۱۳-یحی بن یحی(۲)

۱۴-ابوزرعہ رازی(۳)

یہ چودہ افراد وہ ہیں کہ جنہوں نے مستقیم حدیث ایمان کو حضرت امام رضاؑ سے نقل کیا ہے۔

یہ بات بھی قابل عرض ہے کہ حدیث ایمان حضرت امام موسی کاظمؑ، حضرت امام جعفر صادقؑ اور صحابہ وتابعین سے بھی اسی مضمون کے ساتھ نقل ہوئی ہے کہ جو نہ صرف حدیث ایمان کے جعلی نہ ہونے اور بعض علماء کے تعصب، بے دلیل تضعیف اور حدیث کو بے اعتبار ثابت کرنے پر دلیل نہیں ہے بلکہ اس حدیث کے صحیح ہونے کی طرف راہنمائی ہے۔

۱-محمد بن صدقہ عنبری:

مزی شافعی کہتا ہے: اس نے حدیث ایمان کو حضرت امام موسی کاظمؑ سے نقل کیا ہے۔(۴)

۲-عباد بن صہیب:

مزی شافعی کہتا ہے: عباد، نے حدیث ایمان کو حضرت امام جعفر صادق سے نقل کیا ہے۔(۵)

---

(۱) تینوں موارد: المنتظم فی تواریخ الملوک والامم، ج۶، ص۱۲۵۔ تذکرۃ الخواص من الآئمۃ، ص۳۱۵۔

(۲) المنتظم فی تواریخ الملوک والامم، ج۶، ص۱۲۵۔

(۳) معارج الوصول الی معرفۃ فضل آل الرسول والبتول، ص۱۶۳۔

(۴) تھذیب الکمال فی اسماء الرجال، ج۱۱، ص۴۶۵، شمارہ ۴۰۰۳۔

(۵) تھذیب الکمال فی اسماء الرجال، ج۱۱، ص۴۶۵، شمارہ ۴۰۰۳۔ تحفۃ الاشراف بمعرفۃ الاطراف، ج۷، ص۳۶۶، ح۱۰۰۷۶۔

۳-مالک بن انس

۴-حماد بن زید

۵-احمد بن ابی خیثمہ

۶-عبداللہ بن احمد بن حنبل

محمد بن محمد جزری شافعی نے حدیث ایمان کی تائید اور اس کے جعلی نہ ہونے کے سلسلے میں حضرت امام رضاؑ کے علاوہ چار طریقوں سے نقل کیا ہے اور نہ صرف ان چار افراد پر اکتفاء کیا بلکہ حدیث کو متواتر جانا ہے اور کہتا ہے: ''وروی جماعة''۔(۱)

۷-علی بن غراب

سیوطی شافعی نے بھی اس حدیث کے دفاع میں علی بن غراب کے طریق سے نقل کی ہے۔(۲)

۸-ابوقتادہ، حارث بن ربعی انصاری صحابی

۹-عایشہ

ان دو طریقوں سے کنانی شافعی نے نقل کرتے ہوئے حدیث ایمان کی صحت کو ثابت کیا ہے۔(۳)

---

(۱) اسنی المطالب فی مناقب سیدنا علی ابن ابی طالب کرم اللہ وجھہ، ص۱۲۲-۱۲۶۔

(۲) اللآلی المصنوعة فی الاحادیث الموضوعة، ج۱، ص۳۸۔

(۳) تنزیہ الشریعة المرفوعة عن الاخبار الشنیعة الموضوعة، ج۱، ص۱۵۲۔

روایت ایمان کے متعلق اہل سنت کے نظریات

حدیث ایمان کے متعلق دو نظریے پائے جاتے ہیں:

بعض افراد کا یہ گمان ہے کہ حدیث ایمان کو فقط ابوصلت ہروی نے نقل کیا ہے اور ابوصلت کی شخصیت کی تضعیف کر کے اس حدیث کو بے اعتبار کرنے کی کوشش کی ہے جبکہ یہ انشاء اللہ آئے گا کہ اولاً ابوصلت ہروی کی تضعیف بے دلیل ادعی اور بے نتیجہ کوشش ہے چونکہ خود علماء و بزرگان اہل سنت کے نزدیک ابوصلت کی شخصیت قابل اعتماد ہے۔

ثانیاً روایت ایمان کو فقط ابوصلت نے نقل نہیں کیا بلکہ دوسرے افراد نے بھی اس حدیث کو حضرت امام رضاؑ سے نقل کیا ہے۔

اور ان کے مقابل، بہت سے علماء اہل سنت نے ابوصلت ہروی کی شخصیت سے دفاع کرتے ہوئے اس حدیث کو حدیث حصن کی طرح تقویت دی ہے اور راوی و روایت دونوں کو اعتبار بخشا ہے بلکہ بعض حضرات تو اس حدیث کے سلسلہ سند کو شفا بخش جانتے ہیں اور بعض نے اس حدیث کی سند سے شفاء یابی کا تجربہ بھی حاصل کیا ہے۔

موافقین

اس نظریے میں علماء و بزرگان اہل سنت کی دو طرح کی تائید پیش کی جائے گی۔

اول: حدیث ایمان کے متعلق تائیدات و اظہار نظر۔

دوم: عملی تائیدات، یعنی ان لوگوں کے نظریات کہ جنہوں نے صرف اظہار نظر ہی پر اکتفاء نہیں کیا بلکہ حدیث ایمان کی عظمت کو مدنظر رکھتے ہوئے اس کی سند کو شفاء بخش جانا اور شفاء بخشی کا تجربہ بھی کیا ہے جیسے ابو حاتم رازی شافعی کہ جس کا دعوی ہے کہ احمد بن حنبل نے ایسا کیا ہے اور مریض نے حدیث سلسلۃ الذھب کی سند سے شفاء پائی ہے۔

محمد بن ادریس شافعی (۲۰۴ھ):

محمد بن ادریس شافعی اہل سنت کے فقہی چار اماموں میں سے ایک ہے اس نے اس حدیث کو قبول کیا ہے اور اس کی شرح کی ہے۔(۱)

عبداللہ بن طاہر (۲۳۰ھ):

وہ خراسان، جرجان (گرگان)، ری وطبرستان (مازندران) کا حاکم تھا۔(۲)

اس کا بیٹا محمد بن عبداللہ کہ جو شاعر وادیب ہے کہتا ہے: میں ایک روز اپنے باپ کے پاس کھڑا تھا احمد بن حنبل، اسحاق بن راہویہ اور ابوصلت ہروی بھی ہمارے پاس موجود تھے، میرے باپ نے کہا: ''لیحدثنی کل رجل منکم بحدیث ''آپ میں سے ہر ایک میرے لیے کوئی حدیث بیان کریں۔ ابوصلت نے حدیث ایمان کو سلسلۃ الذھب والی سند کے ساتھ نقل کرتے ہوئے بیان کیا۔ محمد بن عبداللہ کہتا ہے:

بعض حاضرین نے تعجب اور خوشی کا اظہار کرتے ہوئے اس حدیث کی سند کے متعلق کہا:

ما ھذا الاسناد۔ یہ کیا سلسلہ سند ہے! میرے باپ نے ان کے جواب میں کہا:

ھذا سعوط المجانین ، اذا سعط به المجنون برأ۔(۳)

یہ اسناد دیوانوں کے لیے دوا ہے کہ جب کوئی دیوانہ اس دوا کو استعمال کرے تو شفا پا جائے گا۔

ظاہراً تعجب کرنے والا فرد احمد بن حنبل ہے اس لیے کہ حضرت امام رضاؑ کی نیشاپور تشریف آوری پر اسحاق بن راہویہ نے یہ سلسلہ سند سنا تھا لہذا اس کے لیے کوئی تعجب کا مقام نہیں تھا۔

---

(۱) معارج الوصول الی معرفۃ فضل آل الرسول والبتول، ص۱۶۳۔

(۲) تاریخ بغداد، ج۹، ص۴۸۳-۴۸۸، شمارہ ۵۱۱۴۔

(۳) تاریخ بغداد، ج۵، ص۴۱۸-۴۱۹، شمارہ ۲۹۳۲۔

ابوصلت ہروی (۲۳۶ھ):

ابوصلت ہروی کہتا ہے: لو قرئ هذا الاسنادعلی مجنون لافاق۔(۱)

اگر اس اسناد کو کسی دیوانے پڑھا جائے تو وہ شفاء پا جائے گا۔

احمد ابن حنبل (۲۴۱ھ):

وہ اہل سنت کے چار فقہی اماموں میں سے ایک ہے، کہتا ہے:

لـو قـرأت هـذا الاسناد علی مجنون لبرئ من جنونه ۔ و قیل: انه قرأه علی مصروع افاق۔(۲)

اگر ان اسناد کو کسی دیوانے پر پڑھوں تو وہ اس دیوانگی سے افاقہ پا جائے اور عاقل ہو جائے۔اور کہا گیا ہے کہ اس نے ایک ایسے شخص پر پڑھا تو وہ شفا پا گیا۔

دوسری جگہ اس طرح آیا ہے: لو قرأت هذا الاسناد علی مجنون لبرئ من جنته۔(۳)

اگر ان اسناد کو کسی دیوانے پر پڑھوں تو وہ اس دیوانگی سے افاقہ پا جائے اور عاقل ہو جائے۔

ابن ماجہ قزوینی (۲۷۵ھ):

ابن ماجہ بھی اس حدیث کو ابوصلت ہروی سے نقل کرتے ہوئے کہتا ہے:

لو قرئ هذا الاسنادعلی مجنون لافاق۔(۴)

اگر یہ اسناد کسی دیوانے پر پڑھے جائیں تو وہ شفا پا جائے گا۔

---

(۱) سنن ابن ماجہ، ج۱، ص۲۵۔

(۲) نزهة المجالس ومنتخب النفائس، ج۱، ص۲۳۔

(۳) الصواعق المحرقة، ج۲، ص۵۹۵۔ جواهر العقدین فی فضل الشرفین، ص۳۴۶۔ نثر الدرر، ج۱، ص۳۶۲۔

(۴) سنن ابن ماجہ، ج۱، ص۲۵۔

ابوحاتم رازی شافعی (۲۷۷ھ):

عبدالرحمٰن بن ابی حاتم اپنے باپ ابوحاتم سے نقل کرتے ہوئے کہتا ہے:

انه (احمد بن حنبل) قرأ ه على مصروع فافاق۔(۱)

بیشک اس نے ایک دیوانے پر ان اسناد کو پڑھا وہ شفا پا گیا۔

یحی بن حسین حسنی (۲۹۸ھ):

وہ حضرت امام رضاؑ کے صحیفہ کی اسناد کے بارے میں ہمیشہ کہتا تھا:

لو قرئ هذا الاسناد فی اذن مجنون لافاق۔(۲)

اگر یہ اسناد کسی دیوانے کے کان میں پڑھے جائیں تو وہ شفا پا جائے گا۔

ابوبکر محمد بن حسین آجری شافعی (۳۶۰ھ):

هذا الاسناد اصل كبير فی الايمان عند الفقها ء المسلمين قديماً و حديثاً و هو موافق لكتاب الله عزو جل ، لا يخالف هذاالامر الا مرجی خبيث مهجور مطعون عليه فی دينه وانا ابين معنی هذا ليعلمه جميع من نظر فيه نصيحة للمؤمنين۔(۳)

یہ حدیث متقدمین ومتاخرین فقہاء مسلمین کے نزدیک باب ایمان میں ایک مہمترین اصل ہے کہ جو قرآن کریم سے کاملاً مطابقت رکھتی ہے، اس امر میں انسان خبیث ومطرود وبے دین کے علاوہ کوئی بھی مخالفت نہیں کرسکتا، میں ابھی اس کی توضیح وتشریح کرتا ہوں کہ جو لوگ بھی اس حدیث میں دقت نظر سے کام لیتے ہیں سمجھ لیں اور یہ مؤمنین کے لیے نصیحت قرار پائے۔

وہ اس حدیث کو قرآن وسنت کے مطابق قرار دیتے ہوئے صحیح جانتا ہے۔

---

(۱) نثر الدرر، ج۱، ص۳۶۲۔ جامع الشمل فی حدیث خاتم الرسل، ج۱، ص۳۰۔

(۲) ربیع الابرار ونصوص الاخبار، ج۴، ص۹۷، ح۳۴۶۔ (۳) الاربعین حدیثا، ص۴۷، ح۱۲۔

دار قطنی شافعی (۳۸۵ھ):

اگر چہ اس کے لیے مشہور یہ ہے کہ وہ ابوصلت کا مخالف ہے لیکن اس نے اصل روایت کو قبول کیا ہے اور حدیث ایمان کو نقل کرنے کے بعد کہتا ہے: فی نسخ کثیر ۃ عندنا عنه بهذا الاسناد۔(۱)

ابوصلت سے اس روایت کے متعدد نسخے ہمارے پاس موجود ہیں۔

منصور بن حسین آبی (۴۲۱ھ):

وہ اس حدیث کی عظمت میں احمد بن حنبل وابوحاتم رازی شافعی کے کلام کو نقل کرتا ہے۔(۲)

ابونعیم اصفہانی شافعی (۴۳۰ھ):

ابونعیم اصفہانی بھی اس حدیث کے متعلق احمد بن حنبل سے ایک جامع وتعجب خیز بیان نقل کرتے ہوئے کہتا ہے: قال لی احمد بن حنبل : ان قرأت هذا الاسناد علی مجنون لبرئ من جنونه وما عیب هذا لحدیث الا جودة اسناده۔(۳)

احمد بن حنبل نے مجھ سے کہا: اگر اس حدیث کی اسناد کو کسی دیوانے پر پڑھو تو اس کی دیوانگی ختم ہو جائے گی اور اس حدیث میں عیب یہی ہے کہ اس کے اسناد بہت پاک ہیں۔

بیہقی شافعی (۴۵۸):

اس نے حدیث ایمان کو نقل کیا، اور اس کو قبول کیا ہے، اور اس حدیث کی صحت کو ثابت کرنے کے لیے اس سلسلہ میں دوسری احادیث نبوی سے استفادہ کیا ہے۔(۴)

---

(۱) المؤتلف والمختلف، ج۲،ص۱۱۱۵۔

(۲) نثر الدرر، ج۱،ص۳۶۲۔

(۳) تاریخ اصفہان (ذکر اخبار اصبھان)، ج۱،ص۱۷۴،شمارہ۱۷۳۔

(۴) شعب الایمان، ج۱،ص۴۸، ح۱۶-۱۷۔

شجری جرجانی حنفی (۴۹۹ھ):

شجری جرجانی بھی اپنی اسناد کے ساتھ ابو حاتم وعبدالسلام (ابوصلت) سے نقل کرتے ہوئے کہتا ہے:

هذاالاسناد لوقرئ فی اذن مجنون لبرئ۔(۱)

ابوحامد محمد غزالی شافعی (۵۰۵ھ):

اس نے حدیث سلسلۃ الذھب کی تائید کے ساتھ ساتھ اس کی شرح وتفسیر بھی کی ہے۔(۲)

زمخشری حنفی (۵۳۸ھ):

وہ حدیث سلسلۃ الذھب کی عظمت میں یحی بن حسین حسنی کے قول کو نقل کرتا ہے کہ وہ ہمیشہ کہتا تھا:

لوقرئ هذا الاسناد فی اذن مجنون لافاق۔(۳)

اگر یہ اسناد کسی دیوانے کے کان میں پڑھے جائیں وہ یقیناً عقلمند ہوجائے گا۔

ابن قدامہ مقدسی حنبلی (۶۲۰ھ):

قال بعض اهل العلم :لوقرئ هذا الاسنادعلی مجنون لبرئ۔(۴)

بعض اہل علم کا کہنا ہے کہ اگر یہ اسناد کسی دیوانے پر پڑھے جائیں وہ یقیناً شفایاب ہوجائے گا۔

---

(۱) الامالی الخمیسۃ، ج۱،ص۱۳، ح۷۔

(۲) شرح حدیث سلسلۃ الذھب، اس کتاب کا خطی نسخہ محمد یہ لائبریری ہندوستان میں ہے، دیکھیے: اھل بیت فی المکتبۃ العربیہ،ص۲۳۷،شمارہ۲۹۱۔

(۳) ربیع الابرار ونصوص الاخبار، ج۴،ص۹۷، ح۳۴۶۔

(۴) التبیین فی انساب القرشیین،ص۱۳۳۔

سبط ابن جوزی حنفی (۶۵۴ھ):

اس نے اس حدیث کی عظمت میں ابن قدامہ مقدسی حنبلی کے کلام کو دہرایا ہے اور کہتا ہے:

لو قرئ هذا الاسنادعلى مجنون لبرئ۔(۱)

اگر یہ اسناد کسی دیوانے پر پڑھے جائیں وہ یقیناً عقلمند ہو جائے گا۔

جمال الدین مزی شافعی (۷۴۲ھ):

روى له ابن ماجه هذاالحديث وقد وقع لنا عنه عالياً جداً۔(۲)

ابن ماجہ نے اس حدیث کو نقل کیا، اس کی سند بہت عالی اور ہمارے لیے ثابت ہے۔

پھر اس روایت کے تمام اسناد و طرق کو بیان کرتا ہے۔

ابن حجر عسقلانی شافعی (۸۵۲ھ):

ابن حجر عسقلانی شافعی نے بھی حدیث ایمان کی تائید میں حضرت امام رضاؑ کے علاوہ دوسرے طریق سے حضرت امام موسی کاظمؑ سے بھی نقل کی ہے۔(۳)

محمد بن محمد جزری شافعی (۸۳۳ھ):

حديث حسن اللفظ و المعنى ، رجال اسناده ثقات غير عبدالسلام بن صالح الهروى و هو خادم الامام على بن موسى الرضا ، فانهم ضعفوه مع صلاحه وقد روى ايضاً عن مالك و حماد بن زيد و روى عنه احمد بن ابى خثيمة وعبد الله ابن الامام احمد و جماعة ---

---

(۱) تذکرۃ الخواص من الآئمۃ بذکر خصائص الآئمۃ، ص ۳۱۵۔

(۲) تہذیب الکمال فی اسماء الرجال، ج ۱۱، ص ۴۶۵، شمارہ ۴۰۰۳۔

(۳) تحفۃ الاشراف بمعرفۃ الاطراف، ج ۷، ص ۳۶۶، ح ۱۰۰۷۶۔

--- وفی الجملة حیث صح السند الی احد هذه الذریة الطاهرة اماصحیح او حسن او صالح یحتج به---(۱)

یہ حدیث لفظ ومعنی کے اعتبار سے حسن وقابل قبول ہے اس کی سند کے رجال بھی ثقہ ہیں سوائے ابوصلت ہروی کے کہ وہ امام رضاؑ کا خادم تھا اور اس کے یہاں صلاحیت وشائستگی کے باوجود بھی علماء نے اس کی تضعیف کی ہے، اس روایت کو مالک اور حماد بن زید نے بھی نقل کیا ہے کہ اس نے احمد بن ابی خثیمہ، امام احمد بن حنبل کے فرزند عبداللہ اور محدثین کی ایک جماعت نے روایت کی ہے۔۔۔ بہرحال جب بھی کوئی روایت سلسلہ سند کے اعتبار سے صحیح ہوتے ہوئے اہل بیت اطہارؑ کے کسی فرد تک پہنچ جائے تو وہ حدیث یا صحیح ہے یا حسن ہے یا یہ صلاحیت رکھتی ہے کہ اس سے احتجاج کیا جائے۔

عبدالرحمٰن صفوری شافعی (۸۹۴ھ):

وہ اس حدیث کی عظمت میں احمد بن حنبل وابوحاتم رازی شافعی کے کلام کو نقل کرتا ہے۔(۲)

سیوطی شافعی (۹۱۱ھ):

وہ حدیث مذکورہ کی تقویت میں کہتا ہے:

والحق انه لیس بموضوع۔(۳)

حق یہ ہے کہ یہ حدیث گھڑی ہوئی وجعلی نہیں ہے۔

اور اس حدیث کی تائید میں اس حدیث کے دوسرے طرق بھی نقل کرتا ہے۔(۴)

---

(۱) اسنی المطالب فی مناقب سیدنا علی ابن ابی طالب کرم اللہ وجھہ، ص۱۲۲-۱۲۶۔

(۲) نزھۃ المجالس ومنتخب النفائس، ج۱، ص۲۳۔

(۳) شرح سنن ابن ماجہ، ج۱، ص۵۲۔

(۴) اللآلی المصنوعۃ فی الاحادیث الموضوعۃ، ج۱، ص۳۸۔

ابوالحسن علی بن محمد کنانی شافعی (۹۶۳ھ):

وہ دو مرحلوں میں اس روایت کی صحت کو ثابت کرتا ہے، پہلے مرحلے میں ابوصلت کی شخصیت کو تقویت دیتا ہے اور پھر سند روایت اور حدیث کو استحکام بخشتا ہے۔

دوسرے مرحلے میں حدیث حصن و ایمان کے مضمون و مطالب پر دو شاہد پیش کرتا ہے تا کہ کوئی اعتراض کی گنجائش باقی نہ رہے، وہ کہتا ہے:

ولهما شاهدان : حديث ابى قتادة : من شهد ان لااله الا الله ، ان محمداً رسول الله فذل بها لسانه و اطمأن بها قلبه ، لم تطعمه النار، اخرجه البيهقى فى الشعب ۔

و ثانيهما من حديث عايشة : الايمان بالله اقرار باللسان و تصديق بالقلب و عمل بالاركان ، اخرجه الديلمى و الشيرازى فى الالقاب۔(۱)

ان دونوں روایات کے دو شاہد ہیں ایک حدیث ابوقتادہ کہ جو لااله الا الله و محمد رسول الله کی شہادت دے اور ان پر دل سے ایمان بھی رکھتا ہو تو اس کو جہنم کی آگ نہیں کھا سکتی، اس روایت کو بیہقی نے کتاب شعب الایمان میں نقل کیا ہے۔

دوسری عایشہ سے روایت ہے کہ خدا پر ایمان، زبان سے اقرار، دل سے تصدیق اور اعضاء و جوارح سے عمل کرنے کا نام ہے، اس روایت کو دیلمی و شیرازی نے کتاب القاب میں نقل کیا ہے۔

ابوالحسن سندی حنفی (۱۱۳۸ھ):

وہ صحیح بخاری و سنن ابن ماجہ کا شارح ہے اس حدیث کی تائید میں علماء و بزرگان اہل سنت کے کلام کو بیان کرتا ہے اور ابوصلت کی روائی حیثیت سے دفاع کرتا ہے اور سیوطی شافعی سے نقل کرتے ہوئے اس حدیث کی تقویت میں کہتا ہے:

---

(۱) تنزیہ الشریعۃ المرفوعۃ عن الاخبار الشنیعۃ الموضوعۃ، ج۱، ص۱۵۲۔

والحق انه ليس بموضوع۔(۱)

حق وانصاف یہ ہے کہ یہ حدیث جعلی وگھڑی ہوئی نہیں ہے۔

عجلونی شافعی (۱۱۶۲ھ):

ابن جوزی حنبلی کے کلام کی رد میں کہ اس نے ابوصلت ہروی کی تضعیف کرتے ہوئے اس حدیث کو جعلی قرار دیا ہے،عجلونی ابوصلت ہروی کی شخصیت کے دفاع اوراس حدیث کی تائید میں کہتا ہے:

ومن لطائف اسناد ه رواية الابناء عن الآباء فی جميعه ۔(۲)

اس روایت کی اسناد میں ظریف ولطیف نکتہ یہ ہے کہ پورے سلسلہ سند میں اولاد اپنے آباء واجداد سے نقل کرتے ہیں۔

اہل سنت کے علماء وبزرگان کے کلام وتائیدات کو مدنظر رکھتے ہوئے سیوطی شافعی کا کلام کہ جو اس نے کہا کہ''والحق انه ليس بموضوع ''(۳) کاملاً معنی دارنظر آتا ہےاورابن جوزی حنبلی و دوسرے لوگوں کا نظریہ کہ یہ حدیث جعلی ومن گھڑت ہے باطل ہے بلکہ یقیناً یہ حدیث امام رضاؑ کی فرمائشات میں سے ہے۔

قندوزی حنفی (۱۲۹۴ھ):

وہ بھی ابن ماجہ کی روایت کونقل کرکےاورابوصلت کااس روایت کے بارے میں نظریہ پیش کرکے حدیث ایمان کی تائید کرتا ہے۔(۴)

---

(۱) شرح سنن ابن ماجہ،ج۱،ص۵۲۔

(۲) کشف الخفاء ومزیل الالباس عما اشتھر من الاحادیث علی السنۃ الناس،ج۱،ص۲۲۔

(۳) شرح سنن ابن ماجہ،ج۱،ص۵۲۔

(۴) ینابیع المودۃ لذوی القربی،ج۳،ص۱۲۳-۱۲۴۔

محمد فؤاد عبدالباقی حنفی:

وہ بھی سنن ابن ماجہ کے تعلیقہ میں حدیث مذکور کے ذیل میں ابوصلت کے جملہ کی تکرار کر کے اس حدیث کی تائید کرتا ہے اور کہتا ہے:

لبرأ من جنونه لما فی الاسناد من خیار العباد و هم خلاصة اهل بیت النبوة رضی الله تعالی عنهم۔(۱)

یقیناً دیوانہ شفاء پا جائے گا چونکہ اس روایت کی اسناد میں وہ نیک بندے ہیں کہ جو اہل بیت نبوت کے خلاصہ و نچوڑ ہیں خداوندان سے راضی ہو۔

ڈاکٹر فاروق حمادہ:

وہ بھی حدیث ایمان کو نقل کر کے ابوصلت کے کلام کی تائید میں کہتا ہے:

لانه سلسلة آل البیت ،رضی الله عنهم۔(۲) اس لیے کہ یہ سلسلہ اہل بیت علیہم السلام ہے

مخالفین

جیسا کہ بیان ہو چکا ہے کہ بعض افراد کو یہ گمان ہے کہ حدیث ایمان کو فقط ابوصلت ہروی نے نقل کیا ہے اور وہ اس کا تنہا راوی ہے لہذا ابوصلت کی تضعیف کر کے اس حدیث کو بے اعتبار ثابت کرنے کی کوشش کی ہے، لہذا یہاں پر ابوصلت ہروی کا مقام اور ان کی روائی حیثیت خود اہل سنت کے نزدیک پیش کرتے ہیں۔

---

(۱) تعلیقۃ سنن ابن ماجہ، ج۱،ص۲۶، ح۶۵۔

(۲) پاورقی کتاب ابونعیم اصفہانی، الضعفاء، ص۱۰۸۔

اہل سنت کے نزدیک ابوصلت ہروی کی روائی حیثیت

جیسا کہ واضح ہے کہ بعض افراد بغیر تحقیق وجستجو اور اپنے علماء کے نظریات پر توجہ کیے بغیر یہ گمان کرتے ہیں کہ حدیث حصن وایمان کو فقط ابوصلت ہروی نے نقل کیا ہے اور وہ اس کا تنہا راوی ہے لہذا ابوصلت کی تضعیف کر کے اس حدیث کو بے اعتبار ثابت کرنے کی کوشش کی ہے، جب کہ یہ بات واضح ہو چکی ہے کہ اس روایت کے نہ صرف ابوصلت تنہا راوی بلکہ یہ دونوں حدیثیں ابوصلت کے علاوہ تقریباً دس طریقوں سے نقل ہوئی ہیں۔

بنابرایں لازم ہے کہ جو بے بنیاد اور جھوٹی تہمتیں ابوصلت پر لگی ہیں ان سے دفاع کیا جائے اور ان کی موقعیت، ان کی روایات اور ان کے مذہب کے سلسلے میں گفتگو اور ان کے متعلق علماء اہل سنت کے نظریات پیش کیے جائیں۔

ابوصلت ہروی مذہب شیعہ اثنا عشری کے نزدیک کاملاً ثقہ، صادق اور ان کی روایات صحیح ہیں۔(۱) لیکن اہل سنت کی کتب رجال میں ابوصلت کی شخصیت اور ان کی روایات کے متعلق تقریبا تین نظریے پائے جاتے ہیں۔

پہلا نظریہ:

ابوصلت کی روائی حیثیت اور ان کی روایات کے موافق حضرات، مذہبی تعصب کو نظر انداز کر کے ابوصلت کی روائی حیثیت اور ان کی روایات کو قبول کیا ہے۔

دوسرا نظریہ:

یہ ان افراد کا نظریہ ہے کہ جو ابوصلت کی روائی حیثیت کو قبول کرتے ہوئے ان سے نقل شدہ روایات پر انتقاد واعتراض کرتے ہیں لیکن ابوصلت پر جھوٹ وجعل کی تہمت نہیں لگاتے۔

---

(۱) رجال النجاشی، ص ۲۴۵، شمارہ ۶۴۳۔ اختیار معرفۃ الرجال، ص ۶۱۵ و ۶۱۶ ح ۱۱۴۸ و ۱۱۴۹۔

تیسرا نظریہ:

ابوصلت کی روائی حیثیت اور ان کی روایات کے مخالف افراد۔ یہ وہ لوگ ہیں کہ جنہوں نے مذہبی تعصب کو علمی میدان میں دخیل کیا اور ابوصلت کو بے بنیاد و بغیر کسی دلیل کے فقط محبت اہل بیت کے جرم میں اور ان کے فضائل کی روایات کو نقل کرنے کے جرم انتہائی شدت کے ساتھ تضعیف کی اور ابو صلت کو جھوٹا اور حدیث گھڑنے والا قرار دیا ہے۔

پہلا نظریہ

اہل سنت کے نظریات میں ابوصلت ہروی کا مذہب سنی اور مذہب شیعہ کی طرف تمائل کے طور پر پیش کیا گیا ہے، وہ اپنے ہم عصر اور بعد کے علماء اہل سنت کے نزدیک ایک خاص مقام رکھتے ہیں۔

تاریخی واقعات سے معلوم ہوتا ہے کہ ابوصلت، علماء اہل سنت کے نزدیک بلند و بالا شخصیت کے حامل ہیں، وہ اسحاق بن راہویہ، احمد بن حنبل (۱)، عبدالرزاق صنعانی، یحی بن معین، احمد بن سیار مروزی شافعی (۲)، محمد بن عبداللہ بن نمیر (۳) اور محمد بن یعقوب فسوی (۴) کے بہت قریبی دوست تھے۔

اہل سنت کے علماء و مصنفین نے مذہبی تعصب سے چشم پوشی کرتے ہوئے اور ابوصلت کے شیعہ مذہب کی طرف تمایل کو دیکھتے ہوئے بھی ابوصلت کی روایت اور ان کی روائی حیثیت کی تقویت و توثیق کی ہے، اور ابوصلت کی روایات کو قبول کرنے کے علاوہ اہل سنت کے بزرگوں نے ان سے روایات کو نقل کیا ہے اور ان کو عظیم القاب و اوصاف سے نوازا ہے جیسے حافظ، ثقہ، مامون، صدوق، ضابط، ادیب، فقیہ، عالم، رحال، وغیرہ۔ اس نظریہ کے علماء اہل سنت یہ ہیں:

---

(۱) تاریخ بغداد، ج ۵، ص ۴۱۸-۴۱۹، شمارہ ۲۹۳۲۔

(۲) تاریخ بغداد، ج ۱۱، ص ۴۷۔

(۳) معرفۃ الرجال، ج ۱، ص ۹۷، شمارہ ۲۳۱۔ (۴) المعرفۃ والتاریخ، ج ۳، ص ۷۷۔

یحی بن معین ،عجلی ،ابو داؤد سجستانی (صاحب سنن) ابن شاہین، حاکم نیشاپوری شافعی ، حاکم حسکانی حنفی ،ابویعلی قزوینی ،مزی شافعی ،محمد بن محمد جزری شافعی ،ابن حجر عسقلانی شافعی ،ابن تغزی حنفی ، ابوالحسن کنانی شافعی ،ابوالحسن سندی حنفی اور عجلونی شافعی۔

یحی بن معین (۲۳۳ھ):

حاکم نیشاپوری شافعی کہتا ہے: وثقه امام اهل الحديث ، يحى بن معين۔(۱)

امام اہل حدیث یحی بن معین نے ابوصلت کی توثیق کی ہے۔

یحی بن معین نے مختلف مقامات پر ابوصلت ہروی کی شخصیت اور روائی حیثیت سے دفاع کیا ہے اور ان کو شیعہ جانتے ہوئے بھی ان کے بارے میں اس طرح کی عبارات وکلام اپنی زبان پر جاری کیا ہے کہ جو ان کی وثاقت کے علاوہ ان کی عظمت وجلالت پر دلالت کرتا ہے۔

عباس بن محمد دوری کہتا ہے:

سألت يحى بن معين، عن ابى صلت الهروى ، فقال ثقه ۔(۲) میں نے یحی بن معین سے ابوصلت ہروی کے بارے میں معلوم کیا تو انہوں نے جواب دیا وہ ثقہ ہیں۔

صالح بن محمد کہتا ہے کہ یحی بن معین سے ابوصلت کے بارے میں سوال کیا تو جواب دیا کہ ''صدوق ''وہ سچے ہیں۔(۳)

ابن محرز کہتا ہے: ابوصلت کے بارے میں یحی بن معین سے دریافت کیا تو جواب ملا: ليس ممن يكذب ۔(۴) وہ ان لوگوں میں سے نہیں ہیں کہ جو جھوٹ بولیں۔

---

(۱) تھذیب التھذیب، ج۶،ص۲۸۶-۲۸۷،شمارہ۶۱۹۔

(۲) و (۳) المستدرک علی الصحیحین ،ج۳،ص۱۳۷،ح۴۶۳۷/۲۳۵۔

(۴) معرفۃ الرجال، ج۱،ص۷۹،شمارہ۲۳۱۔

ابراہیم بن عبداللہ بن جنید کہتا ہے: یحی بن معین سے ابوصلت ہروی کے متعلق سوال کیا تو جواب دیا: قد سمع و ما اعرفه بالكذب۔(۱)

اس نے روایات سنیں ہیں اور میں اس کو جھوٹا نہیں مانتا۔

وہی دوسری جگہ پر یحی بن معین سے اس طرح نقل کرتا ہے:

لم يكن ابو صلت عندنا من اهل الكذب۔(۲)

ابوصلت ہمارے نزدیک جھوٹوں میں سے نہیں ہیں۔

ایک اور جگہ پر یحی بن معین یقین کے ساتھ کہتا ہے: ثقة صدوق الا انه يتشيع۔(۳)

ابوصلت ثقہ اور سچے تھے لیکن وہ مذہب شیعہ کی طرف مائل تھے۔

یحی بن معین نے متعدد و مختلف مقامات پر ابوصلت سے دفاع کیا ہے ان سے جھوٹ و جعلی حدیث جیسی تہمتوں کو دور کیا ہے۔

ابوصلت پر جعل حدیث کی تہمتوں میں سے ایک تہمت حدیث ''انا مدينة العلم و علی بابها '' کے جعل و گھڑنے کی ہے کہ بعض علماء اہل سنت اس حدیث کو ابوصلت ہروی کی من گھڑت مانتے ہیں جب کہ یحی بن معین کی توثیق سے ابوصلت سے یہ تہمت مرتفع ہے اگر چہ اس حدیث کے اور دوسرے طرق و اسناد بھی موجود ہیں۔(۴)

---

(۱) و (۲) تاریخ بغداد، ج ۱۱، ص ۴۸-۴۹، شمارہ ۵۷۲۸۔ تھذیب الکمال فی اسماء الرجال، ج ۱۱، ص ۴۶۳، شمارہ ۴۰۰۳۔ تھذیب التھذیب، ج ۶، ص ۲۸۶-۲۸۷، شمارہ ۶۱۹۔

(۳) تاریخ بغداد، ج ۱۱، ص ۴۸-۴۹، شمارہ ۵۷۲۸۔ تھذیب الکمال فی اسماء الرجال، ج ۱۱، ص ۴۶۳، شمارہ ۴۰۰۳۔ تھذیب التھذیب، ج ۶، ص ۲۸۶-۲۸۷، شمارہ ۶۱۹۔

(۴) تاریخ بغداد، ج ۱۱، ص ۴۸-۴۹، شمارہ ۵۷۲۸۔ تھذیب الکمال فی اسماء الرجال، ج ۱۱، ص ۴۶۳، شمارہ ۴۰۰۳۔ تھذیب التھذیب، ج ۶، ص ۲۸۶-۲۸۷، شمارہ ۶۱۹۔ المستدرک علی الصحیحین، ج ۳، ص ۱۳۷، ح ۴۶۳۷/۲۳۵۔

صالح بن محمد کہتا ہے: رأيت ابن معين جاء الى ابى صلت فسلم عليه۔(۱)

میں نے یحی بن معین کو دیکھا کہ وہ ابوصلت ہروی کے پاس آئے اور ان کو سلام کیا۔

یہ واقعہ اس بات کی طرف اشارہ ہے کہ ابوصلت اس مقام ومنزلت پر تھے کہ امام اہل حدیث ان کی خدمت میں آتے اور سلام کرتے تھے۔

عجلی (۲۶۱ھ):

ابوصلت کے بارے میں کہتا ہے: عبدالسلام بن صالح بصرى ثقة ۔(۲)

عبدالسلام بن صالح اہل بصرہ اور ثقہ ہیں۔

ابوداؤد سجستانی (۲۷۵ھ):

وہ ابوصلت کے بارے میں کہتے ہیں: كان ضابطاً۔(۳)

ابوصلت حدیث کو نقل وضبط کرنے میں بہت دقت کرتے تھے۔

محمد بن اسماعیل بخاری (۲۵۶ھ):

وہ ابوصلت ہروی کے ہم عصر تھے اور ان ہی کے علاقے میں رہتے تھے اور ابوصلت ہروی و دیگر علماء اہل سنت سے بہت اچھے وقریبی تعلقات تھے، ابوصلت ہروی کے رحال ہونا اور فضائل کے باب میں ابوصلت کا روایات نقل کرنا یقیناً بخاری کے کانوں تک پہنچا ہوگا لیکن پھر بھی بخاری نے ابوصلت کو اپنی کتاب ضعفاء میں نقل نہیں کیا کہ یہ اس بات کی دلیل ہے کہ بخاری کی نظر میں ابوصلت کے یہاں کوئی مشکل نہیں تھی۔

---

(۱) المستدرک علی الصحیحین، ج۳، ص۱۳۷، ح۴۶۳۷/۲۳۵۔ سیر اعلام النبلاء، ج۸، ص۴۴۸۔

(۲) تاریخ الثقات، ص۳۰۳، شمارہ۱۰۰۲۔

(۳) تہذیب التہذیب، ج۶، ص۲۸۶-۲۸۷، شمارہ۶۱۹۔

ابن شاہین (۳۸۵ھ):

وہ اگر چہ ابوصلت کے شیعہ ہونے کے بارے میں یقین رکھتا ہے لیکن تعصب سے چشم پوشی کرتے ہوئے ابوصلت کی سچائی و وثاقت سے توصیف کرتا ہے:

ابو الصلت الهروی ثقة صدوق الا انه یتشیع۔(۱)

ابوصلت ہروی ثقہ وصدوق ہیں مگر شیعیت کی طرف مائل ہیں۔

حاکم نیشاپوری شافعی (۴۰۵ھ):

وہ ابوصلت کے بارے میں کہتا ہے: وثقه امام اهل الحدیث ، یحی بن معین۔(۲)

امام اہل حدیث یحی بن معین نے ابوصلت کی توثیق کی ہے۔

پھر دوسری جگہ کہتا ہے: ابو الصلت ثقة مامون ۔(۳) ابوصلت ثقہ وامین ہیں۔

ابویعلی قزوینی (۴۵۶ھ):

وہ علماء اہل سنت کے نزدیک ابوصلت ہروی کے مقام ومنزلت کی طرف اشارہ کرتا ہے اور کہتا ہے:

---

(۱) تاریخ اسماء الثقات، ص ۲۲۷، شمارہ ۸۳۶۔

(۲) دیکھیے: تھذیب التھذیب ، ج ۶، ص ۲۸۶-۲۸۷ ، شمارہ ۶۱۹۔ المستدرک علی الصحیحین ، ج ۳، ص ۱۳۷، ح ۴۶۳۷/۲۳۵۔

(۳) المستدرک علی الصحیحین ، ج ۳، ص ۱۳۷، ح ۴۶۳۷/۲۳۵۔ یہ بات بھی قابل ذکر ہے کہ ابن حجر عسقلانی نے حاکم نیشاپوری کی طرف یہ نسبت دی ہے کہ وہ ابوصلت کے بارے میں کہتا ہے ''روی المناکیر''۔ دیکھیے: تھذیب التھذیب ، ج ۶، ص ۲۸۷۔ لہذا اگر یہ نسبت صحیح بھی ہو بالفرض تو بھی حاکم کے ابوصلت کو امین وثقہ ماننے سے کوئی تعارض نہیں ہے چونکہ اہل سنت کے نزدیک روایات منکر کو نقل کرنے سے وثاقت پر دھبہ نہیں آتا۔ دیکھیے: لکھنوی حنفی: الرفع والتکمیل فی الجرح والتعدیل، ص ۹۸، ایقاظ ۷۔

ابو الصلت مشهور روی عنه الکبار۔(۱)

ابوصلت مشہور ہیں اوران سے بزرگوں نے روایات نقل کی ہیں۔

حاکم حسکانی حنفی (حدوداً ۴۹۰ھ):

ابـو الصلت عبدالسلام بن صالح الهرو ی و هو ثقة اثنی علیه یحی ابن معین و قال هو صدوق۔(۲)

ابوصلت عبدالسلام بن صالح ہروی ثقہ ہیں اوران کی تعریف وتوصیف یحی ابن معین نے بھی کی ہےاور کہا ہے کہ وہ سچے ہیں۔

مزی شافعی (۷۴۲ھ):

وہ ابوصلت ہروی کو بہت ہی احترام کے ساتھ یاد کرتا ہےاور کہتا ہے:

ابـو الـصلت الهروی سکن نیشاپور و رحل فی طلب الحدیث الی البصرة والکوفة والـحـجـاز و الیـمن وهو خادم علی بن موسی الرضی ، ادیب فقیه عالم ـــ روی له ابن ماجه هذا الحدیث (حدیث ایمان) وقد وقع لنا عنه عالیاً جداً۔(۳)

ابوصلت ہروی نیشاپور میں رہتے تھےاور طلب حدیث میں بصرہ،کوفہ،حجازاور یمن کا سفر کیا آپ امام علی بن موسی الرضی (الرضاؑ) کے خادم تھے،آپ ادیب ، عالم ،فقیہ ۔۔۔تھے، آپ سے یہ حدیث(حدیث ایمان)ابن ماجہ نے نقل کی ہے ہمارے نزدیک یہ حدیث عالی وعمدہ سند کے ساتھ ثابت ہے۔

---

(۱) الارشاد فی معرفۃ علماء الحدیث،ص۳۳۵۔

(۲) شواهد التنزیل لقواعد التفصیل،ج۱،ص۱۰۵،ح۱۱۸۔

(۳) تهذیب الکمال فی اسماء الرجال،ج۱۱،ص۴۶۳،شمارہ۴۰۰۳۔

محمد بن محمد جزری شافعی (۸۳۳ھ):

اس نے حدیث ایمان کی عظمت میں بہت ہی عمدہ گفتگو کی ہے اور ابوصلت کے بارے میں کہتا ہے: وھو خادم الامام علی بن موسی الرضا ،فانھم ضعفوہ مع صلاحہ۔۔۔(۱)

ابوصلت ہروی حضرت امام علی بن موسی الرضاؑ کے خادم ہیں اور علماء نے ان کی صلاحیت وشائستگی کے باوجود تضعیف کی ہے۔

ابن حجر عسقلانی شافعی (۸۵۲ھ):

سکن نیسابور ، ورحل فی الحدیث الی الامصار وخدم علی بن موسی الرضا ۔(۲)

ابوصلت ہروی نیشاپور میں رہتے تھے اور طلب حدیث میں متعدد شہروں کا سفر کیا آپ امام علی بن موسی الرضاؑ کے خادم تھے۔

وہ دوسری جگہ پر ابوصلت کے شیعہ ہونے پر تاکید کے ساتھ ساتھ پھر بھی ابوصلت کو سچا مانتا ہے اور جن لوگوں نے ابوصلت کو جھوٹا جانا ہے ان کو متعصب وافراطی کہتا ہے:

صدوق لہ مناکیر و کان یتشیع افرط العقیلی فقا ل کذاب۔(۳)

ابوصلت ایک سچے انسان ہیں کچھ احادیث عجیب وغریب بھی نقل کی ہیں وہ شیعہ ہیں لیکن عقیلی نے افراط کیا ہے اور ان کو جھوٹے ہونے کی نسبت دی ہے۔

---

(۱) اسنی المطالب فی مناقب سیدنا علی ابن ابی طالب کرم اللہ وجھہ ،ص۱۲۲-۱۲۶۔

(۲) تھذیب التھذیب، ج۶،ص۲۸۶-۲۸۷،شمارہ۶۱۹۔

(۳) تھذیب التھذیب، ج۱،ص۵۰۶،شمارہ۱۱۹۰۔

یہ بات بھی قابل عرض ہے کہاہل سنت کے نزدیک حدیث منکر کانقل کرنا راوی کے ضعف کا سبب نہیں ہوتا۔(۱)

ابن تغزی بردی حنفی (۸۷۴ھ):

وہ ابوصلت کو بہت ہی اچھے کلمات سے یاد کرتا ہے اور کہتا ہے:

ابو الصلت الهروی الحافظ الرحال ، رحل فی طلب العلم الی البلاد و اخذ الحدیث عن جماعة و روی عنه غیرواحد ۔قیل انه کان یتشیع۔(۲)

ابوصلت ہروی حافظ اور بہت زیادہ سفر کرنے والے تھے آپ نے طلب علم کی خاطر بہت شہروں کی طرف سفر کیا، ایک جماعت سے حدیث کو سنا اور ان سے بھی متعدد افراد نے روایت نقل کی ہے۔کہا جاتا ہے کہ وہ شیعیت کی طرف مائل تھے۔

واضح رہے کہ کسی راوی کے بارے میں لفظ حافظ اس کی مدح وثنا کی طرف اشارہ ہے۔اور اہل سنت کے نزدیک یہ بہت بڑا لقب ہے۔

لفظ حافظ ایک اصطلاح ہے کہ جس کے بارے میں اختلاف ہے۔بعض کہتے ہیں حافظ وہ شخص ہے کہ جس کو ایک لاکھ حدیثیں سند ومتن کے ساتھ یاد ہوں اور ان پر مسلط ہو۔

بعض نے حافظ کی تشریح میں کہا ہے کہ جو تین لاکھ یا ساتھ لاکھ احادیث یاد کیے ہوئے ہو۔(۳)

بہر حال ابوصلت کو حافظ کہنا اس بات کی دلیل ہے کہ وہ حدیث کے نقل وضبط میں کس قدر دقیق تھے اور لاکھوں حدیثوں کے متن وسند پر احاطہ رکھتے تھے۔

---

(۱) دیکھیے :لکھنوی حنفی: الرفع والتکمیل فی الجرح والتعدیل،ص۹۸،ایقاظ ۷۔

(۲) النجوم الزاھرہ فی ملوک مصر والقاھرہ، ج۲،ص۳۴۴۔

(۳) تدریب الراوی فی شرح تقریب النواوی،ص۴۹-۵۲۔

ابوالحسن کنانی شافعی (۹۶۳ھ):

وہ حدیث ایمان کی صحت اور اس کے جعلی نہ ہونے کے بارے میں دو مرحلوں میں گفتگو کرتا ہے پہلے مرحلے میں ابوصلت کی روائی حیثیت کو پیش کرتا ہے اور ان کا مقام یحی ابن معین کے نزدیک بیان کرتا ہے اور ان کے ثقہ وصدوق ہونے پر علماء کا کلام پیش کرتا اور جعل وجھوٹ کی تہمت سے دفاع کرتا ہے۔اور دوسرے مرحلے میں ان کی احادیث پر دو شاہد پیش کرتا ہے ایک حدیث ابوقتادہ اور دوسری حدیث عائشہ کہ جو حدیث ایمان کی تائید میں ہے،لہذا یہ ''روی المناکیر'' جیسی تہمت ابوصلت کے دامن کو داغدار نہیں کرسکتی۔(۱)

ابوالحسن سندی (۱۱۳۸ھ):

وہ حدیث ایمان کی تائید میں علماء اہل سنت کی توثیقات کو بیان کرتا ہے اور ابوصلت کی روائی شخصیت سے دفاع کرتا ہے اور سیوطی شافعی سے نقل کرتے ہوئے کہتا ہے:

والحق انه ليس بموضوع ۔(۲) حق وانصاف یہ ہے کہ یہ حدیث گھڑی ہوئی نہیں ہے۔

عجلونی شافعی (۱۱۶۲ھ):

وہ بھی ان لوگوں کی رد میں کہ جنہوں نے حدیث ایمان کو ابوصلت کی من گھڑت مانا ہے اور ابوصلت کے کلام کی تائید میں کہتا ہے:

ومن لطائف اسناد ه رواية الابناء عن الآباء فی جميعه ۔(۳) اس روایت کی اسناد میں ظریف ولطیف نکتہ یہ ہے کہ پورے سلسلہ سند میں اولاد اپنے آباء واجداد سے نقل کرتے ہیں۔

---

(۱) تنزیہ الشریعۃ المرفوعۃ عن الاخبار الشنیعۃ الموضوعۃ، ج۱،ص۱۵۲۔

(۲) شرح سنن ابن ماجہ، ج۱،ص۵۲۔

(۳) کشف الخفاء ومزیل الالباس عما اشتھر من الاحادیث علی السنۃ الناس، ج۱،ص۲۲۔

دوسرا نظریہ

اس نظریہ میں ابوصلت کی شخصیت روائی قابل قبول ہے لیکن جو روایات ان سے نقل ہوئیں ہیں ان پر اعتراض ہے۔

زکریا بن یحی ساجی بصری شافعی (۳۰۷ھ):

اس نے ابوصلت کی سچائی اور ان کی نقل روایت پر کوئی بات نہیں کی لیکن ان سے منقول عجیب و غریب روایات پر اعتراض کیا ہے اور اسی لیے ان پر نقد و انتقاد کیا ہے:

یحدث مناکیر هو عند هم ضعیف۔(۱)

ابوصلت عجیب وغریب روایت نقل کرتا ہے وہ اسی وجہ سے اہل سنت کے نزدیک ضعیف ہے۔

نقاش حنبلی (۴۱۴ھ):

اس نے بھی ابوصلت کی سچائی اور ان کی نقل روایت پر کوئی بات نہیں کی اور صرف ان سے منقول روایات پر اظہار نظر کی ہے لہذا کہتا ہے: روی مناکیر۔(۲) ابوصلت عجیب وغریب روایت نقل کرتا ہے

ابونعیم اصفہانی شافعی (۴۳۰ھ):

اس نے بھی ابوصلت کی سچائی اور ان کی نقل روایت پر کوئی اظہار نظر نہیں کی بلکہ صرف ان کی روایات پر اظہار خیال کرتا ہے: یروی احادیث منکرة۔(۳)

ابوصلت عجیب وغریب روایت نقل کرتا ہے۔

---

(۱) تاریخ بغداد، ج۱۱،ص۵۱۔تھذیب الکمال فی اسماء الرجال، ج۱۱،ص۴۶۶۔سیر اعلام النبلاء، ج۱۱،ص۴۴۶۔ میزان الاعتدال فی نقد الرجال، ج۲،ص ۶۱۶۔تذھیب تھذیب الکمال فی اسماء الرجال، ج ۶،ص۹۱۔تھذیب التھذیب، ج۶،ص۲۸۶۔

(۲) تھذیب التھذیب، ج۶،ص۲۸۶۔ (۳) الضعفاء الکبیر،ص۱۰۸،شمارہ۱۴۰۔

نقد و تحقیق:

دوسرا نظریہ ابوصلت کی وثاقت، امانت داری اور سچائی کو کوئی ضرر نہیں پہنچا سکتا چونکہ اہل سنت کی نظر میں رجالی اعتبار سے کسی راوی کے روایات فضائل بیان کرنا کہ جن کو وہ عجیب وغریب روایات کہہ رہے ہیں اس راوی کے ضعیف ہونے پر دلیل نہیں ہوسکتی بلکہ تضعیف کے لیے روایات مناکیر کے علاوہ کوئی اور دلیل ہونی چاہیے۔(۱)

تیسرا نظریہ

اس نظریہ میں ابوصلت کی شخصیت اور ان سے منقول روایات دونوں پر اعتراض ہوا ہے۔ بعض اہل سنت کے متعصب افراد نے صرف اہل بیت کی محبت اور ان کے فضائل میں روایات نقل کرنے پر طرح طرح کی تہمتیں لگائیں اور مختلف عبارات سے توہین کی ہے۔

ابراہیم بن یعقوب جوزجانی (۲۵۹ھ):

اس نے ابوصلت کے بارے میں امام اہل حدیث یحی بن معین اور دیگر علماء اہل سنت کی توثیقات کو نظر انداز کیا اور صرف تعصب سے کام لیتے ہوئے ابوصلت ہروی کی توہین و بے ادبی کی اور اس طرح کہا:

کان ابو الصلت الهروی زائغاًعن الحق مائلاًعن القصد، سمعت من حدثنی عن بعض الآئمة انه قال فیه: هو الکذب من روث حمار الدجال و کان قدیماًمتلوثاً فی الاقذار۔(۲)

---

(۱) الرفع والتکمیل فی الجرح والتعدیل، ص۹۸، ایقاظ ۷۔

(۲) احوال الرجال، ص۲۰۵-۲۰۶، شمارہ ۳۷۹۔

ابوصلت ہروی راہ حق سے منحرف،سیدھے راستے سے ہٹا ہوا تھا، میں نے ان علماء سے سنا کہ جو بعض آئمہ سے روایت نقل کرتے ہیں کہ انہوں نے کہا کہ ابوصلت کذب وجھوٹ اور دجال کے گدھے کی لید ھ ہے،وہ پہلے ہی سے گندگیوں میں آلودہ تھا۔

ابوحاتم رازی شافعی (۲۷۷ھ):

لم یکن عندی بصدوق وھو ضعیف۔(۱)

میرے نزدیک وہ سچا نہیں ہے اور وہ ضعیف ہے۔

ابوزرعہ دمشقی حنبلی (۲۸۱ھ):

ابوحاتم رازی شافعی کہتا ہے:امر ابو زرعة ان یضرب علی حدیث ابی الصلت وقال : لا احدث عنه و لا ارضاه۔(۲)

ابوزرعہ نے حکم دیا کہ ابوصلت کی روایات کو نقل نہ کیا جائے اور کہا کہ میں اس سے حدیث نقل نہیں کرتا اور نہ اس سے راضی ہوں۔

نسائی شافعی (۳۰۳ھ):

یہ کہا جاتا ہے کہ اس نے بھی ابوصلت کی تضعیف کی ہے اور کہا ہے: لیس بثقة ۔(۳)

وہ ثقہ نہیں ہے۔

---

(۱) الجرح والتعدیل، ج۶،ص۴۸،شمارہ۲۵۷۔

(۲) الجرح والتعدیل، ج۶،ص۴۸،شمارہ۲۵۷۔

(۳) نسائی کی کتاب الضعفاء والمتروکین میں اس طرح کا مطلب ذکر نہیں ہوا ہے دوسروں نے اس کی طرف یہ نسبت دی ہے۔دیکھیے: تاریخ بغداد، ج۱۱،ص۵۱۔تھذیب الکمال فی اسماء الرجال، ج۱۱،ص۴۶۶۔سیر اعلام النبلاء، ج۱۱،ص۴۴۴۔میزان الاعتدال فی نقد الرجال، ج۲،ص۴۱۶۔

عقیلی مکی (۳۲۲ھ):

وہ انتہائی تعصب کے ساتھ ابوصلت کے بارے میں کہتا ہے:

کان رافضیاً خبیثاً ـــ و ابو الصلت غیر مستقیم الامر۔(۱)

ابوصلت رافضی اور پست ہے اس کا عقیدہ صحیح و درست نہیں ہے۔

دوسری جگہ اس طرح کہا ہے: کذاب ۔(۲) وہ بہت جھوٹا ہے۔

ابن حبان بستی شافعی (۳۸۵ھ):

وہ دو مقام پر ابوصلت ہروی اور ان سے مروی روایات کی تضعیف کرتا ہے اور کہتا ہے: یجب ان یعتبر حدیثه اذا روی عنه غیر اولاده و شیعته و ابی الصلت خاصة فان الاخبار التی رویت عنه و بین بواطیل ، انما الذنب فیها لابی صلت و لاولاده و لشیعته۔(۳)

حضرت امام رضا سے ان کی اولاد و شیعہ اور خصوصاً ابوصلت ہروی کے علاوہ کوئی اور روایت نقل کرے تو معتبر ہے اس لیے کہ جو روایت بھی ان لوگوں نے نقل کی ہیں وہ سب باطل ہیں ان کا گناہ ابوصلت ہروی ان کی اولاد اور ان کے شیعوں کی گردن پر ہے۔

یروی عن حماد بن زید اهل العراق عجائب فی فضائل علی و اهل بیته ، لایجوز الاحتجاج به اذا انفرد ۔(۴)

ابوصلت ہروی نے حماد بن زید اور اہل عراق سے کچھ عجیب و غریب روایات علی و اہل بیت علی کی شان میں نقل کی ہیں کہ اگر ان روایات کو ابوصلت تنہا نقل کرے تو ان کا کوئی اعتبار نہیں ہے۔

---

(۱) الضعفاء الکبیر، ص ۱۰۸، شمارہ ۱۴۰۔

(۲) تھذیب التھذیب، ج ۶، ص ۲۸۶۔ تقریب التھذیب، ج ۱، ص ۵۰۶۔

(۳) کتاب الثقات، ج ۸، ۴۵۶۔ (۴) کتاب المجروحین، ج ۲، ص ۱۵۱۔

ابن عدی جرجانی شافعی (۳۶۵ھ):

وہ بھی ابوصلت اور اس سے مروی روایات کی تضعیف کرتے ہوئے خصوصاً روایت ایمان کی جعل ومن گھڑت کی نسبت ابوصلت کی طرف دیتا ہے اور کہتا ہے:

و لعبد السلام هذا عن عبدا لرزاق احاديث مناكير فی فضائل علی و فاطمة والحسن والحسين، وهو متهم فی هذه الاحاديث ويروی عن علی بن موسی الرضا حديث (الايمان معرفة بالقلب) وهو متهم فی هذه الاحاديث ۔(۱)

عبدالسلام ابوصلت ہروی فضائل علی وفاطمہ وحسن وحسین کے سلسلے میں بہت زیادہ عجیب وغریب روایات عبدالرزاق سے نقل کرتا ہے جب کہ وہ اس کی اپنی جعلی وگھڑی ہوئی ہیں اسی طرح ایک روایت حدیث ایمان حضرت امام رضا سے نقل کرتا ہے کہ اس میں بھی وہ متہم ہے۔

دارقطنی بغدادی شافعی (۳۸۵ھ):

اس کی طرف بھی یہ نسبت دی گئی ہے کہ وہ ابوصلت ہروی کی بہت شدت کے ساتھ تضعیف کرتا ہے اور توہین آمیز کلمات سے ابوصلت کا ذکر کرتا ہے وہ کہتا ہے: كان رافضياً خبيثاً ۔

وہ رافضی خبیث وپست ہے۔

دوسری جگہ پر ابوصلت کی طرف جعل حدیث کی نسبت دیتا ہے اور کہتا ہے:روی عن جعفر بن محمد الحديث عن آبائه عن النبی انه قال: الايمان اقرار بالقول عمل بالجوارح ---وهو متهم بوضعه لم يحدث به الامن سرقه منه ، هو الابتداء فی الحديث ۔(۲)

---

(۱) الکامل فی ضعفاء الرجال، ج۵،ص۳۳۱-۳۳۲،شمارہ۱۴۸۶/۵۱۸۔

(۲) تاریخ بغداد، ج۱۱،ص۵۱۔تھذیب الکمال فی اسماء الرجال، ج۱۱،ص۴۶۴۔میزان الاعتدال فی نقد الرجال، ج۲،ص۶۱۶۔تھذیب التھذیب، ج۶،ص۲۸۶۔

ابوصلت نے جعفر بن محمد سے کہ انہوں نے اپنے آباء اجداد سے کہ انہوں نے رسول خدا سے روایت نقل کی ہے کہ آپ نے فرمایا: ایمان زبان سے اقرار اور اعضاء و جوارح سے عمل کرنے کا نام ہے ۔ کہ اس حدیث کے جعل گھڑنے میں متہم ہے، اس سے کوئی بھی حدیث نقل نہیں کرتا مگر یہ اس سے چراتا ہے کہ یہی روش حدیث گھڑنے کی ابتداء ہے۔

محمد بن طاہر مقدسی ظاہری (۵۰۷ھ):

وہ ابوصلت کو جھوٹا سمجھتا ہے اور کہتا ہے: كذاب ۔(۱) وہ جھوٹا ہے۔

ابوسعد عبدالکریم سمعانی شافعی (۵۶۲ھ):

وہ ابن حبان بستی شافعی کے کلام کی تکرار کرتے ہوئے ابوصلت کی روایات پر اعتراض کرتا ہے:

يروى عن حماد بن زيد و اهل العراق العجائب فى فضائل علىؑ واهل بيته لا يجوز الاحتجاج به اذا انفرد۔(۲)

ابوصلت عراقی ہے حماد بن زید سے روایت نقل کرتا ہے، فضائل علیؑ اور آپ کے اہل بیت کی شأن میں بہت عجیب وغریب روایات نقل کی ہیں، کہ جن کے ذریعہ احتجاج واستدلال کرنا صحیح نہیں ہے اگر سلسلہ سند میں ابوصلت تنہا ہو۔

ابوالفرج ابن جوزی حنبلی (۵۹۷ھ):

اس نے ابوصلت کو ضعفاء ومتروکین میں سے شمار کیا ہے۔(۳)

---

(۱) اکمال تھذیب الکمال فی اسماء الرجال، ج۸، ص۲۷۴، شمارہ۳۲۹۶۔

(۲) الانساب، ج۵، ص۶۳۷۔

(۳) کتاب الضعفاء والمتروکین، ج۳، ص۱۰۶، شمارہ۱۹۲۶۔

ذہبی شافعی (۷۴۸ھ):

اس نے متعدد مقامات پر ابوصلت کی روائی حیثیت کی جرح وتضعیف اوران سے منقول روایات پر اعتراضات کیے ہیں۔ کہ جن کی طرف اشارہ کرتے ہیں۔

الشیخ العالم العابد شیخ الشیعة ___ له فضل و جلال فیا لیته ثقة۔(۱)

ابوصلت بزرگوار عالم عابد اور شیعوں کا رئیس ہے وہ کافی فضل وکمال رکھتا تھا اے کاش کہ ثقہ ہوتا

الرجل الصالح الا انه شیعی جلد۔(۲) وہ نیک وصالح انسان ہے مگر متعصب شیعہ ہے۔

اتهمه بالکذب غیرواحد ، قال ابوزرعة لم یکن بثقه وقال ابن عدی : متهم و قال غیره رافضی۔(۳)

متعدد افراد نے ابوصلت کو جھوٹ سے متہم کیا ہے ابوزرعہ نے کہا ہے کہ وہ ثقہ نہیں ہے اور ابن عدی نے کہا کہ ابوصلت متہم ہے، دوسرے لوگوں نے کہا کہ وہ رافضی ہے۔

ابو الصلت عبدالسلام بن صالح الهروی واه۔(۴)

ابوصلت عبدالسلام بن صالح ہروی سست و بے اعتبار آدمی ہے۔

ابو الصلت الهروی الشیعی ، الرجل العابد متروك الحدیث۔(۵)

ابوصلت ہروی شیعہ عابد انسان ہے لیکن اس کی حدیث متروک ہیں کہ جن پر عمل نہیں ہوتا۔

---

(۱) سیر اعلام النبلاء، ج۱۱،ص۴۴۶-۴۴۸۔

(۲) میزان الاعتدال فی نقد الرجال، ج۲،ص۶۱۶،شمارہ۵۰۵۱۔

(۳) دیوان الضعفاء والمتروکین، ج۲،ص۱۱۲،شمارہ۲۵۲۸۔

(۴) المقتنی فی سرد الکنی، ج۱،ص۳۸۲،شمارہ۳۲۱۹۔ الحجر دفی اسماء سنن ابن ماجہ،ص۲۱۳،شمارہ۱۷۳۹۔

(۵) المغنی فی الضعفاء، ج۱،ص۶۲۴،شمارہ۳۶۹۴۔

ابو الصلت خاد م علی بن مو سی الرضا واہ شیعی متهم مع صلاحه۔(۱)

ابوصلت علی بن موسی الرضاؑ کا خادم اور بے اعتبار شیعہ ہے، صلاحیت وشائستگی کے باوجود متہم ہے

دوسری جگہ پر حاکم نیشاپوری کے کلام کی رد کرتے ہوئے کہ اس نے ابوصلت کو ثقہ وامین جانا ہے

کہتا ہے: لا والله لا ثقة و لا مامون۔(۲)

نہ خدا کی قسم! ابوصلت نہ ثقہ ہے اور نہ امین۔

ابن کثیر دمشقی (۷۷۴ھ):

اس نے ابوصلت کو ضعفاء میں شمار کیا ہے لہذا کہتا ہے:

ابو الصلت الهروی احد الضعفاء ۔(۳) ابوصلت ہروی ضعفاء میں سے ایک ہے۔

ان تضعیفات کی بناء پر بہت سے متعصب افراد نے سنن ابن ماجہ کی شرح کرتے ہوئے جب حدیث ایمان پر پہنچے تو اس کو ابوصلت کی وجہ سے بہت شدت کے ساتھ رد کیا اور اس کو جعلی اور ابوصلت کی من گھڑت قرار دیا ہے۔

بوصیری شافعی (۸۴۰ھ):

وہ کہتا ہے:

اسناد هذاالحديث ضعيف لاتفاقهم على ضعف ابى الصلت الهروی۔(۴)

اس حدیث کی اسناد ضعیف ہیں چونکہ تمام علماء رجال کا ابوصلت کے ضعیف ہونے پر اتفاق ہے۔

---

(۱) الکاشف فی معرفۃ من لہ روایۃ فی الکتب الستۃ، ج۱، ص۶۵۲-۶۵۳، شمارہ ۳۳۶۸۔

(۲) المستدرک علی الصحیحین، ج۳، ص۱۳۷، ح۴۶۳۷/۲۳۵۔

(۳) البدایہ والنہایہ، ج۱۰، ۳۲۹۔

(۴) مصباح الزجاجۃ فی زوائد سنن ابن ماجہ، ج۱، ص۱۲۱-۱۲۲، ح۲۳۔

یہ بات واضح ہے کہ علماء و بزرگان اہل سنت کی نظر میں ابوصلت کی بزرگی وعظمت اور ان توثیق اس بات پر دلیل ہے کہ بعض لوگوں کا تضعیف کرنا بے بنیاد اور نامناسب دعوی ہے۔

بشار عواد معروف (۲)، صفاء صفوی، احمد عدوی (۳) و ناصر الدین البانی حنبلی (۴) میں سے ہر ایک نے حدیث ایمان کو گھڑی ہوئی وجعلی مانا ہے اور اس کی جعل و گھڑنے کی تہمت ابوصلت پر لگائی ہے۔

نقد و تحقیق:

اول: علماء و بزرگان اہل سنت و متقدمین اہل حدیث جیسے یحی ابن معین وغیرہ کا ابوصلت ہروی کی توثیق کرنا اور ان کی عظمت وجلالت کا معترف ہونا تیسرے نظریہ کی رد کے لیے بہترین دلیل ہے۔

دوم: نسائی شافعی و دارقطنی کا ابوصلت کی تضعیف کرنا معلوم نہیں ہے چونکہ ان کی کتب ضعفاء میں عبدالسلام بن صالح ابوصلت ہروی کا نام نہیں ہے۔

سوم: بالفرض کہ نسائی شافعی کا ابوصلت ہروی کی تضعیف کرنا صحیح بھی ہو تو بھی یہ لوگ مثلاً نسائی شافعی، ابوحاتم رازی شافعی، ابن حبان بستی شافعی اور یحی ابن معین ان لوگوں میں سے ہیں کہ جو علماء اہل سنت کے بقول چھوٹی چھوٹی بات پر راوی کی تضعیف کر دیتے اور جرح وتعدیل میں مسرفین و متعنتین میں سے شمار ہوتے ہیں لہذا ان کی تضعیف کا کوئی اعتبار نہیں ہے۔

---

(۲) سنن ابن ماجہ بتحقیق وتعلیق بشار عواد، ج ۱، ص ۸۹-۹۰، ح ۶۵۔

(۳) اھداء الدیباجہ بشرح سنن ابن ماجہ، ج ۱، ص ۶۸-۶۹، ح ۶۵۔

(۴) ضعیف سنن ابن ماجہ، ص ۶-۷، ح ۱۱۔ ضعیف الجامع الصغیر وزیادتہ، ص ۳۳۹، شمارہ ۲۳۰۹۔

فانهم معروفون بالاسراف فی الجرح والتعنت فیه ، فلیتثبت العاقل فی الرواة الذین تفردوا بجرحهم ولیتفکروفیه ۔(۱)

یہ افراد جرح وتعدیل میں مسرفین و متعنتین میں سے شمار ہوتے ہیں اور تھوڑے سے بھی ضعف کی بنیاد پر راوی کو اعتبار سے ساقط کر دیتے ہیں، عاقل وہ ہے کہ جو ان افراد کے تضعیف شدہ راویوں کے بارے میں خود تفکر و تحقیق کرے۔

یہ واضح رہے کہ ان لوگوں میں یحی ابن معین کا بھی نام ہے جب کہ یحی ابن معین نے ابوصلت ہروی کی توثیق کی ہے لہذا یہ توثیق علماء کے نزدیک علمی مقام رکھتی ہے اس لیے کہ جو شخص تھوڑے سے ضعف وکمی کی خاطر راوی کی تضعیف کرتا ہو وہ ابوصلت کی توثیق کرے اس کا مطلب یہ ہے کہ اس کو ابوصلت میں تھوڑا سا بھی ضعف نظر نہیں آیا ہے۔

چہارم: اس تیسرے نظریہ کی بنیاد ابوصلت ہروی کا مذہب اور ان کا اہل بیت علیہم السلام کے فضائل ومناقب والی روایات کو نقل کرنا ہے۔

ابوصلت کو صرف محبت اہل بیتؑ اور ان کے فضائل کو نقل کرنے کے جرم میں کہ وہ بھی خود اہل سنت کے علماء جیسے عبدالرزاق صنعانی وغیرہ سے ہی نقل کی ہیں ان کو برے برے الفاظ اور ناشائستہ عبارات سے یاد کیا حتی گالیاں تک دی ہیں۔

تاریخی اعتبار سے اس توہین اور تضعیف کی بنیاد جوزجانی کا وجود اور اس کی عبارات ہیں، اس نے اپنے اندھے تعصب سے نہ فقط ابوصلت ہروی بلکہ ہر اس راوی کو کہ جس نے اہل بیت کے فضائل میں کوئی روایت نقل کی ہو خواہ اہل سنت ہی میں سے کیوں نہ ہو برے الفاظ، نامناسب عبارات سے نوازا اور تضعیف وتوہین کی ہے۔

---

(۱) الرفع والتکمیل فی الجرح والتعدیل، ص ۱۱۷-۱۲۲، ایقاظ ۱۹۔

اور انتہائی افسوس کہ بعض دوسرے علماء نے بغیر سوچے سمجھے اور بغیر تحقیق وجستجو کے جوزجانی کی عبارات ہی کو دوسرے لفظوں میں دوہرایا ہے۔

جوزجانی کہ جوان تمام تضعیفات کی بنیاد ہے،حق یہ ہے کہ وہ علماء وبزرگان اہل سنت کی نظر میں کوئی اعتبار نہیں رکھتا،علماء اس کو ناصبی مانتے ہیں،اس کے اور اس کے ماننے والوں کے نظریات کو کوئی اہمیت نہیں دیتے۔

جوزجانی اور ابوصلت پر تہمتوں کی بنیاد:

ابوصلت ہروی کی بلند وبالاشخصیت کی تضعیف ایک ناصبی انسان بنام ابراہیم بن یعقوب جوزجانی (۲۵۹ھ) کے ذریعہ انجام پائی ہے،اس نے ابوصلت کی بے دلیل وبغیر سبب تضعیف کی ہے ان کا جرم صرف اتنا تھا کہ انہوں نے اہل بیت علیہم السلام کے فضائل ومناقب میں احادیث بیان کی ہیں۔

جب کہ ان احادیث کی بہت سے اہل سنت علماء وبزرگوں جیسے یحی ابن معین وغیرہ نے تائید کی ہے۔لیکن ابوصلت ہروی حضرت علیؑ کی محبت کے جرم میں مذکورہ ذیل عبارات واوصاف سے نوازے جاتے ہیں:کان ابو الصلت الهروی زائغاًعن الحق مائلاًعن القصد، سمعت من حدثنی عن بعض الآئمة انه قال فیه هو الکذب من روث حمار الدجال و کان قدیماًمتلوثاً فی الاقذار۔(۱)

ابوصلت ہروی راہ حق سے منحرف،سیدھے راستے سے ہٹا ہوا تھا،میں نے ان علماء سے سنا کہ جو بعض آئمہ سے روایت نقل کرتے ہیں کہ انہوں نے کہا کہ ابوصلت کذب وجھوٹ اور دجال کے گدھے کی لید ھ ہے،وہ پہلے ہی سے گندگیوں میں آلودہ تھا۔

---

(۱) احوال الرجال،ص۲۰۵،شمارہ۳۷۹۔

اور بہت سے افراد نے بغیر سوچے سمجھے صرف جوزجانی کے کلام پر اعتماد کرتے ہوئے ابوصلت کی تضعیف کی ہے جیسا کہ بیان ہو چکا ہے۔

اہل سنت کے علماء و بزرگوں کا اعتراف کہ جوزجانی دشمن اہل بیتؑ ہے

جوزجانی ناصبی کی تضعیف کا کوئی اعتبار نہیں ہے اور ابوصلت کی شخصیت پر کوئی ضربہ وارد نہیں ہوسکتا ہے۔ چونکہ اولاً جوزجانی علماء اہل سنت جیسے ابن شافعی، دارقطنی شافعی، ذہبی شافعی و ابن حجر شافعی اور معاصرین میں سے غماری شافعی و حسن بن علی سقاف شافعی کے بقول حضرت علیؑ سے بغض و حسد دل میں رکھتا تھا، ظاہر ہے کہ ایسا شخص یقیناً آپؑ کے فضائل کو رد کرے گا۔

ابن عدی جرجانی شافعی لکھتا ہے:

كان مقيما بدمشق يحدث على المنبر ـــ كان شديد الميل الى مذهب اهل دمشق فى التحامل علىٰ على۔(۱)

وہ دمشق میں رہتا تھا اور منبر پر حدیثیں بیان کرتا تھا اور اہل دمشق کے مذہب کے طریقے پر علی کی دشمنی میں بہت مائل تھا۔

دارقطنی شافعی کہتا ہے: فيه انحراف عن على۔(۲) وہ حضرت علیؑ سے منحرف تھا۔

ابن حبان بستی شافعی کہتا ہے:

كان ابراهيم بن يعقوب جوزجانى ، حريزى المذهب۔(۳)

ابراہیم بن یعقوب جوزجانی حریزی المذہب (ناصبی و دشمن علیؑ) تھا۔

---

(۱) الکامل فی ضعفاء الرجال، ج۱، ص۳۱۰، شمارہ۱۳۲۔

(۲) تھذیب التھذیب، ج۱، ص۱۵۹، شمارہ۳۳۲۔ معجم البلدان، ج۲، ص۱۸۳۔

(۳) کتاب الثقات، ج۸، ص۸۱۔

ابن حجر عسقلانی شافعی، ابن حبان بستی کے کلام کی توضیح یوں بیان کرتا ہے:

حریزی ـــ نسبة الی حریز بن عثمان المعروف بالنصب و کلام ابن عدی یؤید هذا ـــ(۱)

حریزی، حریز بن عثمان کی طرف نسبت ہے کہ جو نصب و دشمنی علیؑ میں معروف تھا ابن عدی کے کلام سے بھی اس مطلب کی تائید ہوتی ہے۔

ذہبی شافعی بھی ابن عدی شافعی کے کلام کو نقل کرنے کے بعد جوزجانی کے بارے میں کہتا ہے:

قد کان النصب مذهباً لاهل دمشق فی وقت۔(۲)

اس زمانے میں اہل دمشق کا مذہب نصب و دشمنی علی تھا۔

ابن حجر عسقلانی شافعی بھی ابن حبان شافعی، ابن عدی شافعی اور دارقطنی کے کلاموں کو نقل کر کے جوزجانی کو ناصبی اور اس کی کتاب کو اس مدعی پر دلیل کے طور پر پیش کرتا ہے:

و کتابه فی الضعفاء یوضح مقالته ـــ(۳)

اس کی کتاب ضعفاء کے بارے میں اس مطلب کی وضاحت کرتی ہے۔

اس کتاب میں تمام وہ افراد کہ جو محبّ و شیعہ علی ہیں یا آنحضرت کے فضائل نقل کیے ہیں سب کی تضعیف کی گئی ہے اور جگہ جگہ ان لوگوں کی توہین و نامناسب کلمات استعمال کیے ہیں۔ اسی بناء پر ابن حجر عسقلانی نے اس کی تضعیفات کو قبول نہیں کیا اور ان کو بے اعتبار جانا ہے۔(۴)

---

(۱) تہذیب التہذیب، ج۱،ص۱۵۹،شمارہ۳۳۲۔

(۲) میزان الاعتدال فی نقد الرجال، ج۱،ص۷۶،شمارہ۲۵۷۔

(۳) تہذیب التہذیب، ج۱،ص۱۵۹،شمارہ۳۳۲۔

(۴) تہذیب التہذیب، ج۱،ص۸۱۔

ابن حجر ایک جگہ جوزجانی پر بہت سختی سے انتقاد و اعتراض کرتا ہے:

الجوزجانی کان ناصبیاً منحرفاً عن علی ، فهو ضد الشیعی المنحرف عن عثمان والصواب موالاتهما جمیعا ولا ینبغی ان یسع قول مبتدع فی مبتدع ۔(۱)

جوزجانی ناصبی اور علیؑ کی راہ سے منحرف ہے وہ ان شیعوں کا دشمن ہے کہ جو عثمان کو نہیں مانتے جبکہ صحیح عقیدہ علی و عثمان دونوں کی دوستی ہے اور یہ صحیح نہیں ہے کہ کسی ایک بدعتی کی بات کسی دوسرے بدعتی کے بارے میں سنی جائے۔

عبدالعزیز غماری شافعی جوزجانی کی اس طرح صاف صاف لفظوں میں توصیف کرتا ہے:

ابو اسحاق جوزجانی هو ناصبی مشهور له صولات وجولات و تهاجمات شانئة فی القدح فی الآئمة الذین وصفوا بالتشیع حتی دعاه ذالك الی الکلام فی اهل الکوفة کافة، واخذ الحذر منهم و من روایاتهم و هذا معروف عنه ، مشهورله ، حتی نصوا علی عدم الالتفات الی طعنه فی الرجال الکوفیین او من کان علی مذهبهم فی التشیع ۔(۲) ابواسحاق جوزجانی ناصبی ہے اور مشہور ہے کہ اس نے تمام شیعہ حضرات حتی تمام اہل کوفہ پر کافی تہمتیں لگائیں اور ان کی تضعیف و برائی میں بہت برے برے الفاظ سے تذکرہ کیا حتی کہ بزرگوں کی بھی قدح و مذمت کی ہے اور ان لوگوں سے روایات لینے سے منع کیا ہے۔

یہ بات اس کے بارے میں معروف و مشہور ہے، انتہا یہ ہے کہ علماء نے جوزجانی کے متعلق کہا ہے کہ وہ اگر کسی اہل کوفہ یا کسی بھی شیعہ پر طعن و تشنیع کرے اور جرح و قدح کرے تو وہ قابل اعتبار نہیں ہے اور اس کے طعن پر اعتبار نہ کیا جائے، شیعوں کے حق میں جوزجانی کے کلام پر توجہ و التفات نہیں کرنا چاہیے۔

---

(۱) هدی الساری معروف بہ مقدمہ فتح الباری، ص ۴۱۰۔ (۲) غماری شافعی، عبدالعزیز: بیان نکث الناکث، ص ۵۴۔

حسن بن علی سقاف شافعی کہتا ہے: الجوزجانی من السلف الطالح و هو احد المنحرفین عن الحق و یرمی الناس الانحراف قبحه الله تعالی ، وهو سباب شتام للصحابة الخیار البررة رضی الله عنهم و میال للمجرمین۔(۱)

جوزجانی برے و بدترین گذشتہ لوگوں میں سے ہے وہ راہ حق سے منحرف تھا وہ لوگوں پر منحرف ہونے کی تہمتیں لگاتا تھا، خدا اس کی صورت کو سیاہ کرے، وہ نیک اور اچھے صحابہ کرام کو بہت گالیاں بکتا اور بہت گندی گندی باتیں کرتا اور مجرمین کی طرف مائل تھا۔

نتیجہ

اولاً، جوزجانی کی تضعیفات و جرح کے متعلق اہل سنت کے علماء و بزرگوں کے کلام کو مدنظر رکھتے ہوئے، خصوصاً شیعیان امیر المؤمنین اور اہل بیت طاہرین علیہم السلام کے متعلق یا ان افراد کے متعلق کہ جو فضائل اہل بیت میں روایات نقل کرتے ہیں اس کی تضعیفات و جرح و قدح کا کوئی اعتبار نہیں ہے۔

ثانیاً، جو روایات ابوصلت نے امیر المؤمنین اور اہل بیت طاہرین کے متعلق نقل کی ہیں ان کو علماء اہل سنت خصوصاً یحی ابن معین نے قبول کیا اور ان کی تائید میں ان روایات کو دوسرے طرق سے بھی نقل کیا ہے تاکہ ابوصلت اور ان روایات کی صحت میں کوئی شک باقی نہ رہے۔

ثالثاً، اگر بنا اسی بات پر رہے کہ ہر اس راوی کی تضعیف کی جائے کہ جو حضرت امیر المؤمنین علی علیہ السلام اور اہل بیت طاہرین علیہم السلام کے فضائل و مناقب میں روایات نقل کرتا ہے جیسا کہ جوزجانی کی روش ہے تو پھر بہت زیادہ راوی اور صحابہ و تابعین کی بے پناہ روایات کو نظر انداز کرنا پڑے گا اور ان سب کی تضعیف کرنی ہوگی بقول ذہبی شافعی:

---

(۱) محمد بن عقیل شافعی: العتب الجمیل علی اهل الجرح والتعدیل، تحقیق: حسن بن علی سقاف شافعی، ص ۱۲۲۔

فلو رد حديث هو لآ ء لذهب جملة من الآ ثار النبوية ، و هذه مفسدة بينة۔(۱)

اگر ان افراد و حضرت امیر المؤمنینؑ کے شیعوں اور محبوں کے کلام کو رد کیا جائے تو احادیث نبوی میں سے ایک عظیم حصہ کو رد کرنا ہوگا اور یہ ایک واضح تباہی و بربادی ہے۔

رابعاً، ہماری گفتگو حدیث ایمان کے متعلق ہے کہ جو ابوصلت ہروی نے حضرت امام رضاؑ سے نقل کی ہے کہ جو آپ نے اپنے آباء واجداد سے روایت فرمائی ہے یہاں تک کہ سلسلہ حضرت علی اور حضرت رسول اکرمؐ تک جا پہنچا ہے۔ جیسا کہ حدیث کا سلسلہ سند گذر چکا ہے اور اس کے علاوہ یہ حدیث دوسرے طریقوں سے بھی نقل ہوئی ہے کہ جو ابوصلت کے طریق کی تائید اور اس کو صحت وقوت بخشتی ہے

خامساً، اہل سنت کے علماء کا ابوصلت کی تائید وتوثیق کرنا اور ابوصلت کی روایات پر اعتماد کرنا خصوصاً حدیث سلسلۃ الذھب اور اس سے بڑھ کر یہ کہ اس کو شفا بخش ماننا بلکہ ان اسناد کے ذریعہ شفا پانا اور اس تجربہ کو حاصل کرنا اصلاً ضعف راوی یا روایت یا مخالفت کا کوئی وہم وگمان بھی باقی نہیں رہتا۔

ابوصلت ہروی کے مذہب کے بارے میں گفتگو

ابوصلت کے مذہب کے بارے میں حق یہ ہے کہ اکثر علماء شیعہ ان کو شیعہ امامی مانتے ہیں۔(۲) سوائے شیخ طوسی (۳) اور ان کی پیروی میں ابن داؤد حلی (۴) وعلامہ حلی (۵) ان کو عامی المذہب مانتے ہیں، لیکن اکثر علماء اہل سنت نے ابوصلت ہروی کو سنی المذہب اور شیعیت کی طرف مائل قرار دیا ہے۔

---

(۱) میزان الاعتدال فی نقد الرجال، ج۱،ص۵۔

(۲) رجال نجاشی ،ص ۲۴۵، شمارہ ۶۴۳۔ تنقیح المقال فی علم الرجال ،ج۲،ص۱۵۳۔ معجم رجال الحدیث وتفصیل طبقات الرواۃ، ج۱۰،ص۱۶و۱۸، شمارہ ۶۵۴۔

(۳) رجال طوسی ،ص۳۸۰، شمارہ ۴۱۔ وص، ۳۹۶، شمارہ ۵۔ (۴) کتاب الرجال، ص۴۷۴، شمارہ ۲۹۵۔

(۵) خلاصۃ الاقوال فی معرفۃ الرجال، ص۲۰۹، شمارہ ۶۷۲۔

یہاں پر ایک سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ پھر کیوں اہل سنت کے کلام میں اکثر مواقع پر ابوصلت کے متعلق ''شیعی''،''شیعی جلد''،''رافضی خبیث'' جیسے الفاظ استعمال ہوئے ہیں؟ کہ یہ الفاظ اہل سنت کی جانب سے ابوصلت کے شیعہ ہونے پر دلالت کرتے ہیں۔اس سوال کا جواب یہ ہے کہ علم رجال اور خصوصاً اہل سنت کی نظر میں ان الفاظ کے خاص معانی ہیں کہ جو اصطلاح شیعہ سے جدا ہیں۔

اہل سنت کے نزدیک ''شیعہ''،''شیعہ جلد'' اور ''رافضی خبیث'' جیسے الفاظ کے معانی

اہل سنت کی نظر میں لفظ شیعہ کا ملاً اصطلاح شیعہ امامیہ سے متفاوت ہے اس لیے کہ شیعہ امامیہ کی اصطلاح میں شیعہ اس کو کہا جاتا ہے کہ جو حضرت امیر المؤمنین علی علیہ السلام کی ولایت بلافصل کا معتقد اور ان کے بعد آپ کے گیارہ معصوم فرزندوں کی امامت کو مانتا ہو۔اور اصحاب آئمہ کا شیعہ ہونے کا مطلب یہ ہے وہ حضرت امیر المؤمنین علی علیہ السلام کی ولایت بلافصل اور ان کے بعد اپنے زمانے تک آپ کے معصوم فرزندوں کی امامت کا معتقد ہو یعنی جس امام کے زمانے میں زندگی بسر کر رہا ہو اس امام کو حجت الٰہی و امام برحق مانتا ہو۔جب کہ اہل سنت کے نزدیک شیعہ اور اس جیسے الفاظ کے معانی، مذکورہ معنی سے جدا ہیں۔لہذا کسی اہل سنت کے کسی شخص کو شیعہ کہنے سے اس شخص کے شیعہ ہونے پر دلیل نہیں ہوسکتا۔

اہل سنت کے نزدیک شیعہ کے متعلق دو نظریے ہیں،بعض افراد معتقد ہیں کہ شیعہ اس کو کہتے ہیں کہ جو حضرت علیؑ کا محبّ و دوست ہو اور آپ کو عثمان سے افضل مانتا ہو اور یہ عقیدہ رکھتا ہو کہ امام علی اپنی تمام جنگوں میں حق پر تھے اور ان کے مقابلے میں آنے والے باطل پر تھے لیکن شیخین (ابوبکر و عمر) کی حضرت علیؑ پر فوقیت افضلیت کا قائل ہو۔(۱)

---

(۱) تھذیب التھذیب، ج۱،ص۸۱۔ھدی الساری معروف بہ مقدمہ فتح الباری،ص۴۸۳۔

بعض دوسرے لوگ معتقد ہیں کہ شیعہ اس کو کہا جاتا ہے کہ جو حضرت علیؑ کو تمام صحابہ پر فوقیت دیتا ہو حتی شیخین سے بھی افضل مانتا ہو لیکن استحقاق خلافت کا قائل نہ ہو۔(۱)

''شیعہ غالی، جلد'' ان الفاظ کے بارے میں بھی دو نظریے ہیں، بعض لوگوں کا خیال ہے کہ جو شخص حضرت علیؑ کو تمام صحابہ کے تمام فضائل کا سرچشمہ اور سب سے افضل مانتا ہو حتی شیخین سے بھی۔(۲)

لیکن دوسرے افراد کہتے ہیں کہ شیعہ غالی یا جلد وہ ہے کہ جو حضرت علیؑ کو چاہتا ہو محبّ و دوست ہو لیکن آپ کو شیخین پر فوقیت نہیں دیتا فقط عثمان سے افضل مانتا ہو اور عثمان، معاویہ، طلحہ و زبیر اور تمام وہ افراد کہ جنہوں نے حضرت علیؑ سے جنگ کی ہے ان پر لعنت کرتا ہو۔(۳)

''رافضی خبیث'' تمام اہل سنت کے نزدیک رافضی خبیث اس کو کہا جاتا ہے کہ جو حضرت علیؑ کی محبت کے ساتھ ساتھ آپ کو تمام صحابہ سے افضل مانتا ہو حتی شیخین سے بھی اور آنحضرت کو مستحق خلافت بلافصل کا معتقد ہو اور تمام غاصبین خلافت و شیخین سے برائت اور ان پر لعنت کرتا ہو۔(۴)

لہذا شیعہ، شیعہ غالی، و جلد ان لوگوں کو کہا جاتا ہے کہ سنی مذہب ہیں لیکن شیعت کی طرف مائل ہیں لیکن رافضی ایسے شخص کو کہتے ہیں کہ جو حضرت علی کی خلافت بلافصل کا معتقد ہو۔ لیکن پھر بھی صرف اس جملے سے کسی کو شیعہ امامی ثابت نہیں کیا جا سکتا اس لیے کہ اس معنی رافضی میں فرقہ زیدیہ، کیسانیہ، اسماعیلیہ و واقفیہ وغیرہ بھی شامل ہیں۔

---

(۱) تھذیب التھذیب، ج۱، ص۸۱۔ ھدی الساری معروف بہ مقدمہ فتح الباری، ص۴۸۳۔

(۲) میزان الاعتدال فی نقد الرجال، ج۱، ص۵-۶۔ ھدی الساری معروف بہ مقدمہ فتح الباری، ص۴۸۳۔

(۳) میزان الاعتدال فی نقد الرجال، ج۱، ص۶۔

(۴) میزان الاعتدال فی نقد الرجال، ج۱، ص۶۔ تھذیب التھذیب، ج۱، ص۸۱۔

نقد و تحقیق

مذکورہ معانی اور اہل سنت کے نظریات کو مدنظر رکھتے ہوئے صاف صاف کہا جا سکتا ہے کہ ابوصلت ہروی اہل سنت کی نظر میں سنی مذہب تھے لیکن رافضی نہیں تھے اور تاریخی واقعات سے بھی جس چیز کا استفادہ ہوتا ہے وہ یہی ہے کہ ابوصلت سنی مذہب اور شیعیت کی طرف مائل تھے لہذا ان کی اصطلاح میں شیعہ جلد و شیعہ غالی تھے۔ وہ تاریخی واقعات کہ جو ابوصلت کے شیعہ جلد و شیعہ غالی ہونے پر دلالت کرتے ہیں وہ یہ ہیں:

۱- ابوصلت ہروی نے فضائل اہل بیتؑ میں روایات خصوصاً حضرت علیؑ کے فضائل میں بہت زیادہ روایات نقل کی ہیں جیسے حدیث'' انا مدینة العلم و علی بابها''(۱) اور حدیث سلسلة الذهب

۲- خطیب بغدادی شافعی وہ مروزی کی تاریخ مرو سے نقل کرتے ہوئے ابوصلت کے بارے میں کہتا ہے: و کان یعرف بکلام الشیعة ابوصلت معروف متکلم شیعہ ہے۔(۲)

۳- وہی مروزی شافعی سے ہی ابوصلت کا عقیدہ خلفاء کے بارے میں اس طرح بیان کرتا ہے:

ورائته یقدم ابابکر و عمر و یترحم علی علی و عثمان ولا یذکر اصحاب النبیؐ الا بالجمیل و سمعته یقول: هذا مذهبی الذین ادین الله به۔(۳)

میں نے ابوصلت کو دیکھا کہ وہ ابوبکر و عمر کو مقدم رکھتے اور فوقیت دیتے، علی و عثمان پر ترحم و احترام کرتے اور اصحاب رسول خداؐ کو اچھے و احترام سے یاد کرتے تھے اور کہتے تھے کہ یہی میرا مذہب و عقیدہ ہے۔

---

(۱) و (۲) و(۳) تاریخ بغداد، ج۱۱، ص۴۸-۵۱۔

۴- مروزی شافعی فقط ابوصلت کی تضعیف کا ایک نقطہ بیان کرتا ہے وہ یہ کہ ابوصلت روایت مثالب کو بھی نقل کرتے جیسے ابوموسی اشعری، معاویہ اور بعض صحابہ کے بارے میں لہذا کہتا ہے:

الا انه ثم احاديث يرويها فی المثالب''(۱)

یہ کہ ابوصلت ان روایات کو بھی نقل کرتا ہے کہ جو مثالب (طعن وتشنیع) میں وارد ہوئی ہیں۔

۵- لیکن دوسرے مقام پر دارقطنی کا دعوی یہ ہے کہ ابوصلت ہروی بنی امیہ کے بارے میں اس طرح کہتا ہے: كلب للعلوية خير من جميع بنی امية فقيل فيهم عثمان فقال فيهم عثمان۔(۲) علوی کتا بھی بنی امیہ کے تمام افراد سے بہتر ہے کسی نے کہا بنی امیہ میں سے عثمان بھی ہے تو کہا ہاں عثمان سے بھی۔

یہ مطلب مروزی شافعی کے کلام سے متعارض ہے اسی لیے ذہبی شافعی نے دارقطنی کے کلام کو رد کیا ہے اور اس کلام کی سند پر اعتراض کیا ہے(۳) جب کہ مروزی شافعی کے کلام کو ابوصلت کے بارے میں قبول کرتا ہے۔

نتیجہ

ان تمام گفتگو سے نتیجہ یہ نکلتا ہے کہ ابوصلت سنی تھے اور شیخین کو خلیفہ مانتے تھے لیکن حضرت علیؑ کی طرف بہت مائل تھے اور آپ کی شأن وفضائل میں بہت سی روایات نقل کرتے ہیں، ابوموسی اشعری، معاویہ اور دیگر بنی امیہ کے مخالف تھے یہی وجہ رہی کہ ان کو شیعہ، شیعہ غالی وشیعہ جلد جیسے الفاظ سے یاد کیا گیا۔ بنابراین عقیلی مکی اور دارقطنی شافعی نے ابوصلت کو رافضی کہا ہے یہ بے بنیاد دعوی ہے اس پر کوئی دلیل ومدرک نہیں ہے۔

---

(۱) و (۲) تاریخ بغداد، ج۱۱، ص۴۸-۵۱۔

(۳) تہذیب تہذیب الکمال فی اسماء الرجال، ج۸، ص۲۷۴۔

حدیث حصن وایمان میں یکسانیت

سوال یہ ہے کہ کیا احادیث حصن وایمان ایک ہی ہیں یا یہ واقعہ دومرتبہ پیش آیا ہے؟ابن حجر ہیثمی شافعی اس مطلب کی تائید میں حدیث حصن وایمان کو دومرحلوں میں مانتا ہے لہذا کہتا ہے:

لعلهما واقعتان۔(۱) شاید یہ دوجداگانہ واقعے ہیں

بہرحال حق یہ ہے کہ اولاً،اس میں کوئی شک وشبہہ نہیں ہے کہ یہ دونوں روایات حضرت امام رضاؑ کی زبان مبارک سے ادا ہوئی ہیں۔ثانیاًان دونوں روایات کا حضرت امام رضاؑ سے ایک ہی مرتبہ بیان ہونے پر کوئی دلیل نظر نہیں آتی۔ثالثاًان دونوں روایات کو شہر نیشاپور میں واقع ہونے پر بہت سے شواہد موجود ہیں۔

لہذا مذکورہ باتوں اور شواہد وقرائن کو مدنظر رکھتے ہوئے یہ بات ثابت ہوتی ہے کہ حدیث ایمان حضرت امام رضاؑ کے نیشاپور میں داخل ہوتے وقت اور حدیث حصن آپؑ کے شہر نیشاپور سے خارج ہوتے وقت صادر ہوئی ہیں۔(۲)

حضرت امام رضاؑ کا نیشاپور میں وارد ہونا اور عوام واہل سنت علماء کی موقعیت

اگر حضرت امام رضاؑ کی نیشاپور تشریف آوری سے مربوط روایات پر ایک بار پھر نظر ڈالی جائے تو لوگوں کے احساسات،عوام وخواص اہل سنت کی روش واستقبال اور بہت کچھ دریافت ہوگا،بہت سے سوالات کے جواب مل جائیں گے،لہذا ان واقعات کو ایک مرتبہ پھر دوہراتے ہیں تاکہ کچھ خاص نکات کی طرف توجہ کی جاسکے۔

---

(۱) الصواعق المحرقۃ،ج۲،ص۵۹۵۔

(۲) ینابیع المودۃ لذوی القربی،ج۳،ص۱۲۲-۱۲۴۔

واقدی کا بیان

ولما دخل سنة مأتين بعث اليه المامون فاشخصه من المدينة الى خراسان فلماوصل الى نيسابورخرج اليه علمائهامثل يحى ابن يحى واسحاق بن راهويه ومحمد بن رافع و احمد بن حرب و غيرهم لطلب الحديث و الرواية والتبرك به۔۔۔(۱)

جس وقت سن ۲۰۰ ہجری واقع ہوا مامون نے حضرت امام رضاؑ کے پاس کچھ افراد کو بھیجا تا کہ آپ کو مدینہ سے خراسان لے کر آئیں۔۔۔ جب آپ شہر نیشاپور میں وارد ہوئے، تو علماء شہر جیسے یحی بن یحی، اسحاق بن راھویہ، احمد بن حرب، محمد بن رافع وغیرہ طلب حدیث و روایت اور آپ کی ذات پاک سے متبرک ہونے کی خاطر آپ کی جانب بڑھے۔

ابن جوزی حنبلی کا بیان

فلما قدم نيسابور خرج فهوفى عمارية على بغلة شهباء فخرج علماء البلد فى طلبه منهم يحى بن يحى ، اسحاق بن راهويه ، احمد بن حرب ، محمد بن رافع وغيرهم فاقام بها مدة۔(۲)

جس وقت حضرت امام رضاؑ شہر نیشاپور میں داخل ہوئے، ہلکے کالے رنگ کے خچر پر عماری میں سوار تھے علماء شہر جیسے یحی بن یحی، اسحاق بن راھویہ، احمد بن حرب، محمد بن رافع نے بڑھ کر استقبال کیا، آپ وہاں ایک مدت تک مقیم رہے۔

---

(۱) تذکرۃ الخواص من الامۃ بذکر خصائص الآئمۃ، ص ۳۱۵۔
(۲) المنتظم فی تواریخ الملوک والامم، ج ۶، ص ۱۲۵۔

حاکم نیشاپوری شافعی کا بیان

بہت افسوس کی بات ہے کہ اب حاکم نیشاپوری کی کتاب تاریخ نیشاپور دستیاب نہیں ہے اور یہ عظیم تاریخی اثر مفقود ہو چکا ہے، لہذا حاکم نیشاپوری کے واقعہ کو بعض دوسرے علماء نے اپنی کتابوں میں درج کیا ہے یہاں پر یہ واقعہ انہی کتابوں سے نقل کیا گیا ہے۔

حاکم نیشاپوری کے واقعہ کو احمد بن محمد بن حسین خلیفۂ نیشاپوری شافعی(۱) (آٹھویں صدی)، ابن صباغ مالکی(۲) (۸۵۵ھ)، ابن حجر ہیثمی شافعی(۳) (۹۷۴ھ)، قرمانی دمشقی(۴) (۱۰۱۹ھ)، عبدالرؤوف مناوی شافعی(۵) (۱۰۳۱ھ) اور شبلنجی شافعی(۶) (۸۵۲ھ) نے مفصل طریقے سے اور ذہبی شافعی(۷) (۷۴۸ھ) وابن حجر عسقلانی شافعی(۸) نے مختصر طور پر نقل کیا ہے۔

یہ بھی واضح رہے کہ سمہودی شافعی(۹) (۹۱۱ھ) خنجی اصفہانی حنفی(۱۰) (۹۲۷ھ) نے حاکم نیشاپوری کے واقعہ کو کتاب تاریخ نیشاپور سے مستقیم نقل نہیں کیا بلکہ ابن صباغ مالکی کی کتاب سے نقل کیا ہے۔

---

(۱) تلخیص وترجمہ تاریخ نیشاپور، ص۱۳۱-۱۳۲۔

(۲) الفصول المہمہ فی معرفۃ احوال الآئمہ، ص۲۴۲-۲۴۳۔

(۳) الصواعق المحرقۃ، ج۲، ص۵۹۴۔

(۴) اخبار الدول وآثار الاول، ص۱۱۵۔

(۵) فیض القدیر بشرح جامع الصغیر، ج۴، ص۴۸۹-۴۹۰۔

(۶) نور الابصار فی مناقب آل بیت النبی المختار، ص۲۳۶۔

(۷) سیر اعلام النبلاء، ج۹، ص۳۹۰۔

(۸) تہذیب التہذیب، ج۷، ص۳۳۹۔

(۹) جواہر العقدین فی فضل الشرفین، ص۳۴۲-۳۴۳۔

(۱۰) وسیلۃ الخادم الی المخدوم در شرح صلوات چہادہ معصوم، ۲۲۷۔ مہمان نامہ بخارا، ص۳۴۳-۳۴۵۔

ابن حجر ہیثمی شافعی نے حاکم نیشاپوری سے نقل کرتے ہوئے حضرت امام رضاؑ کے نیشاپور میں ورود کے وقت کی کیفیت کو اس طرح بیان کیا ہے: تعرض له الحافظان ابوزرعه الرازی و محمد بن اسلم الطوسی ، و معهما من طلبة العلم و الحديث مالايحصى ، فتضرعا اليه ان يريهم وجهه و يروی لهم حديثاً عن آبائه ۔۔۔(۱)

جس وقت حضرتؑ وارد نیشاپور ہوئے تو دو حافظ ابوزرعہ و محمد بن اسلم طوسی آپ کی جانب بڑھے اور ان کے ساتھ اہل علم و طالب حدیث کا ایک نا قابل احصاء اجتماع تھا ان دونوں نے التجاء کی کہ ہمیں اپنے چہرہ انور کی زیارت کرائیں اور اپنے آباء و اجداد سے کوئی روایت نقل فرمائیں۔

دوسری جگہ مذکور ہے: فلما دخل علی بن موسی الرضا نیسابوعلی بغلة شهباء فخرج علماء البلد فی طلبه منهم يحی بن يحی ، اسحاق بن راهويه ، احمد بن حرب ، محمد بن رافع فتعلقوا بلجام دابته فقال له اسحاق : بحق آبائك ! حدثنا فقال۔(۲)

جس وقت حضرت امام رضاؑ شہر نیشاپور میں داخل ہوئے ، ہلکے کالے رنگ کے خچر پر عماری میں سوار تھے علماء شہر جیسے یحی بن یحی ، اسحاق بن راھویہ، احمد بن حرب ، محمد بن رافع نے بڑھ کر استقبال کیا، اور آپ کی سواری کی لجام پکڑ کر التجاء کی کہ آپ کو اپنے آباء طاہرین کا واسطہ ہمارے لیے کوئی حدیث بیان فرمائیں، تب آپ نے فرمایا۔

ابن صباغ مالکی بھی حاکم نیشاپوری سے نقل کرتے ہوئے کہتا ہے:

اورد صاحب كتاب تاريخ نيسابور فی كتابه :

---

(۱) الصواعق المحرقۃ، ج۲،ص۵۹۴۔

(۲) کشف الخفاء ومزیل الالباس عما اشتھر من الاحادیث علی السنۃ الناس، ج۱،ص۲۲۔

ان علی بن موسی الرضا لما دخل الی نیسابور فی السفرة التی خص فیها بفضیلة الشهادة ، کان فی قبة مستورة بالسقلاط علی بغلة شهباء وقد شق سوق نیسابور فعرض له الامامان الحافظان للاحادیث النبویة والمشایران علی السنة المحمدیة : ابوزرعة الرازی و محمد ابن اسلم الطوسی و معهما خلائق لایحصون من طلبة العلم و اهل الحدیث و اهل الروایة و الدرایة ، فقالا : ایها السیدالجلیل ابن السادة الآئمة ! بحق آبائك الاطهرین واسلافك الاکرمین ، الا ماارینا وجهك المیمون المبارك ورویت لنا حدیثاً عن آبائك عن جدك محمد نذکرك به ، فاستوقف البغلة وامر غلمانه بکشف المظلة عن القبة و اقر عیون تلك الخلائق برؤیة طلعته المبارکة ، فکانت له ذؤابتان علی عاتقه و الناس کلهم قیام علی طبقاتهم ینظرون الیه و هم بین صارخ و باك و متمرغ فی التراب و مقبل لحافر بغلة وعلا الضجیج ، فصاحت الآئمة والعلماء والفقهاء : معاشر الناس ! اسمعوا، وعو وانصتولسماع ما ینفعکم و لا توذونا بکثرة صراخکم و بکائکم ، وکان المستملی ابوزرعة و محمد بن اسلم الطوسی ، فقال علی ابن موسی الرضا ، حدثنی ابی موسی الکاظم ، عن ابیه جعفر الصادق ، عن ابیه محمد الباقر، عن ابیه علی زین العابدین ، عن ابیه الحسین الشهید بکربلاء ، عن ابیه علی بن ابی طالب ،قال حدثنی حبیبی و قرة عینی رسول اللهؐ ، قال :حدثنی جبرائیل ،قال : سمعت رب العزة سبحانه و تعالی یقول :کلمة الله لااله الاالله حصنی فمن قالها دخل حصنی ومن دخل حصنی امن من عذابی ۔ ثم ارخی الستر علی القبة و سار۔ قال فعدو اهل المحابر و االدوی الذین کانوا یکتبون فانافوا علی عشرین الفا۔(۱)

---

(۱) الفصول المہمہ فی معرفۃ احوال الآئمہ،ص۲۴۲-۲۴۳۔

صاحب کتاب تاریخ نیشاپور اپنی کتاب میں تحریر کرتا ہے کہ جس وقت حضرت امام علی بن موسی الرضاؑ شہر نیشاپور میں اپنے اس سفر میں وارد ہوئے کہ جس میں آپ کی شہادت واقع ہوئی تو آپ عماری نما کپڑے کی محمل میں ہلکے کالے رنگ کے خچر پر سوار تھے پورا بازار شہر بھرا ہوا تھا آپ کے لیے راستہ کھلتا جاتا تھا، تب علماء اہل سنت میں سے دو مشہور و معروف حافظ ابوزرعہ و محمد بن اسلم طوسی حضرت کی خدمت میں حاضر ہوئے اور ان کے ساتھ لاتعداد اہل علم و طلاب، اہل روایت و درایت اور دیگر لوگ جمع تھے۔ان دونوں نے حضرت کی سواری کی لگام کو پکڑ کے عرض کی: اے جلیل القدر سید و سردار اے سردار آئمہ کے فرزند، آپ کو آپ کے پاک و پاکیزہ آباء واجداد کا واسطہ آپ ہمیں اپنے نورانی و مبارک چہرے کی زیارت اور ہمارے لیے ایسی حدیث نقل فرمائیں کہ جو آپ نے اپنے والد گرامی اور انہوں نے اپنے آباء واجداد سے سنی ہوتا کہ ہم آپ کو اس حدیث کے ذریعہ یاد رکھ سکیں۔ پس آپ نے اپنی سواری کو روکا غلام کو حکم دیا کہ عماری کا پردہ ہٹائے اپنا سر مبارک کو عماری سے باہر نکالا تب خلق خدا آپ کے نورانی چہرے کی زیارت سے مشرف ہوئی بہت سے لوگ بے ساختہ رونے لگے، تمام افراد اپنے اپنے حسب مراتب کھڑے ہوئے تھے بہت سے افراد زمین پر گر کر آپ کے مرکب کے قدموں کا بوسہ لے رہے تھے اور کچھ آہ و بکا گریہ وزاری میں مشغول تھے ایک عجیب منظر تھا کہ علماء فقہاء اور آئمہ حدیث نے لوگوں سے چاہا کہ ذرا خاموش ہو جائیں اور اپنے آہ و بکا کو کم کریں، آنحضرتؑ کی مبارک آواز کو سنیں کہ جو آپ کے نفع میں ہے اور اس طرح گریہ و بکا سے پریشان واذیت نہ کریں اور ابوزرعہ و محمد بن اسلم طوسی امام کی فرمائش کو تحریر کر رہے تھے کہ آپ نے فرمایا: مجھ سے میرے والد گرامی موسی کاظمؑ نے، آپ سے آپ کے پدر بزرگوار امام جعفر صادقؑ نے، آپ نے اپنے والد ماجد امام محمد باقرؑ سے، آپ نے اپنے والد بزرگوار امام زین العابدین سے، آپ نے اپنے پدر بزرگوار امام حسینؑ شہید کربلا سے، آپ نے اپنے والد گرامی حضرت علی سے سنا کہ آپ نے فرمایا کہ مجھ سے میرے حبیب و قرۃ عین رسول خداؐ نے فرمایا کہ آپ سے جبرئیل اور اس نے رب العزت سے سنا۔

خداوند عالم نے فرمایا کلمہ لا الہ الا اللہ میرا قلعہ ہے اور جو یہ کلمہ پڑھے گا وہ میرے قلعے میں داخل ہوگا اور جو میرے قلعے میں داخل ہوگا وہ میرے عذاب سے محفوظ رہے گا۔ پھر عماری کا پردہ گرا دیا گیا اور آگے بڑھ گئے۔ وہ حضرات کہ جن کے ہاتھوں میں قلم و دوات تھے اور حدیث لکھ رہے تھے جب ان کو گنا گیا تو بیس ہزار سے زیادہ کی تعداد تھی۔

اس تاریخی واقعہ کے اہم ترین نکات

اس حدیث شریف کے نکات دو حصوں میں منقسم ہیں

الف ﴾ حضرت امام رضاؑ کے حضور لوگوں کی روش و رفتار۔

۱- حضرت امام رضاؑ کے نیشاپور میں وارد ہوتے وقت لوگوں کا بے نظیر و باعظمت استقبال۔

۲- لوگوں کا گریہ وزاری، نالہ و فریاد اور بے قراری۔

۳- بعض افراد کا زمین بوس ہونا و خاک میں غلطاں ہونا۔

۴- حضرتؑ کی سواری کے قدموں کے بوسے لینا۔

ب ﴾ حضرت امام رضاؑ کے حضور اہل سنت کے علما و بزرگوں کی روش و رفتار۔

۱- علماء کا امامؑ کے وجود مقدس سے متبرک ہونا۔

۲- حضرت امام رضاؑ کی تشریف آوری پر مشہور و معروف علماء کا اپنے ہزاروں شاگردوں کے ساتھ استقبال۔

۳- حضرت امام رضاؑ کے حضور اہل سنت کے علماء و بزرگوں کا گریہ وزاری کرنا اور چہرہ مبارک کی زیارت کی خواہش کا اظہار کرنا۔

۴- حضرت امام رضاؑ کے حضور اہل سنت کے علماء و بزرگوں کا نقل حدیث کے لیے التماس و التجا۔

۵- دس ہزار یا بیس یا تیس ہزار لوگ واہل قلم اور اس عظیم واقعہ کو نقل کرنے والوں کا اجتماع۔

۶- حضرت امام رضاؑ کی سواری کی لجام کو پکڑنے کے لیے اہل سنت کے علماء و بزرگوں کا ایک دوسرے پر سبقت لینا۔

شاید یہ تاریخی مہم نکات اس حدیث وعظیم واقعہ کو صحاح واہل سنت کے معتبر حدیثی منابع سے حذف ہونے کا سبب بنے ہوں۔

علماء نیشاپور کا مقام اور منزلت

تاریخی واقعات میں علماء نیشاپور کی منزلت ومقام اور علمی موقعیت بہت اچھی طرح مذکور ہے کہ جس سے صاف صاف واضح ہے کہ اس دور میں اس عظمت وجلالت کے باوجود آنحضرتؑ کے حضور زانوئے ادب طے کرنا، گریہ وزاری اور التماس کرنا کہ پہلے آپ اپنے چہرہ انور کی زیارت کرائیں اور پھر اپنے آباواجداد طاہرین سے کوئی حدیث نقل فرمائیں۔اب ان علماء کا تعارف پیش کرتے ہیں

۱-آدم بن ابی ایاس عسقلانی (۲۲۰ھ)

وہ اہل حدیث کے امام، ثقہ اور مورد اعتماد، اہل شام کے بزرگ اور ان چھ افراد میں سے ہیں کہ جن کے پاس احادیث تصحیح وتطبیق کے لیے آتی تھیں۔ذہبی ان کے بارے میں کہتا ہے:

الامام الحافظ القدوة ، شيخ الشام ابو الحسن الخراساني ---(۱)

امام حافظ رہبر اہل شام کے برزگ ابوالحسن خراسانی۔

ابوحاتم رازی شافعی لکھتا ہے: ثقة مامون متعبد من خيار عباد الله۔(۲)

ثقہ امین عابد اور خدا کے بہترین بندوں میں سے ہیں۔

---

(۱) سیر اعلام النبلاء، ج۱۰،ص۳۳۵۔

(۲) الجرح والتعدیل، ج۲،ص۲۶۸۔

احمد بن حنبل کہتا ہے: كان من الستة الذين يضبطون عنده الحديث۔(۱)

یہ ان چھ افراد میں سے ہیں کہ جن کے پاس لوگ احادیث کی تطبیق وتصحیح کے لیے آتے تھے۔

۲-ابوزکریا یحی بن یحی تمیمی منقری نیشاپوری (۲۲۶ھ)

وہ شیخ اسلام وعالم خراسان اور بعض افراد کی تعبیر میں اہل دنیا کا امام ہے۔

ابوبکر بن عبدالرحمٰن کہتا ہے: شيخ الاسلام وعالم خراسان الحافظ ۔ابوالعباس سراج کہتا ہے: امام لاهل الدنيا۔ابواحمد الفراء کہتا ہے: كان اماماً و قدوةً ونوراً للاسلام۔(۲)

وہ امام ورہبر اور اسلام کے لیے نور ہے۔

نسائی شافعی لکھتا ہے: هو ثقة مامون ثبت۔(۳) وہ ثقہ امین اور قابل اطمینان وحجت ہے۔

احمد بن سیار مروزی شافعی کہتا ہے: كان ثقة خيراً فاضلاً ۔(۴)

وہ قابل اعتماد اور بہت نیک وفاضل شخص ہے۔

۳-ابوعبداللہ احمد بن حرب بن فیروز نیشاپوری (۲۳۴ھ)

وہ اہل حدیث کا قائد، اہل نیشاپور کا دینی رہبر، فقہاء وعابدوں کا بزرگ اور بے نظیر شخص تھا۔

ذہبی شافعی اس کے بارے میں کہتا ہے:

الامام القدوة ، شيخ نيسابور الزاهد كان من كبار الفقهاء و العباد۔

وہ امام رہبر، اہل نیشاپور کا قائد، متقی اور فقہاء وعابدوں میں سے بزرگ ہستی ہے۔

---

(۱) تاریخ بغداد، ج ۷، ص ۲۸۔

(۲) سیر اعلام النبلاء، ج ۱۰، ص ۵۱۲۔

(۳) تہذیب الکمال فی اسماء الرجال، شمارہ ۱۵۲۴۔

(۴) سیر اعلام النبلاء، ج ۱۰، ص ۵۱۲۔

یحی بن یحی تمیمی اس کے بارے میں کہتا ہے:

ان لم یکن احمد بن حرب من الابدال فلا ادری من ھم۔(۱)

اگر احمد بن حرب ابدال میں سے نہیں ہے تو پھر میں نہیں جانتا کہ ابدال کون ہے۔

۴- ابو یعقوب اسحاق بن راھویہ مروزی (۲۳۸ھ)

وہ اہل سنت کے علماء و بزرگوں میں سے ایسی شخصیت ہے کہ حدیث و فقہ میں اس کی طرف مراجعہ کیا جاتا ہے اور اس میں حفظ، سچائی اور تقوی بھرپور پایا جاتا ہے، اس کے شافعی یا حنبلی ہونے میں اختلاف ہے، اس کے بارے میں سیوطی شافعی کہتا ہے:

احد آئمة المسلمین و علماء الدین اجتمع له الحدیث و الفقه و الحفظ و الصدق والورع والزهد۔۔۔ ۔(۲) وہ علماء دین اور مسلمانوں کے اماموں میں ایک ہے اس میں حدیث، فقہ، حفظ، صدق، تقوی اور زھد سب ایک جگہ جمع ہیں۔

۵- ابوالحسن محمد بن اسلم کندی طوسی (۲۴۲ھ)

وہ شخصیت قابل اعتماد اور حافظوں میں سے ہے اور علمی اعتبار سے احمد بن حنبل کے برابر ہے، سیوطی شافعی اس کے بارے میں کہتا ہے: کان من الثقات الحفاظ والاولیاء الابدال۔

وہ ثقہ، حافظ اور اولیاء ابدال میں سے ہے۔

اور ابن خزیمہ شافعی سے نقل کرتے ہوئے کہتا ہے:

هو ربانی هذه الامة لم ترعینای مثله، کان یشبه باحمد بن حنبل۔(۳)

---

(۱) سیر اعلام النبلاء، ج۱۱، ص۳۲-۳۴۔

(۲) طبقات الحفاظ، ص۱۹۱-۱۹۲۔

(۳) طبقات الحفاظ، ص۲۳۸۔

وہ اس امت کا عالم ربانی ہے میری آنکھوں نے اس جیسا نہیں دیکھا، وہ علمی مقام میں احمد ابن حنبل کی طرح ہے۔

۶- ابوعبداللہ محمد بن رافع قشیری حنبلی (۲۴۵ھ)

وہ اپنے زمانے میں خراسان کا مرجع وقت اور قابل اعتماد وصادق وسچا تھا حاکم نیشاپوری اس کے بارے میں کہتا ہے: شیخ عصره بخراسان والصدق والرحلة۔(۱)

وہ اپنے زمانے میں صدق وسچائی میں خراسان کا مرجع وقت، قابل اعتماد اور تحصیل علم وحدیث کی خاطر اہل مسافرت تھا۔

مسلم ونسائی کہتے ہیں: ابن رافع ثقة مامون۔(۲) ابن رافع ثقہ وامین ہے۔

ذہبی شافعی کہتا ہے: الامام الحافظ ، الحجة القدوة بقية الاعلام۔۔۔(۳)

امام حافظ حجت ورہبر اور بزرگوں میں سے ایک شخصیت ہے۔

۷- نصر بن علی جھضمی یا جہنی (۲۵۰ھ)

وہ مطمئن ترین وبہترین حافظ، محدث وعالم اور اہل سنت کے بزرگوں میں سے ہے۔ابن ابی حاتم رازی شافعی اس کے بارے میں کہتا ہے:نصر احب الی و اوثق و احفظ ، نصر ثقة ۔(۴)

نصر میرے نزدیک محبوب ترین فرد موثق وحافظ ترین شخص ہے، نصر ثقہ ہے۔

---

(۱) سیر اعلام النبلاء، ج۱۲،ص۲۱۴۔

(۲) الوافی بالوفیات، ج۳۷،ص۶۸۔

(۳) سیر اعلام النبلاء، ج۱۲،ص۲۱۴۔

(۴) الجرح والتعدیل، ج۸،ص۴۶۶۔

نسائی شافعی اور ابن خراش کہتے ہیں: ثقة۔(۱) وہ ثقہ ہے۔

عبداللہ بن محمد فرھیانی لکھتا ہے: نصر عندی من نبلاء الناس۔(۲)

نصر میری نظر میں ایک عظیم شخصیت ہے۔

ذہبی شافعی کہتا ہے: الحافظ العلامة الثقة ---كان من كبار الاعلام --- نصر بن علی من آئمة السنة الاثبات۔(۳)

نصر بن علی حافظ، علامہ، ثقہ بزرگ شخصیتوں میں سے تھا وہ ان شخصیتوں میں سے تھا کہ اپنی روایات واسانید کو ثبت وضبط کرتے تھے۔

۸- ابوزرعۃ عبیداللہ بن عبدالکریم رازی قرشی مخزومی حنبلی (۲۶۱ھ)

خراسان کے اہل حدیث لوگوں کا امام، قابل اعتماد، عظیم شخصیت وحافظ ہے، سیوطی شافعی اس کے بارے میں لکھتا ہے: احد الاعلام و حفاظ الاسلام۔(۴)

وہ حافظین اسلام اور بزرگوں میں سے ایک ہے۔

ابن ابی حاتم رازی شافعی کہتا ہے:

مارأیت اکثر تواضعاً من ابی زرعة، هو وابو حاتم اماما خراسان۔(۵)

میں ابوزرعہ سے متواضع تر کسی کو نہیں دیکھا وہ اور ابوحاتم دونوں خراسان کے امام تھے۔

---

(۱) سیر اعلام النبلاء، ج ۱۲، ص ۱۳۵۔

(۲) تاریخ بغداد، ج ۱۳، ص ۲۸۸۔

(۳) سیر اعلام النبلاء، ج ۱۲، ص ۱۳۵۔

(۴) طبقات الحفاظ، ص ۲۵۴۔

(۵) الجرح والتعدیل، ج ۵، ص ۳۲۵۔

نسائی شافعی اس کے بارے میں کہتا ہے: ''ثقة'' وذہبی شافعی بھی اس کو'' الامام سید الحفاظ'' جیسے الفاظ سے یاد کرتا ہے۔(۱)

۹- محمد بن اسحاق بن خزیمۃ شافعی (۳۱۱ھ)

وہ ایسی شخصیت ہے کہ خراسان میں امامت اور حفظ حدیث اسی پر منتہی ہوتی ہے اور کم نظیر شخصیت وحافظ ہے۔ذہبی شافعی اس کے بارے میں کہتا ہے:

انتهت اليه الامامة و الحفظ فی عصره بخراسان۔

وہ ایسی شخصیت ہے کہ خراسان میں امامت اور حفظ حدیث اسی پر منتہی ہوتی ہے۔

ابن حبان شافعی کہتا ہے:مارأيت على وجه الارض من يحسن صناعة السنن و يحفظ الفاظها الصحاح و زياداتها ، حتى كان السنن كلها نصب عينيه الا ابن خزيمة فقط۔

میں نے روی زمین پر کسی کو ابن خزیمہ کی طرح نہیں دیکھا کہ جو فن سنت نبوی سے زیادہ آگاہ ہو اور الفاظ احادیث اور ان میں زیادتی کو اس سے زیادہ جانتا ہو، گویا سنت نبوی اور احادیث پیغمبرؐ اس کی آنکھوں کے سامنے صادر ہوئی ہوں۔

دارقطنی شافعی کہتا ہے: كان اماماً ثبتاً معدوم النظير۔(۲)

وہ امام حجت اور بے نظیر تھا۔

۱۰- محمد بن عبدالوھاب ابوعلی ثقفی شافعی (۳۲۸ھ)

وہ اہل حدیث کا رہبر، خراسان کی عظیم ہستی اور اہل سنت کے بقول وہ اپنے زمانے میں روی زمین پر خدا کی حجت تھا۔ذہبی شافعی اس کے بارے میں کہتا ہے:

---

(۱) سیر اعلام النبلاء، ج۱۳، ص۷۵۔

(۲) سیر اعلام النبلاء، ج۱۴، ص۳۷۲۔

الامـام المحدث الفقيه العلامه الزاهد العابد شيخ خراسان كان ابو على فى عصره حجة الله على خلقه ـــ وكان اماماً فى اكثر علوم الشرع۔(۱)

وہ امام، محدث، فقیہ، علامہ، زاہد، عابد اور خراسان کی عظیم ہستی تھا، ابوعلی اپنے زمانے میں مخلوق الٰہی پر خدا کی حجت تھا وہ اکثر علوم شرعی میں امام تھا۔

مذکورہ افراد کی موقعیت اور اہل سنت کے نزدیک مقام و مرتبہ اور پھر ان حضرات کا حضرت امام علی ابن موسی الرضاؑ کے حضور رونا گڑگڑانا التماس و التجاء کرنا آنحضرتؑ کی عظمت، مرجعیت علمی و معنوی پر روشن دلیل ہے۔

لاجواب سوال

حضرت امام علی رضاؑ کا نیشاپور تشریف لانا اور حدیث سلسلۃ الذھب کا ارشاد فرمانا، اس کو دس ہزار یا بیس یا تیس ہزار لوگوں کا لکھنا، اور پھر تقریباً نوے علماء و رجال اہل سنت کا روایت کرنا، اس کو سیکڑوں معتبر کتابوں میں درج کرنا، حدیث شریف اور سلسلہ سند حدیث کو عجیب و غریب الفاظ سے یاد کرنا، یہ تمام باتیں اس مطلب کی طرف متوجہ کرتی ہیں کہ پھر کیوں اور کس دلیل پر مؤلفین صحاح نے اس حدیث شریف کو اپنی مجامع حدیثی میں ذکر نہیں کیا حتی اس عظیم واقعہ کی طرف اشارہ بھی نہیں کیا؟۔(۲)

واقعاً تمام علماء اہل سنت و علماء نیشاپور اور مؤلفین صحاح کی حضرت امام رضاؑ کے بارے میں یہ دورخی کیوں اور کس لیے ہے؟

---

(۱) سیر اعلام النبلاء، ج ۱۵، ص ۲۸۱-۲۸۲۔

(۲) البتہ ابن ماجہ نے اپنی سنن میں فقط حدیث ایمان کو ذکر کیا ہے جیسا کہ پہلے بیان ہو چکا ہے ۔

تیسرے: دیگر احادیث

اب تک دو حدیثین، حدیث ایمان، وحدیث حصن کہ جو سلسلۃ الذھب کے نام سے معروف ہیں بیان ہو چکی ہیں، اب اس حصہ میں دیگر وہ احادیث کہ جن کی اسناد سلسلۃ الذہب ہی کی طرح ہیں لیکن مطالب حدیث ایمان وحصن سے جدا ہیں اور حضرت امام رضاؑ نے ان کو بھی اپنے اباء واجداد طاہرینؑ ہی سے تسلسل کے ساتھ نقل فرمائی ہیں اور علماء اہل سنت نے اپنی معتبر کتابوں میں ان کو درج کیا ہے، بیان کی جارہی ہیں:

۱- ابن نجار شافعی (۶۴۳ھ) اپنی اسناد کے ساتھ عبداللہ ابن احمد بن محمد بن حنبل سے کہ اس نے اپنے والد سے کہ اس نے حضرت امام رضاؑ سے نقل کیا ہے کہ حضرت امام رضاؑ نے اپنے آباء واجداد طاہرینؑ سے انہوں نے رسول اکرمؐ سے نقل فرمایا ہے کہ حضرت رسول اکرمؐ کا ارشاد گرامی ہے:

مامن قوم کانت لهم مشورة فحضر معهم من اسمه احمد و محمد فشاروه الاخیر لهم۔(۱)

کوئی بھی قوم وقبیلہ جب کبھی آپس میں مشورہ کرے اور ان کے درمیان محمد یا احمد نامی شخص بھی ہو تو خداوند عالم اس مشورے میں نیکی وبھلائی قرار دیتا ہے۔

۲- ابن نجار شافعی اپنی اسناد کے ساتھ یوسف بن عبداللہ غازی سے کہ وہ حضرت امام رضاؑ سے نقل کرتا ہے کہ آپ نے اپنے آباء طاہرینؑ واجداد طیبینؑ سے نقل فرمایا انہوں نے امیر المؤمنین علیؑ ابن ابی طالبؑ سے اور آپ نے رسول خداؐ سے کہ آنحضرتؐ نے ارشاد فرمایا:

---

(۱) ذیل تاریخ بغداد، ج۱۹، ص۱۳۵۔

یقول الله تبارك و تعالی : یابن آدم ماانصفتنی ، أ تحبب الیك بالنعم و تنقمت الی بالمعاصی ، خیری علیك منزل و شرك الی صاعد ولا یزال ملك کریم یعطینی عنك کل یوم و لیلة بعمل قبیح ، یابن آدم لو سمعت وصفك من غیرك وانت لاتدری من الموصوف لسارعت الی مقته۔(۱)

خداوندعالم نے آولاد آدم کومخاطب کرکے فرمایا: اے فرزندآدم! میرے ساتھ تونے انصاف نہیں کیا میں تیرے لیے نعمتیں بھیج کر تجھ سے محبت کرتا ہوں اور تو گناہ انجام دے کر میرے عقاب وناراضگی کا سبب بنتا ہے، میری نیکیاں وعنایات تجھ پر برس رہی ہیں اور تیرے گناہ و برائیاں آسمان چھورہی ہیں، ہمیشہ شب وروز کاتبان اعمال فرشتے مجھ تک تیرے گناہ وبدکاریوں کو پہنچاتے ہیں۔اے فرزندآدم!اگراپنی برائیوں کوکسی دوسرے کی زبانی سنے اور تجھ کو یہ معلوم نہ ہوکہ یہ برے اعمال کس کے ہیں تو فوراًاس سے ناراض ومتنفر ہوجائے گا۔

۳- محمد بن سلامۃ قضاغی شافعی (۴۵۴ھ) اپنی اسناد کے ساتھ حضرت امام رضاؑ سے نقل کرتا ہے کہ آپ نے اپنے آباء طاہرینؑ واجدادطیبینؑ سے نقل فرمایا انہوں نے امیرالمؤمنین علیؑ ابن ابی طالبؑ سے اورآپ نے رسول خداؐ سے کہ آنحضرتؐ نے ارشادفرمایا:من عامل الناس فلم یظلمهم و حدثهم فلم یکذبهم و وعدهم فلم یخلفهم فهو ممن کملت مرؤته و ظهرت عدالته و وجبت اخوته و حرمت غیبته۔(۲) جوشخص لوگوں کے ساتھ اچھابرتاؤ کرے اوران پرظلم نہ کرے اوران سے وعدہ کرے اور وعدہ خلافی انجام نہ دے اس شخص کی مروت کامل، عدالت واضح وروشن، اس سے اخوت وبھائی چارگی لازم وضروری اوراس کی غیبت حرام ہے۔

---

(۱) ذیل تاریخ بغداد، ج۱۹،ص۱۳۵۔التدوین فی اخبارقزوین، ج۳،ص۴۔

(۲) مسندالشہاب، ج۱،ص۳۲۲۔اوردیکھیے :الکفایۃ فی علم الروایۃ، ج۱،ص۷۸، ح۵۴۳۔

۴ - بیہقی شافعی (۴۵۸ھ) نے اپنی اسناد کے ساتھ حضرت امام رضاؑ سے نقل کرتا ہے کہ آپ نے اپنے آباء طاہرینؑ واجداد طیبینؑ سے نقل فرمایا انہوں نے امیر المؤمنین علیؑ ابن ابی طالبؑ سے اور آپ نے رسول خداؐ سے کہ آنحضرتؐ نے ارشاد فرمایا:

رأ س العقل بعد الدين التودد الى الناس واصطناع الخير الى كل بر و فاجر ۔(۱)

اصل واساس عقل، دین کے بعد لوگوں سے دوستی واظہار محبت اور ہر نیک و بد انسان کے لیے اچھائی چاہنا ہے۔

۵ - ابونعیم اصفہانی شافعی (۴۳۰ھ) اپنی اسناد کے ساتھ حضرت امام رضاؑ سے نقل کرتا ہے کہ آپ نے اپنے آباء طاہرینؑ واجداد طیبینؑ سے نقل فرمایا انہوں نے امیر المؤمنین علیؑ ابن ابی طالبؑ سے اور آپ نے رسول خداؐ سے کہ آنحضرتؐ نے ارشاد فرمایا:

اشد الاعمال ثلاثة : اعطاء الحق من نفسك و ذكر الله على كل حال و مواساة الاخ فى المال ۔(۲)

سخت ترین اعمال تین ہیں: اپنی جانب سے حق عطا کرنا، ہر حال میں ذکر خدا کرنا اور اپنے دینی بھائیوں کی مالی مدد کرنا۔

۶ - ابونعیم اصفہانی شافعی (۴۳۰ھ) نے اپنی اسناد کے ساتھ حضرت امام رضاؑ سے نقل کیا ہے کہ آپؑ نے اپنے آباء طاہرینؑ واجداد طیبینؑ سے نقل فرمایا انہوں نے امیر المؤمنین علیؑ ابن ابی طالبؑ سے اور آپ نے رسول خداؐ سے کہ آنحضرتؐ نے ارشاد فرمایا:

---

(۱) شعب الایمان، ج۶، ص۲۵۶، ح۸۰۶۲۔

(۲) حلیۃ الاولیاء وطبقات الاصفیاء، ج۱، ص۸۵۔

العلم خزائن و مفتاحها السؤال: فاسئلوا ، یرحمکم الله فانه یؤجر فیه اربعة السائل والمعلم والمستمع والمجیب لهم والمحب له۔(۱)

علم ایک ایسا خزانہ ہے کہ جس کی چابی سوال ہے لہذا سوال کرو خدا تم پر رحمت کرے، اس لیے کہ اس میں چار افراد کو اجر وثواب ملتا ہے: سوال کرنے والے کو استاد کو سننے والے کو اور جواب دینے والے کو اور سوال کو دوست رکھنے والا بھی ماجور ہے۔

۷- داؤد بن سلمان نے اپنی اسناد کے ساتھ حضرت امام رضاؑ سے نقل کیا ہے کہ آپؑ نے اپنے آباء طاہرینؑ واجداد طیبینؑ سے نقل فرمایا انہوں نے امیر المؤمنین علیؑ ابن ابی طالبؑ سے اور آپ نے رسول خداؐ سے کہ آنحضرتؐ نے ارشاد فرمایا:

لا یزال الشیطان ذعراً من المؤمن ماحافظ علی الصلوات الخمس ، فاذا ضیعهن تجرأ علیه و اوقعه فی العظائم۔(۲)

شیطان ہمیشہ اس بندہ مؤمن سے ڈرتا ہے کہ جو نماز پنجگانہ پابندی کے ساتھ بجالاتا ہے۔ لیکن جب وہ نماز چھوڑ دیتا ہے تو شیطان اس پر مسلط ہو جاتا ہے اور اس کو گناہان کبیرہ میں پھانس دیتا ہے۔

۸- داؤد بن سلمان نے اپنی اسناد کے ساتھ حضرت امام رضاؑ سے نقل کیا ہے کہ آپؑ نے اپنے آباء طاہرین واجداد طیبین سے نقل فرمایا انہوں نے امیر المؤمنین علیؑ ابن ابی طالبؑ سے اور آپ نے رسول خداؐ سے کہ آنحضرتؐ نے ارشاد فرمایا:

---

(۱) ابونعیم اصفہانی اس حدیث کے بارے میں کہتا ہے کہ ''هذا احدیث غریب من هذا الوجه لم نکتبه الا بهذا الاسناد'' یہ حدیث اس لحاظ سے عجیب وغریب ہے کہ ہم نے اس کو اس سند کے علاوہ نہیں لکھا۔ دیکھیے: حلیۃ الاولیاء وطبقات الاصفیاء، ج ۳، ص ۴۲۸۔ البتہ عبارت ''والمحب له'' اس منبع میں نہیں ہے بلکہ کتاب التدوین فی اخبار قزوین میں ہے۔

(۲) التدوین فی اخبار قزوین، ج ۲، ص ۱۲۵۔

خیرالاعمال عند الله تعالی ایمان لا شك فیه و غزو لا غلول فیه ۔۔۔(۱)

خداوندعالم کے نزدیک سب سے بہترین اعمال وہ ایمان ہے کہ جس میں کوئی شک وشبہہ نہ ہواور وہ جہاد ہے کہ جس میں کوئی خیانت ودھوکا نہ ہو۔

۹- داؤد بن سلمان نے اپنی اسناد کے ساتھ حضرت امام رضاؑ سے نقل کیا ہے کہ آپؑ نے اپنے آباء طاہرین واجداد طیبین سے نقل فرمایا انہوں نے امیرالمؤمنین علیؑ ابن ابی طالبؑ سے اور آپ نے رسول خداؐ سے کہ آنحضرتؐ نے ارشاد فرمایا: من مر علی المقابر فقرأ فیها احدی عشر مرة قل هو الله احد ثم وهب اجره للاموات اعطی من الاجر بعدد الاموات۔(۲)

جو شخص بھی قبرستان سے گذرے اور وہاں گیارہ مرتبہ سورہ قل ھواللہ پڑھ کر مردوں کو بخش دے تو خدوندعالم اس کو اس قبرستان میں مدفون مردوں کی تعداد میں ثواب عطا کرے گا۔

۱۰-علی بن حمزہ علوی نے اپنی اسناد کے ساتھ حضرت امام رضاؑ سے نقل کیا ہے کہ آپؑ نے اپنے آباء طاہرین واجداد طیبین سے نقل فرمایا انہوں نے امیرالمؤمنین علیؑ ابن ابی طالبؑ سے اور آپ نے رسول خداؐ سے کہ آنحضرتؐ نے ارشاد فرمایا: تعلموا من انسابکم ماتصلون به ارحامکم ، فان صلة الرحم منسأة فی الاجل مثراة للمال مرضاة للرب تعالی۔(۳)

اپنے خاندانی شجرہ نسب کو اس حد تک یاد کرو کہ جن پر صلہ رحم کرنا چاہیے اس لیے کہ صلہ رحم موت کو ٹالتا ہے، مال میں اضافہ کرتا ہے اور پروردگار کو راضی وخوشنود کرتا ہے۔

---

(۱) التدوین فی اخبار قزوین، ج۲،ص۲۱۶۔ یہ روایت حضرت رسول اکرمؐ سے دوسرے طرق سے بھی منقول ہے۔ دیکھیے: احمد بن حنبل، المسند، ج۳،ص۲۵۸۔

(۲) التدوین فی اخبار قزوین، ج۲،ص۲۹۷۔

(۳) موضح اوھام الجمع والتفریق، ج۲،ص۴۵۴۔

۱۱- احمد بن عامر طائی نے حضرت امام رضاؑ سے نقل کیا ہے کہ آپؑ نے اپنے آباء طاہرین و اجداد طیبین سے نقل فرمایا انہوں نے امیر المؤمنین علیؑ ابن ابی طالبؑ سے اور آپ نے رسول خداؐ سے کہ آنحضرتؐ نے ارشاد فرمایا:

من حفظ علی امتی اربعین حدیثاً ینتفعون بها،بعثه الله یوم القیامة فقیهاً عالماً (۱)۔

میری امت میں سے جو شخص بھی چالیس احادیث حفظ کرے کہ ان سے لوگوں کو فائدہ پہنچائے، خداوند عالم اس کو روز قیامت فقیہ و عالم محشور کرے گا۔

۱۲- شبلنجی شافعی نے بطور مرسل حضرت امام رضاؑ سے نقل کیا ہے کہ آپؑ نے اپنے آباء طاہرین و اجداد طیبین سے نقل فرمایا انہوں نے امیر المؤمنین علیؑ ابن ابی طالبؑ سے اور آپ نے رسول خداؐ سے کہ آنحضرتؐ نے ارشاد فرمایا:

من لم یؤمن بحوضی فلا اورده الله تعالی حوضی ، ومن لم یؤمن بشفاعتی فلا اناله الله شفاعتی ۔ ثم قال انما شفاعتی لاهل الکبائر من امتی فاما المحسنون فما علیهم من سبیل۔(۲)

جو شخص بھی میری حوض پر ایمان نہ رکھتا ہو خداوند عالم اس کو میرے حوض پر وارد نہیں کرے گا۔ اور جو میری شفاعت پر ایمان نہ رکھتا ہو خدا اس کے نصیب میں میری شفاعت قرار نہیں دے گا۔ پھر فرمایا میری شفاعت ان لوگوں کو نصیب ہوگی کہ جو گناہ کبیرہ کے مرتکب ہوئے ہیں لیکن اچھے کام کرنے والے اور نیک افراد سے کوئی مواخذہ و باز پرس نہیں ہوگی۔

---

(۱) مسند الامام زید، ص۴۴۳۔ العلل المتناهیه، ج۱، ص۱۱۹۔

(۲) نور الابصار فی مناقب آل بیت النبی المختار، ص۲۳۶۔

۱۳- شبلنجی شافعی نے بطور مرسل حضرت امام رضاؑ سے نقل کیا ہے کہ آپؑ نے اپنے آباء طاہرین واجداد طیبین سے نقل فرمایا انہوں نے امیر المؤمنین علیؑ ابن ابی طالبؑ سے اور آپ نے رسول خداؐ سے کہ آنحضرتؐ نے ارشاد فرمایا: لا یکون الی یوم القیامة مؤمن الاوله جار یؤذیه۔(۱)

روز قیامت تک کوئی مؤمن نہیں ہے مگر یہ کہ اس کا پڑوسی اس کو پریشان کرتا ہوگا۔

۱۴- شبلنجی شافعی نے بطور مرسل حضرت امام رضاؑ سے نقل کیا ہے کہ آپؑ نے اپنے آباء طاہرین واجداد طیبین سے نقل فرمایا انہوں نے امیر المؤمنین علیؑ ابن ابی طالبؑ سے اور آپ نے رسول خداؐ سے کہ آنحضرتؐ نے ارشاد فرمایا: الشیب فی مقدم الرأس یمن، وفی العارضین سخاء و فی الذوائب شجاعة و فی القفاء شؤم۔(۲)

سر کے اگلے حصے کے بالوں میں سفیدی برکت کی علامت ہے اور سر کے دونوں طرف کے بالوں میں سفیدی باعث سخاوتمندی ہے اور زلفوں میں شجاعت کی علامت ہے اور سر کے پیچھے کے بالوں میں سفیدی نحس وکم بختی کی علامت ہے۔

۱۵- شبلنجی شافعی نے بطور مرسل حضرت امام رضاؑ سے نقل کیا ہے کہ آپؑ نے اپنے آباء طاہرین و اجداد طیبین سے نقل فرمایا انہوں نے امیر المؤمنین علیؑ ابن ابی طالبؑ سے اور آپ نے رسول خداؐ سے کہ آنحضرتؐ نے ارشاد فرمایا: لما اسری بی السماء رأیت رحماً معلقة فی العرش تشکوا رحماً الی ربها انها قاطعة لها قلت : کم بینك و بینها من اب ؟ قالت : تلتقی فی اربعین اباً۔(۳)

جب مجھ کو شب معراج آسمان کی سیر کرائی گئی میں کچھ اہل ارحام کو دیکھا کہ جو خداوند عالم کے حضور قطع رحم کی شکایت کر رہے تھے، میں نے ان سے سوال کیا کہ تمہارے اور اس شخص کے درمیان کہ جس کی شکایت کر رہے ہو کتنی نسلوں اور پشتوں کا فاصلہ ہے تو جواب دیا چالیس پشتوں کا۔

---

(۱) و (۲) و (۳) نور الابصار فی مناقب آل بیت النبی المختار، ص ۲۳۶۔

لاجواب سوال

جیسا کہ دوسرے حصہ میں گذر چکا ہے کہ علماء اہل سنت حضرت امام رضاؑ کی علمی و معنوی شخصیت کے بارے میں عجیب وغریب الفاظ کے ساتھ تذکرہ کرتے ہیں اور آپؑ کے لیے ایک عظیم مقام و مرتبہ کے قائل ہیں، لیکن اب یہ دیکھا جائے کہ کس طرح اس عظیم و بحر بیکراں کے علم سے استفادہ کیا جا سکتا ہے؟ حضرت امام رضاؑ سے معنوی و علمی استفادہ کرنے کا صرف ایک ہی راستہ رہ جاتا ہے وہ یہ کہ آپ کی زبان مبارک سے جو احادیث معارف نقل ہوئی ہیں اور ان کو راویوں نے نقل کر کے اپنے بعد والی نسلوں کے حوالے کیا ہے تا کہ تمام تشنگان علوم و معارف اس سے کما حقہ استفادہ کر سکیں کہ جو اسی دوران ایک مجموعہ کی شکل میں جمع آوری و تالیف ہو چکی ہیں اور صحیفۃ الرضا یا مسند الرضا کے نام مشہور ہیں، جن لوگوں نے صحیفہ و مسند یا انفرادی طور سے ایک ایک حدیث کو حضرت امام رضاؑ سے نقل کیا ہے ان میں ابو صلت ہروی، علی بن صدقہ رقی، داؤد بن سلیمان جرجانی، احمد بن عامر طائی، حسن بن فضل بن عباس اور دسیوں افراد دیگر ہیں کہ جن کے نام مختلف و متفرق طریقے پر اور بے توجہی و بے اعتنائی کے ساتھ اہل سنت کی کتابوں میں درج ہیں، تا کہ اہل جرح و تعدیل ان راویوں کی بغیر دلیل کے تضعیف کر سکیں اور ان کی راویات کو بے اعتبار بنا کر پیش کیا جا سکے۔(۱)

لہذا یہاں پر یہ سوال پیدا ہوتا ہے ایک طرف تو علماء و بزرگان اہل سنت کی جانب سے حضرت امام رضاؑ کی شخصیت اور مقام علمی و معنوی کا اعتراف اور دوسری طرف آنحضرتؑ سے علمی و معنوی راستوں کا بند کرنا یا ان روایات و راویوں کی بغیر دلیل کے اور تعصب کی وجہ سے تضعیف کرنا کہ جنہوں نے آنحضرتؑ سے روایات نقل کی ہیں۔ یہ دورخی کس لیے ہے اور اس کا کیا مطلب ہے؟!

---

(۱) کتاب المجروحین، ج ۲، ص ۱۰۶۔ کتاب الثقات، ج ۸، ص ۴۵۷۔

چوتھا حصہ

امامت

لفظ امام کے معانی

شیعہ مذہب میں لفظ امام وامامت بہت مقدس ہیں اور بہت بلند و بالا معانی رکھتے ہیں ان کا خاص مقام ہے ان سے حضرت رسول اکرمؐ کے پاک و پاکیزہ جانشین اور معصوم رہبروں کی یاد ذہن میں تازہ ہوجاتی ہے۔

مذہب شیعہ کے عقیدہ کے اعتبار سے یہ آئمہ طاہرینؑ خداوندعالم کی جانب سے یکے بعد دیگرے پرچم امامت اور کائنات کے امور کی زعامت و ذمہ داری اپنے کاندھوں پر اٹھائے رہے اور معنوی، علمی، سیاسی، اجتماعی اور۔۔۔مرجعیت انہی کے عہدے پر رہی ہے، لہذا یہ لفظ بطور کلی دو معانی رکھتا ہے ایک معنی خاص دوسرے معنی عام کہ جن کی تشریح حسب ذیل ہے۔

الف) معنی عام

مذہب اہل سنت میں لفظ امام کا استعمال مذہب شیعہ کے عقیدے سے بہت متفاوت وجدا ہے لہذا اہل سنت کے یہاں امام رضاؑ یا کسی آئمہ اہل بیتؑ کے لیے اگر لفظ امام کا استعمال پایا جائے تو یہ نہیں سمجھنا چاہیے کہ ان کا مقصود وہی ہے کہ جو شیعہ عقیدے میں مراد ہے۔ مگر یہ کہ اس استعمال پر کوئی الگ سے دلیل موجود ہو کہ یہاں پر وہی شیعہ عقیدے کے مطابق معنی مراد ہیں۔

اہل سنت کی عبارات میں لفظ امام کا استعمال

حضرت امام رضاؑ کے متعلق اہل سنت کی عبارات وجملات بہت زیادہ ہیں کہ جہاں آنحضرت کو لفظ امام سے یاد کیا گیا ہے کہ جو یا شخصیت معنوی آنحضرت یا پھر اپنے نظریہ کے مطابق آپ کا امام کے لفظ سے تذکرہ کیا ہے،اور بعض نے مصلحتاً شیعوں سے قربت حاصل کرنے کے لیے آپ کے لفظ امام کا استعمال کیا ہے حتی بعض افراد تو نہ فقط لفظ امام بلکہ امام ہشتم،آٹھویں امام تک کہتے ہیں اور بعض علماء نے آنحضرت کی وصایت وامامت پر دلائل تک نقل کیے ہیں کہ جن کی طرف اشارہ کیا جائے گا

کافی تحقیقات کے بعد اس نتیجہ پر پہنچا گیا ہے کہ سب سے پہلی مرتبہ اہل سنت میں مسعودی شافعی (۳۴۶ھ) نے حضرت امام رضاؑ کے لیے لفظ امام کا استعمال کیا ہے۔(۱)

البتہ اس بات کے یہ معنی نہیں ہیں کہ اہل سنت چوتھی صدی سے پہلے امام رضاؑ کو معنی عام کے مطابق امام نہیں مانتے تھے بلکہ مقصد یہ ہے کہ چوتھی صدی سے آپ کے لیے لفظ امام کا استعمال نظر آیا ہے۔

مسعودی شافعی کے بعد اہل سنت کے دوسرے علماء نے بھی حضرت امام رضاؑ کے لیے لفظ امام کا استعمال شروع کیا اور پھر ساتویں،آٹھویں اور دسویں صدی میں انتہائی کمال کو پہنچا اور بہت زیادہ استعمال نظر آیا ہے کہ جن علماء نے لفظ امام سے آنحضرت کو یاد کیا ہے ان کے اسماء گرامی حسب ذیل ہیں: فخر رازی شافعی (۶۰۶ھ)(۲)

ابن قدامہ مقدسی حنبلی (۶۲۰ھ)(۳)

---

(۱) اثبات الوصیہ،ص۱۷۰۔

(۲) الشجرۃ المبارکہ فی انساب الطالبیہ،ص۷۷۔

(۳) التبیین فی انساب القرشیین،ص۱۳۳۔

ابن تغزی حنفی(۱)(۸۷۴ھ)، ملاعبدالرحمٰن جامی حنفی(۲)(۸۹۸ھ)، یافعی شافعی(۳) (۶۲۳ھ)، شیخ محی الدین بن عربی شافعی (۴)(۶۳۸ھ)، محمد بن طلحہ شافعی(۵)(۶۵۲ھ)، سبط بن جوزی حنفی(۶) (۶۵۴ھ)، ابن ابی الحدید معتزلی شافعی(۷)(۶۵۶ھ)، گنجی شافعی(۸) (۶۵۸ھ)، موصلی شافعی(۹)(۶۶۰ھ)، ابن خلکان شافعی(۱۰)(۶۸۱ھ)، جوینی شافعی(۱۱)(۷۳۰ھ)، ابوالفداء دمشقی شافعی(۱۲) (۷۳۲ھ)، ذہبی شافعی(۱۳) (۷۴۸ھ)، ابن وردی حلبی شافعی(۱۴) (۷۴۹ھ)، صفدی شافعی(۱۵) (۷۶۴ھ)، یافعی شافعی(۱۶) (۷۸۶ھ)، محمد خواجہ پارسائی بخاری حنفی(۱۷) (۸۲۲ھ)، ابن صباغ مالکی(۱۸) (۸۵۵ھ)، میر خواند شافعی(۱۹)(۹۰۳ھ)، نجی اصفہانی حنفی(۲۰)(۹۲۷ھ)۔

---

(۱) النجوم الزاھرۃ فی ملوک مصر والقاھرۃ، ج۲،ص۲۱۹۔ (۲) شواہدالنبوۃ،ص۳۸۰۔(۳) التدوین فی اخبار قزوین، ج ۳،ص ۴۲۵۔ (۴) کتاب المناقب،ص۲۹۶۔ یہ کتاب وسیلۃ الخادم الی المخدوم درشرح صلوات چھاردہ معصوم کے آخر میں چھپی ہوئی ہے۔بنقل ازملحقات احقاق الحق، ج۲۸،ص۶۵۷۔(۵) مطالب السؤول فی مناقب آل الرسول،ص۲۹۵۔(۶) تذکرۃ الخواص من الامۃ بذکرالآئمۃ،ص۳۲۱۔ (۷) شرح نہج البلاغہ، ج۲، ص۲۵۴۔(۸) کفایۃ الطالب فی مناقب علی بن ابی طالب،ص۴۵۷-۴۵۸۔ (۹) النعیم المقیم لعترۃ النباء العظیم، ص۳۷۷۔ (۱۰) وفیات الاعیان وانباء ابناء الزمان، ج۳،ص۲۶۹۔وص۲۷۰۔ (۱۱) فرائدالسمطین فی فضائل المرتضی والبتول والسبطین والآئمۃ من ذریتھم، ج۲،ص۱۸۷۔(۱۲) المختصر فی اخبار البشر، ج۱،ص۲۴۔(۱۳) سیر اعلام النبلاء، ج۹،ص۳۸۷۔ العبر فی خبر من غبر، ج۱،ص۲۶۶۔ تاریخ الاسلام و وفیات المشاہیر والاعلام،ص ۲۷۰۔(۱۴) تتمۃ المختصر فی اخبار البشر، ج۱،ص۳۲۔(۱۵) الوافی بالوفیات، ج۲۲،ص۲۵۱۔(۱۶) مرأۃ الجنان وعبرۃ الیقظان فی معرفۃ مایعتبر من حوادث الزمان، ج۲،ص۱۰۔(۱۷) فصل الخطاب لوصل الاحباب، بنابرنقل ینابیع المودۃ لذوی القربی، ج ۳،ص ۱۶۵۔(۱۸) الفصول المہمہ،ص۲۳۴۔(۱۹) تاریخ روضۃ الصفا، ج ۳،ص ۲۱۹۔(۲۰) مہمان نامہ بخارا،ص۳۳۶۔وسیلۃ الخادم الی المخدوم درشرح صلوات چھاردہ معصوم،ص۲۲۳۔

خواند امیر شافعی(۱) (۹۴۲ھ)، ابن طولون دمشقی حنفی(۲) (۹۵۳ھ)، دیار بکری شافعی(۳) (۹۶۶ھ)، ابن حجر ہیثمی شافعی(۴)(۹۷۴ھ)، قرمانی دمشقی(۵) (۱۰۱۹ھ)، ابن عماد حنبلی(۶) (۱۰۸۹ھ)، شبراوی شافعی(۷) (۱۱۷۲ھ)، بہادرخان ہندی حنفی(۸)(تیرہویں صدی)، شبلنجی شافعی(۹) (۱۲۹۸ھ)، سنہوتی شافعی(۱۰) (حدوداً ۱۳۴۴ھ)، نبہانی شافعی(۱۱) (۱۳۵۰ھ)، قاضی بہجت آفندی شافعی(۱۲) (۱۳۵۰ھ)، محمد فرید وجدی(۱۳)(۱۳۷۳ھ)، عبدالمتعال صعیدی مصری شافعی(۱۴) (۱۳۷۷ھ)، زرکلی(۱۵) (۱۳۹۶ھ)، سید محمد طاہر ہاشمی شافعی(۱۶) (۱۴۱۲ھ)، ڈاکٹر عبدالسلام ترمانینی(۱۷)، ہادی حموی مصری شافعی(۱۸)، باقر امین ورد(۱۹)، محمد امین ضناوی(۲۰)۔

---

(۱) تاریخ حبیب السیر فی اخبار افراد بشر، ج ۲،ص ۸۱۔(۲) الآئمۃ الاثناعشر،ص ۹۷۔ (۳) تاریخ الخمیس فی احوال انفس نفیس، ج ۲،ص ۳۳۵۔(۴) الصواعق المحرقۃ، ج ۲،ص ۵۹۳۔(۵) اخبار الدول وآثار الاول،ص ۱۱۴۔(۶) شذرات الذھب فی اخبار من ذھب، ج ۳،ص ۱۴۔ (۷) الاتحاف بحب الاشراف،ص ۳۱۲۔ (۸) تاریخ احمدی،ص ۳۴۲۔ (۹) نور الابصار فی مناقب آل بیت النبی المختار،ص ۲۳۲۔(۱۰) الانوار القدسیۃ،ص ۳۹۔ (۱۱) جامع کرامات الاولیاء، ج ۲،ص ۲۱۱۔(۱۲) تشریح ومحاکمہ در تاریخ آل محمد،ص ۱۵۷۔(۱۳) دائرۃ المعارف القرن العشرین، ج ۴،ص ۲۵۱۔(۱۴) المجد دون فی الاسلام،ص ۶۹ وص ۷۷۔(۱۵) الاعلام، ج ۵،ص ۲۶۔(۱۶) مناقب اہل بیت از دیدگاہ اہل سنت،ص ۲۰۲۔ (۱۷) احداث التاریخ الاسلامی بترتیب السنین، ج ۶، ص ۱۱۶۹۔ (۱۸) اضواء علی الشیعۃ،ص ۱۳۴۔ (۱۹) معجم العلماء العرب، ج ۱،ص ۱۵۳۔ (۲۰) پاورقی البلدان، ص ۹۳۔

ب﴾ معنی خاص

جیسا کہ عرض کیا جا چکا کہ اہل سنت کے اکثر علماء نے حضرت امام رضا کے لیے لفظ امام کا استعمال کسی خاص مقصد کے تحت اور خصوصاً آپ کی عظمت وشخصیت اور آپ کے علم وزہد وتقوی وغیرہ کے پیش نظر کیا ہے لیکن بعض علماء نے شیعہ عقیدے کے مطابق اور اسی معنی میں لفظ امام کا استعمال کیا ہے اور کافی جسارت وشہامت کے ساتھ حضرت امام رضاؑ کا امام ہشتم کہہ کر تعارف کرایا ہے اور پھر آپ کی وصایت وامامت پر دلائل بھی پیش کی ہیں کہ جن کی طرف اشارہ کرتے ہیں۔

حضرت امام رضاؑ کی امامت پر دلالت کرنے والی نصوص

حضرت امام رضاؑ کی امامت پر دلالت کرنے والی روایات کو علماء اہل سنت میں سے صرف مسعودی شافعی اور ابن صباغ مالکی نے مفصل اور محمد خواجہ پارسائی حنفی نے بطور اختصار بیان کیا ہے۔ یہ بات بھی قابل ذکر ہے کہ قاضی بہجت آفندی شافعی نے بھی حضرت کے وصایت وامامت پر دلالت کرنے والی روایات کو ذکر کیے بغیر ہی آنحضرت کی وصایت کے متعلق تصریح کی ہے۔

مسعودی شافعی

وہ مفصل طریقہ پر تمام روائی دلیلیں اور وہ روایات کہ جو بارہ اماموں کی امامت پر دلالت کرتی ہیں، خصوصاً حضرت امام رضاؑ کی امامت کے متعلق بیان کرتا ہے۔ (۱)

ابن صباغ مالکی

اس نے اس سلسلے میں تین روایات کو نقل کیا ہے کہ جن کی طرف اشارہ کیا جاتا ہے:

---

(۱) اثبات الوصیۃ، ص ۱۷۰۔ البتہ اگر مروج الذھب ومعادن الجوھر، التنبیہ والاشراف اور اثبات الوصیۃ تینوں کتابوں کا مؤلف علی بن حسین مسعودی ہو۔

پہلی روایت:

و ممن روی ذالك من اهل العلم والدین داؤدبن کثیر الرقی قال: قلت لموسی الکاظم : جعلت فداك انی قد کبرت سنی فخذ بیدی وانقذنی من النار ، من صاحبنا بعد ك ؟ قال فاشار الی ابنه ابی الحسن الرضا فقال : هذا صاحبکم بعدی۔(۱)

صاحبان علم ودین میں سے ایک کہ جنہوں نے اس روایت کونقل کیا ہے داؤدابن کثیر رقی ہے۔ وہ کہتا ہے کہ میں نے حضرت امام موسی کاظمؑ کی خدمت میں عرض کی کہ آپ پر قربان ہوجاؤں میں بوڑھا ہو چکا ہوں میرا ہاتھ پکڑیں اور مجھ کو جہنم کی آگ سے نجات دیں، آپ کے بعد ہمارا سرپرست کون ہے؟ امامؑ نے اپنے فرزند حضرت ابوالحسن رضاؑ کی طرف اشارہ فرمایا کہ یہ میرے بعد تمہارا سرپرست ہے۔

دوسری روایت

روی عن المخزومی و کانت امه من ولد جعفر بن ابی طالب قال: بعث الینا موسی الکاظم فجمعنا ، ثم قال أتدرون لم جمعتکم ؟ فقلنا ، لا ، قال : اشهدوا ان ابنی هذا ، اشارالی علی ابن موسی الرضا ، هو وصیی والقائم بامری و خلیفتی من بعدی ، من کان له عندی دین فلیاخذ من ابنی هذا ، ومن کانت له عندی عدة فلیستنجزها منه ، ومن لم یکن له بد من لقائی فلا یلقنی الابکتابه۔(۲)

مخزومی کہ جن کی مادر گرامی جناب جعفر ابن ابی طالب کی اولاد میں سے ہیں حضرت امام کاظم کا رشتہ دار تھا وہ کہتا ہے ایک روز حضرت امام موسی کاظمؑ نے ہم کو طلب کیا اور ہم سے فرمایا :

---

(۱) الفصول المہمۃ فی معرفۃ احوال الآئمۃ، ص۲۴۳۔

(۲) الفصول المہمۃ فی معرفۃ احوال الآئمۃ، ص۲۴۴۔

کیا آپ لوگوں کو معلوم ہے کہ میں نے آپ کو کیوں جمع کیا ہے؟ ہم نے جواب دیا، نہیں، امام نے اپنے فرزند علی بن موسی الرضا کی جانب اشارہ فرمایا اور کہا آپ لوگ گواہ رہنا کہ میرا یہ بیٹا میرا وصی و جانشین ہے، جس شخص کا بھی مجھ پر کچھ قرضہ ہو وہ میرے اس بیٹے سے طلب کرے اور جس کا مجھ سے کوئی وعدہ وقرارداد ہو تو اس سے مطالبہ کرے اور جو کوئی مجھ سے ملاقات کرنا چاہتا ہو وہ اس سے ملاقات کرے اور اس کی فرمائش پر عمل کرے۔

تیسری روایت

روی عن زیاد بن مروان العبدی قال: دخلت علی موسی الکاظم و عنده ابنه ابوالحسن الرضا فقال لی : یا زیاد! هذا ابنی علی ، کتابه کتابی و کلامه کلامی و رسوله رسولی وما قال فالقول قوله۔(۱)

زیاد بن مروان عبدی سے روایت ہے کہ اس نے کہا کہ میں موسی کاظمؑ کی خدمت میں حاضر ہوا آپ کے پاس آپ کے فرزند ابوالحسن رضاؑ بھی تشریف فرما تھے۔ حضرت امام موسی کاظمؑ نے مجھ سے فرمایا: اے زیاد یہ میرا بیٹا علی ہے اس کی تحریر میری تحریر ہے اس کا کلام میرا کلام ہے اور اس کا پیغام میرا پیغام ہے، اور یہ جو کچھ بھی کہے حجت ہے۔

یہ بھی قابل عرض ہے کہ ابن صباغ نے اس روایات کو شیخ مفید کی کتاب ارشاد (۲) سے نقل کیا ہے اور ان کے راویوں کے متعلق اظہار نظر بھی کرتے ہوئے ان کو بہت بزرگی وعظمت کے ساتھ یاد کرتا ہے کہ جس سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ اس طرح کی روایات کو قبول کرتا اور نقل کرتا ہے کہ جو خود ایک قابل تأمل نکتہ اور لائق غور وفکر بات ہے۔

---

(۱) الفصول المہمۃ فی معرفۃ احوال الآئمۃ، ص ۲۴۴۔

(۲) الارشاد فی معرفۃ حجج اللہ علی العباد، ج ۲، ص ۲۴۸۔

محمد خواجہ پارسائی بخاری حنفی:

قال موسی بن جعفر : علی ابنی اکبر ولدی ، و اسمعهم لقولی و اطوعهم لامری ، من اطاعه رشد۔(۱)

امام موسی کاظمؑ نے فرمایا:علی میرا سب سے بڑا بیٹا میری بات کو سب سے زیادہ سننے والا اور سب سے زیادہ اطاعت کرنے والا ہے جو اس کی اطاعت کرے گا کامیاب ہوگا۔

قاضی بہجت آفندی شافعی:

وہ بھی مذکورہ فوق روایت کو مدنظر رکھتے ہوئے کہتا ہے:

حضرت امام موسی کاظمؑ کے بعد آپ کے سب بڑے فرزند امام رضاؑ آپ کی وصیت کے مطابق امام ورہبر ہیں۔(۲)

نتیجہ

مذکورہ بالا مطالب کو مدنظر رکھتے ہوئے یہ نتیجہ نکلتا ہے کہ حضرت امام رضاؑ کے لیے اہل سنت کے کلمات وعبارات میں لفظ امام کا استعمال ان کے نزدیک آپ کی امامت و وصایت اور آٹھویں امام ہونے پر دلالت نہیں کرتا بلکہ ان کے یہاں اس لفظ کے استعمال کی دو توجیہ بیان کی جاسکتی ہیں:

۱- حضرت امام رضاؑ کی علمی، فقہی ،عرفانی ومعنوی شخصیت کو سامنے رکھتے ہوئے وہ لوگ آنحضرت کے لیے لفظ امام کا استعمال کرتے ہیں۔

---

(۱) فصل الخطاب لوصل الاحباب، بنابرنقل ینابیع المودۃ لذوی القربی، ج۳،ص۱۶۶۔

(۲) تشریح ومحاکمہ در تاریخ آل محمد،ص۱۵۷۔

۲-لفظ امام سے وہی معنی وصایت وامامت مراد ہے لیکن فقط نقل کی حد تک یعنی مذہب شیعہ کے مطابق نقل کرتے ہیں نہ کہ ماننے کی حد تک۔

لہذا اہل سنت کے نزدیک لفظ امام کا استعمال اصطلاح وعقیدہ شیعہ کے مطابق نہیں ہے لہذا کسی بھی اہل سنت مؤلف کو لفظ امام کے استعمال کرنے سے اس کا شیعہ ہونا ثابت نہیں کیا جا سکتا، (جیسے کسی بھی شیعہ مؤلف کے آثار میں اسلامی حاکموں کے لیے لفظ خلیفہ کے استعمال سے یہ ثابت نہیں کیا جا سکتا کہ وہ فرد اس شیعہ کی نظر میں خلیفہ برحق ہے)۔

☆☆☆☆☆

☆☆☆

☆

پانچواں حصہ

ولایت عہدی

تاریخ اسلام کے مہمترین اور پیچیدہ ترین حوادث میں سے ایک حضرت امام رضاؑ کو مامون کی جانب سے خلافت دینا اور قبول نہ کرنے کی صورت میں زبردستی ولی عہد بنانا ہے۔ یہ عمل ہر دور میں خواہ خود امامؑ کا زمانہ ہو یا اس کے بعد سے آج تک ہر دور میں یہ مسئلہ مورد بحث و گفتگو اور مختلف نظریات کا حامل رہا ہے۔ اس لیے مامون خلافت بنی عباس کا وارث تھا اور بنی عباس کی سیاست یہ رہی کہ انہوں نے علویوں کے نام اور ان کی مدد سے خلافت پر قبضہ کیا اور پھر خلافت پاتے ہی اسی دن سے علویوں پر ظلم کرنا شروع کر دیا تا کہ علوی و شیعہ کمزور رہیں اور حکومت کو اپنے اختیار میں لینے کی فکر نہ کر سکیں لہذا بنی عباس کا علویوں پر ظلم بنی امیہ کے مظالم سے اگر زیادہ نہ ہو تو کم بھی نہیں ہے، اور اصلاً سیاست بنی عباس اہل بیت و شیعوں کے حق میں کاملاً بنی امیہ ہی کی سیاست رہی اور اسی فکر و نظر کا تسلسل ہے۔ مثلاً منصور دیوانقی بنی عباس کا دوسرا خلیفہ علویوں و شیعوں کے سلسلے میں کاملاً خلاف انسانی سلوک کرتا اور بدترین صورت میں ان کو شہید کرتا تھا۔

ہارون عباسی کی جنایات و مظالم کو تاریخ کبھی بھی فراموش نہیں کر سکتی بنابراین مامون ایسے گھرانے میں پیدا ہوا اور تربیت پائی کہ جس میں علویوں سے بغض و دشمنی اپنے پورے عروج پر ہو اور ایسی حکومت کہ جس میں تمام سیاسی، نظامی، اقتصادی، ثقافتی و اجتماعی راستے علویوں کی نابودی کے لیے استعمال کیے جاتے رہے ہوں۔

اس سے صرف یہی توقع و امید کی جا سکتی ہے کہ وہ اپنے پہلے خلفاء کی سیاست و دشمنی کو آگے بڑھائے، لیکن ایک دم سے ورق پلٹے اور ظاہراً اپنے بزرگوں کی سیاست کو بدل کر علویوں کے ساتھ نرمی سے پیش آنے لگے یہاں تک کہ حضرت امام رضاؑ کو مدینہ سے خراسان طلب کرے اور پہلے آپ کو خلافت کی پیش کش کرے اور آپ کے قبول نہ کرنے کی صورت میں زبردستی ولایت عہدی قبول کرنے پر مجبور کرے، علویوں کے نعروں کو حکومتی نعرہ قرار دے، حضرت امام رضاؑ کے نام کا سکہ گھڑوا کر رائج کرے اور ہرے رنگ کو کالے رنگ کی جگہ استعمال کرنے لگے۔

بنی عباس اور اولاد علیؑ مامون کی اس سیاسی رفتار سے اچانک حیرت زدہ ہوگئے اور مامون اپنی اس غیر متوقع روش سے ایک نئے سیاسی میدان میں وارد ہوا۔

لہذا اس سلسلے میں بہت زیادہ سوالات اور مختلف سوالات اٹھتے ہیں مثلاً کیوں مامون نے اولاد علیؑ کے ساتھ ملایم روش اختیار کی؟ کیوں حضرت امام رضاؑ کو خلافت کی پیش کش کی؟ کیا حضرت امام رضاؑ کو خلافت یا ولایت عہدی کی پیش کش کرنا خود مامون کی جانب سے تھا یا فضل بن سہل کی جانب سے؟ کیا حضرت امام رضاؑ کے لیے خلافت کی پیش کش صادقانہ تھی اور وہ لوگ واقعاً یہ چاہتے تھے کہ خلافت کو خاندان علی میں واپس کردیں یا کوئی اور اہداف پیش نظر تھے؟ حضرت امام رضاؑ پر کیوں ولایت عہدی زبردستی تحمیل کی گئی؟ اولاد علیؑ اور ان کے شیعوں کے ساتھ مامون کی ظاہری ملائم رفتار کا مطلب کیا تھا؟ اور اسی طرح کے دسیوں دوسرے سوالات۔

ان سوالات کا سرچشمہ حقیقتاً تین مسئلوں میں منحصر ہے۔

پہلا مسئلہ: خلافت یا ولایت عہدی کو حضرت امام رضاؑ کے سپرد کرنے کی پیش نہاد و پیش کش کیا مامون کی جانب سے تھی یا فضل بن سہل کی جانب سے؟

دوسرا مسئلہ: اگر پیش کش کرنے والا مامون تھا تو کیا وہ اپنے ارادے میں سچا تھا اور واقعا خلافت کو آل علی میں پلٹانے کا قصد رکھتا تھا یا کوئی اور حیلہ وفریب منظور نظر تھا اور اس سے کچھ اور اہداف تھے؟

تیسرا مسئلہ: حضرت امام رضاؑ کی روش و کردار اس پیش نہاد و پیش کش کے مقابل کیا رہا؟

اس حصہ میں کوشش یہ کی جائے گی کہ ان مذکورہ سوالات کا مفصل اور دقیق جواب پیش کیا جاسکے اس لیے کہ اس سوالات کے جواب کی اس لیے بھی اہمیت ہے کہ بنی عباس کے تعلقات و روابط اہل بیتؑ کے ساتھ کیسے تھے خصوصاً مامون کے حضرت امام رضاؑ کے ساتھ کیسے روابط و تعلقات تھے مثلاً اولاً ان کے درمیان یہ تعلقات ایک طرفہ تھے یا دونوں جانب سے؟ ثانیاً کیا یہ تعلقات دوستانہ تھے یا مامون کے کچھ اور اہداف پیش نظر تھے؟۔

پہلا مسئلہ

خلافت و ولایت عہدی کو حضرت امام رضاؑ کے سپرد کرنے کی پیش نہاد و پیش کش مامون کی جانب سے تھی یا فضل بن سہل کی جانب سے؟

مشہور یہ ہے کہ خلافت و ولایت عہدی کی پیش کش و پیش نہاد مامون کی جانب سے تھی، لیکن بعض افراد کا یہ بھی خیال ہے کہ فضل بن سہل نے مامون کو یہ پیش نہاد دی، جس وقت مامون بغداد پر مسلط ہوا اور اپنے بھائی امین کو قتل کیا مامون کے وزیر فضل بن سہل نے اپنے بھائی حسن بن سہل کو بغداد کا گورنر بنا کر بھیجا، حسن بن سہل چونکہ عرب گھرانے سے تعلق نہیں رکھتا تھا کوفہ و باقی عراق کے حاکم اس کی گورنری سے راضی نہیں تھے اور علوی سادات کی گورنری پر متفق و راضی تھے لہذا مامون کے خلاف وقتاً فوقتاً قیام کرتے رہتے تھے یہاں تک کہ بنی عباس کی حکومت علویوں کے قیام سے متزلزل ہونے لگی فضل بن سہل نے مامون سے کہا کہ سادات علوی بھی حکومت کی طمع کرنے لگے ہیں اور عربوں کا لشکر بھی انہی کے ساتھ ہیں لہذا تدبیر یہ ہے کہ سادات علوی میں سے کسی ایک ایسے فرد کو کہ جس کی شرافت و بزرگواری پر سب متفق ہوں بطور خلیفہ پیش کریں تا کہ یہ سارے قیام دب جائیں اور حکومت میں خاموشی وسکون ہو جائے لہذا حضرت امام رضاؑ کے نام پر اتفاق ہوا اور آپ کو اس کام کے لیے انتخاب کیا گیا ۔(۱) اس سوال کے جواب کے ذیل میں چند نکتوں کا ذکر کرنا ضروری ہے

۱- مامون ایک سیاسی شخصیت، آگاہ، ہوشیار، دور اندیش، حیلہ گر چالاک اور صاحب رائی جیسا کہ آگے آئے گا کہ وہ اپنے ارادے اور نظر دینے میں قاطع اور مصمم تھا۔

---

(۱) وسیلۃ الخادم الی المخدوم در شرح صلوات چہاردہ معصوم، ص۲۳۲-۲۳۳۔ دیکھیے: ضحیٰ الاسلام، ج۳، ص۲۹۵۔ تاریخ تمدن اسلام، ج۴، ص۷۹۔

۲-فضل بن سہل مامون کا وزیر بھی اپنی ہوشیار و چالاکی میں مشہور و معروف تھا اور خلیفہ کا مشاور خاص تھا ان دونکتوں کو مدنظر رکھتے ہوئے یہ کہا جا سکتا ہے کہ دوسرے نظریہ (کہ فضل بن سہل نے مامون کو پیش نہاد دی تھی کہ خلافت و ولایت عہدی حضرت امام رضاؑ کے سپرد کر دی جائے) کا لازمہ یہ ہے کہ مامون سیاسی شخصیت، آگاہ، ہوشیار، دوراندیش، حیلہ گر و چالاک اور صاحب رائی وغیرہ نہ ہو اور فضل بن سہل حکومت کو چلا رہا ہو جب کہ ایسا نہیں ہے

پھر بھی تمام تاریخی شواہد کے پیش نظر ان دونوں باتوں کو اگر ایک جگہ جمع بھی کیا جائے تو بھی یہ کہا جا سکتا ہے کہ اصل پیش نہاد و پیش کش کرنے والا مامون ہی ہے اور اگر فضل بن سہل کی جانب سے یہ پیش کش ہوئی ہو تو فقط ایک مشورہ کی حد تک ہو سکتی ہے اس لیے کہ جو خصوصیت مامون میں پائی جاتی تھیں کہ وہ سیاسی شخصیت، آگاہ، ہوشیار، دوراندیش، حیلہ گر و چالاک اور صاحب رائی وغیرہ تھا تو اس نے اس مشورے پر کافی سوچ سمجھ کر عمل کیا ہوگا اس مسئلہ کے تمام جوانب پر غور و فکر کیا ہوگا چونکہ اس کو معلوم تھا کہ اس اقدام کے بعد بنی عباس اس سے ناراض ہو جائیں گے اور یہ کام اس کی خلافت کے لیے خطرناک بھی ثابت ہو سکتا ہے، لہذا معقول نہیں ہے کہ مامون نے فضل بن سہل کے کہنے پر یوں ہی عمل کیا ہو اور اپنی عقل فضل کے ہاتھ میں دیدی ہو اور اس کے مشورے پر بغیر سوچے سمجھے عمل کرنے لگے اور دوسری طرف اگر بالفرض یہ مان بھی لیا جائے کہ یہ پیش نہاد و پیش کش فضل بن سہل کی جانب سے تھی تو جب مامون نے دیکھا کہ اس حیلہ میں وہ کامیاب نہیں ہوا تو اسے چاہیے تھا کہ فضل بن سہل سے ناراض ہوتا اور اسے ناکامی کی سزا دیتا لیکن ایسا کہیں نہیں ہوا اور نہ ہی کسی تاریخ نے نقل کیا۔ پس اس بات سے صاف ظاہر ہے کہ اصل پیش نہاد و پیش کش خود مامون کی ہی طرف سے تھی اور وہی اس امر میں صاحب نظر تھا اور اگر فضل بن سہل کی جانب سے کچھ تھا بھی تو وہ صرف ایک مشورے کی حد تک ہو سکتا ہے۔

دوسرا مسئلہ:

کیا مامون خلافت ولایت عہدی کو امام رضاؑ کے سپرد کرنے میں سچا تھا یا نہیں؟

واضح ہو چکا ہے کہ خلافت ولایت عہدی کی پیش نہاد و پیش کش مامون کی جانب سے تھی تو یہاں پر دوسرا سوال پیدا ہوتا ہے کہ اگر پیش نہاد و پیش کش کرنے والا مامون تھا تو کیا وہ اپنے ارادے میں سچا تھا اور واقعا خلافت کو آل علی میں پلٹانے کا قصد رکھتا تھا یا کوئی حیلہ و فریب منظور نظر تھا اور اس سے کچھ اور اہداف تھے؟

اس مہمترین سوال کے جواب کی تلاش میں ضروری ہے کہ مامون کے اہداف و مقاصد کی تحقیق کی جائے تا کہ صحیح اور دقیق جواب حاصل ہو سکے۔

اس حصے میں ابتداء مامون کے اہداف و مقاصد کے سلسلے میں علماء کے نظریات کو پیش کیا جائے پھر اس پر نقد و تحقیق کے بعد صحیح نتیجہ پر پہنچا جائے گا۔

مامون کے مقاصد کے متعلق علماء کے نظریات

علماء کے نظریات و آراء کو تین صورتوں میں جمع کر کے پیش کیا جا سکتا ہے۔

الف ﴾ کچھ تو وہ لوگ ہیں کہ جو مامون کو اس مسئلہ میں سچا جانتے ہیں اور کہتے ہیں کہ اصلاً کوئی سیاست اور حیلہ و فریب مقصود نہیں تھا۔

ب ﴾ مامون ابتداء ہی سے سچا و صادق نہیں تھا اور اس کے کچھ سیاسی اہداف تھے جن کے لیے یہ چال چلی۔

ج ﴾ مامون ابتداء میں سچا و صادق تھا لیکن پھر اپنے ارادے سے منحرف ہو گیا اور امام کو شہید کر دیا۔

الف﴾ جولوگ مامون کواس کام میں صادق وسچا سمجھتے ہیں وہ اس کی صدق نیت پیش کرتے ہوئے اس طرح اپنے نظریات کا اظہار کرتے ہیں:

۱-طبری شافعی، ابن اثیر شافعی وغیرہ:

ان المامون نظر فی بنی العباس و بنی علی فلم یجد احداً هو افضل ولااورع ولا اعلم منه۔(۱)

مامون نے بنی عباس واولاد علی کے درمیان دیکھا تو کسی کو بھی علی بن موسی الرضاؑ سے افضل، اورع واعلم نہیں پایا۔

۲-ابوالفرج اصفہانی:

ان المامون کان خلال صراعه مع اخیه الامین قد عاهد الله ان ینقل الخلافة الی افضل آل ابی طالب و ان علی الرضا هو افضل العلویین ان ظفر بالمخلوع۔(۲)

مامون نے اپنے بھائی امین سے جنگ کے دوران خداوندعالم سے یہ عہد کیا اور نذر کی کہ پروردگارا اگر میں اس جنگ میں کامیاب ہوگیا تو اس خلافت کو اولاد ابی طالب میں سے افضل ترین فرد کے حوالے کردوں گا اور علی رضاؑ ان میں افضل ترین فرد تھے۔

---

(۱) تاریخ الامم والملوک، ج۵، ص۱۳۸۔ مروج الذهب ومعادن الجوهر، ج۶، ص۳۳۔ تجارب الامم وتعاقب الهمم، ج۳، ص۳۶۶۔ الکامل فی التاریخ، ج۴، ص۱۶۲۔ دیکھیے: تاریخ مختصر الدول، ص۱۳۴۔ مرأة الجنان وعبرة الیقظان فی معرفة مایعتبر من حوادث الزمان، ج۲، ص۱۰۔ البدایة والنهایة، ج۱۰، ص۲۵۸۔ مآثر الانافة فی معالم الخلافة، ص۳۰۴۔ ضحیٰ الأعشی فی صناعة الانشاء، ج۹، ۳۶۶۔

(۲) مقاتل الطالبین، ص۳۷۵۔

۳-سیوطی شافعی:

ان المامون قد حمله علی ذالك افراطه فی التشیع حتی قیل : انه هم ان یخلع نفسه و یفوض الامر الیه۔(۱)

مامون چونکہ اس کے یہاں افراطی پن اور شیعہ گری(۲) پائی جاتی تھی لہذا اس نے یہ کام کیا اور کہا جاتا ہے کہ وہ اصلاً خلافت سے سبکدوش ہونا چاہتا تھا اور امام رضاؑ کے سپرد کرنا چاہتا تھا۔

۴-ابن طقطقی:

ان المامون فکر فی حال الخلافة بعده و اراده ان یجلعها فی رجل یصلح لها لتبرأ ذمته فنظر فی نبی العباس و بنی علی فلم یجد احدا هو افضل و لا اورع و لا اعلم منه۔(۳)

مامون نے اپنے بعد امر خلافت کے بارے میں غور وفکر کیا کہ کسی ایسے شخص کے سپرد کی جائے کہ جو اس کا اہل ہو اور صلاحیت رکھتا ہو تب اس نے تمام بنی عباس و اولاد علی کو دیکھا لیکن کسی کو بھی علی رضاؑ سے افضل، اورع اور اعلم نہیں پایا۔

۵-ڈاکٹر احمد امین مصری شافعی:

ان المامون قد اراد بذالك ان یصلح بین البیتین العلوی و العباسی و یجمع شملهما لیتعارفوا علی ما فیه خیر الامة و صلاحها و تنقطع الفتن و تصفو القلوب ، و انه کان معتزلیا و یری احقیة علی و ذریته بالخلافة و کذالك انه وقع تحت تاثیر الفضل و الحسن ابنی سهل الفارسیین---

---

(۱) تاریخ الخلفاء، ص ۳۲۷۔

(۲) یہاں پر شیعہ گری سے مراد اہل سنت کے نزدیک معنی خاص ہیں جیسا کہ پہلے بیان ہو چکا ہے۔

(۳) الفخری فی الآداب السلطانیہ والدول الاسلامیہ، ص ۲۱۴۔

--- وانه رائ ان عدم تولی العلويين للخلافة يكسب آئمتهم شيئاً من التقديس فاذا ولوا الحكم ظهروا للناس وبان خطؤهم وصوابهم فزال عنهم التقديس واغلب ظنی ان المامون كان مخلصاً فی عمله صادقا فی تصرفه۔(۱)

مامون نے اس کام سے یہ چاہا کہ خاندان عباسی وعلوی کے درمیان دوستی ایجاد کر کے ان کے اختلاف کو اتحاد میں تبدیل کر دے وہ امت کی خیر وصلاح اور بہتری چاہتا تھا تا کہ فتنہ وفساد ختم ہو جائے، دل ایک دوسرے سے صاف ہو جائیں، مامون مذہبی اعتبار سے معتزلی تھا لہذا علی اور اولاد علی کو خلافت کا زیادہ حقدار سمجھتا تھا اور پھر فضل بن سہل وحسن بن سہل ایرانی کے تحت تاثیر رہا۔۔۔اور پھر اس نے دیکھا کہ اگر علویوں کو حکومت نہ ملے تو ان کے اماموں کا تقدس اسی طرح باقی رہے گا اور اگر حکومت مل جائے تو لوگوں کے سامنے آئیں گے اور ان کی اچھائی و برائی سب پر آشکار ہو جائے گی اور تقدس ختم ہو جائے گا۔۔۔میرا زیادہ ترگمان یہ ہے کہ مامون اپنے ارادے میں سچا اور صادق تھا۔

ب﴾ جو لوگ اس بات کے معتقد ہیں کہ مامون ابتداء ہی سے سچا وصادق نہیں تھا اور اس کے کچھ سیاسی اہداف تھے جن کے لیے یہ چال چلی۔ وہ اس طرح اظہار خیال کرتے ہیں:

۱- ڈاکٹر علی سامی بشار:

ان المامون ادرك خطورة الدعوة الاسماعيلية فاراد ان يقضی عليها وكان الامام عبد الله الرضی بدأ نشاطاً واسعاً ولذا قرب المامون اليه علی الرضاؑ وبايعه بولاية العهد۔(۲)

---

(۱) ضحیٰ الاسلام، ج ۳، ص ۲۹۵۔ اگر اس بات کے قائل ہو جائیں کہ مامون فضل بن سہل وحسن بن سہل کے تحت تاثیر تھا تو پھر اس کی اپنی دوراندیشی، ہوشیاری اور صاحب رائی ہونا زیر سوال آئے گا۔

(۲) نشأۃ الفکر الفلسفی فی الاسلام، ج ۲، ص ۳۹۱۔

مامون نے اسماعیلی فرقہ کے خطرات کو محسوس کرلیا تھا لہذا چاہتا تھا کہ ان کا خاتمہ کرے امام عبداللہ رضی نے اپنی فعالیتیں وکارکردگی بہت تیزی سے آگے بڑھانی شروع کردی تھیں تب مامون نے علی رضاؑ کو اپنے قریب کیا اور آپ کے ہاتھ پر ولایت عہدی کی بیعت کی۔

۲-ڈاکٹر کامل مصطفیٰ شیبی: ان المامون جعله ولی عهده لمحاولة تالف قلوب الناس ضدقومه العباسيين الذين حاربوا و نصروا اخاه۔(۱)

مامون نے امام علی رضاؑ کو اپنا ولی عہد بنایا تا کہ ان لوگوں کو کہ جو بنی عباس کے خلاف تھے اور امین و مامون کی جنگ میں امین کے ساتھ رہے ان کے دلوں کو جذب کر سکے اور ان کو اپنے قبضے میں کر سکے۔

۳- سید ہاشم معروف حسنی: ان المامون وضع الامام الرضا تحت رقابة الخليفة و منعه من القيام بحركة علوية جديدة ۔۔۔ كانت ولاية العهد على كره الامام۔(۲)

مامون نے امام رضاؑ کو اپنے زیر نظر رکھا اور ان کو علویوں کے کسی تازے قیام میں شریک نہ ہونے دیا۔۔۔جب کہ امامؑ اس ولی عہدی سے ناخوش تھے۔

۴- شیخ محمد حسین مظفر: ان المامون كان مدفوعاً فی البيعة لعلی الرضا بولاية العهد بدافع سياسی هو حماية مصالح الدولة العباسية ولان المامون من رجال الدهاء والسياسية ۔(۳) حضرت امام رضاؑ کے دست مبارک پر ولایت عہدی کی بیعت کرنے میں مامون کے سیاسی اہداف اور حکومت عباسی کی حفاظت و مصلحت پیش نظر تھی چونکہ مامون ایک ہوشیار و چالاک اور سیاسی انسان تھا۔

---

(۱) الصلة بين التصوف والتشيع، ج۱، ص۲۳۶۔

(۲) عقيدة الشيعة الامامية، ص۱۶۱۔(۳) تاريخ الشيعة، ص۵۹ و ۶۰۔

۵-سید جعفر مرتضی عاملی: فاننا مهما شككنا فی شئ فلسنا نشك فی ان المامون كان قد درس الوضع دراسة دقيقة قبل ان يقدم على ما اقدم عليه واخذ فی اعتباره كافة الاحتمالات و مختلف النتائج ـ مما اخفته عنا الايدی الاثيمة والاهواء الرخيصة وان كانت لعبة تلك لم تؤت كل ثمارها التی كان يرجوها منها و ذالك بسبب الحظة الحكيمة التی كان الامام قد اتبعها ـ(۱) ہم کسی بھی چیز میں شک کریں لیکن اس میں کوئی شک نہیں ہے کہ مامون نے اپنے زمانے کے حالات کو اچھی طرح درک کرلیا تھا اور ہر اقدام سے پہلے تمام احتمالات وممکن حوادث اس کے پیش نظر تھے۔۔۔ہم سے ان گناہگار وملوس ہاتھوں اور پست خواہشات کو چھپا کے رکھنے کی کوشش کی جاتی رہی اگر چہ وہ اپنی خواہشات وآرزووں کو نہ پہنچ سکے اس لیے کہ امامؑ اپنے حکیمانہ تدبر وتدبیر سے ان سب کو جانتے اور اپنی حکمت سے قدم بڑھاتے رہے۔

ج﴾ جو لوگ معتقد ہیں کہ مامون ابتداء میں صادق وسچا تھا لیکن بعد میں اپنے ارادے سے منحرف ہوگیا اور یہی وجہ رہی کہ اس نے امام کو زہر سے شہید کردیا ان کے نظریات یہ ہیں:

نجفی اصفہانی حنفی نے اس احتمال کو بھی ذکر کیا ہے اور کہتا ہے:

بعض افراد کہتے ہیں کہ مامون عباسی بہت ہوشیار وعقلمند خلیفہ تھا وہ حقیقتاً یہ چاہتا تھا کہ خلافت کو بنی عباس سے اولاد علیؑ کی طرف منتقل کردے نہ یہ کہ کوئی مکر وحیلہ اس کے پیش نظر تھا بلکہ اس کا ہدف یہی تھا کہ حق وامانت کو اس کے اہل تک پہنچا دے لیکن بنی عباس اس کے اس فعل سے راضی نہ ہوئے، مامون کو حرامزادہ کہنے لگے اس کے خلاف قیام کرنے لگے مامون نے جب حالات ناگوار دیکھے تو اس نے دنیائے فانی کو آخرت پر اختیار کیا اور امام رضاؑ کو زہر دغا سے شہید کردیا۔ (۲)

---

(۱) الحياة السياسية للامام الرضا، ص۲۵۳۔(۲) وسيلة الخادم الى المخدوم در شرح صلوات چہاردہ معصوم، ص۲۳۴-۲۳۵۔اور دیکھیے: شہید مطہری، مجموعہ آثار، ج۱۸، ص۱۱۹۔

نقد و تحقیق

اس تحریر میں تمام اہداف و مقاصد اور نظریات کو مدنظر رکھتے ہوئے ہمارا دعوی صرف ایک ہی ہے وہ یہ کہ ان مذکورہ نظریات میں دوسرا نظریہ صحیح و جامع ہے یعنی مامون عباسی ابتداء ہی سے سچا و صادق نہیں تھا اور اس کے کچھ سیاسی اہداف تھے جن کے لیے یہ چال چلتا رہا جیسا کہ خود مامون کے طرف دار بھی اس بات کے معتقد ہیں اور خود اہل سنت کے معتبر منابع سے بھی یہ بات ثابت کی جا سکتی ہے۔

یہ بات مسلم ہے کہ اہل سنت کے منابع اور ان کے علماء کے اشارے و تصریحات میں مجموعاً یہ جو باتیں سامنے آتی ہیں وہ یہ ہیں:

اولاً، مامون عباسی کو خلافت و ولایت عہدی حضرت امام رضاؑ کے سپرد کرنے میں ایک سیاستمدار اور سچا و صادق خلیفہ نہیں مانا جا سکتا۔

ثانیاً، ہدف اصلی مامون، حضرت امام رضاؑ کو سیاسی و اجتماعی طور پر جامعہ اسلامی سے دور کرنا اور الگ رکھنا تھا۔

ثالثاً، دوسرے اور بھی اہداف تھے وہ یہ کہ عوام کو فریب و دھوکے میں رکھنا وغیرہ۔

رابعاً، اسی زمانے میں بنی عباس و اولاد علی اس مسئلہ میں مشکوک تھے۔

اس جواب کے تمام جہات و ابعاد کے واضح ہونے کے لیے چند نکات کی طرف توجہ ضروری ہے:

چار نکتے: پہلا نکتہ: مامون کون ہے؟

مامون عباسی ۱۷۰ھ میں پیدا ہوا یعنی جس سال ہارون عباسی خلیفہ بنا، ہارون کو یہ ایک خوشخبری کے طور پر اور خلافت کے نیک شگون کی شکل میں موصول ہوا لہذا اس کا نام ''مامون'' یعنی فال نیک رکھا گیا، مامون کی ماں ایک ایرانی کنیز تھی کہ جو ہارون کے درباری بورچی خانہ میں کام کرتی تھی اس کا نام ''مراجل'' تھا۔

دمیری شافعی مورخین سے نقل کرتے ہوئے کہتا ہے:

مامون کی ماں ہارون کی کنیزوں میں سب سے بدشکل تھی ایک روز زبیدہ خاتون ہارون کی بیوی ہارون کے ساتھ شطرنج کے کھیل میں مشغول تھی اور اس نے اس روز ہارون کو ہرادیا اور اس سے کہا کہ وہ اپنی بورچن مراجل کہ جو بدشکل ترین عورت ہے اس سے ہمبستری کرے، ہارون نے قبول نہ کیا اور عراق ومصر کے مالیات وٹیکس زبیدہ کو دینے کی پیش نہاد کی لیکن زبیدہ نے قبول نہ کیا تب زبیدہ کے کہنے سے ہارون مراجل کے ساتھ ہمبستر ہوا اور اس سے مامون پیدا ہوا مامون کی ماں اس کے پیدا ہوتے ہی انتقال کرگئی اور مامون کی پرورش یحی بن جعفر برمکی کے زیرنظر ہوئی۔(۱)

اہل سنت کے کلام میں مامون کی خصوصیات

دمیری شافعی:

لم یکن فی بنی العباس اعلم من المامون ـــ عارفاً بالعلم فیه دهاء و سیاسة۔(۲)

بنی عباس میں مامون سے زیادہ عالم ودانا کوئی نہ تھا وہ ہوشیاری وسیاست اچھی طرح جانتا تھا۔

ابن ندیم: انه اعلم الخلفاء بالفقه و الکلام۔(۳)

وہ علم فقہ وعلم کلام کے اعتبار سے تمام خلفاء میں سب سے زیادہ عالم تھا۔

ابوحنیفہ احمد بن داؤد دینوری: کان نجم بنی العباس فی العلم و الحکمة و کان قد اخذ من العلوم بقسط و ضرب فیها بسهم۔(۴)

مامون آسمان علم وحکمت میں بنی عباس کا ستارہ تھا اس نے تمام علوم سے تھوڑا بہت ضرور حاصل کیا تھا۔

---

(۱) و (۲) حیاۃ الحیوان الکبری، ج۱، ص۱۱۰-۱۱۱۔

(۳) الفہرست، ص۱۶۸۔ (۴) اخبار الطّوال، ص۴۴۲۔

سیوطی شافعی: كان افضل رجال بنی العباس حزماً و عزماً و علماً و رأیاً ودهاء و هیبةً و شجاعة۔۔۔(۱)

مامون بنی عباس میں دور اندیشی، ارادے میں پختگی، علم، رائی، ہوشیاری، ہیبت اور شجاعت کے اعتبار سے افضل ترین فرد تھا۔

حضرت امیر المؤمنین کی پیشن گوئی میں ہے کہ: ویل لهذه الامة من رجالهم الشجرة الملعونة التی ذکرها ربکم تعالی : اولهم خضراء و آخرهم هزماء ، ثم یلی بعد هم امر امة محمد رجال اولهم ۔۔۔ سابعهم اعلهم۔۔۔(۲)

ویل ہو اس امت کے مردوں پر کہ وہ ملعون درخت کہ جس کا تذکرہ تمہارے پروردگار نے کیا ہے کہ جس کی ابتداء سرسبز اور آخر خشکی ہے اور پھر اس امت محمد کی باگ ڈور ایسے لوگوں کے ہاتھ میں ہوگی کہ جن کا اول۔۔۔اور ساتواں سب سے زیادہ عالم ہوگا۔

البتہ شیعہ راوایات میں مامون کی کافی مذمت پائی جاتی ہے اور امام رضاؑ کے قاتل کے طور پر اس کو کہیں ''عفریت مستکبر'' (۳) اور کہیں ''عفریت کافر'' (۴) کے طور پر پہچنوایا گیا ہے۔(۵)

---

(۱) تاریخ الخلفاء، ص۳۲۶۔

(۲) مناقب آل ابی طالب، ج۲، ص۲۷۶۔

(۳) کمال الدین وتمام النعمۃ ، باب ۲۸، ص۳۰۸-۳۱۱، ح۱۔ عیون اخبار الرضا، ج۱، باب ۶، ص۴۱-۴۵۔ اور دیکھیے: بحار الانوار، ج۳۶، ص۱۹۵-۱۹۷۔

(۴) شیخ طوسی، الامالی، مجلس یازدھم، ص۲۹۱-۲۹۲، ح۵۶۶۔ دیکھیے: بحار الانوار، ج۳۶، ص۲۰۲-۲۰۳۔

(۵) مامون کے بارے میں علماء شیعہ کے نظریات کو اور زیادہ جاننے کے لیے مراجعہ فرمائیں: سفینۃ البحار، ج۱، ص۱۱۲-۱۱۵، مادہ ''امن''۔ مستدرک سفینۃ البحار، ج۱، ص۲۲۴، مادہ ''امن''۔ منتہی الآمال، ج۲، ص۵۱۲۔ تتمۃ المنتھی، ص۳۵۰۔ قاموس الرجال، ج۱۲، ص۱۴۴، شمارہ ۳۸۸۔ مستدرکات علم رجال الحدیث، ج۶، ص۳۴۰، شمارہ ۱۲۱۳۲۔

دوسرا نکتہ: بنی عباس کے درمیان مامون کی متزلزل موقعیت

جیسا کہ بیان ہو چکا ہے کہ ہارون کے اپنی کنیز مراجل سے ہمبستری کرنے کے نتیجے میں مامون پیدا ہوا تھا یہ بہانہ اور طعنہ بنی عباس کے ہاتھ میں تھا کہ وہ اس بات سے مامون کی تحقیر کرتے جیسا کہ خجی شافعی کا کہنا ہے کہ ''بنی عباس مامون کو حرامزادہ کہتے تھے''۔(۱)

دوسری طرف امین کی ماں زبیدہ عرب تھی اور مامون کی ماں مراجل ایک ایرانی کنیز تھی لہذا اسی وجہ سے امین ہمیشہ مامون کو اس کی ماں کی وجہ سے تحقیر و ہجو کرتا اور اس کو خلافت کے اہل نہیں سمجھتا تھا

سیوطی شافعی لکھتا ہے: ومن شعر الامین یخاطب اخاه المامون ویعیره بامه لما بلغه عنه انه یعدد مثالبه ویفضل نفسه علیه ، انشده الصولی :

لا تفخرن علیك بعد بقیة	والفخر یکمل للفتی المتکامل
واذا تطاولت الرجال بفضلها	فاربع فانك لست بالمتطاول
اعطاك ربك ماهویت ، وانما	تلقی خلاف هواك عند مراجل
تعلوا المنابر کل یوم آملا	مالست من بعدی الیه بواصل
فتعیب من یعلو علیك بفضله	وتعید فی حقی مقال الباطل(۲)

جس وقت امین تک خبر پہنچی کہ مامون اس کی برائیاں کرتا ہے اور اپنے آپ کو اس سے بہتر مانتا ہے تب اس نے اپنے بھائی مامون کی شأن میں کچھ شعر کہے اور اس کی ماں کی وجہ سے تحقیر و ہجو کی۔

---

(۱) وسیلۃ الخادم الی المخدوم در شرح صلوات چہاردہ معصوم، ص۲۳۴-۲۳۵۔ بعض کتابوں میں مذکورہ ہے کہ ہارون، مامون کو یا ابن الزانیہ کہکر پکارتا تھا۔ دیکھیے: قاموس الرجال، ج۱۲، ص۱۶۶۔

(۲) تاریخ الخلفاء، ص۳۲۳۔ و دیکھیے: التنبیہ والاشراف، ص۳۰۲۔ کتاب الثقات، ج۲، ص۳۲۸، تاریخ بغداد، ج۱۰، ص۱۸۲۔

صولی نے ان کو اس طرح نقل و منتشر کیا ہے:

تیری وجہ سے کسی کو فخر نہیں کرنا چاہیے چونکہ افتخار، کامل و جوانمرد کے زیب دیتا ہے۔

جس وقت لوگ فضل برتری اور کمال میں ایک دوسرے پر فخر و مباہات کریں تو اس وقت اپنی جگہ بیٹھے رہنا چونکہ تو اس میدان کا انسان نہیں ہے جو تو چاہتا تھا خدا نے تجھے دیا اور تو اپنی ماں کے پاس اپنی خواہشات کی مخالفت کی تلاش میں ہے۔ ہر روز منبر پر جاتا ہے اور جو تو میرے بعد بھی حاصل نہیں کر سکتا اور جس شخص پر فضل و برتری حاصل نہیں کر سکتا اس میں عیب نکالتا ہے میرے بارے میں باطل و ناحق باتیں کرتا ہے۔

اسی وجہ سے بنی عباس نے پہلے امین کے ہاتھوں پر بیعت کی اور امین کے قتل کے بعد مجبوراً مامون کی خلافت کو قبول کیا لیکن ہمیشہ اس کوشش میں رہتے تھے کہ بنی عباس میں سے کسی اور کے ہاتھوں پر بیعت کریں حضرت امام رضاؑ کی ولایت عہدی ان کے لیے ایک اچھا بہانہ بن گئی لہذا انہوں نے خاموشی سے مامون کے چچا ابراہیم بن مہدی کے ہاتھوں پر بیعت کی۔(۱)

تاریخ کے یہ تمام واقعات بنی عباس کے درمیان مامون کی متزلزل موقعیت کے گواہ ہیں۔

تیسرا نکتہ: مامون کی حکومت کے دوران سیاسی و اجتماعی صورتحال

امین کے شکست کھانے اور مامون کے خلیفہ بننے کے بعد ۱۹۸ھ میں بہت زیادہ داخلی جنگیں چھڑ گئیں علویوں نے مختلف و متعدد قیام کیے اور بنی عباس کی حکومت کو ہر طرف سے خطرہ نظر آنے لگا۔

۱۹۸ھ میں نصر بن شیث عقیلی کا شہر حلب میں قیام، اس شہر اور اس کے اطراف پر اس کی حکومت کا قبضہ ہوا۔(۲)

---

(۱) وفیات الاعیان وانباء ابناء الزمان، ج۱، ص۳۹۔

(۲) الکامل فی التاریخ، ج۴، ص۱۴۴۔

اسی سال موصل میں فرقہ یمانیہ ونزاریہ کے درمیان جنگ کہ جس میں تقریباً چھ ہزار فرقہ نزاریہ کے لوگ قتل ہوئے۔(۱)

۱۹۹ھ میں بنی ثعلبہ اور بنی اسامہ کے درمیان بہت سخت لڑائی ہوئی۔(۲)

و کانت فی هذه السنة فاتحة لثورة عظیمة قادها العلویون ، حیث خرج ابوالسرایا السری بن منصور الشیبانی بالعراق و معه محمد بن ابراهیم بن اسماعیل الحسنی وضرب ابو السراياالدراهم بالکوفة و سیر جیوشه الی البصرة و واسط و نواحیها و توزعت الثورة علی عدة جبهات:

جبهة البصرة بقیادة العباس بن محمد بن عیسی الجعفری و جبهة مکة بقیادة الحسین بن الحسن الافطس و جبهة الیمن بقیادة ابراهیم بن موسی بن جعفر ۔

و جبهة فارس بقیادة اسماعیل بن موسی بن جعفر و جبهة الاهواز بقیادة زید بن موسی بن جعفر و جبهة المدائن بقیادة محمد بن سلیمان بن داؤد بن الحسن بن الحسن۔استمرت هذه الثورة اکثر من سنة الی ان قضی علیها۔(۳)

اس سال میں ایک عظیم انقلاب تھا کہ جو علویوں کی قیادت میں برپا تھا جیسے منصور شیبانی کے فرزند ابوالسرایا سری نے عراق میں قیام کیا اور اسی کے ساتھ محمد بن ابراہیم بن اسماعیل حسنی تھا۔

ابوالسرایا نے کوفہ میں اپنی حکومت کے نام سے سکے بھی گھڑوالیے اور اپنے لشکر کو بصرہ و واسط اور اس اطراف میں بھیجا یہ انقلاب کئی میدان جنگ کی صورت اختیار کر گیا۔

---

(۱) سلیمان صائغ: تاریخ موصل، ج۱،ص۷۶۔الکامل فی التاریخ، ج۴،ص۱۴۶-۱۴۷۔

(۲) تاریخ موصل، ج۱،ص۷۶۔

(۳) الکامل فی التاریخ، ج۴،ص۱۴۶-۱۵۱۔

بصرہ کی جنگ کی سربراہی عباس بن محمد بن عیسی جعفری کررہے تھے مکہ میں جنگ حسین بن حسن افطس کے زیرنظر جاری تھی، یمن میں ابراہیم بن موسی بن جعفر کی قیادت میں جنگ ہورہی تھی، فارس میں اسماعیل بن موسی بن جعفر لشکر کی قیادت کررہے تھے، اہواز میں زید بن موسی بن جعفر لشکر کے قائد تھے، مدائن میں محمد بن سلیمان بن داؤد بن حسن بن حسن لشکر کی رہبری کررہے تھے۔ یہ انقلابات ایک سال سے زیادہ وقت تک جاری رہے پھر رفتہ رفتہ شکست کھاتے اور ختم ہوتے چلے گئے۔

و فی سنہ ۲۰۰ھ خرج محمد بن الامام جعفر الصادق ولکنه استسلم و ارسل الی المامون۔(۱)

۲۰۰ھ میں محمد بن امام جعفر صادق نے قیام کیا لیکن وہ تسلیم ہوگیا اور مامون کے پاس بھیج دیا گیا

وفی سنہ ۲۰۱ھ اصاب اهل بغداد بلاء عظیم حتی کادت تتداعی بالخراب و جلا کثیرا من ساکنیها بسبب النهب والسبی والغلاء و خراب الدور۔(۲)

۲۰۱ھ میں بغداد کے لوگ ایک بہت بڑی آزمائش وعذاب میں مبتلا ہوئے کہ جس قحط سالی، بربادی اور گھروں کی ویرانی کی وجہ سے بہت سی موتیں ہوئی اور بہت زیادہ لوگوں نے وطن کو چھوڑا دوسری جگاہوں کو ہجرت کی۔

چوتھا نکتہ: بنی عباس کی حکومت میں راز کو مخفی رکھنا

جرجی زیدان اپنی کتاب میں بنی عباس کی حکومت کی ایک خصوصیت یہ بیان کرتا ہے کہ وہ لوگ اپنے راز واسرار کو پوشیدہ رکھتے تھے، اسی سلسلے میں لکھتا ہے:

---

(۱) عیون اخبار الرضا، ج۲، ص۲۰۷۔

(۲) العبر فی خبر من غبر، ج۱، ص۲۶۳۔

حکومت بنی عباس کی ایک خصوصیت یہ ہے کہ وہ اپنی سیاسی راز واسرار کو بہت دقت کے ساتھ مخفی رکھتے اور جوان کا پروگرام ہوتا اس کی کسی کو بھی خبر نہیں دیتے تھے۔ اپنے پروگرام و ہدف کو آخری وقت تک مخفی رکھتے خصوصاً اگر حکومتی اور سلطنتی امور سے مربوط ہوتو بہت ہی زیادہ خیال رکھتے تھے جیسا کہ منصور نے ابومسلم کے ساتھ یہی کیا ہارون نے برمکیوں کے ساتھ یہی روش رکھی اور مامون نے فضل بن سہل، علی بن موسی اور طاہر بن حسین کے ساتھ یہی عمل انجام دیا۔

بنی عباس اپنے سیاسی راز واسرار کو پوشیدہ رکھنے میں اپنی کامیابی سمجھتے تھے۔(۱)

مذکورہ نکات سے نتیجہ

۱- مامون کا اپنے ارادے میں مستحکم و ہوشیار، دوراندیش وصاحب رائی ہونا۔

۲- بنی عباس کے درمیان مامون کی متزلزل موقعیت

۳- داخلی حالت کا خراب ہونا اور داخلی جنگوں کا چھڑ جانا، جگہ جگہ قیام ہونا۔

۴- بنی عباس کا حکومتی راز واسرار کا پوشیدہ رکھنا۔

سوال کی تکرار

مذکورہ نکات کے مدنظر سوال کو پھر سے دوہراتے ہوئے یہ بات صاف صاف واضح ہوجاتی ہے کہ مامون اس پیش نہاد میں قطعاً سچا وصادق نہیں تھا اور اس کے دوسرے اہداف پیش نظر تھے۔

حضرت امام رضاؑ کو مامون کا ولایت عہدی کے سپرد کرنے کی وجوہات:

۱- مامون حضرت امام رضاؑ کو فاضل ترین، متقی ترین اور داناو عالم ترین فرد مانتا تھا۔

۲- مامون شیعیت کی طرف مائل تھا۔

---

(۱) تاریخ تمدن اسلام، ج۴، ص۹۹۷۔

۳- مامون نے اپنے پروردگار سے عہد ونذر کی تھی کہ اگر امین پر فتح حاصل کرلے تو خلافت یا ولایت عہدی حضرت امام رضاؑ کے سپرد کردے گا۔

۴- مامون چاہتا تھا کہ اپنے بعد مسئلہ خلافت سے بری الذمہ ہوجائے اور امام کے انتخاب کرنے سے وہ آرام وسکون محسوس کرتا تھا۔

۵- بنی عباس واولاد علیؑ کے درمیان دوستی وصلح کو ایجاد کرنا ہدف تھا۔

۶- حضرت امام رضاؑ کی خطاء وغلطیوں کو لوگوں کے سامنے نمایاں کرنا۔

۷- مذہب اسماعیلیہ کی ترقی اور آگے بڑھنے سے روکنا۔

۸- بنی عباس سے انتقام اس لیے کہ انہوں نے پہلے امین کے ہاتھوں پر بیعت کی اور مامون کی تحقیر کرتے تھے۔

۹- علویوں کی ترقی اور ان کے قیام کو روکنا اور حکومت میں آرام وسکون پیدا کرنا۔

۱۰- بنی عباس کی حکومت کی مصلحتوں کو مضبوط کرنا۔

جواب

مذکورہ وجوہات کہ جو بیان ہوئی ہیں ان میں سے کچھ شخصی اور ذاتی ہیں کہ جن کی تاریخی حوالے سے کوئی وجود وسند نہیں پائی جاتی۔ لیکن چند وجوہات کو مامون کے اصلی ہدف کے طور پر پیش کیا جاسکتا ہے چونکہ یا تو ان وجوہات کی طرف خود مامون نے اشارہ کیا ہے یا تاریخی شواہد موجود ہیں:

۱- مامون حضرت امام رضاؑ کو فاضل، متقی اور دانا وعالم ترین فرد مانتا تھا۔

۲- مامون کا اپنے پروردگار سے امین پر فتح کی صورت عہد ونذر کرنا۔

۳- مامون کا معتزلی مذہب ہونا اور شیعیت کی طرف مائل ہونا۔

۴- حضرت امام رضاؑ کی خطاء وغلطیوں کو نمایاں وآشکار کرنا۔

۵-بنی عباس سے انتقام چونکہ انہوں نے پہلے امین کی حمایت کی اور مامون کی تحقیر کی۔
۶-علویوں وشیعوں کے قیام کو روکنا اور حکومت کی بگڑتی ہوئی حالت کو کنٹرول کرنا۔

مامون کا اصلی ہدف

حاکم نیشاپوری نے ایک روایت نقل کی ہے کہ جس میں مامون کا اصلی ہدف بیان ہوا ہے اس روایت میں خود مامون نے اپنے اصلی ہدف کی تصریح کی ہے کہ حضرت امام رضاؑ کو زبردستی ولایت عہدی سپرد کرنے سے اس کے خاص ہدف پیش نظر تھے کہ اس روایت میں مامون کے تمام اہداف واضح ہوجاتے ہیں: جس وقت شہر مرو میں حضرت امام رضاؑ کی کرامات اور معنوی شخصیت اپنے کمال پر پہنچتی ہے تو بنی عباس کی جانب سے اندورنی طور پر مامون پر بہت دباؤ پڑنے لگتا ہے تب وہ اپنے مخالفین اور معترضین پر جواب کی صورت میں اپنے اہداف کو فاش کرتا ہے اور اپنے راز واسرار سے کہ پہلے سے طے شدہ تھا پردہ اٹھاتا ہے لہذا کہتا ہے:

قد كان هذاالرجل مستتراً عنا يدعو االى نفسه فاردنا ان نجعله ولى عهدنا ، ليكون دعاؤه الينا و لنعرف ما يخالفه والملك لنا ، وليعتقد فيه المعترفون به انه ليس مما ادعى فى قليل ولا كثيروان هذا الامرلنا من دونه ، وقد خشينا ان تركناه على تلك الحالة ان ينفق علينا منه ما لانسده وياتى علينا مالا نطيقه ، والآن واذقد فعلنا به ماقد فعلنا واخطأنافى امره ما اخطأنا واشرفنا من الهلاك بالتنويه به على ما اشرفنا ، فليس يجوز التهاون فى امر ه ، ولكن نحتاج ان نضع منه قليلاً قليلاً حتى نصوره عند الرعايا بصورة من لا يستحق هذاالامر ثم ندبر بما يحسم عنا مواد بلائه۔(۱)

---

(۱) فرائد السمطین فی فضائل المرتضی والبتول والسبطین والآئمۃ من ذریتھم، ج۲،ص۲۱۴،ص۴۹۰۔

یہ شخص ہم سے چھپا کر اور خاموشی سے لوگوں کو اپنی طرف دعوت دیتا تھا ہم نے چاہا کہ اس کو اپنا ولی عہد بنالیں تا کہ اگر یہ لوگوں کو دعوت دے تو وہ دعوت ہمارے لیے ہو، اس کے دوست و دشمن کو پہچان لیں اور حکومت ہمارے ہی ہاتھ میں رہے، اس کے ماننے والے سمجھ لیں کہ جیسا اس کے بارے میں اعتقاد رکھتے ہیں وہ ایسا نہیں ہے اور اس امر خلافت کے ہم مستحق ہیں نہ کہ وہ، ہم کو ڈر تھا کہ اگر اس کو اسی حالت میں چھوڑ دیں، اور اب جو کام انجام دینا چاہتے تھے انجام دے چکے لیکن ہم سے غلطی ہوگئی اور اس کو بہت بلندی و عروج مل گیا اس شہرت میں ہمارا ہاتھ رہا کہ جس سے ہم نے اپنا بہت نقصان کیا، پس اس کے معاملے میں اب سستی و کاہلی سے کوئی فائدہ نہیں ہے لیکن ہم فوراً اس کو قتل نہیں کر سکتے بلکہ تھوڑا تھوڑا اور کم کم اس کو قتل کریں گے اس کی موقعیت کو گرائیں گے عزت و آبرو کم کریں گے تا کہ لوگوں کے سامنے یہ ثابت کر دیں کہ وہ ولایت عہدی کے قابل نہیں ہے اور پھر آہستہ آہستہ اس کو بالکل ہی ختم کر دیں۔

یہ واقعہ مامون کی اندرونی حالات اور حقیقی اہداف کو بیان کر رہا ہے کہ:

۱- مامون کا اصلی ہدف خلافت کو خاندان علوی کے سپرد کرنا نہیں تھا۔

۲- مامون کا اصلی ہدف اپنی حکومت کی حفاظت اور امام کو رقابت کے میدان سے گرانا تھا۔

۳- مامون کی جانب سے ابتداءً خلافت کی پیش کش کرنا ظاہری و دکھاوی کے لیے تھا۔

۴- حضرت امام رضاؑ کو زبردستی ولایت عہدی سپرد کرنے کا مقصد اپنی خلافت کو مشروعیت بخشنا تھا تا کہ علویوں و شیعوں کے قیام کو روکا جا سکے۔

۵- مامون کا اصلی ہدف دیگر عباسی خلفاء کی طرح اہل بیتؑ کو سیاسی طور پر ختم کرنا تھا۔

لیکن مامون نے اس کام کی روش کو تبدیل کر دیا تھا اور حضرت امام رضاؑ کو میدان سیاست سے ختم کرنے کے لیے گذشتہ خلفاء کی روش و راستوں سے ہٹ کر ایک نیا راستہ اختیار کیا اس طرح کہ اولاً امام کہ جو مدعی خلافت ہیں ان کو خلافت سے نیچے کا مقام دیا جائے۔

ثانیاً اس کام سے امام کو سیاست کے میدان میں لایا جائے اور ان کی کمزوریوں و خطاؤں کو لوگوں کے سامنے پیش کیا جائے۔

۶-امام اور آپؑ کے شیعوں کو اپنے کنٹرول میں رکھ سکے۔

یہ پہلے بھی بیان ہو چکا ہے کہ احمد امین مصری بھی ان اہداف کی طرف اشارہ کر چکا ہے۔(۱)

ان تمام صورتوں کے باوجود بھی جیسے ہی ولایت عہدی زبردستی امام کے سپرد کی گئی امام نے ہوشیاری کے ساتھ شرط رکھی کہ وہ کسی بھی امر حکومت میں دخالت نہیں کریں گے تا کہ مامون عباسی کو اس کے اہداف میں ناکام کر سکیں۔

حضرت امام رضاؑ کے سلسلے میں مامون کی سیاست پر ایک سرسری نظر

۱-حضرت امام رضاؑ کا خلافت یا حداقل ولایت عہدی کے لیے انتخاب۔

۲-حضرتؑ کو ولی عہد بنانے کو موقع پر جشن منانا اور لوگوں کو انعامات سے نوازنا۔

۳-مامون کی جانب سے مناظرات منعقد کرانا اور اولاد علیؑ سے دفاع کرنا۔

۴-ہرے رنگ کو سیاہ رنگ کی جگہ پر رائج کرنا۔

۵-حضرت امام رضاؑ کے نام سے سکے رائج کرنا۔

۶-حضرت کی ولایت عہدی کا تمام مملکت میں پیغام پہنچانا۔

۷-امام کی شہادت پر مامون کا رونا اور عزاداری منانا۔

یہ مامون کی جانب سے عوام فریبی اور حیلہ و مکاری اس کی اوج سیاست کی علامت تھی اور بنی عباس کا اپنی حکومت کے راز و اسرار کو پوشیدہ رکھنے پر مضبوط دلیل ہے کہ ایک مدت تک اپنے ہدف کو مخفی رکھا۔

---

(۱) ضحیٰ الاسلام، ج ۳، ص ۲۹۵۔

اسی دوہری سیاست یا مامون کی چالبازیوں کے متعلق جھشیاری کہتا ہے:

انہ یقتل الفضل ویبکی علیه ویقتل قتلته ، یقتل الامام الرضا ثم یبکی علیه ویقتل طاهراً ویولی ابنائه مکانه ، یقتل اخاه ویوهم ان الذنب فی ذالك علی الفضل والطاهر ، وهذا مما یدل علی دهائه و حنکته و سیاسته۔(۱)

وہ فضل کو قتل کر دیتا ہے اور پھر اس پر گریہ کرتا ہے اور اس کے قاتلوں کو قتل کر دیتا ہے۔ امام رضاؑ کو قتل کرتا ہے اور پھر آپ پر گریہ کرتا ہے۔ طاہر کو قتل کرتا ہے پھر اس کے بیٹوں کو اس کے قائم مقام کر دیتا ہے۔ اپنے بھائی کو قتل کرتا ہے اور خیال کرتا ہے کہ اس کا گناہ فضل و طاہر کی گردن پر ہے یہ تمام کام مامون کی ہوشیاری کی علامات و دلیلیں ہیں۔

تیسرا مسئلہ:

اس مسئلے میں حضرت امام رضاؑ کا ردعمل کیا تھا؟

حضرت امام رضاؑ کی دوران امامت، تاریخی واقعات وحوادث پر اگر غور کیا جائے تو بالکل واضح ہو جائے گا کہ مامون نے پہلے سے آمادہ شدہ پروگرام وسیاست کے تحت ایک جدید روش کو اختیار کیا۔

مامون نے امامؑ کو مدینے سے مرو تشریف لانے پر مجبور کیا اور پھر حیلہ و مکاری سے آپ کو خلافت کی پیش کش کی کہ آنحضرتؑ نے انکار کر دیا تو پھر اس نے اپنے اصلی ہدف ولایت عہدی کو پیش کیا پھر بھی بار بار حضرتؑ کی جانب سے انکار ہوتا رہا تب مامون نے اپنا اصلی راز فاش کیا اور اپنا واقعی چہرہ سامنے لایا اور دھمکی و تہدید سے ولایت عہدی کو زبردستی امام کے حوالے کر دیا اس صورت میں آنحضرت نے اشک بہاتے اور گریہ کرتے ہوئے کچھ شرائط کے ساتھ ولایت عہدی کو قبول فرمالیا۔

---

(۱) کتاب الوزراء والکتاب، ص ۱۹۷-۲۰۸۔

اہل سنت کے منابع میں بہت زیادہ شواہد ہیں کہ حضرت امام رضاؑ اچھی طرح جانتے تھے کہ مامون نے کس لیے امام کو مدینہ سے مرو بلایا ہے کہ وہ اولاً خلافت کی درخواست کرے گا اور قبول نہ کرنے کی صورت میں زبردستی ولایت عہدی کو آپ کے سپرد کرے گا ثانیاً یہ کہ امام نے ولایت عہد مجبوراً قبول فرمائی ہے۔

۱-مسعودی شافعی لکھتا ہے: --- فالح عليه فامتنع ، فاقسم فابرقسمه۔(۱)

اس نے ولایت عہدی پیش کرنے میں بہت اصرار کیا لیکن امام انکار کرتے رہے پھر اس نے قسم دی تب آپ نے قسم کا جواب مثبت طور پر دیا۔

۲-آنحضرتؑ نے عہدنامے کے جواب میں فرمایا: والجامعة والجفر يدلان على ضد ذالك ﴿وما ادرى مايفعل بى و لا بكم﴾ (۲)﴿ان الحكم الا لله يقص الحق وهو خير الفاصلين﴾ (۳)لكنى امتثلت امر اميرالمؤمنين و آثرت رضاه ، والله يعصمنى واياه واشهدت الله نفسى بذالك ﴿فكفى بالله شهيدا﴾۔(۴)(۵)

علم جامعہ وعلم جفر دونوں ہی اس امر کی مخالفت پر دلالت کرتے ہیں'' مجھے نہیں معلوم یہ میرے ساتھ اور تمہارے ساتھ کیا سلوک کریں گے''''حکم واقعی صرف خدا کی جانب سے ہے کہ وہی حق و حقیقت بیان کرنے والا ہے اور وہ بہترین فیصلے کرنے والا ہے''۔

---

(۱) اثبات الوصیۃ، ص۱۷۹۔

(۲) سورہ احقاف، آیت۹۔

(۳) سورہ انعام، آیت۵۷۔

(۴) سورہ نساء، آیت۷۹۔

(۵) مآثر الانافۃ فی معالم الخلافۃ، ص۳۰۵-۳۰۶۔صبح الأعشی فی صناعۃ الانشاء، ج۹، ص۳۹۱۔

لیکن میں مامون کے حکم کو بجالاتا ہوں اور اس کی مرضی کے مطابق اس امر کو قبول کرتا ہوں خداوند عالم مجھے اور اسے محفوظ رکھے اپنے اس امر پر خدا کو گواہ بناتا ہوں کہ'' وہ بہترین گواہ اور مقام شہادت میں کافی ہے''۔

۳-اسی طرح آ حضرت کا عہد نامہ کے جواب کے آغاز میں ارشاد گرامی:

الحمد لله الفعال لما يشاء لا يعقب لحكمه و لا راد لقضائه يعلم خائنة الاعين و ما تخفى الصدور۔(۱)

تمام تعریفیں ہیں اس خدا کی کہ جو چاہتا ہے انجام دیتا ہے کوئی بھی اس کی قضا وقدر کی مخالف ورد نہیں کرسکتا وہ آنکھوں کی خیانتوں سے واقف ہے اور وہ دلوں میں چھپی ہوئی چیزوں کو بھی جانتا ہے

حضرت امام رضاؑ کے یہ کلمات مبارک مامون کی سوئے نیت اور آنحضرت کی عدم رضایت و مجبوری پر صاف صاف دلالت کررہے ہیں۔

۴-خواجہ پارسائی بخاری حنفی کہتا ہے:

مامون حضرت امام رضاؑ کی خلافت پر اصرار کررہا تھا لیکن آنحضرت قبول نہیں فرماتے تھے، مامون نے کہا اگر آپ خلافت کو قبول نہیں فرماتے تو ولایت عہدی کو قبول کرلیجیے لیکن امامؑ نے اس کو بھی قبول نہیں کیا اور فرمایا:

واللـه لـقد حدثنى ابى عن آبائه ، رضى الله عنهم ، عن رسول الله ﷺ انى اخرج من الدنيا قبلك مظلوما تبكى على ملائكة السماء والارض وادفن فى ارض الغربة ، ثم الح المامون الحاحاً كثيراً فقبل ولاية العهد وهو باك حزين۔(۲)

---

(۱) مآثر الانافۃ فی معالم الخلافۃ، ص ۳۰۵-۳۰۶۔ صبح الأعشی فی صناعۃ الانشاء، ج ۹، ص ۳۹۱۔

(۲) فصل الخطاب لوصل الاحباب بنقل از ینابیع المودۃ لذوی القربی، ج ۳، ۱۶۶۔

خدا کی قسم میرے والد گرامی نے اپنے آباء واجداد طاہرین سے اور انہوں نے حضرت رسول اکرم سے حدیث بیان فرمائی ہے کہ میں مامون سے پہلے اس دنیا سے مظلومیت کے عالم میں رخصت ہوجاؤں گا اور مجھ پر آسمان وزمین کے فرشتے گریہ کریں گے میں سرزمین غریب میں دفن کیا جاؤں گا، تب مامون نے بہت زیادہ اصرار کیا پس آپ نے ولایت عہدی کو اس عالم میں قبول فرمایا کہ آپ بہت زیادہ غمگین اور گریہ فرمارہے تھے۔

۵-قندوزی حنفی نے بھی یہی مطلب بیان کیا ہے۔(۱)

۶-احمد امین مصری شافعی کہتا ہے:

--- والتزم الرضا بذالك فامتنع ثم اجاب ---(۲)

امام رضاؑ کو یہ امر سونپا گیا لیکن آپ نے منع کیا پھر اس کو قبول کرلیا۔

۷-حضرت امام رضاؑ کے ایک چاہنے والے کو اس امر کی خبر ملی وہ بہت خوش ہوا تب آپ نے اس سے فرمایا: لاتشغل قلبك بشيم ماترى من هذا الامر ولا تستبشر ، فانه لايتم ۔(۳)

اپنے دل کو اس ظاہر بینی سے خوشحال نہ کر اور زیادہ خوشی نہ مناؤ کہ یہ امر تمام ہونے والا اپنے مقصد کو پہنچنے والا نہیں ہے۔

یہ تمام شواہد اس بات پر دلالت کرتے ہیں کہ اولا امامؑ کو ولایت عہدی دینے پر مجبور کیا گیا ہے اور مامون کی جانب سے دھمکی وتہدید تھی اور آنحضرت اس امر سے راضی وخوشنود نہیں تھے، ثانیا یہ کہ مامون کی نیت خیر پر نہیں تھی وہ سوئے قصد رکھتا تھا۔

---

(۱) فصل الخطاب لوصل الاحباب بنقل از ینابیع المودۃ لذوی القربی، ج۳، ۱۶۶۔

(۲) ضحیٰ الاسلام، ج۳، ص۲۹۴۔

(۳) الفصول المھمہ فی معرفۃ احوال الآئمہ، ص۲۴۵۔ مفتاح النجا فی مناقب آل عبا، ص۱۷۸۔

شیعہ امامیہ کے منابع میں بھی یہی مطلب بہت وضاحت کے ساتھ بیان ہوا ہے:
شیخ صدوق روایت نقل کرتے ہیں:

۱- عن یاسر ، قال لما ولی الرضا العهد سمعته ، وقد رفع یدیه الی السماء ، وقال :اللهم انك تعلم انی مکره مضطر فلا تواخذنی کما لم تواخذ عبدك و نبیك یوسف حین وقع الی ولایة مصر۔(۱)

یاسر سے روایت نقل ہوئی ہے کہ جب امام رضاؑ کے ولایت عہدی سپرد کی گئی تو آپ نے اپنے ہاتھوں کو آسمان کی جانب بلند کیا اور آپ نے فرمایا: پروردگارا تو جانتا ہے کہ میں مجبور و مضطر ہوں مجھ سے اس امر کے متعلق مواخذہ نہ کرنا جیسے تو نے اپنے عبد و نبی حضرت یوسف سے مواخذہ نہیں کیا کہ جب مصر کی ولایت عہدی ان کے سپرد کی گئی۔

۲-محمد بن عرفہ کہتا ہے: قلت للرضا : یابن رسول الله ! ما حملك علی الدخول فی ولایة العهد ؟ فقال : ما حمل جدی امیر المؤمنین علی الدخول فی الشوری۔(۲)

میں نے حضرت امام رضاؑ سے عرض کی: اے فرزند رسول خدا، آپ نے کیوں ولایت عہدی کو قبول فرمالیا اور اس امر کا کیا سبب تھا؟ آپ نے فرمایا: جو میرے جد امیر المؤمنین کے لیے شوری میں شرکت کا سبب بنا تھا۔

۳ -ابوصلت ہروی کہتا ہے:واللہ ما دخل الرضا فی هذا الامر طائعاً وقد حمل الی الکوفة مکرهاً ثم اشخص منها علی طریق البصرة و فارس الی مرو۔(۳)

---

(۱) شیخ صدوق، الامالی، ص۵۲۵، مجلس ۹۴، ح ۱۳۔ بحار الانوار، ج ۴۹، ص ۱۳۰۔
(۲) عیون اخبار الرضا، ج ۲، باب ۴۰، ص ۱۴۰۔ ح ۴۔ بحار الانوار، ج ۴۹، ص ۱۴۰۔
(۳) عیون اخبار الرضا، ج ۲، باب ۴۰، ص ۱۴۱۔ ح ۵۔ بحار الانوار، ج ۴۹، ص ۱۴۰۔

خدا کی قسم حضرت امام اس امر کو اپنی مرضی وخوشنودی سے قبول نہیں کیا، آپ کو زبردستی کوفہ لایا گیا اور پھر وہاں سے بصرہ اور بصرہ سے فارس کو ہوتے ہوئے مرو لے جایا گیا۔

۴- ریان کہتا ہے:

دخلت علی علی بن موسی الرضا فقلت له : یا بن رسول الله ان الناس یقولون انك قبلت ولایة العهد مع اظهارك الزهد فی الدنیا ؟ فقا ل قد علم الله کرامتی لذالك فلما خیرت بین قبول ذالك و بین القتل ، اخترت القبول علی القتل۔۔۔(۱)

میں حضرت امام رضاؑ کی خدمت میں حاضر ہوا اور آنحضرت سے عرض کی: اے فرزند رسول خدا، لوگ کہتے ہیں کہ آپ نے اس دنیا سے پرہیز اور زہد رکھتے ہوئے بھی ولایت عہدی کو قبول کرلیا؟

آپ نے فرمایا: خداوند عالم اس امر سے میری ناراضگی کو اچھی طرح جانتا ہے لیکن چونکہ مجھ کو مامون کی جانب سے اس امر کو قبول کرنے اور قتل ہونے میں اختیار دیا گیا تھا تو میں نے قتل کے بدلے ولایت عہدی کو قبول کرلیا۔

۵- ابوصلت کہتا ہے: مامون کی جانب سے خلافت وولایت عہدی کے مسلسل اصرار کے بعد اور حضرت امام رضاؑ کے انکار کے بعد آخرکار مامون نے آنحضرت سے مخاطب ہوکر اس طرح کہا:

فبالله اقسم لئن قبلت ولایة العهدوالااجبرتك علی ذالك فان فعلت والاضربت عنقك ۔۔۔ فرضی منه بذالك و جعله ولی عهد ه علی کراهة منه لذالك۔(۲)

---

(۱) شیخ صدوق، الامالی، ص ۶۸، مجلس ۱۷، ح ۳۔ علل الشرائع، ج ۱، ص ۲۳۹۔ عیون اخبار الرضا، ج ۲، باب ۴۰، ص ۱۳۹۔ ح ۲۔ بحارالانوار، ج ۴۹، ص ۱۳۰۔

(۲) شیخ صدوق: علل الشرائع، ج ۱، ص ۲۳۷۔ عیون اخبار الرضا، ج ۲، باب ۴۰، ص ۱۳۹، ح ۳۔ الامالی، ص ۶۵، مجلس ۱۶، ح ۳۔ بحارالانوار، ج ۴۹، ص ۱۲۸-۱۳۰۔

خدا کی قسم یا ولایت عہدی کو قبول کر لیجیے ورنہ آپ کو میں اس کے قبول کرنے پر مجبور کر دوں گا کہ اگر قبول کر لیا تو صحیح ورنہ آپ کو قتل کر دوں گا۔ پس امام نے مجبوراً اور نا چاہتے ہوئے ولایت عہدی کو قبول فرما لیا۔

حضرت امام رضاؑ کی یہ رفتار چند نکات کی طرح متوجہ کرتی ہے:

۱- سب سے زیادہ مہم نکتہ یہ ہے کہ حضرت امام رضاؑ نے اپنی اس روش سے مامون کے چہرے سے پردہ اٹھا دیا ہے آنحضرت نے اپنے اس عکس العمل سے لوگوں اور تاریخ کو بتا دیا کہ مامون کی ظاہر سازی اور حیلہ و مکر کے جال میں نہ آئیں۔

۲- حضرت امام رضاؑ مامون کی دھمکی و تہدید سے مجبور ہوئے کہ ولایت عہدی کو قبول فرمائیں لیکن اس ولایت عہدی کے قبول کرنے میں کچھ شرائط رکھیں کہ وہی شرائط سبب بنیں کہ مامون اپنے ہدف تک نہ پہنچ سکے۔ اس لیے جوینی شافعی کی روایت کے مطابق مامون کا ولایت عہدی سپرد کرنے میں مہمترین ہدف یہ تھا کہ امامؑ کی غلطیوں اور نقطہ ضعف لوگوں کو دکھائے اور یہ کہ امام سیاسی و اجتماعی امور کی ذمہ داری کے قابل نہیں ہیں لیکن آپ نے یہ شرط رکھ کر کہ میں نہ کسی کو معزول کروں گا اور نہ کسی کو کوئی منصب دوں گا، مامون کی تمام آرزوؤں اور چالاکیوں کو ختم کر دیا کہ نکتہ حضرت کی ہوشیاری اور عزت نفس کی طرف اشارہ کرتا ہے۔

۳- حضرت امام رضاؑ کی رفتار مامون کے ساتھ ہر مقام پر اس طرح رہی کہ ہر قدم پر اس کے اصلی چہرے سے نقاب اٹھتی جاتی تھی خواہ وہ نماز عید کا موقع ہو کہ آپ کو نماز عید پڑھانے کے لیے بھیجا گیا لیکن لوگوں کا استقبال دیکھ کر خود مامون نے آپ کو واپس بلا بھیجا کہ جس سے تاریخ کو معلوم ہو گیا کہ مامون امام رضاؑ اور اہل بیت طاہرین کا دوست نہیں دشمن تھا اور اس کے تمام کام دکھاوے اور ظاہری ہیں خواہ ہرے رنگ کا اختیار کرنا ہو یا آپ سے نام سے سکے رائج کرانا ہو سب حیلہ و فریب ہے۔

نتیجہ

مذکورہ بالا مطالب سے چند نکات سامنے آتے ہیں:

اول: مامون کی جانب سے خلافت یا ولایت عہدی کی درخواست ایک دم اور اتفاقی نہیں تھی اور نہ ہی صدق دل وصادقانہ تھی بلکہ سوئے قصد اور فریب کاری کے تحت ایک چال چلنا چاہتا تھا لہذا یہ نہیں کہا جاسکتا کہ وہ ابتداء میں سچا وصادق تھا بعد میں منحرف ہوگیا۔

دوم: حضرت امام رضا کو ولایت عہدی سپرد کرنا نہ مامون کی جانب سے اخلاص عمل تھا اور نہ ہی امام رضاؑ کی جانب سے رضایت وخوشنودی تھی بلکہ مامون نے آپ کو دھمکی دی اور مجبور کیا اور آپ نے کراہت وناراضگی کے ساتھ اس امر کو قبول فرمایا۔

سوم: مامون کا اس کام سے اصلی ہدف خود امام رضاؑ کی ذات والا صفات تھی کہ وہ آنحضرت سے لوگوں کے رجحان ولگاؤ کو ختم کرنا چاہتا تھا علوی جگہ جگہ سے قیام کررہے ہیں اور ان تمام قیام وداخلی جنگوں کا نتیجہ یہ ہے کہ امام کو بعنوان خلیفہ تسلیم کیا جائے گا لہذا پہلے ہی سے اس قیام کو ختم کرکے امام کو خلافت کے لیے نااہل ثابت کردیا جائے۔ لہذا مامون کے تمام اہداف کا نچوڑ لوگوں کو فریب دینا اور چالبازی تھی کہ جو مامون جیسے حیلہ گر ومکار سیاس سے بعید نہیں ہے۔

چہارم: حضرت امام رضاؑ کی روش ورفتار مامون کی درخواست وپیش کش کے مقابل مثلاً ابتداءً خلافت کو قبول نہ کرنا پھر ولایت عہدی سے بھی انکار کرنا پھر اگر ولایت عہدی کو قبول فرمایا تو اس کے ساتھ کچھ شرائط کا رکھنا اور نماز عید میں مامون کے اصلی چہرے کو لوگوں کے سامنے پیش کرنا ان تمام واقعات میں آپ نے لوگوں کو سمجھا دیا کہ مامون کا ہدف اہل بیت اور امام رضاؑ سے مقابلہ کرنا ہے۔

اور آپ کو لوگوں کی نظر سے گرانا ہے اور ظاہری رفتار آپ کے ساتھ مصالحت ومسالمت فقط عوام فریبی اور دھوکے کے علاوہ کچھ نہیں ہے۔

بنابراین یہ نہیں کہا جاسکتا کہ امام کو ولایت عہدی سپرد کرنا بنی عباس اور اولاد علیؑ کے درمیان ایک نقطہ وحدت تھا اور حضرت امام رضاؑ و مامون کا اتحاد اہل بیت و بنی عباس کے درمیان صلح وصفائی کا موقع تھا بلکہ وہ آنحضرتؑ کے لیے انتہائی مظلومیت اور غربت وتنہائی کا زمانہ ہے۔(۱)

☆☆☆☆☆

☆☆☆

☆

---

(۱) یہی وجہ ہے کہ مامون کی دورخی سیاست اور عوام فریبی کے متعلق بعض علماء اس طرح بیان فرماتے ہیں :المامون--- وما جرى منه على ابى الحسن الرضا من النفاق والشيطنة و سوء المعاشرة خفى على كثير من الناس و من تتبع الاحاديث الواردة فيها و تامل فيها ، يظهر لك ذالك ۔ مامون نے جو کچھ منافقت وبداخلاقی حضرت امام رضا کے ساتھ انجام دی بہت سے لوگوں پر مخفی رہ گئی ہے اور جو شخص بھی اس سلسلے میں احادیث پر تھوڑا سا بھی غور وفکر کرے تو حقیقت تک پہنچ جائے گا۔ سفینۃ البحار، ج۱،ص ۱۱۵۔ منتہی الآمال، ج۲،ص ۵۱۲۔ تتمۃ المنتہی،ص ۳۵۰۔ اور دیکھیے: مستدرکات علم رجال الحدیث، ج۶،ص ۳۴۰،شمارہ ۱۲۱۳۲۔ سید جعفر مرتضی عاملی: الحیاۃ السیاسیۃ للامام رضا،ص ۲۵۳۔

چھٹا حصہ

کرامت

حضرت امام علی رضاؑ کی کرامات خواہ قبل از ولادت ہوں یا اس کے بعد اور وہ واقعات بھی کہ جو آپ کے دوران امامت پیش آئے خصوصاً مدینے سے مرو تک کے سفر میں آپ کی بے پناہ عظمت وجلالت اور قدر ومنزلت پر دلالت کرتے ہیں۔ کہ ان واقعات وحوادث کی روایت اہل سنت کے علماء وبزرگوں کی زبانی سننے کے قابل بلکہ حیرت انگیز وشگفت آور ہیں، اس حصہ میں آنحضرتؑ کی کرامات و معجزات اور فضائل وکمالات کا ایک مختصر سا گوشہ پیش کیا جائے گا، کہ جس کو اہل سنت نے قبول کیا اور اپنی عظیم وگرانقدر کتابوں میں نقل کیا ہے، کہ جو حضرت امام رضاؑ اور مشہد رضوی کے متعلق اہل سنت کے نظریات کی منظر کشی کو پیش کرتا ہے اس سے اہل سنت اور غریب طوس کے درمیان ایک معنوی رابطہ برقرار ہوگا اور فرقہ وہابیت کے سیاسی اہداف وتفرقہ اندازی کے بھی روک تھام اور مقابلہ کیا جاسکتا ہے نیز وہابیت کے منحرف عقائد جیسے اولیاء الٰہی کی کرامات سے نفی کرنا، شفاعت، توسل، زیارت قبور وغیرہ کا بھی تسلی بخش جواب مل جائے گا۔

یہ نکتہ بھی قابل ذکر ہے کہ اگر چہ کرامت اور مناقب کے درمیان بہت فرق ہے لیکن اس تحریر میں یہ دونوں لفظ ایک ہی معنی میں بیان ہوئے ہیں کہ جن سے خارق العادہ امور اور معجزہ مراد لیا گیا ہے، اہل سنت کی نگاہ میں ان کو کرامت اور منقبت کے نام سے یاد کیا جاتا ہے۔

حضرت امام رضاؑ کی کرامت کے بارے میں اہل سنت کے نظریات

حضرت امام رضاؑ کی معنوی شخصیت اور بلند وبالا عظمت ومرتبت نے اہل سنت کے علماء کو آپ کی کرامات ومعجزات کے اعتراف کرنے پر مجبور کر دیا ہے یہاں تک کہ وہ لوگ آپ کی شأن ومنزلت کو حیرت انگیز وشگفت آور کلمات وعبارات سے بیان کرتے ہیں کہ جن میں سے بعض کی طرف یہاں اشارہ کیا جاہا ہے:

۱-مجدالدین ابن اثیر جزری شافعی (۶۰۶ھ):

هـو ابـو الحسن علی بن موسی بن جعفر بن محمد بن علی بن الحسین بن علی بن ابی طالب الهاشمی المعروف بالرضا ـــ و فضائله اکثر من ان تحصی۔(۱)

آپ ابوالحسن علی بن موسی بن جعفر بن محمد بن علی بن الحسین بن علی بن ابی طالب ہاشمی کہ جو رضا کے لقب سے مشہور ہیں آپ کے فضائل اس سے کہیں زیادہ ہیں کہ شمار کیے جائیں۔

۲-محمد بن طلحہ شافعی (۶۵۲ھ):

فـکـانـت مـنـاقبـه عـلية و صفاته سنية و مکارمه خاتمية و اخلاقه عربية و شنشنته اخـرمية و نفسه الشريفة هاشمية و ارومته الکريمة نبوية ، فمهما عد من مزاياه کان اعظم منه و مهما فصل من مناقبه کان اعلی رتبة منه۔(۲)

آپ کے فضائل بہت زیادہ اور صفات بہت بلند و بالا ہیں آپ کی رفتار پیغمبرانہ ہے اور اخلاق اصلی عربی ہے کہ جو آپ کو اپنے آباء واجداد سے ورثے میں ملا ہے آپ کے نفسیات ہاشمی اور خاندان شریف نبوی ہے، آپ کی جو عظمت بھی بیان کی جائے کم ہے اور جو کوئی صفات بیان کی جائیں آپ اس سے کہیں بلند و بالا ہیں۔

۳- شیخ الاسلام ابراہیم بن محمد جوینی خراسانی شافعی (۷۲۲ھ):

وہ اپنی عظیم کتاب فرائد السمطین فی فضائل المرتضی والبتول والسبطین والآئمۃ من ذریتھم میں ایک حصہ کو امام رضاؑ سے مخصوص کرتا ہے اور اس میں آپ کی عظمت و شخصیت کے متعلق مذکورہ ذیل عبارت تحریر کرتا ہے:

---

(۱) تتمۃ جامع الاصول، ج ۲، ص ۱۵۷۔

(۲) مطالب السوؤل فی مناقب آل الرسول، ص ۲۹۵۔

فی ذکر بعض مناقب الامام الثامن مظهر خفيات الاسرار و مبرز خبيات الامور الكوامن ،منبع المكارم و الميامن و متبع الاعالی الخضارم والايامن،منيع الجناب رفيع القباب ، وسيع الرحاب هموم السحاب ، عزيز الالطاف غزير الاكفاف امير الاشراف، قرة عين آل ياسين وآل عبد مناف ، السيد الطاهر المعصوم والعارف بحقائق العلوم والواقف على غوامض السر المكتوم ، والمخبر بما هو آت و عما غبر و مضى ، المرضى عندا لله سبحانه برضاه عنه فی جميع الاحوال ، ولذا لقب بالرضاعلی بن موسی ، صلوات الله علی محمد وآله ، خصوصاً عليه ما سح سحاب و هما ، وطلع نبات و نما۔وفی طرف من بيان اخلاقه الشريفه و اعرافه المنيفه و نبذ من كراماته الباهره ،و شمائل الزاهره ، ذكر بعض احاديثه التی رواها عن آبائه حجج الله على خلقه و آبائه، سلام الله عليهم و صلوات وصلواته و تحيات تحياته۔(۱)

حضرت امام رضاؑ کے بعض مناقب کے بیان میں، آنحضرتؑ مظہر اسرار خفیہ اور پوشیدہ امور کو ظاہر کرنے والے، بزرگواری و برکت کی کان، بزرگوں کے آقا و رہبر، بلند و بالا بارگاہ والے، بے پناہ برکت والے بادل اور رحمت الٰہی سے برسنے والی بارش، کہ جن کے الطاف کم نظیر ہیں اور بہت زیادہ بخشش کرنے والے، اشراف و بزرگوں کے امیر اور خاندان یاسین وعبد مناف کے نور چشم، سید و سردار، معصوم و پاک و پاکیزہ حقائق علوم کے عارف اور مخفی اسرار سے واقف، ماضی و مستقبل کی خبر دینے والے، خداوند عالم کے پسندیدہ اور تمام حالات میں اس کی رضا میں راضی رہنے والے اسی وجہ سے خدا کی جانب سے آپ کا لقب رضا رکھا گیا یعنی حضرت علی بن موسی الرضاؑ۔ درود و سلام خدا ہو محمد اور ان کی آل پاک پر خصوصاً امام رضاؑ پر جب تک کہ بادل برستے رہیں، سبزہ ہرا ہوتا رہے اور شکوفے کھلتے رہیں۔

---

(۱) فرائد السمطين فی فضائل المرتضی والبتول والسبطين والآئمة من ذريتهم ، ج ۲، ص ۲۱۴، ح ۴۹۰۔

آنحضرتؑ کے اخلاق شریفہ کے سلسلے میں کچھ بیان اور آپ کی بہت زیادہ خوبیوں کے متعلق اور کچھ آپ کے کرامات و معجزات کے بارے میں، آپ کے نوارنی خلق وخو اور آپ کی بعض احادیث کہ جو آپ کے آباء واجداد- کہ جو خداوند عالم کی جانب سے مخلوق پر حجت ہیں، ان پر خدا کا درود وسلام ہو- کے ذریعہ نقل ہوئی ہیں۔

۴- عبداللہ بن اسعد یافعی یمنی مکی شافعی (۷۶۸ھ):

الامام الجليل المعظم سلالة السادة الاكارم ، ابو الحسن على بن موسى الكاظم --- احد الآئمة الاثنا عشر ، اولى المناقب الذين انتسب الاماميه اليهم فقصروا بناء مذهبهم عليه۔(۱)

امام رضاؑ، عظیم المرتبت وجلیل القدر امام و رہبر، اہل کرم بزرگوں کی نسل و ذریت سے ہیں، ابوالحسن علی بن موسی کاظمؑ بارہ اماموں میں سے ایک ہیں، آپ صاحب فضائل ومناقب ہیں، شیعہ مذہب کی بنیاد آپ پر ہی ہے اسی لیے شیعہ مذہب کو امامیہ کہا جاتا ہے۔

۵- عطاءاللہ بن فضل اللہ شیرازی (۸۰۳ھ):

علی بن موسی الرضاؑ لوگوں سے خود انہی کی زبان میں گفتگو فرماتے تھے اور آپ گفتگو کرنے میں بہترین سخنور اور عقلمند ترین فرد تھے اور سب کی زبانوں کو خود اہل زبان سے بہتر جانتے تھے۔۔۔ مشہد مقدس اور آپ کا مرقد منور تمام طبقات اور پوری دنیا کے زائرین کا مرکز وملجأ وماٰوی ہے۔(۲)

۶- ابن صباغ مالکی (۸۵۵ھ):

---

(۱) مرآۃ الجنان وعبرۃ الیقظان فی معرفۃ مایعتبر من حوادث الزمان، ج۲، ص۱۰۔

(۲) روضۃ الاحباب، ج۴، ص۴۳۔ تاریخ احمدی، ص۳۶۔

مناقب علی بن موسی الرضا من اجل المناقب وامداد فضائله و فواصله متوالية كتوالي الكتائب و موالاته محمودة البوادی و العواقب و عجائب اوصافه من غرائب العجائب ، و سؤدده و نبله قد حل من الشرف فی الذروة و المغارب ، فلمواليه السعد الطالع و لمناوويه النحس الغارب۔(۱)

حضرت علی بن موسی الرضاؑ کے مناقب عالی ترین فضائل وکمالات میں سے ہیں جیسا کہ لشکر کے سپاہی ایک دوسرے کے پیچھے ترتیب کے ساتھ نکلتے ہیں اسی طرح فضائل ومناقب امام رضاؑ بھی مسلسل ہیں، آپ کی ولایت روز ازل ہی سے بہت پسندیدہ، آپ کے فضائل وکمالات بہت حیرت انگیز اور آپ کا مرتبہ بہت عظیم وبلند ہے، آپ کے دوست خوشحال اور آپ کے دشمن بد بخت ہیں۔

۷- میر محمد بن سید برھان الدین خواوندشاہ، معروف بہ میر خواند شافعی (۹۰۳ھ):

ذکر احوال علی بن موسی الرضا رضی اللہ عنھما۔ مشہد مقدس اور حضرت امام رضاؑ (کہ جو بطور مطلق بغیر کسی قید کے امام ہیں) کا مرقد، ایران کا مرکز اور اہل طریقت کے ہر چھوٹے وبڑے کی منزل مقصود ہے، امت اسلامی کے تمام فرقے اور بنی آدم کے تمام طبقات پوری دنیا میں دور دراز سے جیسے روم، ہندوستان اور ہر طرف سے ہر سال اپنے وطن سے ہجرت کر کے، دوستوں اور عزیز واقارب کو چھوڑ کر آتے ہیں، اپنی آبرومند پیشانی کو آپؑ کی چوکھٹ پر رکھتے ہیں اور زیارت کے مراسم وقبر کا طواف انجام دیتے ہیں، اس عظیم نعمت الٰہی کو دنیا وآخرت کا سرمایہ جانتے ہیں۔ حضرت امام ابوالحسن علی بن موسی الرضاؑ کے مناقب ومآثر اور فضائل اس سے کہیں زیادہ ہیں کہ بشری علم ان کا احاطہ کر سکے، اس مقام پر چند سطروں میں ارباب سعادت کے عظیم رہبر کے خوارق العادۃ وعجیب وغریب واقعات میں سے کچھ کی طرف اشارہ پر اکتفا کیا جاتا ہے۔

---

(۱) الفصول المھمہ فی معرفۃ احوال الآئمہ، ص ۲۵۱۔

پھر آپؑ کے مناقب و کرامات کو ذکر کرتا ہے۔(۱)

۸- فضل اللہ بن روزبہان خنجی اصفہانی حنفی (۹۲۷ھ):

زیارت قبر مکرم و مرقد معظم حضرت امام آئمۃ الھدی، سلطان الانس والجن، امام علی بن موسی الرضاؑ الکاظمؑ بن جعفر الصادقؑ بن محمد الباقرؑ بن علی زین العابدینؑ بن الحسین الشہیدؑ بن علی المرتضیٰؑ صلوات الله و سلامه علی سیدنا محمد و آله الکرام، سیما الآیة النظام ستة آبائه کلهم افضل من یشرب صوب الغمام (درود وسلام ہو ہمارے سید وسردار حضرت محمد اور آپ کی آل پاک پر خصوصاً امام رضا کے چھ آباء واجداد پر جو کہ نظام کائنات کی نشانی ہیں اور وہ کائنات کی ہر شے سے افضل ہیں) (آپ کی زیارت) آپ کے دوستوں کے لیے اکسیر اعظم اور دل وجان کی زندگی کی باعث ہے تمام عالم کی آپ کی بارگاہ میں رفت وآمد باعث برکت بلکہ صدق دل سے یوں کہا جائے کہ اشرف منازل ہے، یہ وہ مقام ہے کہ جہاں ہر وقت تلاوت قرآن مجید ہوتی رہتی ہے لہذا کہا جا سکتا ہے کہ اسلام کی عظیم ترین عبادت گاہوں میں سے ایک ہے، وہ عظیم مرقد کسی وقت بھی نیاز مندوں کی عبادت واطاعت سے خالی نہیں ہوتا اور اس طرح کیوں نہ ہو کہ وہ اس امام برحق کی آرامگاہ ہے کہ جو علوم نبوی کا مظہر، مصطفوی صفات کا وارث، امام برحق وراہنمائے مطلق اور صاحب زمان امامت، وارث نبوت اور محکم واستوار حق وحقیقت ہے۔

هزار دفتر اگر در مناقبش گویند هنوز ره به کمال علی نشاید برد۔(۲)

---

(۱) تاریخ روضۃ الصفا، ج۳، ۴۱-۵۲۔

(۲) مہمان نامہ بخارا، ص۳۳۶۔

۹- غیاث الدین بن ھمام الدین شافعی معروف بہ خواند امیر (۹۴۲ھ):

اس نے عنوان ''گفتار در بیان فضائل وکمالات آن امام عالی مقام، علی نبینا وعلیہ الصلوۃ والسلام '' کے ذیل میں ایک فصل بیان کی ہے کہ جس میں حضرت امام رضاؑ کے متعلق تحریر کرتا ہے:

سرزمین خراسان، امام شہید، طیب وطاہر علی بن موسی بن جعفر بن محمد باقر کا بیت الشرف ہے۔۔ آنحضرتؑ کی جود وسخا، بلند وبالا مقام اور عظمت واحترام کا مغرب سے مشرق تک اپنے پرائے سب کو اعتراف تھا اور ہے۔ ہر چھوٹے بڑے بلکہ نوع انسانی کے تمام افراد نے آپ کے مناقب وکمالات اور اوصاف حمیدہ پر صحائف وکتب تحریر کی ہیں اور لکھ رہے ہیں لیکن جو کچھ بھی لکھا جائے اور تصور کیا جائے آپ اس سے کہیں بلند وبالا ہیں اور آپ کی امامت آپ کے آباء واجداد کی نص کے مطابق معین ہے۔

ازآن زمان که فلك شد به نور مهر منور
ندید دیده کس چون علی موسی جعفر

سپهر عز وجلالت محیط علم و فضیلت
امام مشرق و مغرب ملاذ آل پیمبر

حریم تربت او سجده گاه خسرو انجم
غبار مقدم او توتیای دیدهٔ اختر

وفور علم و علو مکان اوست به حدی
که شرح آن نتواند نمود کلك سخنور

قلم اگر همگی وصف ذات او بنویسد
حدیث او نشود در هزار سال مکرر۔(۱)

---

(۱) تاریخ حبیب السیر فی اخبار افراد بشر، ج۲، ص۸۳۔

(وہ امام کہ جس کے نور سے آسمان منور وروشن ہوا، کسی نے بھی حضرت علیؑ ابن موسیٰؑ ابن جعفرؑ جیسی عظیم شخصیت نہیں دیکھی، وہ عزت وجلالت کے آسمان ہیں اور علم وفضیلت ان کا احاطہ کئے ہوئے ہے، وہ آل رسولؐ میں سے ایک رکن ہیں اور مشرق ومغرب کے امام، ان کے حرم مطہر کی خاک چاند کی سجدہ گاہ ہے، ان کے مبارک قدموں سے اٹھنے والی گرد وغبار ستاوروں کی آنکھوں کا سرما ہے، ان کے علم کی کثرت اور شأن ومنزلت کی بلندی اس حد تک ہے کہ کوئی بھی سخنور آپ کی توصیف اور مدح وثناء نہیں کرسکتا، قلم اگر وہ تمام صفات لکھنے پر آئے تو ہزاروں سال اگر بار بار آتے رہیں پھر بھی تمام نہیں ہوسکتی ہیں)۔

۱۰- عبدالرحمٰن جامی حنفی (۹۸۹ھ):

وہ عنوان ''ذکر علی بن موسی بن جعفر'' کے ذیل میں ایک مستقل باب تحریر کرتا ہے اور اس میں لکھتا ہے: آپ آٹھویں امام ۔۔۔ اگر چہ جو کچھ بھی آپ کے فضائل کمالات لوگوں کی زبانوں پر مذکور ہیں اور کتابوں میں مسطور ہیں یہ سب کچھ آپ کے فضائل وکمالات کے بحر زخار سے ایک قطرہ کی مانند ہیں اس مختصر رسالے میں گنجائش نہیں ہے کہ ان کو بیان کیا جائے لہذا آپ کی بعض خارق العادۃ کرامات پر اکتفا کیا جاتا ہے۔(۱)

۱۱- احمد بن یوسف قرمانی دمشقی (۱۰۱۹ھ):

اس نے اپنی کتاب میں ایک فصل امام رضاؑ کے نام کی رکھی ہے اور کہتا ہے:

الفصل السابع فی ذکر شبه شجاعة جده علی المرتضی ، الامام علی بن موسی الرضا و کانت مناقبه علیّة و صفاته سنیّة ۔۔۔ و کراماته کثیرة و مناقبه شهیرة ۔۔۔ ۔(۲)

---

(۱) شواهد النبوة، ۳۸۰-۳۸۲۔

(۲) اخبار الدول وآثار الاول، ص ۱۱۳-۱۱۵۔

ساتویں فصل آپ کی شجاعت کی تشبیہ آپ کے جد بزرگوار علی مرتضیٰؑ کے بیان میں ہے امام علی بن موسی الرضاؑ، آپ کے مناقب وفضائل بلند و بالا اور صفات عظیم ہیں۔ آپ کی کرامات بہت زیادہ اور فضائل مشہور ہیں۔

۱۲- عبدالرؤف مناوی شافعی (۱۰۳۱ھ):

علی الرضا بن موسی الکاظم بن جعفر الصادق ، کان عظیم القدر مشهور الذکر --- وله کرامات کثیرة ۔(۱)

علی رضاؑ بن موسی کاظمؑ بن جعفر صادقؑ ، آپ عظیم المرتبت ہیں، آپ کا ذکر مشہور ہے اور آپ کی کرامات بہت زیادہ ہیں۔

۱۳ - عبداللہ بن محمد بن عامر شبراوی شافعی (۱۱۷۲ھ):

الثامن من الآئمة علی الرضا کان کریماًجلیلاً مهاباً موقراً --- وکانت مناقبه علیة و صفاته سنیة و نفسه الشریفة هاشمیة و ارومته الکریمة نبویة و کراماته اکثر من ان تحصر و اشهر من ان تذکر۔(۲)

آٹھویں امام علی بن موسی الرضاؑ ہیں آپ کریم النفس جلیل القدر باعظمت و باوقار شخصیت کے مالک تھے۔۔۔ آپ کے فضائل بہت زیادہ اور صفات بہت بلند و بالا ہیں آپ کی رفتار پیغمبرانہ ہے آپ کے نفسیات ہاشمی اور خاندان شریف نبوی ہے، آپ کی جو عظمت بھی بیان کی جائے کم ہے اور جو کوئی صفات بیان کی جائیں آپ ان سے کہیں بلند و بالا ہیں۔

---

(۱) الکواکب الدریۃ فی تراجم السادۃ الصوفیۃ، ص ۲۵۶۔

(۲) الاتحاف بحب الاشراف، ص ۳۱۲-۳۱۳۔

۱۴- عباس بن علی بن نورالدین مکی حسینی موسوی شافعی (۱۱۸۰ھ):

فضائل علی بن موسی الرضا لیس لها حد ولایحصرها عد ولله الامر من قبل ومن بعد۔(۱)

حضرت علی بن موسی الرضاؑ کے فضائل کی کوئی حد واندازہ نہیں ہے اوران کوشمار نہیں کیا جاسکتا، ان کے بارے میں خدا بہتر جانتا ہے۔

۱۵- ابوالفوز محمد بن امین بغدادی سویدی شافعی (۱۲۴۶ھ):

ولد بالمدینه وکان شدید السمرة وکراماته کثیرة و مناقبه شهیرة ولایسعها مثل هذا الموضع۔(۲)

آنحضرتؑ مدینہ میں متولد ہوئے آپ کا رنگ گندمی تھا آپ کی کرامات بہت زیادہ اور مناقب مشہور ہیں کہ جس کو بیان کرنے کی یہاں گنجائش نہیں ہے۔

۱۶- سید مصطفیٰ بن محمد عروسی مصری شافعی (۱۲۹۳ھ):

علی بن موسی الکاظم بن جعفر الصادق ، کان عظیم القدر ، مشهور الذکر --- له کرامات کثیرة۔

علیؑ بن موسی کاظمؑ بن جعفر صادقؑ، عظیم القدر اور مشہور ومعروف شخصیت تھے اور آپ کی کرامات بہت زیادہ ہیں۔اور پھر حضرت امام رضاؑ کی کرامات کا ذکر کرتا ہے۔(۳)

---

(۱) نزهة الجلیس ومنیة الادیب الانیس، ج۲،ص۱۰۵۔

(۲) سبائک الذهب فی معرفة قبائل العرب،ص۷۵۔

(۳) نتائج الافکار القدسیه فی بیان معانی شرح الرسالة القشیریه، ج۱،ص۸۰۔

۱۷- شیخ مؤمن بن حسن شبلنجی شافعی (۱۲۹۸ھ):

وہ حضرت امام رضاؑ کے تعارف کے بعد آپ کے کرامات ومناقب کو تفصیلاً ذکر کرتا ہے۔(۱)

۱۸- یوسف بن اسماعیل نبھانی شافعی (۱۳۵۰ھ):

علی الرضا بن موسی الکاظم بن جعفر الصادق احد کبار الآئمة و مصابیح الامة من اهل بیت النبوة ومعادن العلم و العرفان والکرم والفتوة ، کان عظیم القدر ، مشهور الذکرو له کرامات کثیرة ۔(۲)

علی رضاؑ بن موسی کاظمؑ بن جعفر صادقؑ اہل بیت نبوت سے عظیم و بزرگ امام اور امت کے لیے چراغ ہدایت، علم وعرفان کرم وشجاعت کے خزینہ دار تھے آپ عظیم القدر اور مشہور الذکر تھے، آپ کی کرامات بہت زیادہ ہیں۔

۱۹- شیخ یاسین بن ابراھیم سنھوتی شافعی (حدوداً ۱۳۴۴ھ):

الامام علی الرضا وله کرامات کثیرة۔(۳)

حضرت امام علی رضاؑ کے کرامات بہت زیادہ ہیں۔

۲۰- ڈاکٹر مصطفی شیبی:

وہ کہتا ہے:علی بن موسی الرضا ۔۔۔ و کان صاحب کرامات و فراسة۔(۴)

حضرت علی بن موسی الرضا صاحب کرامات وہوشیار انسان تھے۔

---

(۱) نورالابصار فی مناقب آل بیت النبی المختار،ص۲۳۲-۲۴۵۔

(۲) جامع کرامات الاولیاء، ج۲،ص۳۱۱۔

(۳) الانوار القدسیہ،ص۳۹۔

(۴) الصلۃ بین التصوف والتشیع ، ج۱،ص۲۳۷۔

۲۱- ڈاکٹر عبدالحلیم محمود و محمود بن شریف:

یہ لوگ بھی حضرت امام رضاؑ کی شخصیت کے بارے میں کہتے ہیں:

--- و له كرامات كثيرة۔(۱)

آپ کے بہت زیادہ کرامت ہیں۔ اور پھر ان دونوں حضرات نے حضرت امام رضا کے فضائل و کرامات کو بیان کیا ہے۔

---

(۱) پاروقی الرسالۃ القشیر یہ، ج۱، ص۶۵-۶۶۔

آنحضرتؑ کی کرامات کی کچھ جھلکیاں

طوس کی طرف ہجرت سے پہلے

ولادت سے پہلے

۱- حضرت رسول اکرمؐ کی حمیدہ خاتون کو بشارت

حضرت امام رضاؑ حضرت پیغمبر اکرمؐ کی بشارت وعنایت سے دنیا میں تشریف لائے۔ اہل سنت کی کتب میں منقول ہے کہ جس وقت حضرت امام موسی کاظمؑ کی والدہ ماجدہ حمیدہ خاتون نے نجمہ نامی کنیز کو خریدہ تب آپ حالت خواب میں حضرت رسول اکرمؐ کی زیارت سے مشرف ہوئیں کہ آنحضرت فرمارہے ہیں: ''اس کنیز کو اپنے بیٹے موسی کاظمؑ کو ہدیہ کردو کہ اس سے ایک ایسا بیٹا پیدا ہونے والا ہے کہ جو روئے زمین پر سب برتر وافضل ہوگا''۔

حمیدہ خاتون نے ایسا ہی کیا اور امام موسی کاظمؑ نے آپ کا نام نجمہ سے طاہرہ تبدیل کردیا۔(۱)

---

(۱) تاریخ روضۃ الصفا، ج ۳، ص ۱۴۱۔ تاریخ حبیب السیر، ج ۲، ص ۸۳-۸۴۔ مفتاح النجا فی مناقب آل عبا، ص ۱۷۶۔ روضۃ الاحباب، ج ۴، ص ۴۳۔ تاریخ الاسلام والرجال، ص ۳۶۹۔ دیکھیے: احقاق الحق، ج ۱۲، ص ۳۵۰۔

۲-دوران حمل کا معجزہ

حضرت امام رضاؑ کی والدہ ماجدہ فرماتیں ہیں:

حمل کے دوران میں نے حمل کے بوجھ کو قطعاً محسوس نہیں کیا اور سوتے وقت میں اپنے بیٹے (امام رضاؑ) کی تسبیح وتہلیل کی آوازیں سنتی تھی۔(۱)

ولادت کے بعد

۳-بچپنے میں مناجات

حضرت امام رضاؑ کی والدہ ماجدہ فرماتیں ہیں: جس وقت آپؑ دنیا میں تشریف لائے آپ نے اپنے ہاتھوں کو زمین پر رکھا، سر مبارک کو آسمان کی طرف بلند فرمایا اور آپ کے لبوں پر حرکت تھی گویا خداوند عالم سے مناجات کررہے ہوں کہ اتنے میں آپ کے والدگرامی تشریف لے آئے اور فرمایا: ''هنیاءً لك كرامة ربك عز و جل'' آپ کو پروردگار کی جانب سے یہ کرامت مبارک ہو۔

اس وقت میں نے اپنے بیٹے کو حضرت کے سپرد کیا آپ نے ان کے داہنے کان میں اذان اور بائیں کان میں اقامت کہی، پھر آپ کا دہن مبارک آب فرات سے دھویا۔(۲)

۴-ہارون میرا کچھ نہیں بگاڑ سکتا

روی عن صفوان بن یحی قال : لما مضی موسی الکاظم و ظهر ولده من بعده علی الرضا ، خفنا علیه و قلنا له : انا نخاف علیك من هذا ، یعنی هارون الرشید۔ قال لیهجدن جهده فلا سبیل له علی۔

---

(۱) تاریخ روضۃ الصفا، ج ۳،ص۴۲۔تاریخ حبیب السیر فی اخبار افراد بشر، ج۲،ص۸۴۔ ینابیع المودۃ لذوی القربی، ج۳،۱۶۶۔روضۃ الاحباب، ج۴،ص۴۳۔مفتاح المعارف،ص۹۷۔

(۲) تاریخ روضۃ الصفا، ج۳،ص۴۲۔تاریخ حبیب السیر ، ج۲،ص۸۴۔ ینابیع المودۃ لذوی القربی، ج۳،۱۶۶۔

قال صفوان : فحدثنی ثقة ان یحی بن خالد البرمکی قال لهارون الرشید : هذا علی بن موسی قد تقدم و ادعی الامر لنفسه ، قال هارون :یکفینا ما صنعنا بابیه ، ترید نقتلهم جمیعا۔(۱)

صفوان بن یحی سے روایت نقل ہوئی ہے کہ حضرت امام موسی کاظمؑ کی شہادت کے بعد اور حضرت امام علی رضاؑ کی امامت کے آغاز میں ہم آنحضرت کے خلاف ہارون کی چالبازیوں سے ڈرنے لگے اور میں نے اس خوف کا تذکرہ خود حضرتؑ سے بھی کر دیا تب امام نے فرمایا ہارون اپنی پوری کوشش کرے گا لیکن میرا کچھ نہیں بگاڑ سکتا۔

صفوان دوسری روایت بیان کرتا ہے کہ میں نے ایک قابل اعتماد شخص سے سنا کہ یحی بن خالد برمکی نے ایک روز ہارون سے کہا علی بن موسی الرضا امامت کا مدعی ہیں کہ اس باتوں سے ہارون کی ابھارنا و چڑھانا چاہتا تھا، ہارون نے جواب دیا ہم نے ان کے باپ کے ساتھ جو کچھ کیا وہی کافی ہے کیا سب کو مجھ سے قتل کرانا چاہتا ہے۔

۵-میرا اور ہارون کا مقام دفن ایک ہی ہے

روی عن موسی بن عمران قال: رأیت علی بن موسی الرضا فی مسجد المدینة و هارون الرشید یخطب قال : ترونی و ایاه ندفن فی بیت واحد۔(۲)

---

(۱) الفصول المهمہ فی معرفۃ احوال الآئمہ،ص۲۳۵۔ نورالابصار فی مناقب آل بیت النبی المختار،ص۲۴۳۔ جامع کرامات الاولیاء، ج۲،ص۳۱۱۔الاتحاف بحب الاشراف،ص۳۱۴۔ البتہ بعض نسخوں میں ''نقتلهم جمیعا'' کے بجائے ''تقتلهم جمیعا'' درج ہوا ہے۔

(۲) الفصول المهمہ فی معرفۃ احوال الآئمہ،ص۲۳۶ و ۲۳۷۔نورالابصار فی مناقب آل بیت النبی المختار،ص۲۴۴ و ۲۴۲۔جامع کرامات الاولیاء، ج۲،ص۳۱۲۔الاتحاف بحب الاشراف،ص۳۱۶و ۳۱۷۔

موسی بن عمران کا بیان ہے کہ ایک روز حضرت علی بن موسی الرضاؑ کو مسجد مدینہ میں دیکھا اور ہارون تقریر کررہا تھا، امام نے مجھ سے فرمایا ایک روز آئے گا کہ تم دیکھو گے کہ میں اور ہارون ایک گھر میں دفن ہونگے۔

البتہ مذکورہ روایت کتاب الاتحاف بحب الاشراف میں موسی بن مروان سے نقل ہوئی ہے۔

۶-امین کا مامون کے ہاتھوں قتل ہونا

روی عن الحسین بن یسار قال : قال لی الرضاؑ ان عبدالله یقتل محمداً ۔فقلت : عبدالله بن هارون یقتل محمد بن هارون ؟ قال: نعم، عبد الله المامون یقتل محمد الامین فکان کما قال۔(۱)

حسین بن یسار کہتا ہے: ایک روز علی بن موسی الرضا نے مجھ سے فرمایا: عبداللہ، محمد کو قتل کرے گا میں نے حضرت سے سوال کیا کہ کیا عبداللہ المامون اپنے بھائی محمد الامین کو قتل کرے گا آپ نے فرمایا ہاں، اور پھر آپ کی پیشنگوئی کے مطابق ایسا ہی ہوا۔

۷-بکر بن صالح کی بیوی کے یہاں دو جڑواں بچوں کا پیدا ہونا

روی عن بکر بن صالح قال: اتیت الرضا فقلت : امرأتی اخت محمد بن سنان ، وکان من خواص شیعتهم ، بها حمل ، فادع الله ان یجعله ذکراً ، قال: هما اثنان فولیت و قلت اسمی واحداً محمداً و الآخر علیاً فدعانی وردنی فأتیته فقال : سم واحداً علیاً و الاخری ام عمرو، فقدمت فولدت لی غلاما و جاریة فسمیت الذکر علیا و الانثی ام عمرو، کماامرنی وقلت لامی : ما معنی ام عمرو؟ قالت: جدتك تسمی ام عمرو۔(۲)

---

(۱) و (۲) الفصول المهمہ فی معرفۃ احوال الآئمہ، ص ۲۳۶ و ۲۳۷۔ نورالابصار فی مناقب آل بیت النبی المختار، ص ۲۴۴ و ۲۴۲۔ جامع کرامات الاولیاء، ج ۲، ص ۳۱۲۔ الاتحاف بحب الاشراف، ص ۳۱۶ و ۳۱۷۔

بکر بن صالح کہتا ہے میں حضرت امام رضا کی خدمت میں شرفیاب ہوا اور حضرت سے عرض کی میری بیوی محمد بن سنان کی بہن ہے وہ آپ کے خاص شیعوں میں سے تھا میری بیوی حاملہ ہے آپ سے التجا ہے کہ خداوند عالم سے دعا فرمائیں کہ مجھ کو بیٹا عنایت فرمائے۔ امام نے فرمایا آپ کے یہاں دو جڑواں بچے آنے والے ہیں میں امام سے خدا حافظی کر کے چلا اور خود ہی دل میں سوچ رہا تھا کہ ایک کا نام محمد اور دوسرے کا نام علی رکھوں گا کہ حضرت نے مجھے واپس بلایا اور مجھ سے کچھ معلوم کیے بغیر فرمانے لگے کہ ایک کا نام علی اور دوسری کا نام ام عمرو رکھنا۔ میں جب کوفہ پہنچا تو میری بیوی کے یہاں دو بچے ایک لڑکا اور ایک لڑکی پیدا ہو چکے تھے میں نے ان کے نام آنحضرت کی فرمائش کے مطابق رکھے اور اپنی ماں سے معلوم کیا ام عمرو کا کیا مطلب ہے؟ تو انہوں نے جواب دیا کہ تیری دادی کا نام ام عمرو تھا

۸۔ جعفر کی ثروتمندی

روی عن الحسین بن موسی قال: کنا حول ابی الحسن علی الرضا بن موسی ، ونحن شباب من بنی هاشم ، اذمر علینا جعفر بن عمر العلوی وهو رث الهیئة ، فنظر بعضنا الی بعض نظر مستهزی لهیئته و حالته ، فقال الرضا: سترونه عن قریب کثیرالمال کثیر الخدم حسن الهیئة فما مضی الا شهر واحد حتی ولی امر المدینة و حسنت حاله ، وکان یمر بنا کثیرا وحوله الخدم و الحشم یسیرون بین یدیه فنقوم له و نعظمه و ندعوله۔(۱)

حسین بن موسی کا بیان ہے کہ ہم کچھ بنی ہاشم کے جوان حضرت امام رضا کی خدمت میں بیٹھے ہوئے تھے کہ وہاں سے جعفر بن عمر علوی کا گذر ہوا ہم میں سے بعض افراد نے ایک دوسرے کی طرف دیکھا اور اس کی خستہ حالت اور فقر و تنگدستی پر مسکرائے۔

---

(۱) اخبار الدول و آثار الاول، ص ۱۱۴۔ نور الابصار، ص ۲۴۳۔ مفتاح النجا فی مناقب آل عبا، ص ۱۷۶۔

تب امام نے فرمایا وہ بہت جلد مالدار وثروتمند ہوجائے گا اور اس کے حالات بدل جائیں گے اس کے پاس خادم وجاہ حشم بہت ہوگا۔

حسین بن موسی کا بیان ہے کہ ابھی ایک مہینہ نہیں گزرا تھا کہ مدینہ کا حاکم تبدیل ہوا اور جعفر بن عمر علوی کو حاکم بنادیا گیا، امام کی فرمائش کے مطابق اس کی زندگی تبدیل ہوگئی اس کے بعد وہ ہمارے پاس سے بہت زیادہ گزا کرتا اس کے آگے پیچھے خادم حرکت کرتے ہوتے ہم اس کی تعظیم کے لیے کھڑے ہوتے، اس کا احترام کرتے اور اس کو دعا دیتے تھے۔

کتاب الاتحاف بحب الاشراف میں یہ داستان حسن بن موسی سے نقل ہوئی ہے۔(۱)

۹- موت کی تیاری

حاکم نیشاپوری شافعی نے اپنی اسناد کے ساتھ سعید بن سعد سے نقل کیا ہے کہ ایک روز امام رضا نے ایک شخص پر نگاہ ڈالی اور اس سے فرمایا: یا عبد الله اوص بما تريد واستعد لما لا بد منه فمات الرجل بعد ذالك بثلاث ايام۔(۲)

اے بندہ خدا اپنی وصیت کو تحریر کردو اور اپنے آپ کو اس چیز کے لیے آمادہ کرلو کہ جس سے کوئی چھٹکارہ نہیں ہے۔ راوی کا بیان ہے کہ تین دن کے بعد وہ شخص مرگیا۔

---

(۱) الاتحاف بحب الاشراف، ص ۳۱۸۔

(۲) الفصول المهمہ فی معرفۃ احوال الآئمہ، ص ۲۳۶۔ شواہد النبوۃ، ص ۳۸۷۔ الصواعق المحرقہ، ج ۲، ص ۵۹۴۔ اخبار الدول وآثار الاول، ص ۱۱۴۔ الکواکب الدریہ فی تراجم السادۃ الصوفیہ، ج ۱، ص ۴۶۶۔ شمارہ ۲۶۵۔ الاتحاف بحب الاشراف، ص ۳۱۸۔ نور الابصار فی مناقب آل بیت النبی المختار، ص ۲۴۳۔ الانوار القدسیہ، ص ۳۹۔ جامع کرامات الاولیاء، ج ۲، ص ۳۱۱۔ نتائج الافکار القدسیہ، ج ۱، ص ۸۰۔

۱۰- بغیر سوال معلوم کیے امام کا جواب دینا

راوی کہتا ہے کہ ایک شخص کا بیان ہے کہ میں سفر حج کے لیے آمادہ ہوا اور میری کنیز نے میرے احرام کے لیے کپڑے کے دو ٹکڑے آمادہ کر رکھے تھے۔ احرام کا وقت آ گیا ناگہان مجھ پر ایک عجیب سا کا اضطراب طاری ہوا اور ایک تشویش میں گرفتار ہو گیا کہ کیا پیوند لگے کپڑے کا احرام باندھا جا سکتا ہے یا نہیں لہذا میں نے اس کپڑے کا احرام نہیں باندھا اور جس وقت مکہ پہنچا ایک خط حضرت امام رضا کی خدمت میں ارسال کیا اور اس خط کے ساتھ کچھ ہدایا بھی حضرت کی خدمت میں پیش کیں اور یہ میرے ذہن میں تھا کہ جب حضرت سے ملوں گا تو سوال بھی کروں گا کہ کیا پیوند لگے کپڑے کا احرام باندھا جا سکتا ہے یا نہیں لیکن میں بھول گیا اور یہ سوال میں نے اس خط میں بھی تحریر نہیں کیا کچھ ہی دیر کذری تھی کہ حضرت کی جانب سے ایک خط مجھے موصول ہوا کہ جس میں لکھا تھا کہ پیوند لگے کپڑے سے احرام باندھنے میں کوئی حرج نہیں ہے۔(۱)

۱۱- چڑیا کا حضرت امام رضا سے پناہ چاہنا

حضرت امام رضا کا ایک چاہنے والا کہتا ہے کہ ایک روز ہم لوگ ایک باغ میں آپس میں ایک دوسرے سے محو گفتگو تھے کہ اچانک ایک چڑیا نے اپنے آپ کو حضرت کے سامنے زمین پر گرا دیا اور شور و غل مچانے لگی۔ حضرت امام رضا نے مجھ سے فرمایا کیا جانتے ہو کہ یہ چڑیا کیا کہہ رہی ہے؟ میں نے عرض کی صرف خدا اور اس کے رسول و آپ حضرات جانتے ہیں۔

آپ نے فرمایا یہ چڑیا کہہ رہی ہے میرے گھونسلے کے نزدیک ایک سانپ آ گیا ہے اور میرے بچوں کو کھانا چاہتا ہے۔ امام نے مجھ سے فرمایا: اس چڑیا کے گھونسلے کی طرف جاؤ اور اس سانپ کو مار دو۔

---

(۱) شواہد النبوۃ، ص ۳۸۸۔

راوی کہتا ہے کہ میں اپنی جگہ سے اٹھا اور اس چڑیا کے گھونسلے کے قریب گیا تو دیکھا ایک سانپ اس کے گھونسلے کے چاروں طرف گھوم رہا ہے میں نے امام کے حکم پر اس کو مار دیا۔(۱)

۱۲- ابوحبیب کے خواب کی تعبیر

روی الحاکم عن محمد بن عیسی بن ابی حبیب قال رائت النبی فی المنام فی المنزل الذی ینزل الحجاج ببلدنا فسلمت علیه فوجدت عنده طبقا من حوض المدین فیه تمر صیحافی فناولنی منه ثمانی عشر فتاولت ان اعیش بکل تمر سن فلما کان بعد عشرین یوما قدم ابوالحسن علی الرضا من المدین و نزل ذالك المسجد و رائت الناس یسعون الی السلام علیه ، فمضیت نحوه فاذا هو جالس فی الموضع الذی رائت النبی جالسا فیه و بین یدیه طبق من حوض المدنی فیه تمر صیحافی فسلمت علیه ، فاستدنانی و ناولنی قبض من ذالك التمر فاذا عدتها بعدد ما ناولنی النبی فی النوم فقلت زدنی فقال لوزادك رسول الله لزدناك۔(۲)

حاکم نیشاپوری شافعی نے اپنی سند کے ساتھ ابوحبیب سے روایت نقل کی ہے کہ میں نے ایک شب خواب دیکھا کہ ہمارے علاقہ میں کہ جہاں حاجیوں کے قافلے پڑاڈالتے ہیں وہیں رسول خدا بھی ان حاجیوں کے ساتھ تشریف فرما ہیں آپ کے پاس صیحانی خرموں سے ایک طشت بھرا رکھا ہے۔

---

(۱) شواہد النبوۃ ،ص ۳۸۸۔(۲) اثبات الوصیہ،ص ۱۷۸۔الفصول المھمہ فی معرفۃ احوال الآئمہ،ص ۲۳۶۔شواہد النبوۃ،ص ۳۸۶۔وسیلۃ الخادم الی المخدوم درشرح صلوات چہاردہ معصوم،ص ۲۲۴-۲۲۵۔الصواعق المحرقہ ،ج ۲،ص ۵۹۴۔اخبار الدول وآثار الاول،ص ۱۱۴۔الکواکب الدریہ فی تراجم السادۃ الصوفیہ،ج ۱،ص ۴۶۶۔الاتحاف بحب الاشراف ،ص ۱۷۳۔نور الابصار،ص ۲۴۳۔ جامع کرامات الاولیاء ،ج ۲،ص ۳۱۱ ۔نتائج الافکار القدسیہ، ج ۱،ص ۸۰۔مفتاح النجا فی مناقب آل عبا،ص ۳۷۶۔وسیلۃ النجا،ص ۳۸۵۔وسیلۃ المآل،ص ۲۱۲۔

آنحضرت نے مجھ کو ۱۸ عدد خرمے عطا فرمائے اور وہ میں نے تناول کر لیے۔ بیدار ہونے کے بعد اپنے اس خواب کی اس طرح تعبیر کی کہ میں ہر خرمے کے عوض ایک سال گویا ۱۸ سال کی اور عمر پاؤں گا اس خواب کے بیس دن کے بعد حضرت امام رضا مدینہ سے مکہ تشریف لائے اور اسی جگہ قیام فرمایا لوگ زیارت کی خاطر آپ کے قریب جاتے اور حضرت کی خدمت سلام عرض کرتے میں بھی گیا تو دیکھا کہ حضرت اسی جگہ اور اسی طرح تشریف فرما ہیں کہ جیسے خواب میں حضرت رسول خدا کو دیکھا تھا اور آپ کے سامنے بھی مدینہ کے صیحانی کھجوروں سے بھرا طشت رکھا ہوا ہے میں نے آنحضرت کی خدمت میں سلام عرض کیا آپ نے بعد از جواب سلام مجھ کو اپنے قریب بلایا اور ایک مٹھی بھر کر خرمے مجھے عطا فرمائے کہ جب میں نے ان کو شمار کیا تو وہ ۱۸ عدد تھے جتنے خواب میں مجھ کو رسول خدا نے عطا فرمائے تھے میں نے حضرت کی خدمت میں عرض کی کہ کچھ اور زیادہ عنایت فرمائیں۔ امام نے جواب دیا کہ اگر رسول خدا اس سے زیادہ تجھے دیتے تو ہم بھی زیادہ دیدیتے۔

۱۳- برمکیوں کی حکومت کا سقوط کرنا

حمزہ بن جعفر الارجانی قال : خرج هارون الرشید من المسجد الحرام من باب و خرج علی بن موسی الرضا من باب فقال الرضا وهو یعنی هارون الرشید یا بعد الدار و قرب الملتقی یا طوس !ستجعینی و ایاه۔(۱)

حمزہ بن جعفر ارجانی کہتا ہے ھارون الرشید مسجد حرام کے ایک دروازے سے اور علی بن موسی الرضا مسجد حرام کے دوسرے دروازے سے باہر نکلے اس وقت امام رضا نے ہارون کی طرف اشارہ کر کے فرمایا ای طوس ہمارے گھر تجھ سے کس قدر دور ہیں اور ہماری ملاقات کا وقت کس قدر نزدیک ہے کہ ہم دونوں وہاں پر ایک جگہ جمع ہو جائیں گے۔

---

(۱) الاغانی، ج ۷، ص ۲۶۶۔ الاتحاف، ص ۳۱۶۔ نور الابصار، ص ۲۴۴۔ جامع کرامات الاولیاء، ج ۲، ص ۳۱۳۔

قال مسافر : کنت مع ابی الحسن علی الرضا بمنی فمر یحی بن خالد البرمکی وھو مغط وجھه بمندیل من الغبار فقال مساکین ھولا ما یدرون ما یحل بھم فی ھذه السن فکان من امرھم ما کان قال : واعجب من ھذا انا و ھارون کھاتین و ضم اصبعیه السباب و الوسطی قال مسافر : فواللہ ما عرفت معنی حدیثه فی ھارون الا بعد موت الرضا و دفن بجانبه۔(۱)

مسافر کا بیان ہے کہ میں سرزمین منی پر حضرت امام رضا کی خدمت میں شرفیاب ہوا کہ اچانک یحی بن خالد برمکی کو دیکھا کہ وہ گرد وغبار کی وجہ سے اپنے چہرے کو رومال سے ڈھکے ہوئے تھا حضرت نے فرمایا یہ لوگ کتنے بیچارے ہیں کہ ان کو نہیں معلوم کہ اس سال ان کے ساتھ کیا اتفاق پیش آئے گا۔ مسافر کہتا ہے کہ اسی سال برمکیوں کی حکومت سقوط کر گئی اور حضرت کی پیشنگوئی محقق ہوگئی۔ پھر اس کے بعد کہتا ہے کہ امام نے فرمایا کہ اس سے بھی زیادہ تعجب کی بات یہ ہے کہ میں اور ہارون دونوں اس طرح ہیں کہ آپ نے اپنے ہاتھ کی دو انگلیوں کی طرف اشارہ فرمایا ایک سبابہ اور ایک درمیانی انگلی کہ دونوں ایک دوسرے کے قریب ہیں۔ مسافر کا بیان ہے کہ میں ہارون کے متعلق حضرت کے کلام کو نہیں سمجھا یہاں تک کہ حضرت کا انتقال ہوا اور آپ ہارون کی قبر کے کنارے دفن کر دیے گیے۔

۱۴- حضرت امام محمد تقی کی ولادت اور واسطی کے دعوی کا بطلان

حضرت امام رضا کے ایک خاص محبّ کا بیان ہے کہ ایک روز مسلک واقفی کے ایک رئیس حسین واسطی نے ہم سے بہت زیادہ اصرار کیا کہ ہم اس کو حضرت امام رضا سے ملاقات کرا دیں۔

---

(۱) فرائد السمطین فی فضائل المرتضی والبتول والسبطین والآئمۃ من ذریتھم، ج ۲، ص ۲۰۹، ح ۴۸۷۔ الفصول المھمہ فی معرفۃ احوال الآئمہ، ص ۲۳۶۔ الاتحاف بحب الاشراف، ص ۳۱۵۔ نور الابصار فی مناقب آل بیت النبی المختار، ص ۲۴۳۔ جامع کرامات الاولیاء، ج ۲، ص ۳۱۲۔

جس وقت امام نے ملاقات کی اجازت دی اور حسین واسطی آپ کی خدمت میں حاضر ہوا۔(۱)
تب اس نے امام سے عرض کی اے ابوالحسن آپ امام ہیں؟ امام نے فرمایا: ہاں حسین نے کہا لیکن میرے لیے واضح ہو چکا ہے کہ آپ امام نہیں ہیں۔ حضرت کچھ لمحہ کے لیے ٹھہرے اور پھر فرمایا آپ نے کیسے سمجھ لیا کہ میں امام نہیں ہوں، حسین نے کہا: حضرت امام جعفر صادق سے ہمارے پاس ایک حدیث ہے کہ جس میں حضرت نے فرمایا ہے امام عقیم نہیں ہوتا جب کہ آپ کی یہ عمر ہوگئی ہے اور آپ کے کوئی اولاد نہیں ہے۔ امام نے پھر کچھ لمحے کے لیے توقف فرمایا پھر کہا اس سال کے تمام ہونے سے پہلے خداوند متعال ہم کو ایک بیٹا عنایت فرمائے گا۔
اس واقعہ کا ایک شاہد عبدالرحمٰن کا بیان ہے کہ ابھی سال تمام نہیں ہوا تھا کہ حضرت امام محمد تقیؑ (۲) کی ولادت باسعادت ہوگئی۔(۳)

طوس کی طرف ہجرت کے بعد

۱۵- زبان کی لکنت کا علاج

منقول ہے کہ ایک تاجر کو کرمان کے راستے میں موسم سرما میں کچھ ڈاکوں نے پکڑ لیا

---

(۱) حسین بن قیاما واسطی صیرفی حضرت امام موسیٰ کاظمؑ کے اصحاب میں سے ہے وہ آپ کی شہادت کے بعد آپ کی امامت پر متوقف ہوگیا اور واقفی مذہب اختیار کر لیا اس کا شمار مذہب واقفی کے بزرگوں میں سے ہونے لگا، شیعہ علماء نے اس کی مذمت کی ہے۔ دیکھیے: مستدرکات علم رجال الحدیث، ج ۳، ص ۱۸۲، شمارہ ۴۶۱۵۔
(۲) یہ بات بھی قابل عرض ہے کہ حضرت امام محمد تقیؑ کی ولادت باسعادت کے بعد حسین واسطی حضرت امام رضاؑ کی خدمت میں حاضر ہوا تب آپ نے اس سے مخاطب ہو کر فرمایا ''ان الله قد وهب لی من یرثنی و یرث آل داؤد'' ''خداوند عالم نے میرا اور آل داؤدؑ کا وارث مجھ کو عطا فرما دیا ہے۔ دیکھیے: بحار الانوار، ج ۵۰، ص ۱۸۔
(۳) تاریخ روضۃ الصفا، ج ۳، ص ۴۶-۴۷۔

اوراس کے اموال کولوٹ لیااوراس کے ہاتھ پیر باندھ کراس کے منہ میں برف بھر دیا یہاں تک کہ اس کی زبان اکڑ گئی اور کلام کرنے سے معذور ہو گیا۔ جب وہ خراسان پہنچا اس کو خبر ملی کہ حضرت امام رضا نیشاپور میں تشریف فرما ہیں اس نے اپنے آپ سے کہا کہ آنحضرت اہل بیت نبوت سے ہیں آپ کے پاس چلوں شاید اس مرض ومشکل کا کوئی علاج آپ کے پاس موجود ہو اس نے اسی رات خواب میں دیکھا کہ حضرت امام رضا تشریف لائے ہیں اوراس نے اپنے زبان کی مشکل کو بیان کیا تب آپ نے فرمایا کہ تھوڑی سی کمیونی گھاس، سعتر اور کچھ نمک لے اوران کو پانی میں ملا لے، دو تین بار اس کو منہ میں رکھ تا کہ تیری زبان صحیح ہو جائے۔ وہ لٹا ہوا تاجر خواب سے بیدار ہوا اوراس خواب کی طرف کوئی توجہ نہیں کی، اور نیشاپور کی طرف چل دیا جس وقت نیشاپور پہنچا تو خبر دار ہوا کہ حضرت شہر سے باہر تشریف لے گئے ہیں تاجر نے اپنے آپ کو حضرت کی خدمت میں پہنچایا اور اپنی زبان کی مشکل اور راہزنی کے واقعہ کو بیان کیا لیکن اپنے خواب کے بارے میں کچھ نہیں کہا۔ امام نے فرمایا اس کی دوا تو وہی ہے کہ میں نے تجھے خواب میں بتائی تھی تاجر نے عرض کی اے فرزند رسول خدا میں چاہتا ہوں دوبارہ اس کو آپ کی زبان سے سنوں امام نے فرمایا تھوڑی سی کمیونی گھاس، سعتر اور کچھ نمک کو لیکر پانی میں گھول کر اپنے منہ میں دو تین مرتبہ رکھے تو صحیح ہو جائے گا۔ اس تاجر نے امام کے دستور کے مطابق عمل کیا اور شفایاب ہو گیا۔(۱)

۱۶- میری ولایت عہدی باقی نہیں رہے گی

ذكر المدائنى قال: لما جلس الرضا ذالك المجلس }اى مجلس بيع الناس له وهو لابس تلك الخلع و الخطبا يتكلمون و تلك الالوى تخفق على راسه ، نظر ابوالحسن الرضا الى بعض مواليه الحاضرين ممن كان يختص به و قد داخله من السرور مالا عليه مزيد ،

---

(۱) شواہد النبوۃ، ص ۳۸۷۔

وذالك لـما راء فاشار اليه الرضا فدنا منه وقال له فی اذنه سرا لا تشتغل قلبك بشيم ماتری من هذا الامر ولا تستبشر ، فانه لايتم۔(۱)

مدائنی نقل کرتا ہے جس وقت حضرت امام رضا اس مجلس میں تشریف فرما تھے کہ جس میں آپ کے ہاتھوں پر ولایت عہدی کی بیعت ہورہی تھی اور آپ نے مخصوص لباس پہن رکھا تھا، خطبا و ذاکرین تقریروں میں مشغول تھے، امام نے اپنے ایک چاہنے والے پر نگاہ ڈالی کہ جو بہت ہی خوش تھا آپ نے اس کی طرف اشارہ کر کے اس کو اپنے قریب بلایا اور آہستہ سے اس کے کان میں فرمایا اپنے دل کو اس ولایت عہدی کی وجہ سے مشغول مت کرو اور اتنی خوشحالی نہ کرو کہ یہ امر باقی رہنے والا نہیں ہے

۱۷- دشمنوں کی ذلت وخواری

محمد بن طلحہ شافعی نے اس کرامت کو حضرت امام رضا کی عظمت کی دلیلوں میں سے ایک دلیل کے طور پر نقل کیا ہے اور اس سلسلے میں کہتا ہے:

واما مـناقبه و صفاته ما خص الله تعالی به ويشهد له بعلو قدره و سمو شانه و هو

لیکن وہ کمالات ومناقب وصفات کہ جو خداوند عالم نے آپ کو عطا فرمائے ہیں کہ جو آپ کی عظمت وبلندی اور شان وشوکت پر دلالت کرتے ہیں ان میں سے ایک یہ ہے کہ۔۔۔۔

پھر اس واقعہ کو اس طرح بیان کرتا ہے :

لـمـا جـعـلـه الـمامون ولی عهده و اقامه خليف من بعده كان فی حاشی المامون اناس كرهوا ذالك و خافوا على خروج الخلاف من بنی العباس وعودها لبنی فاطم ،

---

(۱) الفصول المهمہ فی معرفۃ احوال الآئمہ، ص ۲۴۵۔ مفتاح النجا فی مناقب آل عبا، ص ۱۷۸۔

فحصل عندهم من علی الرضا بن موسی نفور و کان عاد الرضا اذا جا الی دار المامون لیدخل من فی الدهلیز من الحجاب و اهل النوب من الخدم و الحشم بالقیام له والسلام علیه و یرفعون له الستر حتی یدخل ، فلما حصلت لهم هذه النفر و تفاوضوا فی امرهذه القص و دخل فی قلوبهم منها شیء قالوا فیما بینهم : اذا جا یدخل علی الخلیف بعد الیوم نعرض عنه ولا نرفع له الستر و اتفقوا علی ذالك فبینما هم جلوس اذ جا علی الرضا علی جاری عادته فلم یملکوا انفسهم ان قاموا و سلموا علیه و رفعوا له الستر علی عادتهم ، فلما دخل اقبل بعضهم علی بعض یتلاومون لکونهم ما فعلوا ما اتفقوا علیه و قالوا الکر الآتی اذا جا لانرفعه۔فلما کان فی الیوم الثانی و جا الرضا علی عادته قاموا و سلموا علیه و لم یرفعوا الستر فجائت ریح شدید فرفعت الستر اکثر مما کانوا یرفعونه فدخل ثم عند خروجه جائت ریح من جانب الآخر فرفعته له و خرج فاقبل بعضهم علی بعض و قالوا ان لهذا الرجل عند الله منزل و له منه عنایة انظروا الی الریح کیف جائت و رفعت له الستر عند دخوله و عند خروجه من الجهتین ارجعوا الی ما کنتم علیه من خدمته فهو خیر لکم ۔(۱)

جس وقت مامون نے ولایت عہدی حضرت امام رضا کے سپرد کی اور آپ کو اپنا جانشین قرار دیا تو مامون کے طرف دار افراد کو یہ تشویش ہوئی کہ کہیں امر خلافت بنی عباس سے بنی فاطمہ کی طرف منتقل نہ ہو جائے ۔لہذا حضرت امام رضا سے متنفر تھے اور آپ سے حسد کرنے لگے پھر اس کینہ وحسد کے اظہار کے لیے کسی فرصت کے منتظر رہتے تھے۔

---

(۱) مطالب السؤول فی مناقب آل الرسول،ص۲۹۶۔الفصول المھمہ ،ص۲۳۴ و ۲۳۵۔شواہد النبوۃ ،ص۳۸۲ و ۳۸۳۔تاریخ روضۃ الصفا، ج۳،ص۴۷۔اخبار الدول وآثار الاول،ص۱۱۴۔جامع کرامات الاولیاء، ج۲،ص۳۱۱۔

حضرت امام رضا ہمیشہ جب بھی مامون کے دربار میں وارد ہوتے تو اس دالان سے گذرتے کہ جس کے دروازے پر پردے لٹکے ہوئے تھے اور وہاں پر خدام و پہرے دار آپ کا احترام کرتے تعظیم کو کھڑے ہوتے سلام کرتے اور حضرت کے لیے پردے کو اٹھاتے تھے یہاں تک کے حضرت گذر جائیں۔ پھر انہوں نے آپس میں یہ اتفاق کیا کہ کوئی بھی امام کو سلام نہیں کرے گا اور آپ کا احترام و تعظیم نہیں کی جائے گی آپ کے لیے پردہ بھی کوئی نہیں اٹھائے گا اس اتفاق کے بعد حضرت امام رضا اپنے معمول کے مطابق اسی دروازے سے گذرے لیکن تمام خادمین بے اختیار آپ کی تعظیم کو کھڑے ہو گئے سب نے سلام کیا اور آپ کے لیے پردے کو اٹھا دیا اور حضرت وارد ہو گئے، اس کے بعد سب نے ایک دوسرے کی ملامت کی برا بھلا کہا کہ کیوں پردے کو اٹھایا، پھر طے پایا کہ اگلے روز ایسا نہیں کیا جائے گا۔

اگلے روز امام پھر وارد ہوئے تب سب نے آپ کو سلام کیا لیکن پردے کو کسی نے نہیں اٹھایا اسی وقت ایک تیز ہوا آئی اور پردہ اتنا اٹھا کہ ہر روز خادم بھی نہیں اٹھاتے تھے امام دربار میں داخل ہوئے اور پھر حضرت دربار سے باہر تشریف لائے تو دوسری طرف سے ہوا اسی تیزی سے چلی کہ پردہ پھر اٹھا اور آپ گذر گئے اس کے بعد ان لوگوں نے آپس میں گفتگو کی اور حضرت امام رضا کے بارے میں کہنے لگے کہ خداوند عالم کے نزدیک اس شخص کی بہت عظمت ہے اور اس کی اس پر عنایت خاص ہے۔ آپ لوگوں نے ملاحظہ کیا کہ کس طرح آپ کی تشریف آوری پر تیز ہوا آئی کہ جس سے پردہ خود بخود اٹھ گیا اور پھر آپ کے نکلتے وقت دوسری طرف سے ہوا آئی اور پھر پردہ اٹھا لہذا اب کوئی ایسی جرئت نہ کرے اپنے اپنے وظیفہ کو صحیح انجام دیتے رہیں، حضرت کی خدمت کرنے میں آپ لوگوں کا فائدہ ہے۔

اس واقعہ کو شبراوی شافعی نے تھوڑے سے اختلاف کے ساتھ نقل کیا ہے۔(۱)

---

(۱) الاتحاف بحب الاشراف، ص ۳۱۳۔

۱۸- بغیر سوال معلوم کیے امام کا جواب دینا

کوفہ کا رہنے والا ایک شخص کہتا ہے میں نے خراسان کی غرض سے کوفہ سے سفر کیا میری بیٹی نے مجھ کو ایک کپڑا دیا اور کہا کہ اس کپڑے کو بیچ کر میرے لیے ایک فیروزہ خرید لانا۔ راوی کا بیان ہے کہ جس وقت میں مرو پہنچا حضرت امام رضا کے غلام میرے پاس آئے کہنے لگے کہ حضرت امام رضا کے ایک غلام کا انتقال ہو گیا ہے اگر تیرے پاس کپڑا ہو تو ہم کو بیچ دے تا کہ اس کا کفن بنائیں۔

میں نے جواب دیا کہ میرے پاس کوئی کپڑا نہیں ہے وہ لوگ چلے گئے اور پھر دوبارہ واپس آئے اور کہنے لگے ہمارے مولا نے تجھے سلام بھیجا ہے اور فرمایا ہے کہ تیرے پاس کپڑا کہ جو تیری بیٹی نے تجھ کو دیا ہے کہ اس کو بیچ کر فیروزہ خریدنا۔ راوی نے کہا اس کے بعد میں نے وہ کپڑا بیچ دیا اور اپنے آپ سے کہنے لگا کہ آنحضرت سے کچھ سوالات بھی کرنے تھے کہ اگر ان کا جواب دے دیا تو یقیناً وہ صاحب امر و ولایت اور امام وقت ہیں، میں نے اپنے سوالات کو ایک جگہ لکھا اور صبح سویرے امام کے بیت الشرف کی طرف روانہ ہوا وہاں جا کر دیکھا تو لوگوں کی بہت بھیڑ تھی اور میں حضرت سے ملاقات نہ کر سکا چہ جائیکہ حضرت سے سوالات کرتا، حیران و پریشان کھڑا تھا کہ حضرت کے خانہ اقدس سے ایک خادم باہر آیا اور میرا نام لے کر آواز دی اور مجھ کو ایک تحریر پیش کی اور کہا اے شخص اس میں تیرے سوالات کے جواب موجود ہیں۔

راوی کہتا ہے کہ میں نے رقعہ کو کھولا اپنے تمام مسائل کے جوابات اس میں تحریر تھے جب تمام جوابات کو اپنے تمام سوالات کے مطابق پایا اس کے بعد مجھے یقین ہو گیا کہ حضرت امام رضا خداوند عالم کی حجت اور عظیم المرتبت ولی ہیں۔(۱)

---

(۱) اثبات الوصیۃ، ص ۱۸۰-۱۸۱۔ شواہد النبوۃ، ص ۳۸۶۔ تاریخ روضۃ الصفا، ج ۳، ص ۴۶۔

۱۹-ریان کی اندرونی خواہشات کی اطلاع

حضرت امام رضا کے ایک صحابی کا بیان ہے کہ ایک روز ریان بن صلت نے مجھ سے کہا کہ میرے لیے حضرت امام رضا سے میرے لیے ملاقات کو وقت لے لو میں چاہتا ہوں کہ حضرت اپنا ایک لباس اور چند سکے کہ جن پر آپ کا اسم مبارک درج ہے مجھے عنایت فرمادیں۔

راوی کہتا ہے میں حضرت امام رضا کی خدمت میں حاضر ہوا ابھی زبان کھولی بھی نہ تھی کہ حضرت نے فرمایا ریان بن صلت ہمارے پاس آنا چاہتا ہے اور اس کی خواہش ہے کہ ہم اس کو اپنا ایک لباس اور چند سکے کہ جن پر ہمارا نام کندہ ہے دیں اس کو اجازت دیں کہ وہ ہمارے پاس آجائے۔ ریان امام کی خدمت میں حاضر ہوا آپ نے اپنے دو لباس اور تیس درھم اس کو عطا فرمائے۔(۱)

۲۰-حضرت کی چوکھٹ پر حیوانات

زینب کذابہ کا واقعہ اور اس کا جانوروں کے سامنے ڈالا جانا سنی و شیعہ سب کے یہاں مشہور و معروف ہے کہ جس سے حضرت کی عظمت، مقام امامت اور ولایت تکوینی کی طرف اشارہ ملتا ہے اگر چہ اس واقعہ کے نقل کرنے میں اختلاف ہے کہ یہ اختلاف اس واقعہ کے حقیقی ہونے پر کوئی اثر نہیں ڈالتا چونکہ اختلاف اس بات میں ہے کہ یہ واقعہ حضرت امام رضا کے زمانے میں رونما ہوا یا حضرت امام علی نقی کے زمانے میں کہ یہاں پر دونوں واقعہ کی طرف اشارہ کیا جائے گا۔

پہلی روایت

انه كان بخراسان امرائة تسمى زينب فادعت انها علوية من سلالة فاطمة و صارت تصول على اهل خراسان بنسبها ، فسمع بها على الرضا فلم يعرف نسبها فاحضرت اليه فرد نسبها و قال هذه كذابة ۔

---

(۱) اثبات الوصیۃ، ص۱۸۰۔ شواہد النبوۃ، ص۳۸۶-۳۸۷۔

فسفهت عليه ، و قالت : كما قدحت فى نسبى فانا اقدح فى نسبك فاخذته الغيرة العلوية فقال لسلطان خراسان وكان لذالك السلطان بخراسان موضع واسع فيه سباع مسلسلة للانتقام من المفسدين ، يسمى ذالك الموضع بركة السباع ، اذا اراد الانتقام من بعض المجرمين الخارجين عليه القاه بينهم فافترسوه لوقته فاخذالرضا بيدتلك المرأة و احضرها عندذالك السلطان وقال هذه كذابة على على وفاطمة وليست من نسلهما فان من كان حقا صوابابضعة من فاطمة و على ، فان لحمها حرام على السباع فالقوها فى بحر السباع ، فان كانت صادقة فان السباع لا تقربها و ان كانت كاذبة فتفترسها السباع ۔ فلما سمعت ذالك منه قالت : فانزل انت الى السباع فان كنت صادقا لا تقربك والا فتفترسك فلم يكلمها وقال فقال له ذالك السلطان : الى اين ؟ فقال له : الى بركة السباع والله لانزلن اليها۔

فقام السلطان و الناس والحاشية و فتحوا باب تلك البركة فنزل الرضا و الناس ينظرون من اعلى البركة فلما حصل بين السباع اقعت جميعا الى الارض على اذنابها فصار ياتى الى واحد واحد يسمح وجهه و رأسه و ظهره والسبع يبصبص له هكذا الى ان اتى على الجميع ثم طلع و الناس يبصرونه ، فقال لذالك السلطان انزل هذه الكذابة على على و فاطمة ليبين لك فامتنعت فالزمها السلطان بذالك و اانزلها اعوانه فقذ رآ ها السباع وثبوا اليها وافترسوها فاشتهر اسمها بخراسان۔(۱)

---

(۱) مطالب السؤول فی مناقب آل الرسول، ص۲۹۶۔اور دیکھیے :فرائد السمطین فی فضائل المرتضی والبتول والسبطین والآئمۃ من ذریتھم، ج۲،ص۲۰۹، ح۴۸۷۔الفرج بعد الشدۃ، ج۴،ص۱۷۲-۱۷۳۔

ایک عورت کہ جس نام زینب تھا اس نے یہ دعوی کیا کہ میں علویہ و فاطمہ زہرا کی نسل سے ہوں یہ خبر سارے خراسان میں پھیل گئی حضرت امام رضا کو بھی اطلاع ملی آپ نے اس کے علویہ ہونے سے انکار کر دیا اور اس کو اپنے پاس بلوایا اور فرمایا وہ جھوٹ بول رہی ہے اس عورت نے امام کا مذاق اڑایا اور امام سے کہا کہ آپ کو میرے نسب پر اعتراض ہے تو مجھ کو بھی آپ کے حسب و نسب پر اعتراض ہے اس وقت غیرت علوی جوش میں آئی اور آپ نے سلطان خراسان سے فرمایا اس کو درندہ جانوروں کے درمیان ڈالدو، سلطان خراسان کے پاس درندوں کے لیے ایک خاص مکان تھا کہ جس میں اس نے مختلف قسم کے درندے جمع کر رکھے تھے کہ جب بھی کوئی اس کے خلاف قیام کرتا تو وہ انتقام کی غرض سے مفسدین و مجرمین کو ان درندوں کے سامنے ڈالدیتا تھا۔ امام نے اس عورت کو سلطان کے حضور پیش کیا اور فرمایا یہ عورت جھوٹی ہے اور علی و فاطمہ پر جھوٹ بول رہی ہے وہ ان کی نسل سے نہیں ہے اگر یہ عورت اپنے دعوے میں کہ علی و فاطمہ کی نسل سے ہے سچی ہے تو اس کے بدن کا گوشت درندوں پر حرام ہے لہذا اس کو جانورں کے سامنے ڈالدو حقیقت کا پتہ چل جائے گا۔ جس وقت اس زینب کذابہ نے یہ بات سنی تو کہنے لگی کہ آپ بھی تو نسل علی و فاطمہ سے ہیں آپ اگر سچے ہیں تو آپ ان درندوں کے درمیان چلے جائیں، امام بغیر کچھ کہے ان درندوں کے درمیان تشریف لے گئے لوگ اور سلطان حصار کے چاروں طرف سے یہ نظارہ کرنے لگے کہ جب امام ان جانوروں کے درمیان پہنچے تمام جانور آرام ہو گئے امام ایک ایک جانور کے قریب جاتے اور ہر ایک کے سر و صورت اور کمر پر ہاتھ پھیرتے اور جانور بھی اپنی اپنی دموں کو تسلیم ہونے کی صورت میں ہلاتے تھے یہاں تک کہ امام وہاں سے باہر تشریف لائے۔

اس کے بعد امام نے سلطان سے کہا کہ اس جھوٹی عورت کو ان درندوں کے درمیان ڈالدو تا کہ سب کو حقیقت کا علم ہو جائے، عورت نے انکار کیا لیکن سلطان نے حکم دیا تو زبردستی اس کو جانوروں کے درمیان پھینک دیا گیا جانوروں نے جیسے ہی اس کو دیکھا اس پر حملہ آور ہوئے اور اس کو ٹکڑے ٹکڑے کر دیا یہ عورت سارے خراسان میں زینب کذابہ کے نام سے مشہور ہو گئی۔

دوسری روایت

ابن حجر ھیثمی شافعی نے بھی اس روایت کو بعض حفاظ سے نقل کیا ہے وہ کہتا ہے:

ان امـرأة زعمت انها شريفة بحضرة المتوكل ، نسأل عمن يخبره بذالك فدل على على الرضا ، فجاء فاجلسه معه على السرير و سأله فقال : ان لله حرم لحم اولاد الحسنين عـلـى السبـاع ، فلتلق للسباع فعرض عليها بذالك فاعترفت بكذها ثم قيل للمتوكل : الا تجرب ذالك فيه ؟ فامر بثلاثة من السباع فجيء بها فى صحن قصره ثم دعا ه ، فلما دخل بـابـه اغـلـق عـليـه والسبـاع قد اصمت الاسماع من زئيرها ، فلما مشى فى الصحن يريد الـدرجة مشـت اليـه وقـد سـكـنـت و تـمسحت به و دارت حوله و هو يمسها بكمة ثم ربضت فصعد للمتوكل و تحدث معه ساعة ثم نزل ففعلت معه كفعلها الاول حتى خرج فاتبعه المتوكل بجائزة عظيمة فقيل للمتوكل : افعل كما فعل ابن عمك فلم يجسر عليه و قال اتريدون قتلى ثم امر هم ان لايفشوا بذالك۔(۱)

متوکل خلیفہ عباسی کے زمانے میں ایک عورت اس کے پاس آئی اور اس نے دعوی کیا کہ وہ علوی سادات سے ہے متوکل نے اس خبر کے سچ یا جھوٹ ہونے کے سلسلے میں حضرت علی بن موسی الرضا کو طلب کیا اور اس کے بارے میں معلوم کیا امام نے فرمایا خداوند عالم نے حضرات حسنین کی اولاد کے گوشت کو درندوں پر حرام کر دیا ہے اس کے کلام کی تصدیق کے لیے طریقہ یہ ہے کہ اس کو درندوں کے سامنے ڈالدیا جائے متوکل نے ایسا ہی کرنا چاہا، لیکن عورت نے اپنے جھوٹ کا اعتراف کرلیا اور درندوں کے سامنے جانے کو تیار نہیں ہوئی۔

---

(۱) الصواعق المحرقۃ، ج۲،ص۵۹۶-۵۹۵۔

بعض افراد نے متوکل سے کہا کہ اسی کام سے حضرت کا بھی امتحان لیا جائے تب اس نے حکم دیا کہ تین شیروں کو قصر میں لایا جائے دروازوں کو بند کر دیا گیا اور پھر حضرت کو بلوایا، حضرت قصر میں وارد ہوئے جب کہ حالت یہ تھی کہ شیروں کے دہاڑنے کی آواز سے کان پھٹ رہے تھے جیسے ہی آپ قصر میں وارد ہو کر زینہ کے ذریعہ اوپر جانا چاہتے تھے کہ شیر خاموش ہو گئے اور آپ کے قریب آ گئے اور اپنے آپ کو حضرت کے پیروں سے ملنا شروع کر دیا اور آپ کا طواف کرنے لگے آپ نے بھی اپنے مبارک ہاتھ ان کے بدن و کمر پر پھیرے اس وقت کو آپ کے حضور بیٹھ گئے حضرت زینہ کے ذریعہ اوپر تشریف لائے اور کچھ دیر متوکل کے پاس بیٹھے گفتگو فرمائی پھر نیچے تشریف لائے اور پہلے کی طرح شیروں کے سروں اور کمروں پر ہاتھ پھیرا اور قصر سے باہر تشریف لے گئے۔ اس کے بعد متوکل نے حکم دیا کہ بہت بڑا جائزہ امام کی خدمت میں پیش کیا جائے۔ اس کے بعد متوکل سے کہا گیا کہ تو بھی اپنے چچازاد بھائی کی طرح یہ کارنامہ انجام دے چونکہ متوکل بھی سادات بنی عباس میں سے تھا لیکن متوکل نے اس طرح کی جرئت کرنے سے انکار کر دیا اور کہا کہ کیا مجھے قتل کرانا چاہتے ہو اور حکم دیا کہ اس قصے کو کسی سے بھی بیان نہ کریں۔

نقل المسعودی : ان صاحب هذه القصة هو ابن علی الرضا هو علی العسکری لان الرضا توفی فی خلافة المامون اتفاقاً ولم یدرك المتوکل۔(۱)

مسعودی کہتا ہے کہ یہ واقعہ امام علی رضا کے فرزند علی عسکری کا ہے اس لیے کہ امام رضا تمام مورخین کے مطابق مامون کے زمانے میں انتقال فرما گئے تھے اور آپ نے متوکل کا زمانہ درک نہیں کیا تھا۔

---

(۱) مروج الذهب ومعادن الجوهر، ج۴، ص۸۶۔

اگر چہ یہ واقعہ اہل سنت کی تعبیر میں شیعوں کے نزدیک خبر مشہور ہے۔(۱)

لیکن فریقین کے نزدیک یہ واقعہ مسلم ہے جیسا کہ اہل سنت کے بزرگوں نے بھی اس کو نقل کیا ہے۔ جیسے ابن حجر ھیثمی نے اس کو بعض حفاظ سے نقل کیا(۲) اور ابو علی عمر بن یحی علوی نے بھی اس کو یقینی جانا ہے اور اہل سنت کی روایت کے مطابق اس کی تائید کی ہے اور وہ اسی طرح کا قصہ اپنے بارے میں بھی نقل کرتا ہے اور اس طرح کے واقعات کو مجربات میں سے جانتا ہے۔(۳)

اختلاف اس بات میں ہے کہ یہ واقعہ حضرت امام رضاؑ کے زمانے میں پیش آیا یا حضرت امام محمد تقیؑ کے یا حضرت امام علی نقیؑ کے زمانے میں، جب کہ مورخین نے خلیفہ وقت کا نام متوکل تحریر کیا ہے۔ لیکن بعض اس بات کے معتقد ہیں کہ یہ نسخ خطی کی وجہ سے دھوکا ہوا ہے ورنہ متوکل نہ امام رضاؑ کے زمانے میں تھا اور نہ امام محمد تقیؑ کے زمانے میں بلکہ وہ امام علی نقیؑ کے زمانے میں تھا۔

یہی وجہ ہے مسعودی کہتا ہے کہ: وھو وجیہ لان المتوکل لم یکن معاصراً لمحمد الجواد بل لولدہ ۔(۴)

یہی حق ہے اس لیے کہ متوکل امام محمد تقی کے زمانے میں نہیں تھا بلکہ امام علی نقی کے زمانے میں تھا اسی وجہ سے زینب کذابہ کے واقعہ کی نسبت حضرت امام علی نقیؑ کی طرف دی جاتی ہے۔

---

(۱) الفرج بعد الشدۃ، ج۴، ص۱۷۲۔

(۲) الصواعق المحرقۃ، ج۲، ص۵۹۶-۵۹۵۔

(۳) الفرج بعد الشدۃ، ج۴، ص۱۷۳۔

(۴) نور الابصار فی مناقب آل بیت النبی المختار، ص۲۴۸۔

۲۱- ایسا سفر کہ جس میں پلٹنا نصیب نہ ہو

ایک شخص کا بیان ہے کہ میں نے خراسان میں حضرت امام رضا کی زبان مبارک سے سنا کہ آپ نے فرمایا: جس وقت مجھ کو مدینہ سے مرو طلب کیا گیا میں نے اپنے تمام اہل وعیال کو جمع کیا اور ان کو سفارش کی کہ مجھ پر بلند آواز سے گریہ وزاری کریں تا کہ تمہاری آواز کو سن سکوں پھر ان کے درمیان بارہ ہزار درھم تقسیم کیے اور ان سے کہا کہ میں اب کبھی بھی تمہارے پاس واپس نہیں آ سکتا۔(۱)

۲۲- حضرت امام رضا کی سندی زبان میں گفتگو

ابو اسماعیل سندی کہتا ہے: میں نے سند میں سنا کہ خداوند عالم نے عرب میں اپنی ایک حجت کو بھیجا ہے میں نے اس حجت خدا کی زیارت کی غرض سے سفر کیا مجھ کو علی بن موسی کی طرف راہنمائی کی گئی، آپ کی خدمت میں حاضر ہوا عربی زبان نہ جاننے کی وجہ سے میں نے سندی زبان میں ہی سلام کیا تو آپ نے سندی زبان میں میرا جواب سلام دیا۔ اور پھر میں نے سوالات بھی امام سے سندی زبان میں کیے امام میرا اسی طری جواب دیتے رہے لہذا میں نے اپنے سفر کا مقصد آپ سے بیان کیا۔ آپ نے فرمایا تو اپنے مقصد میں کامیاب ہو گیا ہے میں وہی حجت خدا ہوں کہ جس کی زیارت کے لیے تو نے سفر کیا ہے اب جو کچھ بھی تجھے سوال کرنا ہے مجھ سے معلوم کر۔ ابو اسماعیل کا کہنا ہے کہ مجھے جو کچھ بھی معلوم کرنا تھا آپ سے معلوم کیا اور خدا حافظی کے وقت حضرت سے عرض کیا کہ میں عربی زبان نہیں جانتا آپ سے گذارش ہے کہ میرے حق میں دعا کریں کہ خداوند عالم مجھ پر عربی زبان الہام فرمادے۔ آپ نے اپنا دست مبارک میرے ہونٹوں پر پھیرا اور اسی وقت سے میں عربی زبان میں گفتگو کرنے لگا۔(۲)

---

(۱) شواہد النبوۃ، ص ۳۸۹۔

(۲) شواہد النبوۃ، ص ۳۸۸۔ تاریخ حبیب السیر فی اخبار افراد بشر، ج ۲، ص ۸۴۔

۲۳-حضرت امام رضا تمام زبانوں سے واقف تھے

ابوصلت ہروی کہتا ہے کہ علی بن موسی الرضا لوگوں سے خود انہی کی زبان میں گفتگو فرماتے تھے، خدا کی قسم لوگوں سے گفتگو فرماتے ہوئے ان سب سے بہتر اس زبان کو جانتے تھے۔ایک روز میں نے حضرت امام رضا سے عرض کیا اے فرزند رسول خدا میں اس بات سے حیرت زدہ ہوں کہ آپ دنیا کی تمام زبانوں سے واقف ہیں؟ امام نے جواب دیا اے ابوصلت میں خداوند عالم کی طرف سے اس کی مخلوق پر حجت ہوں لہذا یہ ممکن نہیں ہے کہ خدا کسی کو اپنی مخلوق پر حجت بنائے اور اس کو اس مخلوق کی زبان سے آشنا نہ کرائے کیا امیر المومنین علی علیہ السلام کی یہ حدیث نہیں سنی ہے کہ آپ نے فرمایا:

او تینا فصل الخطاب و هل فصل الخطاب الا معرف اللغات۔(۱)

ہم کو خداوند عالم نے فصل خطاب عطا فرمایا ہے اور کیا فصل خطاب تمام زبانوں کی آشنائی کے علاوہ کچھ اور ہے۔

۲۴ نماز عید فطر کے لیے عظیم استقبال

مامون نے اپنی چالاکی ومکاری سے حضرت امام رضا پر ولایت عہدی تو تحمیل کر ہی دی تھی جب کہ حضرت امام رضا بھی اپنی جانب سے مکمل کوئی آنچ نہ آنے والی روش سے اقدام نہ فرمارہے تھے یہاں تک عید سعید فطر کا چاند نمودار ہوگیا، مامون نے حضرت امام رضا کو خبر دی کہ بہتر ہے کہ نماز عید فطر اور خطبات نماز آپ انجام دیں گے، امام نے انکار فرمایا لیکن مامون کی طرف سے اصرار بڑھتا گیا اور کہتا رہا کہ آپ کے نماز پڑھانے سے لوگ آپ کی ولایت عہدی سے مطمئن ہوجائیں گے اور آپ کے فضل وکمالات سے بھی آگاہ ہوں گے بہرحال مامون کے مسلسل اصرار پر حضرت امام رضا نے فرمایا کہ اگر مجھے اس امر سے معاف رکھو تو زیادہ بہتر ہے۔

---

(۱) شواہد النبوۃ،ص۳۸۸۔تاریخ حبیب السیر فی اخبار افراد بشر،ج۲،ص۸۴۔

لیکن اگر اصرار ہے ہی تو پھر میں اس طرح نماز اور خطبات انجام دوں گا کہ جیسے رسول خدا انجام دیتے تھے مامون نے جواب دیا کہ آپ کو اختیار ہے جیسے آپ چاہیں انجام دیں اور پھر مامون نے حکم دیا کہ تمام اشراف واعیان اور تمام وزراء وحکام بلکہ تمام لوگ حضرت امام رضا کے بیت الشرف کی ارد گرد جمع ہو جائیں تب بہت سے حکام طلوع آفتاب سے بھی پہلے آپ کے در پر حاضر ہو گئے لوگ اپنے بچوں اور خواتین کے ساتھ آمادہ ہو کر اپنے اپنے گھروں کے سامنے حضرت امام رضا کی آمد کے راستے میں آپ کے انتظار میں کھڑے ہو گئے طلوع آفتاب کے وقت آپ نے غسل عید انجام دیا اور نئے زیب تن کیے خوشبو سے خود کو معطر کیا عمامہ سر پر رکھا تحت الحنک ڈالی لوہے کا عصا دست مبارک میں لیا۔

پھر آپ نے فرمایا کہ ہمارے سارے چاہنے والے بھی اسی طرح کریں اور میرے ساتھ ساتھ چلیں تب امام برہنہ پا مصلے کی طرف روانہ ہوئے اور اپنے پیروں کو پنڈلیوں تک کھول رکھا تھا اس طرح اپنے بیت الشرف سے باہر تشریف لائے مامون کی جانب سے مامور، حکام واشراف آپ کی یہ حالت دیکھ کر مبہوت ہو گئے اور سب سواری سے نیچے اتر گئے، امام کی طرح برہنہ پا ہو گئے حضرت نے تکبیر کہی لوگوں نے بھی آپ کے ساتھ تکبیر کہنی شروع کی، راوی کہتا ہے میں نے اس ماحول کو ایک لمحہ کے لیے ایسا محسوس کیا کہ گویا زمین وآسمان آپ کے ساتھ تکبیر کہہ رہے ہوں، در ودیوار اور درختوں سے تکبیروں کی آوازیں آرہی ہوں تمام شہر تکبیروں کی آواز سے گونج اٹھا لوگوں نے جب امام کی یہ ہیبت دیکھی اور آپ کی تکبیر کی آواز کو سنا ساری فضا گریہ وزاری اور نالہ وشیون سے بھر گئی۔

مامون کو اس حالت کی اطلاع دی گئی اس کے وزیر فضل بن سہل نے اس سے کہا کہ اگر اسی صورت میں امام رضاؑ مصلے تک پہنچ جائیں، لوگ حضرت کے گرویدہ ہو جائیں گے اور تیرا تخت وتاج خطرے میں پڑ جائے گا۔ لہذا مصلحت اس میں ہے کہ امام کو واپس بلا لیا جائے مامون نے ایک شخص کو امام کی خدمت میں یہ پیغام دے کر بھیجا: کہ آپ کو تکلیف ہوئی اور آپ زحمت میں پڑ گئے ہم آپ کی اس تکلیف وزحمت سے راضی نہیں ہیں۔

لہذا برائے کرم آپ گھر تشریف لے جائیں اور نماز جیسے پہلے انجام پاتی تھی اس طرح آج بھی انجام پائے گی۔ امام نے مامون کا یہ پیغام سنا اپنی سواری پر سوار ہوکر بیت الشرف کی طرف واپس ہو گئے اور لوگ اس حالت سے بہت غمزدہ ہوئے۔(۱)

۲۵ نماز استسقا اور حضرت کی استجابت دعا

حاکم نیشاپوری شافعی اپنی تاریخ میں لکھتا ہے: جس وقت مامون نے حضرت امام رضا کو اپنا ولی عہد بنایا تو فصل کے اعتبار سے بارش کا موسم تھا لیکن بارش نہیں ہوئی اور یہی مسئلہ بہت سے ایسے افراد کے لیے کہ جو آپ کی ولایت عہدی سے ناراض اور آپ کے مخالف تھے سخت اور پریشان کن ثابت ہوا ان لوگوں نے اس حادثہ کو اذیت کرنے کے لیے مناسب سمجھا لہذا مذاق و مسخرہ کرتے ہوئے کہنے لگے کہ ہمارے ولی عہد علی بن موسی الرضا نے ہم سے بارش کو بھی لے لیا ہے، یہ خبر مامون کے کانوں تک بھی پہنچی یہاں تک کہ مامون کو بھی اس بات کا احساس ہونے لگا لہذا ایک دن روز جمعہ اس نے امام سے کہا: کہ کافی مدت ہوگئی ہے بارش نہیں ہوئی اگر آپ بارش کے لیے دعا فرمائیں تو زیادہ مناسب ہوگا۔ امام نے فرمایا میں دعا کروں گا، مامون نے کہا: کس وقت دعا فرمائیں گے امام نے فرمایا: پیر کے دن، میں نے کل رات رسول خدا اور امیر المومنین کو خواب میں دیکھا ہے کہ آپ فرما رہے ہیں کہ بیٹا پیر تک صبر کرو اور پھر اس دن بیابان میں جانا اور بارش کے لیے خداوند عالم سے دعا کرنا خداوند عالم اپنی رحمت کو ان لوگوں پر نازل فرمائے گا اے میرے بیٹے خداوند عالم کی نظر میں اپنی عظمت و وقار اور منزلت و مقام کو لوگوں کے سامنے پیش کرنا۔

پیر کا دن نمودار ہوا حضرت امام علی رضا لوگوں کے ساتھ صحرا کی طرف روانہ ہوئے اور آپ ایک بلندی پر جا کر کھڑے ہو گئے اور خدا کی حمد و ثنا کرنے کے بعد اس کے حضور عرض کی:

---

(۱) اثبات الوصیۃ، ص ۱۷۹۔ تاریخ روضۃ الصفا، ج ۳، ص ۴۴۔

اللھم یا رب انت عظمت حقنا اھل البیت فتوسلوا بنا کما امرت واملوا فضلك و رحمتك و توقعوا احسانك و نعمتك فاسقھم سقیا نافعا عاما غیر ضار ، ولیکن ابتدا مطرھم بعد انصرافھم من مشھدھم ھذا الی منازلھم و مقارھم۔

پروردگارا !اے میرے پالنے والے تو نے ہم اہل بیت کے حق میں عظمت عطا فرمائی ہے اور لوگوں کو حکم دیا کہ ہمارے ذریعہ وتوسل سے تیرے حضور دعا کریں لہذا یہ لوگ تیرے فضل ورحمت کے منتظر ہیں اور تیری نعمت واحسان کے متوقع ہیں پس ان کو عام نفع بخش وبدون ضرر بارش سے سیراب فرما کہ بارش کی ابتداء ان کے اوپر اور پھر ان کے گھر پہنچنے کے بعد نازل فرما۔

راوی کہتا ہے اس خدا کی قسم کہ جس نے محمد کو رسالت کے ساتھ مبعوث کیا حضرت علی موسی الرضا کے کلمات ابھی تمام بھی نہ ہوئے تھے کہ ایک دم بادل گھر آئے اور بجلی گرجنے لگی اور یہ حالت ہوگئی کہ لوگ بارش کے تصور سے اپنا سر چھپانے کے لیے جگہ تلاش کرنے لگے، امام رضا نے فرمایا اے لوگو یہ بادل تمہارے لیے نہیں ہے بلکہ یہ فلان علاقہ میں برسے گا، یہ اتفاق اسی طرح دس مرتبہ ہوا اور امام ہر مرتبہ فرماتے رہے کہ یہ بادل فلاں علاقہ میں برسے گا گیارہویں مرتبہ جب بادل نمودار ہوا تب امام رضا نے فرمایا اے لوگوں خداوند متعال نے اس بادل کو تمہارے لیے بھیجا ہے پس خداوند عالم کا اس نعمت پر شکر ادا کرو جب تک تم اپنے اپنے گھروں کو واپس نہ ہو جاؤ بارش نہیں برسے گی لہذا آپ سب اپنے گھروں میں واپس چلے جاؤ تا کہ رحمت خدا برسنا شروع ہو جائے۔

راوی کہتا ہے: حضرت امام علی رضا منبر سے نیچے تشریف لائے اور منزل کی طرف روانہ ہوئے لوگ بھی اپنے اپنے گھروں کی طرے روانہ ہو گئے جس وقت سب اپنے اپنے گھروں میں پہنچ گئے تب بارش شروع ہوئی اور سارے شہر کو سیراب کر دیا لوگ حضرت امام رضا کی عظمت وتجلیل کرتے اور بہت زیادہ اشتیاق سے کہتے ''ھنیا لولد رسول اللہ کرامات اللہ''

فرزند رسول خدا پر خداوند عالم کی کرامات مبارک ہوں۔

حضرت نے بھی فرصت کو مناسب سمجھا اور لوگوں کو موعظہ و نصیحت فرمائی اور اس طرح ارشاد فرمایا:

یا ایها الناس اتقوالله فی نعم الله علیکم فلا تنفروا ها عنکم بمعاصیه ، بل استدیموها بطاعته و شکره علی نعمه وایادیه واعلمو انکم لا تشکرون الله عزوجل بشئی بعد الایمان بالله وبعد الاعتراف بحقوق الیا الله من آل محمد رسول الله احب الیه من معاونتکم لاخوانکم المومنین علی دنیاهم التی هم معبر لهم تعبر بهم الی جنان ربهم فان من فعل ذالك کان من خاص الله تعالی۔

اے لوگو ! خداوند عالم کی نعمتوں کے مقابل تقوی اختیار کرو اور گناہ انجام دے کر اپنے آپ سے ان نعمتوں کو دور نہ کرو بلکہ خداوند عالم کی اطاعت کر کے اور شکر نعمت بجالا کے اپنی نعمتوں میں اضافہ کرو اور یہ جان لو کہ کوئی شکر بھی خداوند عالم پر ایمان اور اس کے الیا کہ جو آل محمد ہیں ان کی معرفت اور ان کے حقوق کے اعتراف کے بعد برادران ایمانی کی امور دنیا میں ان کی مدد سے زیادہ کوئی چیز محبوب نہیں ہے کہ یہ دنیا عبرت کی جگہ ہے اور جنت کے لیے گذرگاہ ہے پس جو شخص ان کارناموں کو انجام دے وہ خاصان خدا میں سے ہے۔

اس کے امام نے حضرت رسول خدا کی زندگی کے دوران کا ایک عبرتناک واقعہ بیان فرمایا کہ رسول خدا کو خبر دی گئی کہ فلان صحابی ہلاک ہو گیا چونکہ وہ فلاں گناہ میں ملوث تھا رسول خدا نے فرمایا؛

بل قد نجا و لایختم الله عمله الا بالحسنی و سیمحوالله عنه السیات و یبدلها له حسنات۔

بلکہ وہ نجات پا گیا خداوند عالم نے اس کی بخشش کر دی اور اس کے تمام گناہوں کو پاک فرما کر اس کے اعمال میں نیکیاں بھر دی ہیں۔

ایک روز وہ شخص ایک راستے سے گذر رہا تھا اس نے ایک مرد مومن کو دیکھا کہ وہ سو رہا ہے اور اس کی شرمگاہ کھلی ہوئی ہے اس شخص نے اس مومن کی شرمگاہ کو اس طرح ڈھکا کہ وہ بھی متوجہ نہیں ہوا لیکن جب بعد میں متوجہ ہوا اور اس شخص کی نیت و خیر خواہی کو دیکھا اور اس کے لیے اس طرح دعا کی:

اجزل لله لك الثواب و اكرم لك المآب و لا ناقشك الحساب۔

خدوند تجھ کو بہترین جزا عنایت کرے اور تیرے لیے حساب و کتاب کو آسان کردے۔

رسول خدا نے فرمایا یہ شخص اس مومن کی دعا سے عاقبت بخیر ہو گیا حضرت رسول خدا کے اس کلام کی اس شخص گناہگار کو خبر ہوئی اس نے آنحضرت کے اس کلام مبارک کی برکت سے اپنے گناہ سے توبہ کی اور پھر اس کام کو انجام نہیں دیا خداوند عالم نے بھی اس کی دعا کو قبول فرمایا اور وہ آخر کار رسول خدا کی ہمراہی میں شہید ہو گیا۔

حضرت امام رضا نے اس واقعہ کو بیان فرمایا اور رخصت ہو گے۔

راوی کا بیان ہے فعظم الله تعالى البرك من البلاد بدعا الرضا رضوان الله عليه۔(۱)

خداوند عالم نے خصرت امام رضا کی دعا کے صدقے کہ خدا کی رحمت آپ پر نازل ہو اس سرزمین کو بہت زیادہ برکتوں سے نوازا۔

حضرت امام رضا کی یہ کرامت لوگوں کے لیے آشکار ہوئی، اس سے آپ کے علم مبارک کا ایک گوشہ لوگوں پر روشن ہوا اور اس سے زیادہ یہ کہ لوگوں کے دل کلام نبوی کی طرف مائل ہو گئے۔

---

(۱) فرائد السمطین فی فضائل المرتضی والبتول والسبطین والآئمۃ من ذریتھم، ج ۲، ص ۲۱۲-۲۱۴، ح ۴۹۰۔ بنقل از تاریخ نیشاپور۔

۲۶ - شیر کی تصوی کا اصلی شیر میں تبدیل ہونا

مذکورہ ذیل کرامت حضرت امام رضا کے تاریخی معجزات وکرامات میں سے ایک ہے کہ جو آپ کی مختصر مدت ولایت عہدی کے دوران ایک عجیب وغریب انقلاب لایا کہ جس کو حاکم نیشاپوری شافعی نے اس طرح ذکر کیا ہے:

ومن کرامات اولیا الله التی شاهدوا لعلی بن موسی الرضا صلوات الله علیه۔(۱)

اولیاالٰہی کی کرامات میں سے کہ جو لوگوں نے حضرت علی بن موسی الرضا سے مشاہدہ کیا وہ یہ ہے

حضرت امام علی رضا کی دعا کی برکت سے بارش کے برسنے کی حیرت انگیز وتاریخی کرامت کے بعد مخالفین وحاسدین اور دشمنوں کا حیلہ وفریب رکھا رہ گیا چونکہ اس فرصت کو انہوں نے حضرت امام رضا کی شہادت اور شیعوں سے ان کے عقیدے کے بارے میں سوالات کر کے اور ان کو قتل کرنے کا پروگرام بنا رکھا تھا لیکن استجابت دعا سے نقشہ بدل گیا اور حضرت امام رضا کی عظمت اور دوبالا ہوگئی حتی دشمنوں کو بھی اعتراف کرنا پڑا لیکن اب دوسرے بہانوں سے مامون سے کٹ حجتی کرنے لگے اور کہتے تھے کیوں آپ نے ولایت عہدی علی بن موسی الرضا کے سپرد کی؟ کیوں آپ بنی عباس کے دیرینہ شرافت وافتخار اور خلافت کہ جو سالوں سے بنی عباس کے ہاتھوں میں ہے علوی خاندان اور ان کے شیعوں کے حوالے کرنا چاہتے ہیں؟ علی بن موسی جادوگر وساحر ہے آپ نے دیکھا کہ کس طرح جادو وسحر سے آسمان سے بارش نازل کرائی لہذا یہ ڈر ہے کہ کہیں اپنے اس جادو سے بنی عباس سے خلافت ومملکت وحکومت کو بھی نہ چھین لے اور اپنے خاندان والوں کے سپرد کردے۔ اے مامون کیا تیری طرح کوئی اپنے حق اور اپنی خلافت کے امور میں مرتکب گناہ وغلطی ہوا ہے؟

---

(۱) فرائد السمطین فی فضائل المرتضی والبتول والسبطین والآئمۃ من ذریتھم، ج ۲، ص ۲۰۸، ح ۴۸۷۔

مامون نے اپنے بھی اھداف بیان کیے کہ کس وجہ سے ولایت عہدی ان کو دی ہے لہذا وہ کہتا ہے: میں نے علی بن موسی الرضا کو اس لیے ولایت عھدی کے لیے انتخاب کیا ہے کہ تا کہ ان پر نظارت کرسکوں اس لیے کہ وہ مدینہ میں رہ کر ہمارے خلاف لوگوں کو ابھار رہے تھے اور اپنی طرف دعوت دے رہے تھے میں نے ان کو اس منصب کے لیے انتخاب کیا تا کہ لوگ جان لیں کہ علی بن موسی الرضا جس چیز کا دعوی کرتے ہیں ایسا نہیں اور خلافت اصل میں ہمارا حق ہے اگر میں یہ کام نہ کرتا اور وہ اپنے کام کو ادامہ دیتے رہتے تو پھر ان سے مقابلہ کرنا مشکل ہوجاتا لیکن اب میں بھی اپنے اس کام سے شرمندہ ہوں اور دیکھ رہا ہوں کہ یہ کام اس سے بھی زیادہ ہمارے حق میں نقصان دہ ثابت ہوا ہے اگر یہ ولایت عہدی اسی طرح باقی رہی تو یقیناً ہمارے لیے ہلاکت کا سبب بن سکتی ہے لیکن پھر بھی اتنے سادگی سے اس حادثے سے نہیں گذرا جاسکتا اس کے لیے کوئی بنیادی فکر کرنی ہوگی کہ جس کے لیے کچھ وقت درکار ہے تا کہ تھوڑا تھوڑا علی بن موسی الرضا کو لوگوں کی نظروں سے گرائیں اور ان کے مقام ومنزلت کو کم کریں تا کہ ثابت کرسکیں کہ وہ اس منصب کے اہل نہیں ہیں۔

حضرت امام رضا کا ایک دشمن حمید بن مہران مامون سے مخاطب ہوا اور کہنے لگا کہ اے امیر المومنین آپ مجھ کو اجازت دیں کہ میں علی بن موسی الرضا سے گفتگو کروں اور ان کو اور ان کے چاہنے والوں کو مغلوب کردوں اور ان کی تحقیر کروں اگر آپ کی ہیبت نہ ہوتی تو میں لوگوں کو دکھا دیتا کہ وہ اس منصب کے لائق نہیں ہیں، مامون نے خوشحال ہوکر حمید بن مہران کی پیشکش کو قبول کرلیا اور کہا ''ماشیء احب الیّ من ھذا '' میرے نزدیک اس سے زیادہ کوئی چیز بھی محبوب تر نہیں ہے۔

مامون نے حکم دیا کہ ایک بحث ومباحثہ کا جلسہ رکھا جائے اور اشراف و بزرگ شخصیتیں، وزراء وحکام کو جلسے میں دعوت دی جائے۔

وعدہ کا دن آ گیا پروگرام کے مطابق تمام مدعو افراد حاضر ہوگئے حمید بن مہران نے اپنی گفتگو بغیر کسی تمہید کے شروع کی اور امام رضا سے مخاطب ہوکے کہنے لگا:

ان الناس قد اکثروا علیك الحکایات و اسرفوا فی وصفك۔ لوگ آپ کے بارے میں بہت زیادہ داستانیں بنا رہے ہیں اور بہت ہی زیادہ مبالغہ گوئی سے کام لے رہے ہیں کہ اگر آپ ان سے مطلع ہوں تو یقیناً انکار کرو گے مثلاً لوگوں نے دیکھا کہ آپ نے خداوند عالم سے بارش کی دعا کی اور آپ کی دعا سے بارش ہوگئی جب کہ اس بارش کا وقت آ چکا تھا اور وہ بارش ہی کا موسم تھا جب کہ لوگوں کا خیال یہ ہے کہ یہ آپ نے کیا ہے اور یہ معجزہ ہے آپ بے نظیر اور صاحب معجزہ شخصیت ہو جب کہ آپ کا مقام امیر المومنین مامون- کہ اس کی مملکت مستدام رہے- کے مقابل کچھ بھی نہیں ہے اس نے آپ کو ولایت عہدی سپرد کی ہے لہذا یہ صحیح نہیں ہے کہ مامون کے مقابل آپ کی اتنی مدح ثنا کی جائے کہ جس سے خلیفہ کی ہتک حرمت اور اس کے بارے میں نامناسب باتیں کہی جائیں۔

امام رضا نے بہت ہی متانت و وقار کے ساتھ اس طرح جواب دیا:

ما ادفع عباد الله عن التحدث بنعم الله علی وان کنت لا ابغی اشرا و لا بطرا۔

میں لوگوں کو خداوند عالم کی مجھ پر نعمتوں کے تذکرہ کرنے سے نہیں روک سکتا اگر چہ میں غرور وتکبر بھی نہیں کر رہا ہوں۔

لیکن یہ مقام کہ جس کا تو تذکرہ کر رہا ہے کہ مامون نے مجھ کو دیا ہے یہ میرے نزدیک حضرت یوسف و بادشاہ مصر سے زیادہ نہیں ہے۔

حمید بن مہران حضرت امام علی رضا کے اس کلام سے غصہ میں آ گیا اور کہا اے فرزند موسی آپ نے اپنی حد سے بڑھ کر قدم رکھا ہے اور اپنی حیثیت سے زیادہ بول رہے ہو وہ بارش خدا کے حکم سے اسی وقت آنی تھی اس میں نہ کچھ تاخیر ہوتی اور نہ ہی جلدی لیکن آپ نے اس کو اپنے حق میں منوایا اس کو اپنے تسلط ونفوذ کے لیے بہانہ بنالیا گویا یہ آپ کا معجزہ حضرت ابراہیم کی طرح کا معجزہ تھا کہ انہوں نے چار پرندوں کو پکڑا ذبح کیا پھر سب کے گوشت کو قیمہ بنا کر پہاڑوں کی چوٹی پر رکھ آئے اس کے بعد ایک ایک کر کے آواز دی وہ خدا کے حکم سے زندہ ہو کر چلے آئے۔

اگر آپ بھی اپنے دعوے میں سچے ہیں تو ان دو شیروں کی تصویروں کو زندہ شیروں کی شکل میں تبدیل کریں اور ان سے کہیں کہ مجھ کو کھا جائیں اس طرح کر دیا تو یقیناً یہ معجزہ ہوگا لیکن وہ بارش تو اپنے موسم میں طبیعی طور سے برسنی ہی تھی کہ جس کو آپ نے اپنی دعا کے طور پر منوایا ہے شاید کسی اور کی دعا مستجاب ہوئی ہو۔

حمید بن مہران یہ گفتگو کرتے ہوئے دربار میں رکھے ہوئے دو شیروں کی تصویروں کی طرف اشارہ کر رہا تھا اور امام کا مذاق و مسخرہ کرتے ہوئے ان کو زندہ کرنے کے لیے کہہ رہا تھا۔

حضرت امام علی رضا کو حمید بن مہران کی بات ناگوار گذری اور ان دونوں شیروں کی تصویروں کی طرف دیکھ کر فرمایا: دونکما الفاجر فافترساه ولا تبقیا له عینا و لا اثرا۔

اے دو شیروں اس فاسق و فاجر کو پھاڑ کھاؤ اس طرح کہ اس کا کوئی اثر باقی نہ رہے۔

راوی کا بیان ہے کہ وہ دو تصویریں اصلی شیر میں تبدیل ہو گئیں اور حمید بن مہران پر حملہ کیا اس کو پھاڑ کھایا اور اس کا اثر بھی زمین پر نہ رہنے دیا تمام حاضرین جلسہ حیرت زدہ ہو گئے اور اس واقعہ کو دیکھ رہے تھے کہ وہ دونوں شیر حضرت امام رضا کی خدمت میں حاضر ہوئے اور اذن خدا سے زبان پائی اور وہ یوں گویا ہوئے: یا ولی الله فی ارضه ماذا تامرنا ان نفعل بهذا (ویشیران الی مامون)

اے روی زمین پر ولی خدا اس مامون کے بارے میں ہمارے لیے کیا حکم ہے؟

جس وقت مامون نے یہ کلمات سنے احساس کیا کہ میرا حشر بھی حمید بن مہران کی طرح ہونے والا ہے بے ہوش ہو گیا حضرت امام رضا نے فرمایا ٹھہرو اور حکم دیا کہ پانی لایا جائے اور مامون کے چہرے پر تھوڑا سا پانی چھڑکیں اس طرح اس کو ہوش میں لایا گیا جس وقت وہ ہوش میں آیا ان دونوں شیروں نے امام سے عرض کی :اتاذن لنا ان نلحقه بصاحبه الذی افنیا ه ؟

کیا آپ کی اجازت ہے کہ اس کو بھی اس کے ساتھی کے پاس پہنچا دیں کہ جس کو ہم نے ابھی فنا کیا ہے۔

امام نے اجازت نہیں دی اور فرمایا: فان الله تعالی تدبیرا هو ممضیه۔

خداوند عالم کا ارادہ جس امر سے متعلق ہوتا ہے وہ خود بخود انجام پا جاتا ہے

ان دونوں شیروں نے امام سے اپنے بارے میں معلوم کیا اور امام نے ان کو حکم دیا کہ تم اپنی اصلی حالت میں چلے جاؤ وہ یہ حکم سن کر پھر دوبارہ تصویر بن گئے۔

مامون کہ جو ترس وخوف سے وحشت زدہ تھا، کہنے لگا:

الحمد لله الذی کفانی شر حمید بن مهران۔

خدا کا شکر ہے کہ اس نے مجھ کو حمید بن مہران کے شر سے نجات دی۔

پھر امام سے مخاطب ہو کر کہا: هذا الامر لجدکم ثم لکم فلو شئت لنزلت لك عنه۔(۱)

یہ مقام خلافت آپ کے جد رسول خدا کا ہے اور ان کے بعد آپ کا ہے اگر آپ مائل ہوں تو میں ہٹ جاؤں اور آپ امر خلافت کو سنبھالیں۔

۲۷ - حضرت امام رضا کی اپنی شہادت اور مقام دفن کے بارے میں پیشگوئی

حضرت امام رضا کی مہمترین اور اپنی زندگی کی آخری کرامت اپنی شہادت کے متعلق پیشگوئی اور اس کی کیفیت وجزئیات کے بارے میں خبر دینا ہے۔

ابن حجر ھیثمی شافعی اس سلسلے میں کہتا ہے:

---و اخبر قبل موته بانه یاکل عنبا و رمانا مبثوثا و یموت ، ان المامون یرید دفنه خلف الرشید فلم یستطع وفکان ذالك کله کما اخبربه۔(۲)

---

(۱) فرائد السمطین فی فضائل المرتضی والبتول والسبطین والآئمۃ من ذریتھم ، ج ۲، ص ۲۱۴-۲۱۶، ح ۴۹۰۔

(۲) الصواعق المحرقۃ، ج ۲، ص ۵۹۳۔

آپ نے اپنی موت سے پہلے ہی خبر دی کہ آپ انگور و انار تناول فرمائیں گے اور اسی کے اثر سے انتقال فرما جائیں گے، مامون آپ کو ہارون الرشید کے پیچھے دفن کرنا چاہے گا لیکن کامیاب نہیں ہو پائے گا۔ آپ نے جیسا فرمایا تھا ویسا ہی ہوا۔

آنحضرت کی اپنی شہادت اور مقام دفن کے متعلق پیشنگوئی اور باقی تمام واقعات کو ابوصلت ہروی اور ہرثمہ بن اعین نے علیحدہ علیحدہ نقل کیا ہے کہ جو دونوں روایات یہاں درج کی جارہی ہیں۔

روایت ابوصلت ہروی:

ابوصلت حضرت امام رضا کا ایک غلام ہے اس نے آپ کی وصیت اور پیشنگوئی عجیب وحیرت انگیز طریقہ سے بیان کیا ہے کہ جو حضرت امام رضا کے پاس علم غیب اور آئندہ کے حالات سے باخبر ہونے کا پتا دیتا ہے اور یہ واقعہ ان لوگوں کا بھی جواب ہے کہ جو مامون کی طرفداری اور اس کا امام کے قاتل ہونے سے انکار کرتے ہیں اور بہت سے تاریخی واقعات کو جھٹلاتے ہیں۔ جب کہ یہ روایت شیعہ وسنی دونوں طریقوں سے نقل ہوئی ہے کہ جس سے حضرت امام رضا کی مظلومیت صاف و شفاف آشکار ہو جاتی ہے۔

یہ واقعہ اس قدر حیرت انگیز ہے کہ ملا عبدالرحمٰن جامی حنفی اس کو نقل کرنے سے پہلے کہتا ہے کہ ''آنحضرت کے خوارق العادت کرامات میں سے ایک یہ روایت ہے کہ جس کو ابوصلت ہروی نے نقل کیا ہے''(۱) اور اس کے بعد روایت کو نقل کرتا ہے۔

ابوصلت کہتا ہے ایک روز میں حضرت امام رضا کے پاس کھڑا ہوا تھا آنحضرت اس گنبد کی طرف نظارہ فرما رہے تھے کہ جو ہارون کی قبر پر بنایا گیا تھا اس وقت مجھ سے فرمایا وہاں جاؤ اور اس کے چاروں طرف سے کچھ مٹی اٹھا کر لاؤ۔

---

(۱) شواہد النبوۃ، ص ۳۸۹۔

ابوصلت کہتا ہے کہ میں امام کے دستور کے مطابق گیا اور تھوڑی سی خاک اٹھا کر لے آیا امام نے خاک کو سونگھا اور زمین پر ڈال دیا اور فرمایا عنقریب میرے لیے اس سرزمین میں قبر کھودیں گے لیکن اس میں ایک بہت بڑا پتھر نکلے گا اس کو توڑنے کے لیے بہت کوشش کی جائے گی لیکن خراسان کا کوئی سا بھی ہتوڑا اس کو نہیں توڑ پائے گا ، پھر حضرت نے فرمایا فلاں جگہ سے خاک اٹھا کر لا میں گیا اور مٹی اٹھا کر لے آیا امام نے فرمایا میری قبر اس مقام پر کھودی جائے گی تو ان سے کہنا کہ سات زینے گہری قبر کھودیں اور ایک انسان کے دفن ہونے کے اندازے کے مطابق وسیع کریں اور اگر وہ لوگ اس کام سے پرہیز کریں تو ان سے کہنا کہ لحد کو تھوڑا کشادہ رکھیں تقریبا دو ذراع اور ایک بالشت یعنی حدودا ایک میٹر چوڑی رکھیں۔ خداوند عالم اس کو اپنی رحمت وعنایت سے وسیع کر دے گا میری قبر کو کھودتے وقت اس میں سے پہلے کچھ مقدار میں پانی نکلے گا۔ میں کچھ کلمات آپ کو بتاتا ہوں تم ان کو پڑھنا تو وہ پانی اور زیادہ جوش میں آئے گا اور پوری قبر پانی سے بھر جائے گی اس میں کچھ چھوٹی چھوٹی مچھلیاں پیدہ ہونگی ، میں آپ کو یہ روٹی دیتا ہوں اس کو چور کے ان کے سامنے پانی میں ڈال دینا وہ مچھلیاں اس روٹی کو کھا جائیں گی یہاں تک کہ روٹی کا نشان بھی نہیں رہے گا پھر اچانک ایک بڑی مچھلی نظر آئے گی کہ جو ان تمام چھوٹی مچھلیوں کو کھا جائے گی اور پھر غایب ہوجائے گی آپ پانی کو ہاتھ نہ لگانا اور میں جو کلمات آپ کو بتاؤں ان کو پڑھتے رہنا پانی تھوڑا تھوڑا ختم ہوتا چلا جائے گا یہاں تک کہ بالکل خشک ہوجائے گا یہ جو کچھ میں نے تمہیں بتایا ہے مامون کے سامنے انجام دینا۔

امام نے فرمایا: ابوصلت میں کل مامون کے پاس جاؤں گا میں جس وقت مامون کے پاس سے واپس آؤں تو دیکھنا کہ اگر میں نے اپنے سر کو کسی چیز سے ڈھانپ نہیں رکھا ہے تو مجھ سے بات کر لینا اور اگر کسی چیز سے سر کو چھپا رکھا ہے تو ہرگز بات نہ کرنا۔ ابوصلت کہتا ہے اگلے روز صبح کے وقت حضرت امام رضا نے اپنا لباس زیب تن کیا اور منتظر بیٹھ گئے یہاں تک کہ مامون کا غلام آیا اور اس نے مامون کی دعوت کو پیش کیا۔

آپ مامون کے پاس پہنچے مامون کے سامنے مختلف قسم کے پھلوں سے بھرے ہوئے ظرف رکھے ہوئے تھے اور انگور کا ایک گچھہ اپنے ہاتھ میں لیے ہوئے کھانے میں مشغول تھا جیسے ہی آنحضرت اندر وارد ہوئے وہ کھڑا ہوا امام سے معانقہ کیا اور آپ کی دونوں آنکھوں کے درمیان کا بوسہ لیا آپ کو بٹھایا انگور کا گچھہ کہ جو ہاتھ میں لیے ہوئے تھا وہ امام کو دیا اور کہا اے فرزند رسول خدا ان انگوروں سے اچھے بھی کہیں دیکھے ہیں امام نے جواب دیا اچھے انگور جنت میں ہیں، مامون نے کہا ان انگوروں کو کھایئے امام نے فرمایا مجھ معاف رکھو۔

مامون نے اصرار کیا اور کہا آپ کیوں نہیں کھا رہے ہیں کیا آپ کو ہم پر شک ہے؟ یہ جملے کہے اور امام کے ہاتھ سے وہ انگور کا گچھہ لے لیا اور کچھ انگور کے دانے اس میں سے توڑ کر کھا لیے اور پھر وہ امام کو دے دیا حضرت نے اس میں سے دو تین انگور کھائے اور باقی کو پھینک دیا اور اپنی جگہ سے اٹھ کر کھڑے ہو گئے مامون نے معلوم کیا کہاں جا رہے ہیں؟ امام نے فرمایا: جہاں تو بھیجنا چاہتا ہے۔ ابوصلت کہتا ہے: امام اپنے سر مبارک پر کچھ رکھے ہوئے باہر تشریف لائے میں نے آپ سے کوئی بات نہیں کی، آپ اپنے بیت الشرف میں تشریف لے گئے اور مجھ سے فرمایا گھر کے دروازے کو بند کر دو اور پھر آپ اندر جا کر آرام فرمانے لگے، میں بھی گھر میں غم و رنجیدہ کھڑا ہوا تھا اچانک ایک خوبصورت کالے بالوں والے نوجوان کو دیکھا کہ جو ہو بہو بالکل امام رضا سے مشابہ تھا گھر میں وارد ہوا میں جلدی سے اس کے پاس گیا اور پوچھا؟ آپ کیسے گھر میں وارد ہوئے؟ جب کہ دروازہ بند ہے؟ اس نوجوان نے فرمایا جو ذات مجھے مدینہ سے چند لمحوں میں یہاں لا سکتی ہے وہ اندر بھی وارد کر سکتی ہے۔ میں نے معلوم کیا کہ آپ کون ہو؟ تو فرمایا میں خداوند عالم کی جانب سے مخلوق پر حجت ہوں، میرا نام محمد بن علی ہے پھر آپ اپنے والد بزرگوار کی خدمت میں تشریف لے گئے اور مجھے بھی اندر حجرے میں آنے کی دعوت دی، حضرت امام رضاؑ نے جیسے ہی ان کو دیکھا فوراً اپنی جگہ سے اٹھے اور معانقہ فرمایا، سینے سے لگا لیا اپنے بیٹے کی دونوں آنکھوں کے درمیان کا بوسہ لیا پھر دونوں نے خاموشی سے کچھ گفتگو کی۔

اس کے بعد حضرت امام رضا کے لبوں پر برف سے زیادہ سفید رنگ کے جھاگ نمودار ہوئے، امام محمد تقی نے اپنے لبوں کو حضرت کے لبوں پر رکھ دیا پھر حضرت کے سینے کے اندر سے ایک چڑیا کے مانند کوئی چیز نکلی اور پرواز کر گئی اس وقت حضرت امام رضا انتقال فرما گئے۔

حضرت امام محمد تقی نے مجھ سے فرمایا: اے ابوصلت اٹھو اور خزانہ میں سے پانی اور تختہ لے آؤ، میں نے عرض کی خزانہ میں نہ پانی موجود ہے اور نہ کوئی تختہ، امام نے فرمایا: جو کچھ میں تم سے کہہ رہا ہوں انجام دو، میں خزانہ میں گیا وہاں پر پانی اور تختہ دونوں کو پایا ان کو لے کر حضرت کی خدمت میں حاضر ہو گیا۔

میں نے چاہا کہ غسل دینے میں حضرت کی مدد کروں، آپ نے فرمایا میری مدد کرنے والے اور افراد موجود ہیں۔ حضرت امام محمد تقی نے آنحضرت کو غسل دیا پھر مجھ سے فرمایا خزانہ میں ایک جامہ دانی ہے اس میں کفن اور حنوط ہے اس کو لے آؤ، ابوصلت کا بیان ہے کہ میں خزانہ میں گیا وہاں پر جامہ دانی کو دیکھا جب کہ پہلے وہاں کوئی چیز نہیں تھی میں کفن و حنوط کو بھی لے آیا حضرت امام محمد تقی نے اپنے والد بزرگوار کو کفن پہنایا حنوط کیا اور آپ کے بدن شریف پر نماز جنازہ پڑھی پھر مجھے حکم دیا کہ ایک تابوت لے کر آؤ، میں نے عرض کی کہ جاتا ہوں کسی نجار سے کہتا ہوں کہ ایک تابوت بنائے، امام نے فرمایا خزانہ میں جاؤ میں وہاں گیا تابوت کو رکھا دیکھا کہ جو اس سے پہلے کبھی نہیں دیکھا تھا میں اس کو اٹھالایا آپ نے امام کے جنازے کو تابوت میں رکھا اور دو رکعت نماز پڑھی کہ اچانک نماز کے دوران تابوت اپنی جگہ سے بلند ہوا حجرے کی چھت شگافتہ ہوئی اور تابوت وہاں سے آسمان کی طرف چلا گیا۔ میں نے عرض کی اے فرزند رسول خدا، مامون آئے گا اور مجھ سے جنازے کے بارے میں معلوم کرے گا۔ امام نے فرمایا خاموش رہو تابوت واپس آجائے گا۔ پھر مجھ سے فرمایا اے ابوصلت اگر کوئی پیغمبر مشرق میں انتقال کر جائے اور ان کا وصی مغرب میں دنیا سے رخصت ہو تو بھی خداوند عالم ان کے بدنوں اور روحوں کو ایک جگہ جمع فرمادے گا۔

ابوصلت کا بیان ہے کہ امام کی فرمائش ابھی تمام بھی نہ ہوئی تھی کہ حجرے کی چھت دوبارہ کھلی اور تابوت واپس آ گیا امام محمد تقی نے جنازے کو تابوت سے باہر نکالا اور آپ کے بستر پر زمین میں لٹا دیا بلکل ایسے کہ گویا ابھی ابھی امام کا انتقال ہوا ہے اور آپ کو غسل و کفن نہیں دیا گیا، پھر مجھ سے فرمایا اب تم اٹھو دروازے کو کھولو۔ ابوصلت کا بیان ہے جب میں نے دروازے کو کھولا تو مامون اور اس کے سپاہی و غلام روتے پیٹتے ہوئے گھر میں وارد ہوئے اپنے گریبانوں کو چاک کیے ہوئے تھے اپنا سر و سینہ پیٹ رہے تھے اور مامون یاسیداہ فجعت بك یا سیداہ اے میرے سید و سردار آپ کی موت سے میں بے چارہ ہو گیا'' کہہ کہہ کر چیخ رہا تھا۔ اس کے بعد امام کے بدن مبارک کی تجہیز و تکفین میں مشغول ہو گئے، اس نے حکم دیا کہ حضرت امام رضا کے لیے قبر کھودی جائے۔ ابوصلت کہتا ہے میں وہیں حاضر تھا اور جو کچھ امام نے فرمایا تھا وہی سب کچھ رونما ہوا جس وقت مامون نے پانی اور مچھلیوں کو دیکھا تو کہا امام رضا مرنے کے بعد بھی اپنی زندگی کی طرح خوارق عادت معجزات رکھتے ہیں۔ مامون کے ایک طرفدار نے کہا کیا آپ جانتے ہیں کہ اس واقعہ کا کیا مطلب ہے؟ اس کا مطلب یہ ہے کہ آپ بنی عباس کی حکومت و خلافت کثرت و طولانی مدت اس مچھلیوں کی طرح ہے، مامون نے اس تفسیر کی تائید میں کہا کہ ہاں تم سچ کہہ رہے ہو۔

ابوصلت کا بیان ہے کہ میں نے حضرت امام رضا کے حکم کے مطابق عمل کیا اور وہ کلمات کہ جن کی مجھ کو تعلیم دی تھی میں نے قبر میں پانی ظاہر ہوتے وقت پڑھے۔ جس وقت مامون حضرت امام رضا کے دفن سے فارغ ہوا، اس نے کہا کہ وہ کلمات مجھ کو بھی تعلیم دو میں نے کہا کہ میں ان کلمات کو اسی وقت بھول گیا اور واقعا میں ان کو پڑھنے کے بعد بھول گیا تھا۔ مامون اس بات سے بہت غصہ ہوا اور حکم دیا کہ مجھ کو زندان میں ڈالدیا جائے، میں نے ایک سال بہت سختی و مشکلات کے ساتھ زندان میں گذارا، یہاں تک کہ میری حالت بہت خراب ہو گئی میں نے خداوند عالم کی بارگاہ میں دعا کی پروردگارا تجھے محمد و آل محمد کا واسطہ میری مشکل آسان کر دے اور مجھ کو اس زندان سے رہا فرما۔

ابوصلت کہتا ہے کہ ابھی میری دعا تمام نہ ہونے پائی تھی کہ حضرت امام محمد تقی میرے پاس تشریف لائے اور مجھ سے فرمایا: کیا خستہ ہو گئے ہو؟ ابوصلت نے کہا ہاں خدا کی قسم، آپ نے فرمایا اٹھو اور اسی طرح مجھ کو زندان سے باہر لے آئے جب کہ نگہبان اور زندان کی سپاہی مجھے دیکھ رہے تھے لیکن کسی میں کچھ کہنے یا ہم کو روکنے کی جرئت نہیں تھی۔ جس وقت حضرت امام محمد تقی نے مجھ کو زندان سے آزاد کیا مجھ سے فرمایا تم جاؤ کہ تم خداوند متعال کی پناہ میں ہو اس کے بعد نہ تم مامون کو دیکھو گے اور نہ وہ تمہیں دیکھ پائے گا۔ ابوصلت کا بیان ہے کہ میں نے اس کے بعد سے کبھی مامون کو نہیں دیکھا۔(۱)

روایت ہرثمہ ابن اعین:

هرثمة بن اعين ، و كان من خدام الخليفة عبدالله المامون ، الا انه كان محبا لاهل البيت الغاية و يعد نفسه من شيعتهم و كان قائما بخدمة الرضا و جمع مصالحه مؤثراً لذالك على جميع اصحابه مع تقدمه عند المامون و قربه منه ـ قال طلبنى سيد ابوالحسن الرضا فى يوم من الايام ـ

فقال لى يا هرثمة مطلعك على امر يكون سراً عند ك لا تظهر ه لاحد مدة حياتى ، فان اظهرته حال حياتى كنت خصيما لك عندالله فحلفت له انى لا اتفوه بما يقوله لى مدة حياته ـ

فقال لى : اعلم يا هرثمة انه قد دنى رحيلى و لحوقى بجدى وآبائى وقد بلغ الكتاب اجله وانى اطعم عنبا و رمانا مفتونا ، فاموت و يقصد الخليفة ان يجعل قبرى خلف قبر ابيه الرشيد وان الله لايقدره على ذالك۔

---

(۱) اثبات الوصیۃ، ص ۱۸۱-۱۸۲۔ شواہد النبوۃ، ص ۳۸۹-۳۹۲۔ تاریخ روضۃ الصفا، ج ۳، ص ۴۹-۵۲۔ تاریخ حبیب السیر فی اخبار افراد بشر، ج ۲، ص ۸۸-۹۱۔

وان الارض تشتد عليهم فلا تعمل فيها المعاول ولا يستطيعون حفرها ـ فاعلم يا هرثمة ، انما مدفنى فى الجهة الفلانية من الحد الفلانى بموضع عينه له عنده ، فاذا انامت و جهزت فاعلمه بجميع ما قلته لك ليكونوا على بصيرة من امرى و قل له : ان اوضعت فى نعشى وارادوا الصلاة على فلا يصلى على وليتيان بى قليلا ، فانه ياتيكم رجل عربى متلثم على ناقة له مسرع من جهة الصحراء عليه وعثاالسفر ، فينيخ راحلته و ينزل عنها فيصلى على و صلوا معه على ، فاذا فرغتم من الصلاة على وحملتونى الى مدفنى الذى عينته لك ، فاحفر شيأ يسيرا من وجه الارض تجد قبرا مطبقا معمورا فى قعره ماء ابيض اذا كشف عنه الطبقات نضب الماء فهذا مدفنى فادفنونى فيه ـ الله الله يا هرثمة ان تخبر بهذا او بشئ منه قبل موتى ـ قال هرثمة فوالله ماطالت ايامه حتى اكل الرضا عند الخليفة عنبا ورمانا مفتونا فمات۔۔۔(الى ان قال)

قال هرثمة : فدخلت على عبدالله المامون لما رفع اليه موت ابى الحسن الرضا فوجدت المنديل فى يده وهو يبكى عليه فقلت : يا اميرالمؤمنين ! ثم كلام أ تاذن لى ان اقوله لك؟

قال : قل، قلت: ان الرضا اسرالى فى حياته بامر و عاهدنى ان لا ابوح به لاحد الالك عند موته ـ و قصصت عليه القصة التى قالها من اولها الى آخرها ، وهو متعجب من ذالك ، ثم امر بتجهيزه و خرجنا بجنازته الى المصلى و تانينا بالصلاة عليه قليلا ، فاذا بالرجل قد اقبل على بعير من جهة الصحراء كما قال و نزل و لم يكلم احداً فصلى عليه الناس معه وامر الخليفة بطلب الرجل فلم يرواله اثر ولابعيره۔

ثم ان الخليفة قال: نحفر له من خلف الرشيد ، فقلت له : يا اميرالمؤمنين! أ لم نخبرك بمقالته ؟ قال نريد ننظر الى ماقاله لك۔

فعجز الحافرون فكانت الارض اصلب من الصخر الصوان و عجزوا عن حفرها و تعجب الحاضرون من ذالك۔ وتبين للمامون صدق ما قلته له عنه ، فقال : ارنى الموضع الذى اشار اليه فجئت بهم اليه فما كان الا ان كشف التراب عن وجه الارض فظهرت الاطباق فرفعنا ها فظهر من تحتها قبر معمول واذا فى قعره ماء ابيض و علمت الخليفة فحفروا قبره على الصفة التى ذكرتها له اشرف عليه المامون وابصره ، ثم ان ذالك الماء نشف من وقته فوارينا و رددنا فيه الاطباق على حالها والتراب ولم يزل الخليفة المامون يتعجب بما رأى و مما سمعه منى ويتأسف عليه و يندم و كلما خلوت فى خدمته يقول لى : ياهرثمة ! كيف قال لك ابوالحسن الرضا ؟ فاعيدعليه الحديث فيتلهف و يتاسف و يقول : انالله و انا اليه راجعون۔(۱)

جس وقت مامون اپنی بیماری کی وجہ سے نماز تک پڑھنے سے مجبور ہوگیااس وقت اس نے حضرت امام رضا سے خواہش کی کہ حضرت نماز جماعت پڑھائیں حضرت سفید عمامہ ایک سفید اور چھوٹا کرتا زیب تن کرکے اور ہاتھ میں ایک عصا لے کر نماز کے لیے روانہ ہوئے دوران راہ آپ کی زبان پر یہ کلمات جاری تھے۔''السلام على ابوى ابراهيم و اسماعيل ، السلام على ابوى محمد و على ، السلام على عباد الله الصالحين''

سلام ہو میرے دونوں باپ ابراہیم واسماعیل پر اور سلام ہو میرے دونوں والد ماجد محمد وعلی پر اور سلام ہو تمام نیک خدا کے بندوں پر۔

---

(۱) مطالب السؤول فی مناقب آل الرسول،ص۳۰۰-۳۰۲۔الفصول المھمہ فی معرفۃ احوال الآئمہ،ص۲۵۰۔ الکواکب الدریہ فی تراجم السادۃ الصوفیہ،ج۱،ص۲۶۶۔نورالابصار فی مناقب آل بیت النبی المختار،ص۲۴۴۔الانوار القدسیہ،ص۳۹۔مفتاح النجا فی مناقب آل عبا،ص۸۲۔

اس وقت امام کے چاروں طرف لوگوں کی بھیڑ ہوگئی اور وہ آپ کے دست مبارک کے بوسے لے رہے تھے اور آپ کا بہت زیادہ احترام و تعظیم کر رہے تھے۔ یہ خبر مامون تک پہنچی کہ اگر یہ حالت اسی طرح باقی رہی تو خلافت تیرے ہاتھ سے نکل جائے گی، اس وقت خود شخصا میدان میں وارد ہوا اور بہت جلدی اپنے آپ کو امام تک پہنچا دیا اور حضرت کو نماز جماعت سے پڑھانے سے انکار کر دیا اس واقعہ کے بعد امام نے اپنا مہم راز ہرثمہ بن اعین سے بیان کیا کہ جو مامون کا خادم تھا اور اہل بیت کا چاہنے والا ومحبّ تھا۔ ہرثمہ کا بیان ہے ایک روز میرے سید و سردار ابوالحسن علی بن موسی الرضا نے مجھ کو طلب کیا اور فرمایا: اے ہرثمہ میں چاہتا ہوں کہ تجھ کو ایک ایسی بات کی خبر دوں کہ جو صرف تجھ ہی تک محفوظ رہے جب تک میں زندہ ہوں کسی سے بیان نہ کرنا اگر تو نے کسی سے یہ راز فاش کر دیا تو میں خدا کے حضور تیرا دشمن ہوں گا، ہرثمہ کا بیان ہے کہ میں نے قسم کھائی کہ جب تک آپ زندہ ہیں میں اس راز کو کسی پر بھی آشکار نہیں کروں گا اور کسی سامنے بھی زبان نہیں کھولوں گا۔

امام نے فرمایا: اے ہرثمہ میرا سفر آخرت اور میرے جد بزرگوار و آباء واجداد طاہرین سے ملاقات کا وقت نزدیک آ گیا ہے، مجھ کو زہریلے انگور وانار کھلا کر شہید کیا جائے گا، خلیفہ چاہے گا کہ میری قبر ہارون الرشید کے پیچھے کھدوائے لیکن اس کام سے خدا راضی نہیں ہوگا اور زمین کو اجازت نہیں ہوگی مامون یہ کام کرے اور جتنی بھی کوشش کی جائے گی ناکام رہیں گے۔

اے ہرثمہ میرا مدفن فلاں جگہ پر ہے پس میری وفات اور تجہیز و تکفین کے بعد مامون کو اس بات سے باخبر کر دینا اور اس کو اچھی طرح آگاہ کر دینا تاکہ مجھ کو خوب پہچان جائے اور اس سے کہنا کہ جب مجھ کو تابوت میں رکھ کر نماز کے لیے آمادہ ہوں تو تھوڑا سا صبر کرنا اس وقت ایک عرب کہ جس کو کوئی نہیں جانتا ہوگا چہرے پر نقاب ڈالے بہت جلدی سے جنگل کی طرف سے آئے گا اپنی سواری کو بٹھائے گا نیچے اترے گا اور میرے جنازے پر نماز پڑھے گا تم سب اس کے ساتھ نماز جنازہ پڑھنا اس کے بعد مجھے اس مقام پر دفن کرنا کہ جو میں نے معین کیا ہے۔

وہاں سے جیسے ہی تھوڑی سی مٹی اٹھاؤ گے ایک قبر آمادہ نظر آئے گی کہ جس میں صاف وشفاف پانی بھرا ہوا ہوگا اگر اس پر سے ڈھکے ہوئے پتھر کو اٹھاؤ گے تو پانی اور جوش میں آئے گا یہی میرے دفن کی جگہ ہے یہیں مجھے دفن کرنا۔اے ہرثمہ اس خبر کو میری زندگی میں کسی سے نہ کہنا ورنہ تمہیں خدا سمجھے!

ہرثمہ کہتا ہے کچھ عرصہ کے بعد یہ تمام واقعات رونما ہوئے حضرت امام رضا خلیفہ کے دربار میں انگور وانار تناول فرما کر مسموم ہوگئے اور شہید ہوگئے ۔ ہرثمہ کہتا ہے کہ میں نے حضرت امام رضا کی فرمائش کے مطابق آپ کی شہادت کے بعد غسل وکفن ودفن کے متعلق مامون سے بیان کرنے کے لیے دربار میں وارد ہوا، دیکھا کہ وہ اپنے ہاتھ رومال لیے ہوئے امام رضا کے فراق میں گریہ کررہا ہے میں نے اس سے کہا: اے خلیفہ اجازت ہے کہ میں آپ سے ایک بہت مہم مطلب امام رضا کے بارے میں بیان کروں، مامون نے کہا: کہ کہیے تب میں نے اس کہا: کہ حضرت امام رضا نے اپنی زندگی میں ایک راز مجھ سے بیان فرمایا اور مجھ سے عہد لیا کہ جب تک وہ زندہ ہیں کسی سے نہ کہوں اور ان کے انتقال کے بعد آپ سے بیان کروں لہذا میں وہ راز بیان کرنا چاہتا ہوں، اور پھر میں نے تمام قصہ مامون سے بیان کردیا جب مامون نے یہ راز سنا تو بہت تعجب کیا پھر حضرت کے جنازے کو غسل وکفن کے لیے حکم دیا پھر اس کے بعد ہم سب حضرت کے جنازے پر نماز پڑھنے کے لیے آمادہ ہوئے اسی وقت ایک اجنبی شخص کو آتے دیکھا کہ جو جنگل کی طرف سے بہت تیزی کے ساتھ ہماری طرف آرہا ہے اور اس نے کسی سے کوئی گفتگو کیے بغیر امام کے جنازے کی نماز پڑھائی ہم سب نے اس کے ساتھ نماز جنازہ ادا کی، نماز کے بعد مامون نے حکم دیا کہ اس شخص کو لے کر دربار میں آؤ لیکن اس شخص کا کوئی نام ونشان نہ مل سکا اور اس کی سواری بھی نظر نہ آئی، پھر مامون نے حکم دیا کہ ہارون الرشید کی قبر کے پیچھے حضرت کے لیے قبر کھودی جائے ہرثمہ نے خلیفہ سے کہا کہ کیا میں نے حضرت امام رضا کے راز کے بارے میں نہیں بتایا ہے؟

مامون نے کہا کہ میں چاہتا ہوں کہ دیکھوں کہ کیا وہ باتیں ساری صحیح ہیں یا نہیں۔

قبر کھودنے کا حکم پا کر قبر کھودنے والے اپنے کام میں مشغول ہو گئے لیکن اسی جگہ پر ایک بہت بڑا پتھر نظر آیا کہ جس کو توڑنے کے لیے ہر طرح کی کوشش کی گئی لیکن ناکام رہے لہذا حضرت امام رضا کی فرمائش پر تمام حاضرین اور مامون سب کو بہت حیرت ہوئی اور پھر مامون نے حضرت امام رضا کی فرمائش پر یقین کرتے ہوئے مجھ سے کہا کہ وہ جگہ کہ جو امام رضا نے مجھ سے بتائی ہے وہ کہاں ہے میں نے وہ مقام مامون کو دکھایا اور پھر وہاں سے تھوڑی سی ہی مٹی اٹھائی کہ وہاں پر ایک آمادہ قبر نظر آئی اور بالکل جو علامات حضرت امام رضا نے مجھ سے فرمائے تھے سب کچھ نمودار ہوئے۔

جب مامون نے یہ حالت دیکھی تو بہت تعجب کیا پھر اچانک قبر میں بھرا ہوا پانی خشک ہو گیا ہم نے امام کے جنازے کو قبر میں رکھ دیا اور حضرت کو دفنا دیا۔ اس کے بعد خلیفہ نے بہت افسوس اور تعجب کیا پھر جب کبھی بھی مجھے دیکھتا اور ہم تنہا ہوتے تو مجھ سے کہتا کہ ہرثمہ امام رضا نے تم سے کیا کہا تھا اور میں اس کے جواب میں ساری داستان سنا دیتا تو وقت اس کا تعجب و حیرت اور زیادہ ہوتی اور زبان پر'' انا لله وانا اليه راجعون'' جاری کرتا۔

محمد بن طلحہ شافعی کا کلام

وہ اس داستان کو نقل کرنے کے بعد کہتا ہے:

فانظر الى هذه المنقبة العظيمة و الكرامة البالغة التى تنطق بعناية الله عز و جل ، و ازلاف مكانته عنده۔(۱)

اس عظیم فضیلت و باکمال کرامت کو دیکھیے کہ جو حضرت امام رضا کو خداوند عالم نے عطا فرمائی ہے کہ جو آپ کے خداوند عالم سے قربت پر دلیل ہے۔

---

(۱) مطالب السؤول فی مناقب آل الرسول، ص ۳۰۲۔

حضرت امام علی رضا کی عظمت کے متعلق مہم ترین نکتہ

یہ مسلم ہے کہ حضرت امام علی رضا طوس کی طرف بااجبار ہجرت کے بعد دو یا تین سال سے زیادہ زندہ نہ رہ سکے اور آپ کی زندگی کا زیادہ تر حصہ مدینہ میں گذرا جب کہ اگر غور کیا جائے تو آپ کی ہجرت کے بعد کی کرامات ہجرت سے پہلے سے اگر زیادہ نہ ہوں تو کم بھی نہیں ہیں اس لیے کہ تاریخ کا مطالعہ کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ آپ کی ہجرت سے پہلے کے معجزات وکرامات ۱۳ عدد ہیں جب کہ ہجرت کے بعد کے معجزات وکرمات ۱۴ عدد ہیں کہ جس سے یہ بات اچھی طرح واضح ہوجاتی ہے کہ مامون نے حضرت کو مدینہ سے تحقیر اور آپ کی شخصیت کو کم کرنے کے لیے بلایا تھا لیکن ان معجزات وکرامات نے حضرت کی شخصیت وعظمت کو دوبالا کردیا اس لیے کہ اولاً، یہ معجزات وکرامات ہجرت سے پہلے معجزات وکرامات سے زیادہ ہیں۔ ثانیاً، ہجرت کے بعد معجزات از لحاظ ولایت تکوینی زیادہ مہم ومؤثر ہیں۔

لہذا حضرت امام علی رضا کی ہجرت کے بعد معجزات کیفیت وکمیت کے اعتبار سے بہت عظیم اور آپ کے خراسان، ایران وہند میں مشہور ومقبول ہونے کا سبب بنیں لیکن پھر یہی وجہ رہی کہ مامون نے اس مختصر سی مدت میں حضرت کو شہید کریا۔

☆☆☆☆☆

☆☆☆

☆

ساتواں حصہ

زیارت

اس حصہ میں سب سے پہلے حضرت امام علی رضاؑ کے روضہ منورہ کی زیارت کی فضیلت حضرت رسول اکرم اور اہل بیت طاہرین کی زبانی بیان کی جائے گی، اس کے بعد اہل سنت کے علماء و بزرگوں کا حضرت کی قبر مطہر کی زیارت سے مشرف ہونا اور آپ سے توسل کرنا یا وہ واقعات کہ جو انہوں نے آپ کی زیارت کے متعلق دوسرے لوگوں اور عوام الناس سے نقل کیے ہیں اور پھر آخر میں حضرت کے روضہ مقدس کے گنبد و بارگاہ کی تاریخ یہ کہ حضرت امام علی رضا کا روضہ، گنبد اور بارگاہ ابتدائی دور سے آج تک کس کس کیفیت میں گذرا بیان ہوگا۔

زیارت کی فضیلت

روضہ مبارکہ حضرت امام علی رضاؑ کی زیارت، اور اس کے متعلق پیغمبر اکرمؐ و اہل بیتؑ کی روایات میں تاکید، خصوصا اہل سنت کی کتابوں میں آپؑ کی قبر پاک کی زیارت کے سلسلے میں معصومینؑ کی سفارشات آنحضرتؐ کی بلندی مقام کی نشاندہی اور آپؑ کے پاک مرقد کی زیارت کے سنت ہونے کو روز روشن کی طرح واضح کرتی ہیں جبکہ افسوس ان روایات سے چشم پوشی کی گئی ہے۔

اس حصہ میں حضرت پیغمبر اکرمؐ، امام موسی کاظمؑ امام علی رضاؑ، امام محمد تقی اور امام علی نقیؑ سے منقول گیارہ احادیث کی طرف کہ جو اہل سنت کی کتابوں میں مذکور ہیں اشارہ کیا جائے گا۔

پیغمبر اکرمؐ کی نگاہ میں

۱- حاکم نیشاپوری شافعی اپنی سند کے ساتھ حضرت امام رضاؑ سے روایت نقل کرتا ہے:

''روی عن الامام علی الرضا عن آبائه عن النبیؐ انه قال : ستدفن بضعة منی بخراسان ، مازارها مکروب الانفس الله کربته ولا مذنب الا غفر الله ذنوبه''(۱)

حضرت امام رضاؑ سے روایت ہے کہ پیغمبر اکرمؐ نے فرمایا: عنقریب میرے بدن کا ٹکڑا سرزمین خراسان میں دفن ہوگا، جو کوئی مشکلوں میں گرفتار شخص اس کی زیارت کرے گا خداوند عالم اس کی مشکلوں کو برطرف فرمائے گا اور جو کوئی گنہگار اس کی زیارت کرے گا خداوند عالم اس کے گناہوں کو بخش دے گا

۔

۲- حاکم نیشاپوری شافعی نے اپنی اسناد کے ساتھ امام جعفر صادقؑ سے، انہوں نے اپنے آباء و اجداد سے، انہوں نے امیر المؤمنینؑ سے اور آپؑ نے پیغمبر اکرمؐ سے روایت نقل کی ہے کہ حضور انورؐ نے ارشاد فرمایا:

''ستدفن بضعة منی بخراسان ، لایزورها مؤمن الا اوجب الله له الجنة و حرم جسده علی النار''۔(۲)

عنقریب میرے بدن کا ایک ٹکڑا سرزمین خراسان میں دفن ہوگا جو مؤمن بھی اس کی زیارت کو جائے گا خداوند عالم اس پر جنت کو واجب کردے گا اور اس کے بدن کو آتش دوزخ پر حرام کردے گا۔

---

(۱) جوینی شافعی: فرائد السمطین فی فضائل المرتضٰی والبتول والسبطین والآئمۃ من ذریتھم، ج۲،ص۱۹۰، ح۴۶۷ بنقل از تاریخ نیشاپور، حاکم نیشاپوری شافعی۔ قندوزی حنفی: ینابیع المودۃ لذوی القربی، ج۲،ص۳۴۱۔

(۲) جوینی شافعی : فرائد السمطین فی فضائل المرتضٰی والبتول والسبطین والآئمۃ من ذریتھم، ج۲،ص ۱۸۸، ح ۴۶۴ بنقل از تاریخ نیشاپور، حاکم نیشاپوری شافعی۔

۳- عایشہ سے روایت ہے کہ رسول خداؐ نے فرمایا:

''من زار ولدی بطوس فانما حج مرة ، قالت مرة ؟ فقال مرتین ، قالت : مرتین؟ فقال : ثلاث مرات۔ فسکتت عایشه ، فقا ل: ولو لم تسکتی لبلغت سبعین''۔(۱)

جو شخص میرے بیٹے کی طوس میں زیارت کرے گا گویا اس نے ایک حج انجام دیا، عایشہ نے کہا: ایک حج ؟ پیغمبر اکرمؐ نے فرمایا: دو حج ، عایشہ نے کہا دو حج ؟ آپؐ نے فرمایا: تین حج ۔ عایشہ خاموش ہوگئیں، رسول اکرمؐ نے ارشاد فرمایا: اگر خاموش نہ ہوتیں تو میں ستر حج تک بیان کر دیتا۔

اس روایت میں اگر غور وفکر کیا جائے تو معلوم ہوگا کہ عایشہ کے لیے حضرت امام رضاؑ کی شخصیت اور طوس کا علاقہ اتنا مانوس اور مشخص و واضح تھا کہ کلمہ ''ولدی'' و'' طوس'' کے معنی کے بارے میں کوئی سوال نہیں کیا بلکہ آپؑ کی زیارت کے ثواب کے بارے میں تعجب کیا۔ (۲)

حضرت امام موسی کاظمؑ کی نگاہ میں

۴- حاکم نیشاپوری شافعی اپنی اسناد کے ساتھ بیان کرتا ہے کہ راوی کا بیان ہے کہ میں نے حضرت امام موسی کاظمؑ کی زبانی سنا کہ آپ نے فرمایا:

''من زار قبر ولدی علی کان له عند الله سبعین حجة ، ثم قال ورب حجة لاتقبل ۔ من زاره او بات عنده لیلة کان کمن زار اهل السموات و اذا کان یوم القیامة ، وجد معنا زوار آئمتنا اهل البیت واعلاهم درجة و اقربهم حیوة زوار ولدی علی''۔(۳)

---

(۱) قندوزی حنفی: ینابیع المودة لذوی القربی، ج۲،ص۳۴۱۔

(۲) البتہ ممکن ہے کہ رسول اکرمؐ سے سوال کیا ہو لیکن روایت کا اگلا حصہ حذف ہوگیا ہے یا راوی نے ذکر نہیں کیا ہے۔

(۳) جوینی شافعی: فرائد السمطین فی فضائل المرتضٰی والبتول والسبطین والآئمة من ذریتھم ، ج۲،ص۱۹۴، ح۴۷۱،بنقل از تاریخ نیشاپور، حاکم نیشاپوری شافعی۔

جو شخص بھی میرے بیٹے علی کی قبر کی زیارت کرے گا خداوند عالم اس کو ستر حج کا ثواب عطا کرے گا، پھر فرمایا اور نہ معلوم کتنے حج ہیں کہ جو قبول حق بھی نہیں ہوتے۔ جو شخص ان کی قبر کی زیارت کرے یا ایک رات ان کی قبر کے قریب گزارے وہ ایسے ہے گویا تمام اہل آسمان کی زیارت کی ہے اور جب قیامت کا دن برپا ہوگا ہم آئمہ اہل بیتؑ کے زائرین کو دیکھیں گے کہ وہ ہمارے اطراف میں ہیں لیکن میرے بیٹے علی کے زائر کا مرتبہ بلند تر اور حیات معنوی کے لحاظ سے نزدیک تر ہوگا۔

حضرت امام علی رضاؑ کی نگاہ میں

۵- جوینی شافعی اپنی اسناد کے ساتھ فضال سے روایت نقل کرتا ہے اس نے کہا:

''سمعت علی بن موسی الرضا علیه التحیة والثناء ۔ و جائه رجل فقال له : یا بن رسول الله رأیت رسول الله فی المنام کان یقول لی : کیف انتم اذا دفن فی ارضکم بضعتی و استحفظتم ودیعتی و غیب فی ثراکم لحمی ۔ فقال له الرضا: انا المدفون فی ارضکم وانا بضعة نبیکم وانا الودیعة و اللحم ، من زارنی وهو یعرف ما اوجب الله من حقی و طاعتی ، انا وآبائی شفعاؤه یوم القیامة ومن کنا شفعاؤه نجا، ولو علیه مثل وزر الثقلین الجن والانس''۔(۱)

حضرت علی بن موسی الرضا علیہ التحیۃ والثناء سے سنا کہ ایک شخص آپ کی خدمت میں حاضر ہوا اور امام سے عرض کی: اے فرزند رسول میں نے حالت خواب میں پیغمبر اکرمؐ کو دیکھا کہ آپ فرمارہے ہیں : آپ کی حالت کیا ہوگی جب میرے بدن کا ٹکڑا تمہاری سرزمین میں دفن ہوگا، میری امانت تمہارے سپرد کی جائے گی اور تمہاری مٹی میں میرے گوشت کا ٹکڑا غائب ہوگا؟۔

---

(۱) فرائد السمطین فی فضائل المرتضٰی والبتول والسبطین ، ج ۲، ص ۱۹۱، ح ۴۶۸ بنقل از تاریخ نیشاپور۔ اور دیکھیے-: تاریخ حبیب السیر فی اخبار افراد بشر، ج ۲، ص ۸۶۔ وسیلۃ الخادم الی المخدوم در شرح صلوات چہادہ معصومؑ، ص ۲۲۳۔

امام رضاؑ نے جواب دیا: میں وہی شخص ہوں کہ جو تمہاری سرزمین میں دفن ہوگا اور میں تمہارے رسولؐ کے بدن کا ٹکڑا اور میں ہی وہ امانت اور گوشت کا ٹکڑا ہوں کہ جو شخص بھی خدا کی طرف سے واجب کردہ میری اطاعت اور میرے حق کی معرفت کے ساتھ میری زیارت کرے گا تو میں اور میرے آباء و اجداد روز قیامت اس شخص کی شفاعت کریں گے اور جس شخص کی ہم شفاعت کریں وہ یقیناً نجات پائے گا چاہے اس کے گناہ جن انس کے گناہوں کے برابر ہی کیوں نہ ہوں۔

حضرت امام رضاؑ مذکورہ واقعہ کی تائید میں حضرت پیغمبر اکرمؐ سے روایت نقل فرماتے ہیں:

"و لقد حدثنی ابی ، عن جدی ، عن ابیه ، عن آبائه ان رسول اللهؐ قال: من رأنی فی منامه فقد رأنی ، فان الشیطان لا یتمثل فی صورتی ولا فی صورة احد من اوصیائی ، ان رؤیا الصادقة جزء من سبعین جزأ من النبوة "۔(۱)

حضرت امام رضاؑ نے اپنے اجداد طاہرینؑ سے اور انہوں نے حضرت رسول اکرمؐ سے روایت نقل کی ہے کہ آپؐ فرماتے ہیں: جو کوئی بھی مجھے خواب میں دیکھے اس نے واقعاً مجھے خواب میں دیکھا ہے چونکہ شیطان میری صورت میں اور میرے اوصیاء کی صورت میں نہیں آ سکتا، سچا خواب، نبوت کے ستر اجزاء میں سے ایک جزء ہے۔

اس روایت کی بنیاد پر تمام وہ خواب کہ جو اس قسم کے ہوں یعنی رسول اکرمؐ یا آپؐ کے کسی جانشین کو دیکھا ہو وہ حجیت رکھتے ہیں۔

۶- حاکم نیشاپوری شافعی نے اپنی اسناد کے ساتھ نقل کیا ہے حضرت امام علی بن موسی الرضاؑ نے فرمایا:

---

(۱) فرائد السمطین فی فضائل المرتضی والبتول والسبطین والآئمة من ذریتھم، ج ۲، ص ۱۹۱، ح ۴۶۸۔

''انی مقتول مسموم مدفون بارض غربة ، اعلم ذالك بعهد عهده الی ابی عن ابیه عن آبائه عن علی ابن ابی طالب عن رسول اللهؐ، الافمن زارنی فی غربتی کنت اناو آبائی شفعاؤه یوم القیامة،و من کنا شفعاؤ ه نجا و لو علیه مثل وزر الثقلین''۔(۱)

میں زہر سے مقتول اور سرزمین غربت کا مدفون ہوں، میں اس عہد سے واقف ہوں کہ یہ مجھ سے میرے باپ نے اور ان سے ان کے آباء واجداد نے، ان سے علیؑ ابن ابی طالبؑ نے اور آپؑ سے رسول اکرمؐ نے عہد کیا ہے، آگاہ ہوجاؤ کہ جو شخص بھی عالم غربت میں میری زیارت کرے گا میں اور میرے آباؤاجداد اس کے شفیع ہوں گے اور جس کے ہم شفیع ہوں اس کی نجات یقینی ہے، چاہے اس کے گناہ جن وانس کے گناہوں کے برابر ہوں۔

جوینی نے اس روایت کو بہت زیادہ تعجب کے ساتھ اس طرح یاد کیا ہے:

''کرامة یا لها من کرامة باهرة! و بشارة لشفاعة الذنوب ماحیة غافرة'' ۔(۲) واہ! کیا کرامت ہے، نورانی کرامت اور بشارت ہے گناہوں کی بخشش وشفاعت اور خاتمے کے لیے۔

۷- حاکم نیشاپوری شافعی اپنی اسناد کے ساتھ نقل کرتا ہے کہ حضرت امام رضاؑ نے فرمایا:

''من زارنی علی بعد داری أتیته یوم القیامة فی ثلاثة مواطن حتی اخلصه من اهوالها : اذا تطایرت الکتب یمینا و شمالا ، و عند الصراط و عند المیزان''۔(۳)

جو شخص عالم غربت میں میری زیارت کے لیے آئے گا میں روز قیامت تین مقامات پر اس کی فریادرسی کو پہنچوں گا: اس وقت کہ جب نامہ اعمال داہنے و بائیں ہاتھ میں دیئے جائیں گے، پل صراط سے گذرتے وقت اور جب اعمال تولے جائیں گے۔

---

(۱) و(۲) فرائد السمطین فی فضائل المرتضٰی والبتول والسبطین والآئمة من ذریتھم، ج۲،ص۱۹۲، ح۴۶۹۔
(۳) فرائد السمطین فی فضائل المرتضٰی والبتول والسبطین والآئمة من ذریتھم، ج۲،ص۱۹۵، ح۴۷۲۔

۸-اسی طرح حاکم نیشاپوری شافعی نے اپنی اسناد کے ساتھ حضرت امام رضاؑ کے خادم یاسر سے روایت نقل کی ہے، امام رضاؑ نے فرمایا:

''لاتشد الرحال الی شیء من القبور الا الی قبورنا، ألا وانی مقتول بالسم ظلماً و مدفون فی موضع غربة ، فمن شد رحله الی زیارتی استجیب دعائه و غفرذنوبه''۔(۱)

ہم اہل بیت کی قبروں کی زیارت کے علاوہ کسی کی بھی قبر کی زیارت کے لیے رخت سفر باندھنا صحیح نہیں ہے، آگاہ ہوجاؤ کہ میں زہر سے قتل کیا جاؤں گا اور عالم غربت میں دفن کیا جاؤں گا، پس جو بھی میری زیارت کے لیے رخت سفر باندھے گا اس کی دعا مستجاب ہوگی اور اس کے گناہ بخش دیئے جائیں گے۔

۹-محمد خواجہ پارسای بخاری حنفی کہتا ہے کہ جس وقت مامون عباسی نے دھمکی کے ساتھ امام رضاؑ کو ولایت عہدی کے قبول کرنے پر مجبور کیا تب امام رضاؑ نے مامون سے مخاطب ہوکر فرمایا:

''واللہ ! لقد حدثنی ابی عن آبائه عن رسول اللہؐ : انی اخرج من الدنیا قبلك مظلوماً ، تبکی علیّ ملائکة السماء والارض، و ادفن فی الارض الغربة''۔(۲)

خدا کی قسم! میرے والد بزرگوار نے اپنے آباء واجداد سے انہوں نے رسول خداؐ سے نقل فرمایا ہے کہ میں تجھ سے پہلے اس دنیا سے مظلومیت کے عالم میں رخصت ہوجاؤں گا، آسمان وزمین کے فرشتے مجھ پر گریہ کناں ہوں گے اور سرزمین غربت میں دفن کیا جاؤں گا۔

---

(۱) فرائد السمطین فی فضائل المرتضی والبتول والسبطین والآئمة من ذریتھم، ج۲،ص۲۱۸، ح۴۹۲۔
(۲) ینابیع المودة لذوی القربی، ج۳،ص۱۶۷ بنقل از فصل الخطاب لوصل الاحباب۔

حضرت امام محمد تقیؑ کی نگاہ میں

۱۰- حاکم نیشاپوری شافعی نے اپنی اسناد کے ساتھ روایت نقل کی ہے کہ حضرت امام محمد تقیؑ نے فرمایا: "من زارقبر ابی غفر اللہ لہ ما تقد م من ذنبہ و ما تأخر ، و اذا کان یوم القیامۃ ینصب لہ منبرا بحذاء منبر رسول اللہؐ حتی یفرغ اللہ من حساب عبادہ"۔(۱)

جو شخص بھی میرے والد گرامی کی قبر اطہر کی زیارت کرے خداوند عالم اس کے گذشتہ اور آئندہ گناہوں کو بخش دے گا اور جب قیامت کا دن طلوع ہوگا تو اس کا مقام رسول خداؐ کے منبر کے سامنے ہوگا یہاں تک کہ خداوند عالم تمام اہل عالم کے حساب سے فارغ ہو جائے۔

حضرت امام علی نقیؑ کی نگاہ میں

۱۱- حاکم نیشاپوری شافعی نے اپنے اسناد کے ساتھ صقر بن دلف سے روایت نقل کی ہے کہ اس نے کہا کہ میں نے امام علی نقیؑ سے سنا کہ آپ نے فرمایا: ''من کانت لہ الی اللہ حاجۃ فلیزر قبر جدی الرضا بطوس ، و ھو علی غسل ولیصل عند رأسہ رکعتین و یسأل اللہ تعالی حاجتہ فی قنوتہ ، فانہ یستجاب لہ ما لم یسأله فی مأثم اوقطیعۃرحم، و ان موضع قبرہ لبقعۃمن بقاع الجنۃ، لا یزورھامؤمن الااعتقہ اللہ من النار و ادخلہ القرار"۔(۲)

جس شخص کو کوئی حاجت پیش آئے وہ طوس میں میرے جد بزرگوار حضرت امام رضاؑ کی قبر کی زیارت کرے، اس حال میں کہ غسل کئے ہوئے ہو، آپ کے سرہانے دو رکعت نماز بجالائے اور نماز کے قنوت میں پروردگار سے اپنی حاجت طلب کرے۔

---

(۱) فرائد السمطین فی فضائل المرتضی والبتول والسبطین والآئمۃ من ذریتھم ، ج ۲، ص ۱۹۵، ح ۴۷۳۔
(۲) فرائد السمطین فی فضائل المرتضی والبتول والسبطین والآئمۃ من ذریتھم ، ج ۲، ص ۱۹۳، ح ۴۷۰۔

وہ دعاؤں کے مستجاب ہونے کا مقام ہے بشرطیکہ اس کی دعا قطع رحم یا گناہ کے سلسلے میں نہ ہو، جس مکان میں امام رضاؑ مدفون ہیں وہ جنت کے باغوں میں سے ایک باغ ہے۔اس مقام کی جو مؤمن بھی زیارت کرے گا خداوند عالم اس کو جہنم سے آزاد کرے گا اور جنت میں داخل کرے گا۔

مشہد الرضا

ایک بات کہ جس کی طرف بہت کم توجہ ہوئی ہے جب کہ اس کو بیان کرنے کی بہت زیادہ ضرورت تھی وہ ہے حضرت امام علی رضا کی بارگاہ اور آپ کے روضہ منورہ کے گنبد کی تاریخ نیز آپ کے روضہ مبارکہ پر تیسری صدی ہجری سے آج تک امت اسلامی کے عوام وخواص خصوصاً اہل سنت کی توجہ کا مرکز بنا رہنا اور تمام مسلمان دور ونزدیک سے کسی بھی فرقہ و مذہب سے تعلق رکھتے ہوں آپ کی زیارت اور قدم بوسی کے لیے آپ کے مرقد مطہر کی جانب سیل کی طرح رواں دواں رہنا پھر آپ کے روضہ کی زیارت کے ساتھ ساتھ، آپ سے توسل، مریضوں کے لیے شفا طلبی، مشکلوں کی برطرفی اور آپؑ کے روضہ منورہ سے متبرک ہونا جیسا کہ مورخین ومحدثین نے اپنی اپنی تالیفات میں ذکر کیا ہے۔

یہ بیانات اس مسئلہ کو بھی روز روشن کی طرح واضح کر دیتے ہیں کہ اہل بیت علیہم السلام کی قبور کی زیارت ایک تاکید شدہ سنت نبوی ہے کہ جو وہابیت کے بے بنیاد توہمات پر خط بطلان کھینچتا ہے۔

علماء وعوام اہل سنت کا مشہد الرضا کی زیارت سے مشرف ہونا

حضرت امام علی رضاؑ اپنی بابرکت زندگی میں بہت زیادہ فضائل وکرامات رکھتے تھے کہ جن میں نقطہ اوج وکمال وہ وقت ہے کہ جب آپ نیشاپور میں وارد ہوئے اور آپ کی قدم بوسی کے لیے اس علاقے کے علماء اور اہل سنت آپ کے مرکب وسواری کی خاک پا سے متبرک ہوئے۔

لیکن یہ کرامات و برکات فقط آپ کی نورانی زندگی ہی سے مخصوص نہ تھیں بلکہ شہادت کے بعد بھی علماء اہل سنت کی تصریح کے مطابق حضرت امام رضاؑ کی قبر مبارک اسی تیسری، چوتھی صدی سے آج تک علماء اہل سنت کے توسل و زیارت کا مقام رہا ہے اور تمام لوگ اس روضہ مبارکہ سے شفا حاصل کرتے ہیں، انہیں کے بیانات کے مطابق لوگوں کی زیارت وتوسلات میں ہر سال اضافہ ہوتا جارہا ہے گویا کہ جو روایات حضرت پیغمبر اکرمؐ اور آپ کے اہل بیت علیہم السلام کی جانب سے حضرت امام رضاؑ کے روضہ مبارکہ کی زیارت، اور آپ کی مظلومیت وغربت کے سلسلے میں وارد ہوئی ہیں، سبب قرار پائیں کہ آپؑ کے مرقد مطہر کی طرف لوگوں کا سیل رواں ہو اور رسول اکرمؐ کے جگر گوشہ اور پارہ تن کے خصوصی احترام کا سبب بنے۔

چوتھی صدی

۱- ابوبکر بن خزیمۃ شافعی (۱) (۳۱۱ھ) اور ابوعلی ثقفی شافعی (۲) (۳۲۸ھ)۔

حاکم نیشاپوری شافعی کا بیان ہے: "سمعت محمد بن المؤمل بن حسن بن عیسی یقول: خرجنا مع امام اهل الحدیث ابی بکر بن خزیمة و عدیله ابی علی الثقفی مع جماعة من مشایخنا، وهم اذذالك متوافرون الی زیارة قبر علی بن موسی الرضا بطوس،

---

(۱) ابن خزیمہ، اہل سنت کے نزدیک ایک خاص اہمیت ومقام رکھتا ہے اس طرح کہ اس کو "شیخ الاسلام، امام الامۃ، حافظ، حجۃ، فقیہ، بے نظیر اور سنت رسول کو زندہ کرنے والا جیسے القاب والفاظ سے نوازا جاتا ہے۔ اور علم، حدیث، فقہ و اتقان میں اس کی مثالیں دی جاتی ہیں (ذہبی شافعی: سیر اعلام البلاء، ج ۱۴، ص ۳۶۵-۳۷۷)۔

(۲) ابوعلی ثقفی کو "امام، محدث، فقیہ، علامہ، شیخ خراسان، خراسان میں مدرس فقہ شافعی، اپنے زمانے میں مخلوق پر اللہ کی حجت جیسے الفاظ والقاب سے یاد کیا جاتا ہے کہ جو اس کی عظمت واہمیت پر دلالت کرتا ہے (ذہبی شافعی: سیر اعلام البلاء، ج ۱۴، ص ۳۸۰-۳۸۲۷)۔

قال : فرأيت من تعظيمه (ابن خزيمه) لتلك البقعة و تواضعه لها و تضرعه عندها ما تحيرنا''۔(۱)

حاکم کا بیان ہے کہ میں نے محمد بن مؤمل سے سنا وہ کہتا ہے کہ ہم ایک روز اہل حدیث کے امام و رہبر ابوبکر بن خزیمہ و ابوعلی ثقفی اور دیگر اپنے اساتید و بزرگوں کے ہمراہ حضرت امام علی رضاؑ کے مرقد مبارک پر زیارت کے لیے گئے، وہ لوگ شہر طوس میں آپؑ کی زیارت کے لیے بہت زیادہ جاتے تھے۔

محمد بن مؤمل کا بیان ہے کہ ابن خزیمہ کا حضرت رضاؑ کی قبر مبارک پر گریہ وزاری اور توسل و احترام وتواضع اس قدر زیادہ تھا کہ ہم سب لوگ تعجب وحیرت میں پڑے ہوئے تھے۔

اس سے بھی زیادہ حیرت انگیز راوی کا یہ جملہ ہے کہ جو مذکورہ روایت کا تسلسل ہے لیکن افسوس کہ بہت سے مؤرخین ومحدثین نے اس کو نقل نہیں کیا، راوی کا بیان ہے:

''ذالك بمشهد من عدة من آل السلطان و آل شاذان ابن نعيم و آل الشنقشين وبحضرة جماعة من العلوية من اهل نيسابور و هرات و طوس و سرخس ، فدوّنوا شمائل ابى بكر محمد بن اسحاق عند الزيارة و فرحوا و تصدقوا شكراً لله على ما ظهر من امام العلماء عند ذالك الامام و المشهد وقالوا باجمعهم : لو لم يعلم هذا الامام انه سنة و فضيلة لما فعل هذا ۔''(۲)

راوی کہتا ہے کہ حضرت امام علی رضاؑ کے مرقد مطہر پر ابن خزیمہ کا یہ گریہ وزاری اور احترام و تواضع اور تعظیم، سلطان کے خاندان کے حضور اور خاندان شاذان وخاندان شنقشین نیز نیشاپور، ہرات و سرخس کے شیعوں وعلویوں کے سامنے انجام پایا اور سب نے ابن خزیمہ کی یہ حرکات وسکنات کو کہ جو اس نے حضرت امام رضاؑ کے روضہ مبارکہ پر انجام دیں، دیکھا اور ثبت وضبط کیا۔

---

(۱) و (۲) فرائد السمطين فی فضائل المرتضٰی والبتول والسبطين والآئمة من ذريتهم ، ج ۲، ص ۱۹۸، ح ۴۷۷۔

ابن خزیمہ کی اس روش اور آنحضرتؑ کی قبر مطہر کی زیارت سے تمام افراد بہت خوش ہوئے نیز امام العلماء کی اس روش پر خوشی اور شکر خدا میں صدقات دیئے اور سب نے بیک زبان یہ کہا کہ اگر یہ کام (اہل بیتؑ کی قبروں کے سامنے گریہ وزاری، احترام وتواضع اور تعظیم) سنت نہ ہوتا اور فضیلت نہ رکھتا تو کبھی بھی ابن خزیمہ اس طرح انجام نہ دیتے۔

۲-ابن حبان بستی شافعی (۱) (۳۵۴ھ)۔:

"علی بن موسی الرضا ابو الحسن من ساداة اهل البيت و عقلائهم و جلة الهاشميين و نبلائهم ، يجب ان يعتبر حديثه اذا روى عنه ۔ ۔ ۔قد زرته (قبره) مرارا كثيرة وما حلت بی شدة فی وقت مقامی بطوس فزرت قبر علی موسی الرضا ،صلوات الله علی جده و عليه ، و دعوت الله ازالتها عنی الا استجيب لی ، زالت عنی تلك الشدة و هذا شیٔ جربته مرارا فوجدته كذالك ، اماتنا الله علی محبة المصطفی و اهل بيته"۔(۲)

---

(۱) ابن حبان بستی شافعی اہل سنت کے نزدیک ایک خاص اہمیت ومقام کا حامل ہے اس طرح کہ اس کو "امام، علامہ، حافظ، شیخ خراسان، علم فقہ، لغت وحدیث کا ستون اور عقلاء رجال سے تعبیر کیا جاتا ہے۔(سمعانی شافعی: الانساب ج۲،ص۲۰۹۔ذہبی شافعی: سیر اعلام النبلاء، ج۱۶،ص۹۲۔صفدی شافعی: الوافی بالوفیات، ج۲،ص۳۱۷۔سبکی شافعی: الطبقات الشافعیۃ الکبری، ج۳،ص۱۳۱۔ابن تغری حنفی: النجوم الزاہرہ فی ملوک مصر وقاہرہ، ج۳،ص۳۴۲) جب کہ یہ بات بھی واضح رہے کہ ابن حبان وہ شخص ہے کہ جس نے اپنی کتاب الثقات میں فرزند رسول خداؐ امام حسینؑ کے قاتل یزید بن معاویہ کو افراد ثقہ میں سے شمار کیا ہے! (ابن حبان بستی شافعی: الثقات، ج۲،ص۳۰۶) اور اسی شخص نے امیر المؤمنین کے اصحاب کو اپنی کتاب المجروحین میں ضعفاء ومتروکین میں سے شمار کیا ہے (المجروحین، ج۱،ص۲۲۲، و۲۶۷و۲۹۸۔ج۲،ص۱۷۶)۔

(۲) ابن حبان بستی شافعی: کتاب الثقات، ج۸،ص۴۵۷۔

حضرت ابوالحسن علی بن موسی الرضاؑ، اہل بیتؑ کے بزرگان وعقلاء اور ہاشمی خاندان کے بزرگوں اور شرفاء میں سے ہیں، جب ان سے کوئی روایت نقل ہوتو اس پر اعتبار کرنا واجب ہے۔۔۔ میں نے کئی مرتبہ ان کی قبر مطہر کی زیارت کی ہے۔ اور شہر طوس میں میرے قیام کے دوران جب کبھی بھی مجھ پر کوئی مشکل پڑی تو میں نے حضرت علی بن موسی رضاؑ - آپ اور آپ کے جد بزرگوار پر خدا کا درود وسلام ہو- کی قبر پاک کی زیارت کی اور خداوند عالم کی بارگاہ میں اپنی مشکل کے حل کے لیے دعا مانگی تو میری دعا مستجاب ہوگئی اور وہ مشکل حل ہوگئی، یہ تجربہ میں نے وہاں پر کئی مرتبہ کیا اور ہر مرتبہ ایسا ہی ہوا۔ خداوند عالم ہمیں محبت رسولؐ وآل رسولؐ پر موت عطا کرے۔

۳-محمد بن علی بن سہل شافعی (۱) (۴۰۵ھ):

حاکم رقمطراز ہے:"سمعت ابا الحسن محمد بن علی بن سهل الفقيه يقول: ما عرض لی مهم من امر الدين والدنيا ، فقصدت قبر الرضا لتلك الحاجة ، ودعوت عند القبر الا قضيت لی تلك الحاجة ، وفرج الله عنی ذالك المهم ۔ ۔ ۔ وقد صارت الی هذه العادة ان اخرج الی ذالك المشهد فی جميع ما يعرض لی ، فانه عندی مجرب"۔(۲)

میں نے ابوالحسن محمد بن علی بن سہل فقیہ سے سنا وہ کہتا ہے کہ مجھ کو جب کبھی بھی کوئی دینی یا دنیوی مشکل پیش آئی میں نے اس حاجت کی طلب کے لیے حضرت علی رضاؑ کی قبر مطہر کا ارادہ کیا اور آپؑ کی قبر کے قریب جا کر دعا کی وہ حاجت برآئی اور خداوند عالم نے میری وہ مہم ومشکل آسان کردی۔۔۔

---

(۱) محمد بن علی بن سہل، شافعی مذہب کے بزرگوں میں سے ہے اس کی شخصیت کے بارے میں ذہبی شافعی نے اس طرح تحریر کیا ہے"العلامه ، شيخ الشافعية ۔۔۔ وهو من اصحاب الوجوه "یہی ذہبی، حاکم نیشاپوری شافعی سے محمد بن علی بن سہل شافعی کے بارے میں اس طرح نقل کرتا ہے:"كان اعرب الاصحاب بالمذهب و ترتيبه" وہ مذہب اور اس کی ترتیب میں تمام علماء سے زیادہ عقلمند شخص ہے۔ دیکھیے :- ذہبی شافعی: سیر اعلام النبلاء، ج ۱۶، ص ۴۴۶-۴۴۷۔ (۲) فرائد السمطین، ج ۲، ص ۲۲۰، ح ۴۹۶ بنقل از تاریخ نیشاپور۔

یہ میری عادت بن چکی تھی کہ میں ہر مشکل مسئلہ میں آپ کی زیارت کے لیے جاتا اور حاجت طلب کرتا اور یہ چیز میرے نزدیک تجربہ شدہ ہے۔

پانچویں صدی

۴- حاکم نیشاپوری شافعی (۱) (۴۰۵ھ)۔

"وقد عرفنی الله من کرامات التربة خیر کرامة ، منها : انی کنت متقرساً لا اتحرك الابجهد فخرجت وزرت و انصرفت الی نوقان بخفین من کرابیس ، فاصبحت من الغد بنوقان و قد ذهب ذالك الوجع وا نصرفت سالما الی نیسابور"۔(۲)

خداوند عالم نے مجھے اس تربت اقدس اور قبر مطہر کی کئی کرامات دکھائیں جن میں سے ایک یہ ہے کہ جب میں جوڑوں کی خشکی و درد میں مبتلا ہوا اور بڑی مشکل سے چلتا پھرتا تھا تو گھر سے باہر آیا اور حضرتؑ کی قبر پاک کی زیارت کے لیے کرابیس کے جوتے پہن کر پاپیادہ نوقان پہنچا، زیارت سے مشرف ہوا، رات وہیں گذاری صبح نمودار ہوئی تو میرا تمام درد ختم ہو چکا تھا اور میں صحیح وتندرست نیشاپور واپس آیا۔

حاکم نیشاپوری شافعی اپنے مذکوہ کلام کے ساتھ اہل سنت کے بزرگوں کے آنحضرتؑ کے دربار میں شفا پانے کو بطور شہادت پیش کرتا ہے اور ان کے اعترافات کا ذکر کرتا ہے کہ جن میں سے ہم بعض کی طرف اشارہ کریں گے۔

---

(۱) ذہبی شافعی اس کے بارے میں کہتا ہے "الامام ، الحافظ ، الناقد، العلامه ، شیخ المحدثین--- کان من بحور العلم "سیر اعلام النبلاء، ج ۱۷، ص ۱۶۳-۱۶۵۔ سبکی شافعی کا بیان ہے "کان اماما جلیلا و حافظا حفیلا ، اتفق علی امامته و جلالته و عظیم قدره "الطبقات الشافعیة الکبری، ج ۴، ص ۱۵۶، نمبر ۳۲۸۔

(۲) فرائد السمطین فی فضائل المرتضٰی والبتول والسبطین والآئمة من ذریتهم ، ج ۲، ص ۲۲۰، ح ۴۹۶۔

۵-ایک مصری مسافر بنام حمزہ:

حاکم نیشاپوری نے اپنی اسناد کے ساتھ ذکر کیا ہے:

''کنت بمرو الرود ، فلیقت بها رجلاً من اهل مصر مجتازاً اسمه حمزه ، وقد ذکر انه خرج من مصر زائراً لمشهد الرضاؑ بطوس ، و(ذکر) انه لما دخل المشهد کان قرب غروب الشمس فزار (الامام) وصلی ولم یکن (فی) ذالك الیوم زائر غیره ، فلما صلی العتمة اراد خادم القبر ان یخرجه (أ) و یغلق علیه الباب ، فسأله ان یغلق علیه الباب و یدعه فی المسجد لیصلی فیه ، فانه جاء من بلد شاسع ، ولا یخرجه ، فانه لا حاجة له فی الخروج فترکه وغلق علیه الباب ، فانه کان یصلی وحده الی ان اعیا، فجلس و وضع رأسه علی رکبتیه لیستریح ساعة ، فلما رفع رأسه رأی فی الجدار مواجه وجهه رقعة علیها هذا البیتان:

من سره ان یری قبراً برؤیته یفرج الله عمن زار(ه) کربة

فلیأت ذاالقبر ان الله اسکنه سلالة من رسول الله منتجبه

قال: فقمت و اخذت فی الصلوة الی وقت السحر ، ثم جلست کجلستی الاولی و وضعت رأسی علی رکبتیه ، فلما رفعت رأسی لم أر علی الجدار شیأ ۔

و کان الذی رأه مکتوباً رطباً ، کانه کتب فی تلك الساعة ۔ قال فانفلق و فتح الباب و خرج هناك "۔(۱)

---

(۱) جوینی شافعی: فرائد السمطین فی فضائل المرتضیٰ والبتول والسبطین والآئمۃ من ذریتھم، ج۲،ص۱۹۶، ح۴۷۴ بنقل از تاریخ نیشاپور، حاکم نیشاپوری شافعی۔

میں مرورود میں تھا کہ حمزہ نامی ایک مصری مسافر سے ملاقات ہوئی اس نے کہا کہ وہ مصر سے حضرت امام رضاؑ کی بارگاہ کی زیارت کے ارادے سے طوس میں آیا ہے اور کہا کہ جیسے ہی اس روضے میں وارد ہوا غروب آفتاب کا وقت قریب تھا، حضرتؑ کی قبر مطہر کی زیارت کی اور نماز پڑھی، اس روز اس کے علاوہ کوئی اور زائر نہ تھا، جب نماز عشاء سے فارغ ہوا تو خادم قبر نے چاہا کہ اس کو روضے سے باہر نکال دے یا اس کو روضے کے اندر ہی بند کر دے اس نے خادم سے چاہا کہ اس کو روضے کے اندر ہی بند کر دے اس کو باہر نہ نکالے چونکہ وہ دور سے آیا ہے اور اس کو باہر کوئی کام بھی نہیں ہے، پس خادم نے اس کو وہیں چھوڑ دیا اور روضے کو بند کر کے چلا گیا وہ بالا سر مسجد میں تنہا مشغول نماز رہا یہاں تک کہ تھک گیا اور اپنے سر کو اپنے گھٹنوں پر رکھ کر آرام کرنے لگا، جب سر کو اٹھایا تو اپنے سامنے کی دیوار پر ایک تحریر شدہ رقعہ دیکھا کہ جس پر مندرجہ ذیل دو شعر لکھے ہوئے تھے:

من سره ان یری قبراً برؤیته یفرج الله عمن زار(ه) کربة

فلیأت ذاالقبر ان الله اسکنه سلالة من رسول الله منتجبه

(جو شخص اس قبر کی زیات کرنے سے خوشحال ہوتا ہے خداوند عالم اس کی تمام پریشانیوں کو دور کر دیتا ہے پس اس صاحب قبر کے پاس آؤ کہ اس کو خداوند متعال نے یہاں سکونت عطا کی ہے اور یہ اللہ کے رسول کا منتخب وسلالہ پاک ہے)۔

حمزہ مصری کا بیان ہے کہ میں کھڑا ہوا اور نماز میں مشغول ہو گیا یہاں تک کہ سحر ہو گئی اور میں پھر تھک گیا اپنے سر کو اپنے گھٹنوں پر رکھا اور بیٹھ گیا پھر جب میں نے اپنے سر کو اٹھایا تو دیکھا کہ وہ تحریر شدہ رقعہ دیوار پر نہیں ہے۔ جبکہ وہ تحریر تازہ روشنائی سے لکھی ہوئی تھی گویا کہ اسی وقت کسی نے تحریر کی ہے۔ اس کا کہنا کہ صبح ہوئی دروازہ کھلا اور وہ باہر نکلا۔

۶-محمد بن قاسم شافعی:

جوینی شافعی نے اپنی اسناد کے ساتھ محمد بن قاسم نیشاپوری سے نقل کیا ہے:

"سمعت الشیخ ابا الحسن محمد بن القاسم الفارسی بنیسابور قال: کنت (أنکر) علی من قصدالمشهد بطوس للزیارة !واصررت علی هذا الانکار، فاتفق انی رأیت لیلة ،فیمایری النائم کانّی بطوس فی المشهد (و) رأیت رسول الله قائماً صندوق القبر یصلی فسمعت هاتفاً من فوق و (هو) ینشد و یقول:

من سره ان یری قبراً برؤیته یفرج الله عمن زار(ه) کربة

فلیأت ذاالقبر ان الله اسکنه سلالة من رسول الله منتجبه

و کان یشیر فی الخطاب الی رسول الله قال : فاستیقظت من نومی کانّی غریق فی العرق فنادیت غلامی یسرح دابتی فی الحال فرکبتها و قصدت الزیارة و تعودت فی کل سنة مرتین ، قلت اروی هذه الرویا و جمیع مرویات السلار ابی الحسن مکی بن منصور بن علان الکرجی ، عن الشیخ محی الدین عبد المحی بن ابی البرکات الحربی اجازة بروایته عن الامام مجد الدین یحی بن الربیع بن سلیمان بن حزار الواسطی اجازة ابی زرع طاهر بن محمد بن طاهر بن علی المقدسی ، عنه اجازة "۔(۱)

محمد بن قاسم کہتا ہے کہ میں ان لوگوں میں سے تھا کہ جو حضرت امام رضاؑ کی زیارت کے قائل نہ تھے اور لوگوں کو آپ کی زیارت سے منع کرتا تھا، ایک شب خواب دیکھا کہ میں مشہد میں ہوں اور حضرت امام رضاؑ کی قبر مطہر کے پاس حضرت پیغمبر اکرمؐ نماز میں مشغول ہیں اسی وقت اچانک ایک آواز سنی کہ کوئی کہہ رہا ہے: جو شخص چاہتا ہے کہ کسی قبر کو دیکھے اور اس کی زیارت کرے کہ خداوند عالم اس کی مشکلات کو برطرف کردے تو اس صاحب قبر کے پاس آے، خداوند عالم نے اس کو یہ مقام عطا فرمایا ہے کہ یہ رسول خداؐ کے سلالہ وذریت اور منتخب افراد میں سے ہے۔

---

(۱) جوینی شافعی: فرائد السمطین فی فضائل المرتضٰی والبتول والسبطین والآئمة من ذریتهم ، ج ۲، ص ۱۹۷، ح ۴۷۵۔

اس وقت پیغمبر اکرمؐ کی طرف اشارہ تھا۔ محمد بن قاسم کا بیان ہے کہ میں خواب سے اٹھا تو پسینے میں شرابور تھا میں نے اسی وقت اپنے غلام کو آواز دی اور کہا ابھی میری سواری کو آمادہ کرو، میں سوار ہوا اور زیارت کو نکل پڑا، اس کے بعد میں ہر سال دو مرتبہ حضرتؑ کی زیارت کو آتا ہوں۔

میں نے اس خواب اور تمام مرسلات سلار ابی الحسن مکی بن منصور بن علان کرجی کو شیخ محی الدین عبدالمحی بن ابی البرکات حربی کے ذریعے کہ جن کو اجازہ روایت حاصل ہے امام مجدالدین یحی بن ربیع بن سلیمان بن حزار واسطی سے اور خود ان کو اجازہ حاصل ہے ابوزرعہ طاہر بن محمد بن طاہر بن علی مقدسی سے، نقل کیا ہے۔

۷- فخرالدین ادیب جندی شافعی:

جوینی شافعی کہتا ہے: "لقد انشدنا الامام الفاضل الحسن الاخلاق والشمائل فخرالدین هبة الله بن محمد بن محمود الاديب الجندی رحم الله تعالی ، لنفسه بالمشهدالمقدس الرضوی علی مشرفه السلام فی زيارتنا الاولی لها، جعلها الله مبرورة وفی صحائف الاعمال المقبولة مسطورة :

ايا من مناه رضی ربه تهيا و ان منكر الحسن لام

فزر مشهداً للامام الرضا علی بن موسی عليه السلام"۔(۱)

ہمارے لیے فاضل ارجمند رہبر خوش اخلاق وخوب صورت وخوب سیرت فخرالدین ہبۃ اللہ بن محمد بن محمود ادیب جندی نے- خدا ان پر رحمت نازل فرمائے- ہماری مشہد مقدس رضوی- اس صاحب قبر پر درود وسلام ہو - کی پہلی زیارت میں کہ خداوند اس کو نیک قرار دے اور اعمال مقبولہ میں سے شمار فرمائے۔ اسطرح شعر لکھے:

---

(۱) جوینی شافعی: فرائدالسمطین فی فضائل المرتضٰی والبتول والسبطین والآئمۃ من ذریتھم، ج۲، ص۱۹۸، ح۴۷۶۔

اے وہ شخص کہ جس کی آرزو خداوند عالم کی رضایت ہے، آمادہ رہ، یہ واضح رہے کہ اچھائیوں کے منکر کی ملامت ہوتی ہے لہذا حضرت امام علی بن موسی الرضاؑ کے روضہ مبارکہ کی زیارت کر۔

۸- ابونضر موذن نیشابوری شافعی:

جوینی شافعی نے ابونضر موذن نیشابور سے نقل کیا ہے:

''اصابتنی علة شدیدة ثقل فیها لسانی فلم اقدر منها علی الکلام ،فخطر ببالی زیارة الرضا و الدعا عنده و التوسل به الی الله تعالی ، لیعافینی ، فخرجت زائراً وزرت الرضا و قمت عند راسه و صلیت رکعتین ، و کنت فی الدعا و التضرع مستشفعا صاحب القبر الی الله عزو جل ، ان یعافینی من علتی و یحل عقدة لسانی اذا ذهب بی النوم فی سجودی ، فرأیت فی منامی کانّ القمر قد انفرج فخرج منه رجل آدم کهل شدید الادمة فدنا منی فقال : یا اباالنضر! قل "لااله الا الله" قال : فأومأت الیه کیف اقول ذالك و لسانی منغلق؟ فصاح علیّ صیحة و قال : تنکر الله القدرة ؟ قل : "لا اله الا الله" قال: فانطلق لسانی فقلت: "لااله الا الله" و رجعت الی منزلی راجلا و کنت اقول : "لااله الا الله" ولم ینغلق لسانی بعد ذالك''۔(۱)

میں ایک بہت سخت بیماری میں مبتلا ہوا کہ جس کے اثر سے میری زبان بند ہوگئی اور گفتگو کرنے پر قادر نہ رہا، میرے ذہن میں خیال آیا کہ حضرت امام رضاؑ کی زیارت کو جاؤں اور آپ کی قبر مطہر کے قریب جا کر دو رکعت نماز بجالاؤں حضرتؑ کو وسیلہ قرار دوں کہ خداوند عالم مجھے اس بیماری سے نجات دے، میں زیارت کی نیت سے نکلا اور حضرتؑ کی زیارت سے مشرف ہوا۔

---

(۱) جوینی شافعی: فرائد السمطین فی فضائل المرتضی والبتول والسبطین والآئمۃ من ذرتھم، ج ۲، ص ۲۱۷، ح ۴۹۱ بنقل از تاریخ نیشاپور، حاکم نیشاپوری شافعی۔

آپ کے سرہانے کھڑے ہوکر دو رکعت نماز پڑھی، اسی دوران خداوند عالم سے گریہ زاری کی حالت میں صاحب قبر کا واسطہ دے کر دعا مانگتا رہا اور شفا طلب کرتا رہا کہ پروردگار مجھے اس بیماری سے شفا عطا فرمائے اور میری زبان کی گرہ کو کھول دے کہ اچانک مجھے حالت سجدے میں نیند آ گئی، میں نے خواب میں دیکھا کہ گویا چاند شق ہوا، اس میں سے ایک انتہائی خوبصورت بزرگ برآمد ہوئے اور میرے قریب آ کر کہا اے ابونضر کہو: ''لا الہ الا اللہ'' میں نے ہاتھ سے اشارہ کیا کہ میں یہ کلمہ کیسے کہہ سکتا ہوں میں گونگا ہوں بول نہیں سکتا وہ بزرگ سخت لہجے میں بولے کہ تم قدرت خدا سے انکار کر رہے ہو کہو ''لا الہ الا اللہ'' اچانک میری زبان کھل گئی اور میں نے کہا ''لا الہ الا اللہ'' تب میں خداوند عالم کے شکرانے کے طور پر مشہد سے اپنے گھر نیشاپور تک پیدل آیا اور تمام راستے میری زبان پر یہی کلمہ تھا ''لا الہ الا اللہ'' اور اس کے بعد کبھی بھی میری زبان بند نہ ہوئی۔

۹- ایک نامعلوم شخص

حاکم نیشاپوری شافعی اپنی اسناد کے ساتھ نقل کرتا ہے:

"سمعت رجلا ًذهب عنی اسمه عند قبر الرضا (یقول : کنت) افکر فی شرف القبر و شرف من تواری فیه فتخالج فی قلبی الانکار علی بعض من بها فضربت بیدی الی المصحف متفألا ، فخرجت هذه الآیة: ﴿ و یستنبُونك أحق هو قل ای و ربی انه لحق ﴾ (سوره یونس (۱۰) آیت ۵۳) حتی ضربت ثلاث مرات فخرج فی کلها هذه الآیة"(۱)

ایک مرد سے کہ جس کا نام میرے ذہن سے نکل گیا ہے سنا کہ جو قبر امام رضا کے نزدیک کھڑا ہوا کہہ رہا تھا کہ میں اس قبر اور صاحب قبر کی عظمت و شرافت و بزرگی کے بارے میں سوچتا تھا کہ میرے دل میں صاحب قبر کے متعلق کچھ چیزوں کے بارے میں شک و شبہ ہوا اور ان کا انکار کر بیٹھا۔

---

(۱) فرائد السمطین فی فضائل المرتضی والبتول والسبطین والآئمۃ من ذریتھم، ج ۲، ص ۲۱۸، ح ۴۹۳۔

لہذا میں نے قرآن کریم سے تفأل واستخارہ کیا تو یہ آیت آئی کہ ''تجھ سے سوال کرتے ہیں کہ کیا وہ حق ہے تو کہدے کہ ہاں خدا کی قسم وہ حق ہے''۔

یہاں تک کہ میں نے تین مرتبہ قرآن سے فأل واستخارہ کیا ہر مرتبہ یہی آیت آئی۔

۱۰- زید فارسی:

حاکم نیشاپوری شافعی اپنی اسناد کے ساتھ زید فارسی سے نقل کرتا ہے:"کنت بمرو الرود منقرساً مدة سنتين لا اقدر ان اقوم قائماً و لا ان اصلی قائماً ، فأريت فی المنام:ألا تمر بقبر الرضاو تمسح رجليك به و تدعوالله تعالی عند القبرحتی يذهب ما بك ؟(قال)فأكتريت(دابة)و جئت الی طوس و مسحت رجلیّ بالقبرودعوت الله عزوجل فذهب عنی ذالك النقرس و الوجع فأنا هاهنا منذ سنتين و ما نفرست''۔(۱)

میں مرورود میں تھا کہ مرض نقرس (پیروں کے درد) میں مبتلا ہوا یہاں تک کہ مجھ سے کھڑا بھی نہیں ہوا جاتا تھا اور کھڑے ہوکر نماز بھی نہیں پڑھ سکتا تھا کہ ایک شب مجھے خواب میں بشارت ہوئی کہ قبر امام رضاؑ پر کیوں نہیں جاتا اور ان کی قبر سے اپنے آپ کو کیوں مس نہیں کرتا اور خدا سے آپؑ کی قبر مبارک کے پاس اور ان کو واسطہ قرار دے کر کیوں دعا نہیں کرتا تا کہ یہ مشکل حل اور مرض دور ہوجائے، پس میں نے ایک جانور سواری کے لیے کرائے پر لیا اور طوس پہنچا اپنے آپ کو حضرتؑ کی قبر مطہر سے مس کیا اور خداوند عالم سے دعا مانگی تو مجھ سے وہ مرض نقرس و پیروں کا درد ختم ہوگیا اور میں دو سال سے یہاں پر ہوں اصلاً درد نہیں ہے۔

۱۱- حمویہ بن علی:

اسی طرح حاکم نیشاپوری شافعی اپنی اسناد کے ساتھ حمویہ بن علی سے نقل کرتا ہے:

---

(۱) فرائد السمطین فی فضائل المرتضی والبتول والسبطین والآئمۃ من ذریتھم ، ج ۲، ص ۲۱۹، ح ۴۹۴۔

''کنت مع حمویه ببلخ فرکب یوما و انا معه فبینا نحن فی سوق بلخ اذ رأی حمویه رجلاً فوکّل به و قال : احملوه الی الباب ثم عند انصرافه امر باحضار حمارة فارة و سفرة و جبنة ومأ تی درهم ، فلما احضر قال: هاتوا الرجل، فجئ به ، فلما وقف بین یدیه ، قال قد صفعتنی صفعة وانا اقتصها منك الیوم ! (أ) تذکر الیوم الذی زرنا جمیعاً قبر الرضاؑ فدعوت انت و قلت : اللهم! ارزقنی حماراً و ماتی درهم سفرة فیها جنبة و خبزة ، وقلت انا اللهم! ارزقنی قیادة خراسان ، فصفعتنی وقلت: لاتسأل ما لا یکون، فالآن قد بلغنی الله عزو جل ، مأمولی و بلغك مأمولك و الصفعة لی علیك''۔(۱)

میں حمویہ کے ساتھ شہر بلخ میں تھا، ایک روز ہم دونوں سوار ہوے اور بازار بلخ میں پہنچے، حمویہ نے ایک شخص کو دیکھا اور حکم دیا کہ اس کو پکڑ لو اور دربار میں لے چلو، پھر دربار سے پلٹتے وقت حکم دیا کہ ایک اچھا گدھا، ایک روٹی اور پنیر کے ساتھ دسترخوان اور دوسو درھم لے کر آو، جب یہ چیزیں مھیا ہوگئیں تو دستور دیا کہ اس شخص کو حاضر کرو، جب اس شخص کو لایا گیا اور وہ سامنے کھڑا ہوا تو حمویہ نے اس سے کہا کہ تو نے ایک روز میرے ایک طمانچہ مارا تھا اور آج میں تجھ سے اس کا بدلا لوں گا۔ کیا تجھے یاد ہے کہ ہم سب ایک ساتھ حضرت امام رضاؑ کی زیارت کو گئے ہوئے تھے جب ہم نے زیارت کی تو تو نے خدا سے دعا کی کہ پروردگارا! مجھے ایک گدھا، دوسو درھم اور روٹی و پنیر کے ساتھ دسترخوان عطا فرما، اور میں نے دعا کی، پروردگارا! مجھے خراسان کی حکومت نصیب فرما۔ تو نے میرے طمانچہ مارا اور کہا کہ جو کام نہیں ہوسکتا اس کی دعا نہ کرو، جبکہ اب خداوند عالم نے مجھے اس مقام پر پہنچا دیا ہے اور تیرے لیے بھی تیری خواہش کو پورا کر دیا ہے، اب میرا ایک طمانچہ تیرے اوپر باقی ہے۔

---

(۱) فرائد السمطین فی فضائل المرتضی والبتول والسبطین والآئمۃ من ذریتھم، ج ۲، ص ۲۲۰، ح ۴۹۵۔

۱۲- ابوحسین بن ابی بکر شافعی:

حاکم نیشاپوری شافعی کہتا ہے:"سمعت ابا الحسین بن ابی بکر الفقیه یقول: قد اجاب الله لی فی کل دعوة دعوته بها عند مشهد الرضا ، حتی انی دعوت الله (ان یرزقنی ولداً)فرزقت ولداً بعد الایاس منه"۔(۱)

ابوالحسین بن ابی بکر فقیہ سے میں نے سنا اس نے کہا؛ میں نے خداوند عالم سے حضرت امام رضاؑ کے جوار میں جو بھی دعا مانگی وہ مستجاب ہوئی یہاں تک کہ میں نے کافی مایوسی کے بعد خداوند عالم سے بیٹے کی دعا کی تو خداوند عالم نے وہ بھی مستجاب فرمائی اور مجھ کو نعمت فرزند سے سرفراز فرمایا۔

آٹھوی صدی

۱۳- ذھبی شافعی (۷۴۸ھ)

وہ سلفی مذہب پر اعتقاد رکھنے کے باوجود بھی حضرت امام رضاؑ کے روضہ مبارکہ کے زائرین کے بارے میں رقمطراز ہے: "و لعلی بن موسی مشهد بطوس یقصدونه بالزیارة"۔(۲)

حضرت امام علی رضاؑ کی شہر طوس میں بارگاہ ہے کہ لوگ وہاں زیارت کے لیے جاتے ہیں۔

"وله مشهد کبیر بطوس یزار"۔(۳)

شہر طوس میں آپؑ کی بہت بڑی آرامگاہ ہے کہ جس کی زیارت کی جاتی ہے۔

حضرت امام موسی کاظمؑ کی اولاد کا ذکر کرتے ہوئے جب امام رضاؑ پر پہنچتا ہے تو کہتا ہے:

"و لولده علی بن موسی مشهد عظیم بطوس"۔(۴)

---

(۱) فرائد السمطین فی فضائل المرتضی والبتول والسبطین والآئمۃ من ذریتھم ، ج۲،ص۲۲۰، ح۴۹۸۔

(۲) ذہبی شافعی: سیر اعلام النبلاء، ج۹،ص۳۹۳۔(۳) ذہبی شافعی: العبر فی خبر من غبر، ج۱،ص۲۶۶۔

(۴) ذہبی شافعی: سیر اعلام النبلاء، ج۶،ص۲۷۴۔

اور آپ کے فرزند گرامی علیؑ بن موسیٰؑ کی شہر طوس میں عظیم بارگاہ ہے۔

۱۴ - صفدی شافعی (۷۶۴ھ):

وہ مختصراً لیکن جامع انداز میں یوں کہتا ہے: ''و دفن بطوس و قبره مقصود بالزيارة "۔(۱)

اور آپؑ کو شہر طوس میں دفن کر دیا گیا اور آپ کی قبر کی زیارت کی جاتی ہے۔

۱۵- محمد بن عبداللہ ابن بطوطہ مراکشی (۷۷۹ھ):

جیسا کہ پہلے ذکر ہو چکا ہے کہ اس کا بیان بھی یہی ہے کہ حضرت امام رضاؑ کی قبر مطہر عامہ و خاصہ کے لیے زیارت گاہ ہے۔(۲)

نویں صدی

۱۶- عطاءاللہ بن فضل اللہ شیرازی (۸۰۳ھ):

وہ حضرت امام رضاؑ کی بارگاہ کو تمام زائرین کا ملجأ وماٰوی جانتا ہے چاہے وہ زائرین کسی بھی طبقہ وقوم وقبیلہ کے ہوں لہذا کہتا ہے:

علی بن موسی الرضاؑ لوگوں سے خود انہی کی زبان میں گفتگو فرماتے تھے اور آپ گفتگو کرنے میں بہترین سخنور اور عقلمند ترین فرد تھے اور سب کی زبانوں کو خود اہل زبان سے بہتر جانتے تھے۔۔۔مشہد مقدس اور آپ کا مرقد منور تمام طبقات اور پوری دنیا کے زائرین کا مرکز وملجأ وماٰوی ہے۔(۳)

---

(۱) صفدی شافعی: الوافی بالوفیات، ج۲۲، ص۲۴۹۔

(۲) ابن بطوطہ مراکشی: تحفۃ النظار فی غرائب الامصار، معروف بہ رحلۃ ابن بطوطہ، ص۴۰۱۔

(۳) عطاءاللہ بن فضل اللہ شیرازی: روضۃ الاحباب، ج۴، ص۴۳۔ دیکھیے -: امیر احمد حسین بہادر خان ہندی حنفی: تاریخ الاحمدی، ۳۶۔

دسویں صدی

۱۷- میر محمد بن سید برہان الدین خواوندشاہ معروف بہ میر خواند شافعی (۹۰۳ھ):

وہ بھی تعجب خیز عبارات میں تحریر کرتا ہے کہ حضرت امام رضاؑ کی قبر پاک کے زائرین نہ فقط ایران بلکہ روم و ہندوستان اور دنیا کے گوشے گوشے سے آتے ہیں۔ لہذا رقمطراز ہے:

ذکر احوال علی بن موسی الرضا رضی اللہ عنھما۔ مشہد مقدس اور حضرت امام رضاؑ (کہ جو بطور مطلق بغیر کسی قید کے امام ہیں) کا مرقد، ایران کا مرکز اور اہل طریقت کے ہر چھوٹے و بڑے کی منزل مقصود ہے، امت اسلامی کے تمام فرقے اور بنی آدم کے تمام طبقات پوری دنیا میں دور دراز سے جیسے روم، ہندوستان اور ہر طرف سے ہر سال اپنے وطن سے ہجرت کر کے، دوستوں و عزیز و اقارب کو چھوڑ کر آتے ہیں اور اپنی آبرومند پیشانی کو آپؑ کی چوکھٹ پر رکھتے ہیں اور زیارت کے مراسم و قبر کا طواف انجام دیتے ہیں، اس عظیم نعمت الٰہی کو دنیا و آخرت کا سرمایہ جانتے ہیں۔۔۔ حضرت امام ابوالحسن علی بن موسی الرضاؑ کے مناقب و مآثر اور فضائل اس سے کہیں زیادہ ہیں کہ بشری علم ان کا احاطہ کر سکے، اس مقام پر چند سطروں میں ارباب سعادت کے عظیم رہبر کے خوارق العادۃ و عجیب و غریب واقعات میں سے کچھ کی طرف اشارہ پر اکتفا کیا جاتا ہے۔

پھر آپ کے مناقب و کرامات کو ذکر کرتا ہے اور آخر میں کہتا ہے کہ امام رضاؑ سے بہت زیادہ واقعات منقول ہیں کہ جو آپ کی عظمت اور کرامات و مناقب کی وسعت پر دلالت کرتے ہیں۔(۱)

۱۸- فضل اللہ بن روزبہان خنجی اصفہانی حنفی (۹۲۷ھ):

وہ بھی عظیم عبارات اور بہت زیادہ احترام کے ساتھ حضرت امام رضاؑ کے مرقد مطہر کی توصیف کرتا ہے اور اس کے ''کعبۂ آمال و تمام حاجتمندوں کے لیے ملجاء و مأوی'' ہونے کا عقیدہ رکھتا ہے۔

---

(۱) خواند امیر شافعی: تاریخ روضۃ الصفا، ج ۳، ص ۴۱ و ۵۲۔

لہذا کہتا ہے:

زیارت قبر مکرم و مرقد معظم حضرت امام آئمۃ الھدی، سلطان الانس والجن، امام علی بن موسی الرضا الکاظم بن جعفر الصادق بن محمد الباقر بن علی زین العابدین بن الحسین الشہید بن علی المرتضی - صلوات الله و سلامه علی سیدنا محمد و آله الکرام، سیما الآیة النظام ستة آبائه کلهم افضل من یشرب صوب الغمام- (درود وسلام ہو ہمارے سید وسردار حضرت محمد اور آپ کی آل پاک پر خصوصاً امام رضا کے چھ آباء واجداد پر جو کہ نظام کائنات کی نشانی ہیں اور وہ کائنات کی ہر شے سے افضل ہیں)

(آپ کی زیارت) آپ کے دوستوں کے لیے اکسیر اعظم اور دل وجان کی زندگی کی باعث ہے تمام عالم کی آپ کی بارگاہ میں رفت وآمد باعث برکت بلکہ صدق دل سے یوں کہا جائے کہ اشرف منازل ہے، یہ وہ مقام ہے کہ جہاں ہر وقت تلاوت قرآن مجید ہوتی رہتی ہے لہذا کہا جاسکتا ہے کہ اسلام کی عظیم ترین عبادت گاہوں میں سے ایک ہے، وہ عظیم مرقد کسی وقت بھی نیازمندوں کی عبادت و اطاعت سے خالی نہیں ہوتا اور اس طرح کیوں نہ ہو کہ وہ اس امام برحق کی آرامگاہ ہے کہ جو علوم نبوی کا مظہر، مصطفوی صفات کا وارث، امام برحق وراہنمائے مطلق اور صاحب زمان امامت، وارث نبوت اور محکم واستوار حق وحقیقت ہے۔

هزار دفتر اگر در مناقبش گویند هنوز ره به کمال علی نشاید برد

(اگر آپؑ کے مناقب وفضائل میں ہزار دیوان بھی بھر جائیں تو بھی آپ کے کمال تک رسائی کے لیے کافی راہ باقی ہے)۔

میرا پہلے حضرت امام رضاؑ کی زیارت کا قصد تھا تب یہ قصیدہ لکھا تھا کہ جس کے درج کرنے کے لیے یہ مقام مناسب ہے۔

لہذا اس عبارت کے تسلسل میں ایک قصیدہ بعنوان ''قصیدہ در منقبت امام ثامن، ولی ضامن، امام ابوالحسن علی بن موسی الرضا صلوات اللہ وسلامہ علیہ'' آپ کی مدح وثناء میں تحریر کرتا ہے۔۔۔(۱)

دوسری جگہ پر کہتا ہے: ''اللّٰھمّ و صلّ و سلّم علی الاما م الثامن ، السید الحسنان ، السند البرھا ن ، جحة الله علی الانس و الجان الذی ھو لجند الاولیاء سلطان ، صاحب المروة و الجود والاحسان ، المتلالئی فیه انوار النبی عند عین العیان ، رافع معالم التوحید و ناصب ألویة الایمان ، الراقی علی درجات العلم و العرفان ، صاحب منقبة قوله ﷺ ستدفن بضعة منی بارض خراسان ، المستخرج بالجفر والجامع مایکون و ما کان المقول فی شرف آبائه ستة آبائه کلھم افضل من شرب صوب الغمام،المقتدی برسول الله فی کل حال و فی کل شأن ابی الحسن علی بن موسی الرضا،الامام القائم الثامن الشھیدبالسم فی الغم و البؤس المدفون بمشھد طوس۔(۲)

پروردگارا! درود وسلام بھیج آٹھویں امام پر کہ آنحضرتؑ اہل نیک سیرت ونیک خصلت کے سید و سردار ہیں، محکم دلیل وتمام جن وانس پر اللہ کی حجت ہیں یہ اولیا الٰہی کے لشکر کے سلطان و باشاہ ہیں، صاحب جود وسخا ومروت واحسان ہیں، آپ کے وجود مبارک میں پیغمبر اکرمؐ کے انوار بزرگوں کی آنکھوں کے حضور درخشندہ ہیں، آپ پرچم توحید کو سربلند کرنے والے اور ایمان کے علم کو نصب کرنے والے ہیں، آپ علم وعرفان کے بالاترین درجات میں سیر کرنے والے ہیں، آپ حضرت رسول اکرمؐ کی اس فرمائش کے مصداق ہیں: ''میرے بدن کا ٹکڑا خراسان کی سرزمین میں مدفون ہوگا'' آپ علم جفر وجامع کو ایجاد کرنے والے اور علم ما کان وما یکون (ماضی، حال ومستقبل کا علم) رکھنے والے ہیں۔

---

(۱) مہمانامہ بخارا، ص۳۳۶۔

(۲) وسیلۃ الخادم الی المخدوم در شرح صلوات چہادہ معصوم، ص۲۲۳۔

آپ وہ ہیں کہ جن کے آباء واجداد کا شرف یہ ہے کہ آپ کے چھ آباء وہ ہیں کہ جو ہر اس سے کہ جس نے آسمانی پانی نوش فرمایا، افضل ہیں (گویا نبیوں سے افضل ہیں)، آپ ہر حال ہر کام اور ہر امر میں رسول خداؐ کی اقتداء کرنے والے ہیں آپ ابوالحسن علی بن موسی الرضاؑ، امام قائم ثامن ہیں، آپ کو زہر دغا سے عالم غربت میں شہید کیا گیا اور شہر طوس میں دفن کیا گیا۔

"اللھم ارزقنا بلطفك و فضلك و كرمك و امتنانك ، زيارة قبره المقدس و مرقده المؤنس و اغفرلنا ذبوبنا و اقض جميع حاجاتنا ببركته ۔ اللهم صلى على سيدنا محمد وآل سيد نا محمد سيما الامام المجتبى ابى الحسن على بن موسى الرضا و سلم تسليما"۔ (۱)

پروردگارا! اپنے لطف وکرم اور فضل واحسان کے ذریعے مجھے حضرتؑ کے روضہ مبارک ومرقد منور کی زیارت کی توفیق عنایت فرما، اور حضرت کی برکت کے صدقہ میں ہمارے گناہوں کو بخش دے اور ہماری تمام حاجات کو پورا فرما۔ پروردگارا! درود وسلام بھیج ہمارے سید وسردار محمد اور آپ کی آل پاک پر خصوصاً امام منتخب ابوالحسن علی بن موسی الرضا پر۔

وہ حضرت امام رضاؑ کی نورانی بارگاہ کے متعلق عجیب وغریب باتیں تحریر کرتا ہے کہ جن میں سے بعض کو ہم اشارۃً بیان کرتے ہیں۔

۔۔۔اور آنحضرتؑ کو اس روضہ مقدسہ ومرقد منورہ مشہد معطر میں دفن کر دیا گیا اور وہ روضۂ بہشت، کعبۂ آمال اور روز قیامت تک تمام حاجتمندوں کا ملجاء وماٰوی ہو گیا۔ خدا کا درود وسلام اور تحیت ورضوان ہو اس روضۂ مقدسہ پر، خداوند عالم نے ہمیں اس کی زیارت کی توفیق عطا فرمائے اور اس کی عمارت کو انوار الٰہیہ اور انفاس قدسیہ سے منور فرمائے۔

---

(۱) وسیلۃ الخادم الی المخدوم در شرح صلوات چہادہ معصوم، ص ۲۲۳۔

اس کمترین بندے فضل اللہ روز بہان امینؔ کی یہی آرزو ہے۔ الطاف الٰہی پر یقین ہے کہ اس فقیر حقیر کو آنحضرتؑ کے مرقد مطہر و مشہد مقدس کی زیارت کی توفیق نصیب ہوگی اور اس کتاب ''وسیلۃ الخادم الی المخدوم در شرح صلوات چہادہ معصوم'' کی قرائت آنحضرتؑ کے روضہ میں آپ کے محبوں و دوستوں کے حضور ہوگی۔ اس حقیر و فقیر کا سینہ حضرت کی ولایت و تولا اور محبت و اخلاص اور استمداد سے سرشار ہے، جب کبھی بھی کوئی واقعہ اس حقیر کو پیش آتا تو آنحضرتؑ سے مدد طلب کرتا، اور قلبی طور پر آنحضرتؑ ہی سے نجات طلب کرتا اور ہر مصیبت و حادثہ میں آپ ہی کی روح مقدس سے ملتجی ہوتا ہوں

اس نے حضرت امام رضا کی مدح میں شعر بھی کہے ہیں:

سلام علی روضة للامام	علی بن موسی علیه السلام
سلام من العاشق المنتظر	سلام من الواله المستهام
بر آن پیشوای کریم الشیم	بر آن مقتدای رفیع المقام
از شهد شهادت حلاوت مذاق	ز زهر عدودر جهان تلخ کام
زخلد برین مشهد ش روضه ای	خراسان از اوگوشه دارالسلام
ازآن خوانمش جنت هشتمین	که شد منزل پاك هشتم امام
محبان ز انگور پر زهر او	فکندند می های خونین به جام
مرا چهره بنمود یك شب به خواب	شد از شوق اوخواب بر من حرام

علیؑ وار بر شی ر مردی سوار

امینؔ در رکابش کمینه غلام(۱)

---

(۱) نجی اصفہانی حنفی: وسیلۃ الخادم الی المخدوم در شرح صلوات چہادہ معصوم، ص ۲۴۳۔

۱۹- غیاث الدین بن ھمام الدین شافعی معروف بہ خواندمیر (۹۴۲ھ):

وہ حضرت امام موسی کاظمؑ کی اولاد کی تذکرہ کرتے ہوئے کہتا ہے:

حضرت امام موسی کاظمؑ کی اولاد میں سے سب سے افضل بلکہ اپنے زمانے میں سب سے اشرف وافضل علی بن موسی الرضاؑ تھے۔(۱)

عنوان ''ذکر امام ہشتم علی بن موسی الرضا سلام اللہ علیھما'' کے ذیل میں آنحضرتؑ کے بارے میں ایک فصل بیان کرتا ہے اور امامؑ کے متعلق اس طرح تحریر کرتا ہے: ''امام واجب الاحترام علی بن موسی الرضاؑ۔۔۔امام عالی مقام''(۲)

اور اسی طرح مشہد الرضا کے متعلق کہتا ہے:

اور اب آنحضرتؑ کا روضہ منورہ اعیان واشراف کا محل طواف، تمام ممالک وشہروں، ہر زمانے کے چھوٹے بڑے، عام وخاص افراد کی آرزوں کا قبلہ اور نصیبوں کا کعبہ بن چکا ہے۔

ے ''سلام علی آل طاھا و یاسین سلام علی آل خیر النبیین

سلام علی روضة حل فیھا امام یباھی به الملك والدین

و صلی اللہ علی خیر خلقه محمد سید المرسلین و آله الطیبین الطاھرین سیما الآئمة المعصومین الھادین''۔(۳)

سلام ہو آل طاہا ویسین پر، سلام ہو بہترین رسول کی آل پاک پر، سلام ہو اس باغ پر کہ جس میں وہ امام آرام فرما رہا ہے کہ جس پر دین ودنیا دونوں فخر کرتے ہیں۔

---

(۱) خواندامیر شافعی: تاریخ حبیب السیر فی اخبار افراد بشر، ج۲، ص۸۱۔

(۲) خواندامیر شافعی: تاریخ حبیب السیر فی اخبار افراد بشر، ج۲، ص۸۲۔

(۳) خواندامیر شافعی: تاریخ حبیب السیر فی اخبار افراد بشر، ج۲، ص۸۲-۸۳۔

خدایا درود بھیج اپنی مخلوق میں سے سب سے بہتر، تمام پیغمبروں کے سردار حضرت محمد اور ان کی آل پاک پر خصوصاً ہدایت کرنے والے آئمہ معصومین پر۔عنوان ''گفتار در بیان فضائل وکمالات آن امام عالی مقام، علی نبینا وعلیہ الصلوۃ والسلام'' کے ذیل میں ایک فصل بیان کی ہے کہ جس میں حضرت امام رضاؑ کے متعلق تحریر کرتا ہے:

سرزمین خراسان، امام شہید، طیب وطاہر علی بن موسی بن جعفر بن محمد باقر کا بیت الشرف ہے۔۔ آنحضرتؑ کی جود وسخا، بلند و بالا مقام اور عظمت واحترام کا مغرب سے مشرق تک اپنے پرائے سب کو اعتراف تھا اور ہے۔ ہر چھوٹے بڑے بلکہ نوع انسانی کے تمام افراد نے آپ کے مناقب وکمالات اور اوصاف حمیدہ پر صحائف وکتب تحریر کی ہیں اور لکھ رہے ہیں لیکن جو کچھ بھی لکھا جائے اور تصور کیا جائے آپ اس سے کہیں بلند و بالا ہیں اور آپ کی امامت آپ کے آباء واجداد کی نص کے مطابق معین ہے۔

از آن زمان که فلك شد به نور مهر منور
ندید دیده کس چون علی موسی جعفر
سپهر عز وجلالت محیط علم و فضیلت
امام مشرق و مغرب ملاذ آل پیمبر
حریم تربت او سجده گاه خسرو انجم
غبار مقدم او توتیای دیدهٔ اختر
وفور علم و علو مکان اوست به حدی
که شرح آن نتواند نمود کلك سخنور
قلم اگر همگی وصف ذات او بنویسد
حدیث او نشود در هزار سال مکرر(۱)

---

(۱) خواند امیر شافعی: تاریخ حبیب السیر فی اخبار افراد بشر، ج۲، ص۸۳۔

(وہ امام کہ جس کے نور سے آسمان منور وروشن ہوا، کسی نے بھی حضرت علیؑ ابن موسیٰؑ ابن جعفرؑ جیسی عظیم شخصیت نہیں دیکھی، وہ عزت وجلالت کے آسمان ہیں اور علم وفضیلت ان کا احاطہ کئے ہوئے ہے، وہ آل رسولؐ میں سے ایک رکن ہیں اور مشرق ومغرب کے امام، ان کے حرم مطہر کی خاک چاند کی سجدہ گاہ ہے، ان کے مبارک قدموں سے اٹھنے والی گرد وغبار ستاروں کی آنکھوں کا سرما ہے، ان کے علم کی کثرت اور شأن ومنزلت کی بلندی اس حد تک ہے کہ کوئی بھی سخنور آپ کی توصیف اور مدح وثناء نہیں کرسکتا، قلم اگر وہ تمام صفات لکھنے پر آئے تو ہزاروں سال اگر بار بار آتے رہیں پھر بھی تمام نہیں ہوسکتی ہیں)۔

پھر آپ کے فضائل وکرامات بیان کیے ہیں، اور اس کے بعد کہتا ہے:

مخفی نہ رہے کہ کرامات ومعجزات حضرت امام رضاؑ بہت زیادہ ہیں اور آپ کے مشہد منور کی برکات اور آپ کے مرقد معطر کی فیوضات اس قدر ہیں کہ اس حقیر کی زبان قاصر کے بس کی بات نہیں ہے کہ ان کی تفصیل بیان کی جائے لہذا مجبوراً اختصار سے کام لیا ہے۔(۱)

گیارہویں صدی

۲۰- ابن عماد دمشقی حنبلی (۱۰۸۹ھ): ''و لـه مشهد كبير بطوس يزار''۔(۲) آپ کی عظیم بارگاہ شہر طوس میں ہے کہ جس کی زیارت کی جاتی ہے۔

چودھویں صدی

۲۱- قاضی بہجت آفندی شافعی (۱۳۵۰ھ):

وہ بھی حضرت امام رضا کی بارگاہ کو دنیائے اسلام کی عظیم ترین زیارتگاہ مانتا ہے لہذا کہتا ہے:

---

(۱) خواند امیر شافعی: تاریخ حبیب السیر فی اخبار افراد بشر، ج۲، ص۹۱۔

(۲) ابن عماد حنبلی: شذرات الذهب فی اخبار من ذهب، ج۳، ص۱۴۔

آنحضرت کا روضہ معلیٰ شہر مشہد مقدس میں اسلام کی عظیم و بزرگ ترین زیارت گاہ ہے، سنہرا گنبد ہے کہ جس کی پوری دینا میں مثال ونظیر نہیں ہے۔

خداوند عالم عزت وشرف کو اور زیادہ کرے۔(۱)

حضرت امام رضاؑ کا روضہ مبارکہ

وہابیت، سلفی فرقہ کا عقیدہ یہ ہے کہ قبروں کی تعمیر جائز نہیں ہے اور یہ کام شرک کے مصادیق میں سے ہے، تمام دنیا میں جو بھی قبر تعمیر شدہ ہے اور عمارت وزیارتگاہ ہے وہ عثمانی حکومت کی کارکردگی ہے، جبکہ تاریخ گواہ ہے کہ قبروں کی تعمیر اور عمارات، عثمانی حکومت کے وجود میں آنے اور ابن تیمیہ کی بدعتوں سے بہت پہلے، تقریباً ابتدائی صدیوں سے موجود ہیں۔

ان ہی میں سے ایک گنبد و بارگاہ قبر حضرت علی بن موسی الرضاؑ ہے کہ جس کی اصل تقریباً تیسری، چوتھی صدی پر پلٹتی ہے کہ اس زمانے سے گنبد و بارگاہ موجود ہے۔اس کے متعلق جو تاریخی شواہد ہیں ان کی طرف اشارہ کرتے ہیں۔

تیسری و چوتھی صدی

۱- مقدسی بشاری (۳۸۰ھ):

حضرت امام رضاؑ کے مرقد مطہر کے بارے میں عجیب عبارت لکھتا ہے:

"و بہ قبر علی الرضا بطوس قد بنی علیه حصن فیه دور و سوق ، وقد بنی علیه عمید الدولة فائق مسجدا ما بخراسان احسن منه ۔۔۔"(۲)

---

(۱) قاضی بہجت آفندی شافعی: تشریح ومحاکمہ در تاریخ آل محمد، ص۱۵۸-۱۵۹۔

(۲) مقدسی بشاری: احسن التقاسیم فی معرفة الاقالیم، ص۲۶۱۔

شہر طوس میں حضرت امام علی رضاؑ کی قبر مطہر ہے کہ جس کے چاروں طرف دیوار ہے اور اس کے اطراف میں گھر اور بازار ہیں، عمید الدولہ فائق نے وہاں مسجد بنوائی ہے کہ جس سے بہتر پورے خراسان میں کوئی مسجد نہیں ہے۔

مقدسی بشاری چوتھی صدی سے تعلق رکھتا ہے کہ جس کی شہادت و گواہی سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ روضہ تیسری صدی ہی سے موجود ہے، گویا آنحضرتؑ کی قبر مطہر کی عمارت اسی زمانے میں بنائی گئی تھی، یہ کام نہ صرف یہ کہ بدعت نہیں تھا بلکہ بنی عباس کے حکمرانوں نے اس کی تعمیر و توسعہ میں کام کیا ہے یہاں تک کہ عمید الدولہ کہ جو خلافت بنی عباس کا ایک وزیر تھا حضرت امام رضاؑ کی قبر مطہر پر ایک عظیم مسجد تعمیر کرائی تھی۔

۲- حسین بن احمد مہلبی (۳۸۰ھ):

وہ بھی مقدسی بشاری کی عبارت کی طرح حضرت امام رضاؑ کے قبر مطہر پر تعمیر کی گواہی دیتا ہے۔

وہ خراسان کے شہر نوقان اور حضرت امام رضاؑ کے متعلق اس طرح لکھتا ہے: "وھی من اجل مدن خراسان و اعمر ھا و بظاھر مدینة نوقان قبر الامام علی بن موسی بن جعفر و به ایضاً قبر ھارون الرشید و علی قبر علی بن موسی حصن و فیه قوم معتکفون -- -"۔(۱)

خراسان کے شہروں میں سے بزرگ ترین اور آبادترین شہر نوقان ہے، شہر نوقان کے پیچھے حضرت امام علیؑ بن موسیٰؑ بن جعفرؑ کی قبر ہے اور وہیں پر ہارون الرشید کی قبر بھی ہے۔ حضرت علی بن موسیٰؑ کی قبر پر ایک عمارت ہے کہ جس میں لوگ اعتکاف بجالاتے ہیں۔

آٹھوی صدی

۳- ذھبی شافعی (۷۴۸ھ)

---

(۱) مہلبی: الکتاب العزیزی یا المسالک والممالک، ص ۱۵۵۔

وہ مختصر عبارت لیکن جامع طور پر حضرت امام رضاؑ کے گنبد و بارگاہ کی اس طرح توصیف کرتا ہے:

"و لعلی بن موسی مشهد بطوس يقصدونه بالزيارة"۔(۱)

حضرت امام علی رضاؑ کی شہر طوس میں بارگاہ ہے، لوگ وہاں زیارت کے لیے جاتے ہیں۔

''وله مشهد كبير بطوس يزار''۔(۲)

شہر طوس میں آپ کی بہت بڑی آرامگاہ ہے کہ جس کی زیارت کی جاتی ہے۔

حضرت امام موسی کاظمؑ کی اولاد کا ذکر کرتے ہوئے جب امام رضاؑ پر پہنچتا ہے تو کہتا ہے:

"و لولده علی بن موسی مشهد عظيم بطوس''۔(۳)

اور آپ کے فرزند گرامی علیؑ بن موسیؑ کی عظیم بارگاہ شہر طوس میں ہے۔

۴- محمد بن عبداللہ ابن بطوطہ مراکشی (۷۷۹ھ):

وہ بھی آٹھویں صدی سے تعلق رکھتا ہے اور اپنی تاریخی مسافرت اور دنیا کی سیاحت کرتے ہوئے جب خراسان پہنچتا ہے تو حضرت امام رضاؑ کے گنبد و بارگاہ کو دیکھ کر اس طرح توصیف کرتا ہے:

"و رحلنا الى مدينة مشهد الرضا ، وهو علی بن موسی الكاظم بن جعفر الصادق بن محمد الباقر بن علی زين العابدين بن الحسين الشهيدبن اميرالمؤمنين علی بن ابی طالب ،رضی الله عنهم، وهی ايضاً مدينة كبيرة ---و المشهد المكرم عليه قبة عظيمة فی داخل زاوية تجاورها مدرسة و مسجد و جميعها مليح البناء ، مصنوع الحيطان بالقاشانی و علی القبر دكانة خشب ملبسة بصفائح الفضة وعليه قناديل فضة معلقة ---

---

(۱) ذہبی شافعی: سیر اعلام النبلاء، ج۹، ص۳۹۳۔

(۲) ذہبی شافعی: العبر فی خبر من غبر، ج۶، ص۲۷۴۔

(۳) ذہبی شافعی: سیر اعلام النبلاء، ج۹، ص۳۹۳۔

و عتبة باب القبة فضة وعلى بابها ستر حرير مذهب وهى مبسوط بانواع البسط و ازاء هذا قبرهارون الرشيد ـــ و اذا دخل الرافضى للزيارة ضرب قبر هارون الرشيد برجله و سلم على الرضا "۔(۱)

شہر مشہد الرضا میں پہنچے کہ وہ علی رضا بن موسی کاظم بن جعفر صادق بن محمد باقر بن علی زین العابدین بن حسین شہید بن امیر المومنین علی ابن ابی طالب ہیں- ان پر اللہ کی رحمت و برکت ہو-

مشہد الرضا بہت بڑا شہر ہے اور حضرت کی بارگاہ پر بہت عظیم اور خوبصورت گنبد ہے، اس کے کنارے مدرسہ اور ایک مسجد ہے کہ جن میں سے ہر ایک عمارت اپنی مثال آپ ہے۔

خصوصاً کاشی سے تزیین کی ہوئی دیواریں اور قبر مطہر اور قبر کے چاروں طرف ایک لکڑی کی ضریح نبی ہوئی ہے کہ جس کے اوپر چاندی کا غلاف ہے، ضریح کے بالائی حصہ اور اوپر چاندی سے بنے ہوئے چراغدان اور ان میں چمکتے ہوئے چراغ، اس پر سنہرے دھاگے سے بنا ہوا ریشم کا پردہ اور نیچے بچھے ہوئے مختلف اقسام کے قالین تھے۔ اسی کے مقابل ہارون الرشید کی قبر بھی ہے کہ جب کوئی شیعہ رافضی زیارت کے لیے جاتا ہے تو پہلے ھارون الرشید کی قبر پر ٹھوکر مارتا ہے پھر امام رضاؑ کو سلام کرتا ہے

چودھویں صدی

۵- قاضی بہجت آفندی شافعی (۱۳۵۰ھ):

وہ بھی حضرت امام رضاؑ کی بارگاہ کی اس طرح توصیف کرتا ہے: آنحضرتؑ کا روضۂ معلیٰ شہر مشہد مقدس میں اسلام کی عظیم و بزرگ ترین زیارت گاہ ہے، سنہرا گنبد ہے کہ جس کی پوری دینا میں مثال ونظیر نہیں ہے۔ خداوند عالم عزت وشرف کو اور زیادہ کرے۔(۲)

---

(۱) ابن بطوطہ مرکشی: تحفۃ النظار فی غرائب الامصار معروف بہ رحلۃ بطوطہ، ص ۴۰۱۔

(۲) قاضی بہجت آفندی شافعی: تشریح ومحاکمہ در تاریخ آل محمد، ص ۱۵۸-۱۵۹۔

لاجواب سوال

ساتویں حصہ کے مطالعہ سے معلوم ہوتا ہے کہ اولاً، حضرت پیغمبر اکرمؐ اور تمام اہل بیت رسولؐ کی احادیث شریفہ میں حضرت امام رضاؑ کی قبر مطہر کی زیارت کی تاکید اس بات پر دلیل ہے کہ حضرت امام رضاؑ کی قبر مطہر کی زیارت نہ فقط سنت بلکہ سنت مؤکدہ اور بہت اہمیت کی حامل ہے۔

ثانیاً، اسی سنت مؤکدہ اور اہمیت کے حامل ہونے کی وجہ سے حضرتؑ کے حرم و بارگاہ قابل احترام اور زیارتگاہ اور اسی زمانے (تیسری و چوتھی صدی) سے گنبد و بارگاہ بنی ہوئی ہے۔

ثالثاً، اس مہم ترین سنت ہی کو مدنظر رکھتے ہوئے، اسلامی تمام فرقوں کے علماء اور عوام کا ایک جم غفیر ہے کہ حضرت امام رضاؑ کی قبر مطہر کی زیارت کرنے، ان سے توسل و گریہ زاری کرنے، اپنی حاجتیں لے نے، اور مشکلات کی برطرفی و مریضوں کی شفایابی کے لیے اسی زمانے (تیسری، چوتھی صدی) سے آج تک چلا آ رہا ہے۔

ان تمام حالات وصفات کے باوجود اب یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ کیوں فرقہ وہابیت ان تمام حقائق سے چشم پوشی کرتا ہے؟ اور اپنے آپ کو مسلمانوں میں سے شمار کرتے ہوئے پھر بھی مسلمانوں کے مسلم عقائد جیسے زیارت قبور، تعمیر قبور اور صاحب قبور، اولیاء و اوصیاء الٰہی سے متوسل ہونے خصوصاً اہل بیت رسول اور صالحین پر گریہ وزاری اور ان سے طلب حوائج و رفع مشکلات کے لیے دعا کرنے کی مخالف کرتا ہے اور ان باطل تفکرات سے مسلمانوں کے درمیان اختلاف وتفرقہ ڈالتا ہے؟۔

☆☆☆☆☆

☆☆☆

☆

حرف آخر

کتاب حاضر کے ساتوں حصوں کے مطالعہ کرنے سے مذکورہ ذیل مطالب سامنے آتے ہیں:

۱- حضرت امام علی رضا کی علمی، معنوی و اجتماعی شخصیت کے بارے میں علماء اہل سنت کے بیانات دونوں مذہب شیعہ وسنی کے درمیان اتحاد کے لیے بہترین نکتہ ہے، اگر چہ مؤلفین صحاح اور حضرت امام علی رضاؑ کے معاصر علماء کا آپ سے روایات نقل نہ کرنا یہ ایک قابل افسوس سوال باقی رہ جاتا ہے۔

۲- طول تاریخ میں اسلام کے ہر فرقہ کے علماء اور بزرگ شخصیتیں حضرت امام رضا کی زیارت کو آتی رہی ہیں اور آپ کے مرقد مطہر کے قریب گریہ وزاری، اپنی حاجتوں کی برآوری اور رفع مشکلات کے لیے متوسل ہوتے رہے ہیں، جیسے ابن خزیمہ بستی شافعی، حاکم نیشاپوری شافعی اور ان ہی کی طرح سیکڑوں دیگر علماء کا زیارت کرنا اور متوسل ہونا اس بات کو طرف اچھی طرح نشاندہی کرتا ہے کہ وہ لوگ اس سلسلے میں رسول اکرمؐ کی حقیقی سنت کے تابع و پیروکار تھے اس انجام دیتے تھے اور آج بھی انجام دیتے ہیں، یہ مقام بھی دونوں مذہب شیعہ وسنی کے درمیان اتحاد کا بہترین نکتہ ہے بلکہ تمام مسلمانوں کے اس نکتہ کے تحت متحد کیا جاسکتا ہے۔

۳- فرقہ ضالہ وگمراہ وہابیت، اہل سنت میں سے نہیں ہے اس لیے کہ زیارت قبور سے روکنا خصوصاً قبور صالحین واہل بیت طاہرین اور ان حضرات کے روضوں کو خراب کرنا، خصوصاً جنت البقیع کی تخریب اور آنحضرات سے متوسل ہونے کو منع کرنا یہ سب دعوے سنت نبوی اور سیرت مسلمین کے خلاف ہیں نیز مسلمانوں کے درمیان اتحاد کو ضعیف کرنے کے راستے میں ایک قدم ہے تاکہ مسلمانوں کے درمیان کبھی بھی اتحاد وانسجام وجود میں نہ آسکے۔

لہذا بطور یقین کہا جاسکتا ہے کہ جس طرح حضرت رسول اکرمؐ کے اہل بیت طاہرین مسلمانوں کے درمیان اتحاد و اتفاق کا محور و مرکز ہیں حضرت امام رضا بھی حضرت رسول اکرم کے اہل بیت میں سے آٹھویں امام کی حیثیت سے مسلمانوں کے درمیان اتحاد و اتفاق کا خصوصی نقطہ ہیں چونکہ آپ اپنی پر برکت زندگی میں تمام انسانوں اعم از سنی و شیعہ بلکہ ہر فرقہ و مذہب کے مرجع و پناہ گاہ رہے ہیں اسی طرح آپ کی شہادت کے بعد بھی آپ کی زیارت کے لیے لوگوں کا ہجوم ہر فرقہ و مذہب اور دنیا کے ہر گوشے سے امنڈتا چلا آتا رہا ہے آج بھی اس عظمت و شان و شوکت میں روز بروز اضافہ ہوتا چلا جارہا ہے۔

مسلمانوں کے درمیان منطقی اتحاد کی امید کے ساتھ۔

☆☆☆☆☆

☆☆☆

☆

کتاب نامہ

قرآن کریم

الف ﴾ اہل سنت

حنبلی

۱- ابن قدامہ مقدسی حنبلی ، موفق الدین ابومحمد عبداللہ بن احمد بن محمد (۶۲۰ھ) : التبیین فی انساب القرشیین ، چ ۲، عالم الکتب، مکتبۃ النھضۃ العربیۃ، بیروت ۱۴۰۸ھ۔

۲- ایوب زرعی حنبلی ، ابوعبداللہ محمد بن ابی بکر (۷۵۱ھ) : حاشیۃ ابن القیم ، چ ۲، دارالکتب العلمیۃ، بیروت ۱۴۱۵ھ۔

۳- ابن رجب حنبلی ، زین الدین ابو الفرج عبدالرحمٰن بن شہاب الدین احمد بن رجب (۷۹۵ھ): الذیل علی طبقات الحنابلہ، چ ۱، دارالکتب العلمیہ ، بیروت، ۱۴۱۷ھ۔

۴- خلدون احدب حنبلی: زوائد تاریخ بغداد علی الکتب الستہ ، چ ۱، دارالقلم، دمشق، ۱۴۱۷ھ۔

۵- ابن عماد حنبلی ، شہاب الدین (۱۰۸۹ھ) : شذرات الذھب فی اخبار من ذھب ، چ ۱، دارابن کثیر، دمشق، ۱۴۰۶ھ۔

۶- البانی حنبلی ، محمد ناصر الدین : ضعیف الجامع الصغیر و زیادتہ (الفتح الکبیر)، چ ۳، المکتب الاسلامی، بیروت، ۱۴۱۰ھ۔

۷---: ضعیف سنن ابن ماجہ، چ ۱، المکتب الاسلامی، بیروت، ۱۴۰۸ھ۔

۸- ابن ابی یعلی حنبلی ، ابوحسین محمد بن محمد بن حسین (۵۲۶ھ): طبقات الحنابلہ، دارالکتب العلمیہ ، بیروت، ۱۴۱۷ھ۔

۹- ابن جوزی حنبلی ، ابوالفرج عبدالرحمٰن (۵۹۷ھ): العلل المتناھیہ فی الاحادیث الواھیہ، چ۱، دارالکتب العلمیہ ، بیروت، ۱۴۰۳ھ۔

۱۰---: فنون الافنان فی عجائب علوم القرآن، المجامع العلمی العراقی، بغداد، ۱۴۰۸ھ۔

۱۱---: کتاب الضعفاء والمتروکین، چ۱، دارالکتب العلمیہ ، بغداد، ۱۴۰۶ھ۔

۱۲- احمد بن حنبل (۲۴۱ھ): المسند ، دارصادر، بیروت۔

۱۳- طبرانی شامی حنبلی ، سلیمان بن احمد (۳۶۰ھ): المعجم الاوسط، چ۱، دارالفکر، عمان، ۱۴۲۰ھ

۱۴- ابن جوزی حنبلی ، ابوالفرج عبدالرحمٰن (۵۹۷ھ): المنتظم فی تاریخ الملوک والامم، چ۱، دارالفکر، بیروت، ۱۴۱۵ھ۔

۱۵---: الموضوعات، چ۲، دارالفکر، بیروت، ۱۴۰۳ھ۔

حنفی

۱۶- ابن طولون دمشقی حنفی ، شمس الدین محمد بن طولون (۹۵۳ھ) : الآئمۃ الاثنا عشر، منشورات الرضی، قم۔

۱۷- زبیدی حنفی ، سید محمد بن محمد (۱۲۹۵ھ): اتحاف السادۃ المتقین بشرح اسرار احیاء علوم الدین، خزانۃ السادات، مصر۔

۱۸- نابلسی دمشقی حنفی ، عبدالغنی بن اسماعیل (۱۱۴۳ھ): اسرار الشریعۃ یا الفتح الربانی والفیض الرحمانی، چ۱، دارالکتب العلمیہ ، بیروت، ۱۴۰۵ھ۔

۱۹- مغلطای حنفی ، علا الدین (۷۶۲ھ): اکمال تھذیب الکمال فی اسما الرجال، چ۱، الفاروق الحدیثہ، بیروت، ۱۴۲۲ھ۔

۲۰- شجری جرجانی حنفی ، یحی بن حسین (۴۹۹ھ) : الامالی الخمیس ، چ۱، دارالکتب العلمیہ ، بیروت،۱۴۲۲ھ۔

۲۱- بھادرخان ہندی بریلوی حنفی، امیراحمد حسین (۱۳صدی ہجری): تاریخ الاحمدی، تحقیق: محمد سعید طریحی، چ۱، مرکز الدراسات والبحوث العلمیہ وموسسۃ البلاغ، بیروت، ۱۴۰۸ھ۔

۲۲- سراج الدین حنفی، شیخ عثمان: تاریخ الاسلام والرجال، نسخہ خطی، کتابخانہ آیت اللہ العظمی مرعشی نجفی، قم۔

۲۳- سبط ابن جوزی حنفی (۶۵۴ھ): تذکرۃ الخواص من الامۃ بذکر خصائص الآئمۃ، چ۱، موسسۃ اہل البیت، بیروت، ۱۴۱۷ھ۔

۲۴- قرطبی حنفی، احمد بن محمد بن ابراہیم اشعری (۵۵۰ھ): التعریف فی الانساب والتسویۃ لذوی الاحساب، دارالمنار، قاہرہ۔

۲۵- عبدالقادر قرشی حنفی، ابومحمد محی الدین عبدالقادر بن محمد بن محمد بن نصر اللہ بن سالم بن ابی الوفاء (۷۷۵ھ): الجواھر المضیۃ فی طبقات الحنفیۃ، چ۲، موسسۃ الرسالۃ، بیروت، ۱۴۱۳ھ۔

۲۶- زمخشری حنفی، ابوالقاسم محمود بن عمر (۵۳۸ھ): ربیع الابرار ونصوص الاخیار، چ۱، موسسۃ الاعلمی للمطبوعات، بیروت، ۱۴۱۲ھ۔

۲۷- لکھنوی حنفی، ابوالحسنات محمد عبدالحی (۱۳۰۴ھ): الرفع والتکمیل فی الجرح والتعدیل، تحقیق: عبدالفتاح ابوغدۃ، موسسۃ طرقبہ، حلب۔

۲۸- سندی حنفی، ابوالحسن (۱۱۳۸ھ): شرح سنن ابن ماجہ، چ۲، دارالمعرفہ، بیروت، ۱۴۱۸ھ۔

۲۹- جامی حنفی، عبدالرحمٰن (۸۹۸ھ): شواہدالنبوۃ، مصحح: پروفیسر سید حسن امین، چ۱، دفتر نشر طیب، تہران، ۱۳۷۹ش (ایرانی سال)۔

۳۰- عبدالقادر تمیمی مصری حنفی، تقی الدین بن عبدالقادر (۱۰۰۵ھ): الطبقات السنیۃ فی تراجم الحنفیۃ، چ۱، دارالرفاعی، ریاض، ۱۴۰۳ھ۔

۳۱- شوکانی صنعانی حنفی، محمد بن علی (۱۲۵۰ھ): الفوائد المجموعۃ فی الاحادیث الموضوعۃ، دارالکتب العلمیہ، بیروت۔

۳۲- حاجی خلیفہ حنفی (۱۰۶۷ھ): کشف الظنون عن اسامی الکتب والفنون، دارالفکر، بیروت، ۱۴۰۲ھ۔

۳۳- دولابی حنفی، ابو بشر محمد بن احمد بن حماد (۳۱۰ھ): الکنی الاسما، ج۱، دارالکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۰ھ۔

۳۴- شیخ عبدالواسع بن یحی الواسعی یمانی حنفی، جامع و مصحح: مسند الامام زید، منشورات دارمکتبۃ الحیاۃ، بیروت، ۱۹۶۶ء۔

۳۵- زرندی حنفی، جمال الدین محمد بن یوسف (۷۵۷ھ): معارج الوصول الی معرفۃ فضل آل الرسول والبتول، تحقیق: محمد کاظم محمودی، چ۱، مجمع احیاء الثقافۃ الاسلامیہ، قم، ۱۴۲۵ھ۔

۳۶- بدخشی حنفی، میرزا محمد خان (۱۲ صدی ہجری): مفتاح النجا فی مناقب آل عبا، نسخہ خطی کتابخانہ آیت اللہ العظمی مرعشی نجفی، قم۔

۳۷- عبدالفتاح بن نعمان حنفی: مفتاح المعارف، نسخہ خطی کتابخانہ آیت اللہ العظمی مرعشی نجفی، قم۔

۳۸- خنجی اصفہانی حنفی، فضل اللہ بن روزبہان (۹۲۷ھ): مہمان نامہ بخارا، چ۱، نشر بنگاہ ترجمہ و نشر کتاب، تہران۔

۳۹- ابن تغزی بردی اناکی حنفی، جمال الدین ابو محاسن یوسف (۸۷۴ھ): النجوم الزاہرۃ فی ملوک مصر والقاہرہ، چ۱، دارالکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۱۳ھ۔

۴۰- خجی اصفہانی حنفی ،فضل اللہ بن روزبہان (۹۲۷ھ): وسیلۃ الخادم الی المخدوم درشرح صلوات چہاردہ معصوم، چ۱،انتشارات انصاریان،قم،۱۳۷۵ش (ایرانی سال)۔

۴۱- ہندی لکھنوی حنفی،محمد بن مبین: وسیلۃ النجاۃ لکھنو،۱۳۰۹ھ۔

۴۲- قندوزی حنفی ، سید سلیمان بن ابراہیم (۱۲۹۴ھ): ینابیع المودۃ لذوی القربی ، چ۲، دارالاسوہ،قم،۱۴۲۲ھ۔

شافعی

۴۳- آجری شافعی ،ابوبکر محمد بن حسین (۳۶۰ھ): الاربعین حدیثا، چ۱،مکتبۃ المعلا،کویت ،۱۴۰۸ھ۔

۴۴- شبراوی شافعی ،شیخ عبداللہ بن محمد بن عامر (۱۱۷۲ھ): الاتحاف بحب الاشراف ، چ۱، دارالکتاب الاسلامی،ایران،۱۴۲۳ھ۔

۴۵- مسعودی شافعی ، ابوالحسن علی بن حسین (۳۴۶ھ): اثبات الوصیۃ للامام علی بن ابی طالب،منشورات الرضی،قم۔

۴۶- تابعی شافعی،شیخ احمد: الاعتصام بحبل الاسلام، چ۱،مطبعہ سعادت،قاہرہ،۱۳۲۷ھ۔

۴۷- بیہقی شافعی ، احمد بن حسین (۴۵۸ھ):الاعتقاد والہدایۃ الی سبیل الرشاد، چ۱، دارالآفاق الجدیدۃ، بیروت،۱۴۰۱ھ۔

۴۸- ابن ماکولا شافعی،ابونصر علی بن ہبۃ اللہ (۴۵۷ھ): الاکمال فی رفع الارتیاب عن المؤتلف والمختلف فی الاسماوالکنی والانساب، چ۱، دارالکتب العلمیہ ، بیروت،۱۴۱۱ھ۔

۴۹- سمعانی تمیمی شافعی ، ابوسعد عبدالکریم بن محمد بن منصور (۵۶۲ھ): الانساب ، چ ۱، دارالکتب العلمیہ ، بیروت،۱۴۰۸ھ۔

۵۰- سنھوتی نقش بندی شافعی، شیخ یاسین بن ابراہیم (۳۴۴ھ): الانوار القدسیۃ فی مناقب السادۃ النقشبندیۃ، چ۱، مطبعۃ السعادۃ، قاھرہ۔

۵۱- فکری حسینی قاھری شافعی، علی بن محمد (۱۳۷۲ھ): احسن القصص، چ۱، دار الکتب العلمیہ، بیروت، ۱۳۹۵ھ۔

۵۲- جزری شافعی، ابوالخیر شمس الدین محمد بن محمد (۸۳۳ھ): اسنی المطالب فی مناقب سیدنا علی بن ابی طالب کرم اللہ وجہہ، مکتبۃ الامام امیر المومنین، اصفہان۔

۵۳- ھادی حمو شافعی: اضواء علی الشیعہ، چ۱، دار التر کی، تونس، ۱۹۸۹ء۔

۵۴- ابن کثیر دمشقی شافعی، ابوالفداء (۷۷۴ھ): البدایہ والنھایہ، چ۵، دار الکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۰۹ھ۔

۵۵- غماری شافعی، عبدالعزیز: بیان نکت الناکث المعتدی، چ۳، نشر دار الامام النووی، اردن۔

۵۶- ابونعیم اصفہانی شافعی، احمد بن عبداللہ (۴۳۰ھ): تاریخ اصفہان (ذکر اخبار اصبہان) چ۱، دار الکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۱۱ھ۔

۵۷- ذھبی شافعی، شمس الدین (۷۴۸ھ): تاریخ الاسلام و وفیات المشاہیر والاعلام، چ۱، دار الکتاب العربی، بیروت، ۱۴۱۱ھ۔

۵۸- طبری شافعی، ابوجعفر محمد بن جریر (۳۱۰ھ): تاریخ الامم والملوک، چ۲، دار الکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۰۸ھ۔

۵۹- سیوطی شافعی، جلال الدین (۹۱۱ھ): تاریخ الخلفاء، چ۱، موسسۃ عز الدین، بیروت، ۱۴۱۲ھ۔

۶۰- دیار بکری شافعی، حسین بن محمد بن حسن (۹۶۶ھ): تاریخ الخمیس فی احوال انفس نفیس، دار صادر، بیروت۔

۶۱- خطیب بغدادی شافعی، احمد بن علی (۴۶۳ھ): تاریخ بغداد، چ ۱، دار الکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۱۷ھ۔

۶۲- خواند امیر حسینی شافعی، غیاث الدین بن ھمام الدین (۹۴۲ھ): تاریخ حبیب السیر فی اخبار افراد بشر، چ ۲، انتشارات کتاب فروشی خیام، تہران ۱۳۵۳ش (ایرانی سال)۔

۶۳- ابن عساکر شافعی، ابو القاسم علی بن حسین بن ھبۃ اللہ (۵۷۱ھ): تاریخ دمشق الکبیر، چ ۱، دار احیاء التراث العربی، بیروت، ۱۴۲۱ھ۔

۶۴- میر خواند شافعی، میر محمد بن سید برہان الدین خواند شاہ (۹۰۳ھ): تاریخ روضۃ الصفا، انتشارات کتاب فروشی مرکزی، تہران، ۱۳۳۹ش (ایرانی سال)۔

۶۵- سلیمان صائغ شافعی: تاریخ الموصل، مطبعۃ السلفیۃ، مصر ۱۳۴۲ھ۔

۶۶- ابن اثیر جزری شافعی، مجد الدین مبارک بن محمد (۶۰۶ھ): تتمۃ جامع الاصول فی احادیث الرسول، چ ۱، دار الفکر، بیروت، ۱۴۱۲ھ۔

۶۷- ابن وردی حلبی شافعی، زین الدین (۷۴۹ھ): تتمۃ المختصر فی اخبار البشر، چ ۱، دار المعرفۃ، بیروت، ۱۳۸۹ھ۔

۶۸- مزی شافعی، یوسف بن عبد الرحمٰن (۷۴۲ھ): تحف الاشراف بمعرفۃ الاطراف مع النکت الظراف علی الاطراف ابن حجر عسقلانی، چ ۲، المکتب الاسلامی والدار القیمۃ، بیروت، ۱۴۰۳ھ

۶۹- سیوطی شافعی، جلال الدین (۹۱۱ھ): تدریب الراوی فی شرح تقریب النواوی، تحقیق: عبد الوہاب عبد المطلب، دار الفکر، بیروت، ۱۴۰۹ھ۔

۷۰- رافعی قزوینی شافعی، عبدالکریم بن محمد (۶۲۳ھ): التدوین فی اخبار قزوین، دارالکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۰۸ھ۔

۷۱- ذھبی شافعی، شمس الدین (۷۴۸ھ): تذہیب تھذیب الکمال فی اسما الرجال، چ۱، نشر الفاروق الحدیثہ، قاہرہ، ۱۴۲۵ھ۔

۷۲- خلیفہ نیشاپوری شافعی، محمد بن حسین (آٹھوی صدی ہجری): ترجمہ وتلخیص تاریخ نیشاپور، چ۱، نشر آگہ، تہران، ۱۳۷۵ش (ایرانی سال)۔

۷۳- آفندی شافعی، قاضی بہجت (۱۳۵۰ھ): تشریح ومحاکمہ در تاریخ آل محمد، مترجم میرزا مہدی ادیب، چ۲، مرکز چاپ ونشر بنیاد بعثت، ۱۳۷۶ش (ایرانی سال)۔

۷۴- ابن حجر عسقلانی شافعی، احمد بن علی (۸۵۲ھ): تقریب التھذیب، چ۲، دارالمعرفۃ، بیروت، ۱۳۹۵ھ۔

۷۵- خلیفہ نیشاپوری شافعی، محمد بن حسین (آٹھوی صدی ہجری): تلخیص وترجمہ تاریخ نیشاپور حاکم نیشاپوری، کتابخانہ ابن سینا، تہران۔

۷۶- مسعودی شافعی، ابوالحسن علی بن حسین (۳۴۵ھ): التنبیہ والاشراف، چ۱، موسسۃ نشر المنابع الثقافۃ الاسلامی، قم۔

۷۷- کنانی شافعی، ابوالحسن علی بن محمد بن عراق (۹۶۳ھ): تنزیہ الشریعۃ المرفوعۃ عن الاخبار الشنیعۃ الموضوعۃ، چ۲، دارالکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۰۲ھ۔

۷۸- ابن حجر عسقلانی شافعی، احمد بن علی (۸۵۲ھ): تھذیب التھذیب، چ۱، دارالفکر، بیروت، ۱۴۱۴ھ۔

۷۹- مزی شافعی، یوسف بن عبدالرحمٰن (۷۴۲ھ): تھذیب الکمال فی اسماء الرجال، چ۱، دارالفکر، بیروت۔

۸۰- سیوطی شافعی، جلال الدین (۹۱۱ھ): الجامع الصغیر من حدیث البشیر النذیر، دارالکتب العلمیہ، بیروت۔

۸۱- نبھانی شافعی، یوسف بن اسماعیل (۱۳۵۰ھ): جامع کرامات الاولیا، چ۱، دارالفکر، بیروت، ۱۴۱۴ھ۔

۸۲- ابن ابی حاتم راوی شافعی، ابومحمد عبدالرحمٰن (۳۲۷ھ): الجرح والتعدیل، چ۱، دارالفکر، بیروت۔

۸۳- سمہودی شافعی، علی بن عبداللہ الحسنی (۹۱۱ھ): جواھر العقدین فی فضل الشرفین، وزارۃ الاوقاف والشوؤن الدینیہ، بغداد، ۱۴۰۷ھ۔

۸۴- فارسی شافعی، ابوالحسن عبدالغافرین اسماعیل (۵۲۹ھ): الحلقۃ الاولی من تاریخ نیساپور المنتخب من السیاق، انتخاب: ابواسحاق ابراہیم بن محمد بن الازھر الصیر یفینی (۶۴۱ھ) چ۱، نشر جامعہ مدرسین، قم، ۱۴۰۳ھ۔

۸۵- ابونعیم اصفہانی شافعی، احمد بن عبداللہ (۴۳۰ھ): حلیۃ الاولیاء وطبقات الاصفیاء، چ۱، دارالفکر، بیروت، ۱۴۱۶ھ۔

۸۶- دمیری شافعی، محمد بن موسی (۸۰۸ھ): حیاۃ الحیوان الکبری، چ۱، انتشارات ناصر خسرو، تہران۔

۸۷- سیوطی شافعی، جلال الدین (۹۱۱ھ): الدر المنثور فی التفسیر بالماثور، چ۱، دارالفکر، بیروت ۱۴۱۴ھ۔

۸۸- ابن حجر عسقلانی شافعی، احمد بن علی (۸۵۲ھ): الدرر الکامنۃ فی اعیان الماء الثامنۃ، داراحیاء التراث العربی، بیروت۔

۸۹- ذھبی شافعی، شمس الدین (۷۴۸ھ): دول الاسلام، چ 1، دارصادر، بیروت ۱۹۹۹ء۔

۹۰---: دیوان الضعفاء والمتروکین، چ۱، دار القلم، بیروت، ۱۴۰۸ھ۔

۹۱- ابن نجار بغدادی شافعی، ابوعبداللہ محبّ الدین محمد بن محمود بن حسن (۶۴۳ھ): ذیل تاریخ بغداد، چ۱، دار الکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۱۷ھ۔

۹۲- قشیری شافعی، ابوالقاسم عبدالکریم بن ہوزان (۴۶۵ھ): الرسالۃ القشیریہ فی التصوف تحقیق وتعلیق: محمود بن شریف ودکتر عبدالحلیم محمود، طبع حسان، قاہرہ۔

۹۳- سویدی بغدادی شافعی، ابوالفور محمد امین (۱۲۴۶ھ): سبائک الذھب فی معرفۃ قبائل العرب، المکتبۃ العلمیہ۔

۹۴- دارقطنی بغدادی شافعی، ابوالحسن علی بن عمر بن احمد (۳۸۵ھ): سنن الدارقطنی، چ۱، دار الکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ۔

۹۵- ذھبی شافعی، شمس الدین (۷۴۸ھ): سیر اعلام النبلاء، چ۱۱، موسسۃ الرسالۃ، بیروت، ۱۴۱۷ھ۔

۹۶- فخر رازی شافعی (۶۰۶ھ): الشجرۃ المبارکۃ فی انساب الطالبیہ، چ۱، نشر کتابخانہ آیت اللہ العظمی مرعشی نجفی، قم، ۱۴۰۹ھ۔

۹۷- ابن ابی الحدید معتزلی شافعی، عبدالحمید بن ھبۃ اللہ (۶۵۶ھ): شرح نہج البلاغہ، چ۲، دار احیاء المعرفہ، دمشق، ۱۳۸۵ھ۔

۹۸- بیہقی شافعی، احمد بن حسین (۴۵۸ھ): شعب الایمان، چ۱، دار الکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۱ھ۔

۹۹- قلقشندی شافعی، ابوالعباس احمد بن علی بن احمد عبداللہ (۸۲۱ھ): صبح الأعشی فی صناع الانشاء، دار الکتب العلمکہ، بیروت۔

۱۰۰- ابن حجر ہیثمی شافعی،ابوعباس احمد بن محمد بن محمد بن علی (۹۷۳ھ) :الصواعق المحرقہ ،چ۱، موسسۃ الرسالۃ، بیروت، ۱۴۱۷ھ۔

۱۰۱- احمد امین مصری شافعی: ضحی الاسلام، چ۱، دارالکتب العربی، بیروت۔

۱۰۲- سیوطی شافعی، جلال الدین (۹۱۱ھ): طبقات الحفاظ، چ۱، دارالکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۰۳ھ۔

۱۰۳- ابن قاضی شہب شافعی، ابوبکر بن احمد بن محمد بن عمر بن محمد دمشقی (۸۵۱ھ): طبقات الشافعیہ، دارالندوۃ الجدیدۃ، بیروت، ۱۴۰۷ھ۔

۱۰۴-ابن کثیر دمشقی شافعی، اسماعیل بن عمر (۷۷۴ھ): طبقات الشافعیہ، چ۱، دارالمدار الاسلامی، بیروت۔

۱۰۵- ابن ھدایۃ اللہ حسینی شافعی، ابوبکر (۱۰۱۴ھ): طبقات الشافعیہ، چ۲، دارالآفاق الجدیدۃ، بیروت ۱۹۷۹ء۔

۱۰۶- اسنوی شافعی، جمال الدین عبدالرحیم (۷۷۲ھ): طبقات الشافعیہ، چ۱، دارالکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۰۷ھ۔

۱۰۷- سبکی شافعی، تاج الدین ابونصر عبدالوھاب بن علی بن عبدالکافی (۷۷۱ھ): طبقات الشافعیۃ الکبری، احیاء الکتب العربیہ، بیروت۔

۱۰۸- ابن صلاح شافعی، تقی الدین ابوعمرو عثمان بن صلاح الدین بن عبدالرحمٰن الشھرزوری (۶۴۳ھ): طبقات الفقھاء الشافعیہ بترتیب و مستدرکات محی الدین ابوزکریا یحی بن شرف نووی شافعی (۶۷۶ھ) وتنقیح یوسف بن عبدالرحمٰن مزی شافعی (۷۴۲ھ) چ۱، دارالبشائر الاسلامیہ، بیروت ۱۴۱۳ھ۔

۱۰۹- شعرانی شافعی، ابوالمواھب عبدالوھاب بن علی الانصاری (۹۷۳ھ): الطبقات الکبری المسماۃ بلواقح الانوار فی طبقات الاخبار، دارالفکر، بیروت۔

۱۱۰- ابوالشیخ شافعی، ابومحمد عبداللہ بن محمد بن جعفر بن حبان (۳۶۸ھ): طبقات المحدثین باصفہان والواردین علیھا، چ۱، دارالکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۰۹ھ۔

۱۱۱- ذھبی شافعی، شمس الدین (۷۴۸ھ): العبر فی خبر من غبر، دارالکتب العلمیہ، بیروت۔

۱۱۲- محمد بن عقیل شافعی (۳۵۰ھ): العتب الجمیل علی اھل الجرح والتعدیل، تحقیق وتعلیق: حسن بن علی سقاف شافعی،، چ۱، دارالامام النووی، اردن۔

۱۱۳- ابن حجر عسقلانی شافعی، احمد بن علی (۸۵۲ھ): فتح الباری بشرح صحیح البخاری، چ۱، دارالریان للتراث، قاھرہ، ۱۴۰۷ھ۔

۱۱۴- جوینی شافعی، شیخ الاسلام ابراہیم بن محمد (۷۲۲ھ): فرائد السمطین فی فضائل المرتضی والبتول والسبطین والآئمۃ من ذریتھم، چ۱، موسسۃ المحمودی، بیروت، ۱۴۰۰ھ۔

۱۱۵- دیلمی شافعی، شیرویہ (۵۰۹ھ): فردوس الاخبار بماثور الخطاب، چ۱، دارالفکر، بیروت، ۱۴۹۱ھ۔

۱۱۶- مناوی شافعی، عبدالرؤف بن علی (۱۰۳۱ھ): فیض القدیر بشرح الجامع الصغیر، چ۲، دارالفکر، بیروت، ۱۳۹۱ھ۔

۱۱۷- فیروزآبادی شافعی، مجدالدین محمد بن یعقوب (۸۱۷ھ): قاموس المحیط، دارالجبل، بیروت۔

۱۱۸- ذھبی شافعی، شمس الدین (۷۴۸ھ): الکاشف فی معرفۃ من لہ روایۃ فی الکتب الستۃ، چ۱، دارالقبلۃ، موسسہ علوم القرآن، جدہ، ۱۴۱۳ھ۔

۱۱۹- ابن اثیر جزری شافعی،عزالدین ابوحسن عل بن کرم شیبانی (۶۳۰ھ): الکامل فی التاریخ ،چ۱،داراحیاءالتراث العربی، بیروت،۱۴۰۸ھ۔

۱۲۰- ابن عدی جرجانی شافعی، ابواحمدعبداللہ(۳۶۵ھ): الکامل فی ضعفا الرجال ،چ۳، دارالفکر، بیروت،۱۴۰۹ھ۔

۱۲۱- ابن حبان بستی شافعی، ابوحاتم محمد بن حبان بن احمد(۳۵۴ھ): کتاب الثقات ، چ۱، دارالفکر، بیروت،۱۳۹۳ھ۔

۱۲۲- ابونعیم اصفہانی شافعی، احمد بن عبداللہ(۴۳۰ھ) : کتاب الضعفاء ،چ۱، دارالثقافہ، مغرب،۱۴۰۵ھ۔

۱۲۳- دارقطنی بغدادی شافعی ،ابوالحسن علی بن عمر بن احمد(۳۸۵ھ): کتاب الضعفاء والمتروکین، چ۲،المکتب الاسلامی، بیروت،۱۴۰۰ھ۔

۱۲۴- نسائی شافعی ، ابوعبدالرحمٰن احمد بن شعیب (۳۸۵ھ): کتاب الضعفاء والمتروکین، چ۲،موسسۃ الکتب الثقافیہ، بیروت،۱۴۱۲ھ۔

۱۲۵- ابن حبان بستی شافعی، ابوحاتم محمد بن حبان بن احمد(۳۵۴ھ): کتاب المجروحین، دارالمعرفہ، بیروت،۱۴۱۲ھ۔

۱۲۶- مقریزی شافعی،تقی الدین احمد بن علی (۸۴۵ھ): کتاب المقفی الکبیر، چ۱، دارالغرب الاسلامی، بیروت، لبنان،۱۴۱۱ھ۔

۱۲۷---: معرفۃ الرواۃ، چ۱، دارالمعرفہ، بیروت۱۴۰۶ھ۔

۱۲۸- ابن حبان بستی شافعی، ابوحاتم محمد بن حبان بن احمد(۳۵۴ھ): کتاب مشاہیر علماء الامصار، چ۱،النشر یات الاسلامیہ،قاھرہ،۱۳۷۹ھ۔

۱۲۹- عجلونی جراحی شافعی، شیخ اسماعیل بن محمد (۱۶۲ھ): کشف الخفا ومزیل الالباس عما اشتھر من الاحادیث علی السنۃ الناس، چ۶، موسسۃ الرسالہ، بیروت، ۱۴۱۶ھ۔

۱۳۰- گنجی شافعی، محمد بن یوسف (۶۵۸ھ): کفایۃ الطالب فی مناقب علی بن ابی طالب، چ۳، داراحیاء التراث اھل البیت، تہران، ۱۴۰۴ھ۔

۱۳۱- خطیب بغدادی شافعی، احمد بن علی (۴۶۳ھ): الکفایہ فی علم الدرایہ، چ۲، دارالکتب الحدیثہ، قاھرہ۔

۱۳۲- مناوی شافعی، عبدالرؤوف بن علی (۱۰۳۱ھ): الکواکب الدریہ فی تراجم السادۃ الصوفیہ، چ۱، قاھرہ۔

۱۳۳- سیوطی شافعی، جلال الدین (۹۱۱ھ): اللآلی المصنوعہ فی الاحادیث الموضوعہ، چ۱، دارالکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۱۷ھ۔

۱۳۴- ابن اثیر جزری شافعی، عزالدین ابوحسن علی بن کرم شیبانی (۶۳۰ھ): اللباب فی تھذیب الانساب، چ۳، دارصادر، بیروت، ۱۴۱۴ھ۔

۱۳۵- سیوطی شافعی، جلال الدین (۹۱۱ھ): لب اللباب فی تحریر الانساب، چ۱، دارالکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۱۱ھ۔

۱۳۶---: المعین فی طبقات المحدثین، چ۱، دارالصحوۃ، بیروت، ۱۴۰۷ھ۔

۱۳۷- ابن حجر عسقلانی شافعی، احمد بن علی (۸۵۲ھ): لسان المیزان، چ۱، دارالکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۷ھ۔

۱۳۸- قلقشندی شافعی، ابوالعباس احمد بن علی بن احمد عبداللہ (۸۲۱ھ): مآثر الانافہ فی معالم الخلافہ، چ۱، عالم الکتب، بیروت ۱۴۲۷ھ۔

۱۳۹- صعیدی شافعی، عبدالمتعال(۱۳۷۷ھ): المجد دون فی الاسلام، مکتب الآداب، قاھرہ، ۱۴۱۶ھ۔

۱۴۰- ذھبی شافعی، شمس الدین(۷۴۸ھ): المجر دفی اسماء رجال سنن ابن ماجہ، چ۱، دارالرایہ، ریاض، ۱۴۰۹ھ۔

۱۴۱- ابوالفداء دمشقی شافعی، عمادالدین اسماعیل بن ایوب(۷۳۲ھ): المختصر فی اخبار البشر، چ۱، دارالمعرفہ، بیروت۔

۱۴۲- یافعی یمنی شافعی، ابومحمد عبداللہ بن سعد(۷۶۸ھ): مرآۃ الجنان وعبر الیقظان فی معرفۃ مایعتبر من حوادث الزمان، چ۱، دارالکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۱۷ھ۔

۱۴۳- مسعودی شافعی، ابوالحسن علی بن حسین(۳۴۵ھ): مروج الذھب و معادن الجوھر، چ۱، دارالکتب العلمیہ، بیروت۔

۱۴۴- حاکم نیشاپوری شافعی، ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ(۴۰۵ھ): المستدرک علی الصحیحین، چ۱، مکتب العصریہ، بیروت، ۱۴۲۰ھ۔

۱۴۵---: المغنی فی الضعفاء، چ۱، دارالکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۱۸ھ۔

۱۴۶- قضاعی شافعی، محمد بن سلامہ(۴۵۴ھ): مسند الشہاب، چ۲، موسسۃ الرسالۃ، بیروت، ۱۴۰۷ھ۔

۱۴۷- بوصیری قاھری شافعی، ابوالعباس شھاب الدین احمد بن ابی بکر(۸۴۰ھ): مصباح الزجاجہ فی زوائد ابن ماجہ، تحقیق: عوض بن احمد شھری، چ۱، جامعۃ الاسلامیہ، مدینہ منورہ، ۱۴۲۵ھ۔

۱۴۸- محمد بن طلحہ شافعی(۶۵۲ھ): مطالب السوؤل فی مناقب آل الرسول، چ۱، موسسۃ البلاغ، بیروت، ۱۴۱۹ھ۔

۱۴۹- امین وردشافعی، باقر: معجم العلما العرب، چ۱، عالم الکتب، بیروت، ۱۴۰۶ھ۔

۱۵۰- ذھبی شافعی، شمس الدین (۷۴۸ھ): المعجم الکبیر (معجم شیوخ الذھبی) چ۱، دار الکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۱۰ھ۔

۱۵۱---: المعجم المختص (معجم محدثی الذھبی) چ۱، دار الکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۱۳ھ۔

۱۵۲---: المقتنی فی سرد الکنی، چ۱، دار الکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۱۸ھ۔

۱۵۳- ھاشمی شافعی، سید محمد طاھر (۱۴۱۲ھ): مناقب اھل بیت از دیدگاہ اھل سنت، چ۱، اسلامی تحقیقات فانڈیشن، آستان قدس رضوی، مشہد، ۱۳۷۸ھ۔

۱۵۴- خطیب بغدادی شافعی، احمد بن علی (۴۶۳ھ): موضح اوھام الجمع والتفریق، چ۱، دار المعرفہ، بیروت، ۱۴۰۷ھ۔

۱۵۵- ذھبی شافعی، شمس الدین (۷۴۸ھ): میزان الاعتدال فی نقد الرجال، دار الفکر، بیروت۔

۱۵۶- دار قطنی بغدادی شافعی، ابوالحسن علی بن عمر بن احمد (۳۸۵ھ): المؤتلف والمختلف، چ۱، دار الغرب الاسلامی، بیروت، ۱۴۰۶ھ۔

۱۵۷- عروسی مصری شافعی، سید مصطفیٰ بن محمد (۱۲۹۳ھ): نتائج الافکار القدسیہ، جامعۃ الدرویشیہ، دمشق۔

۱۵۸- مکی حسینی موسوی شافعی، نور الدین سید عباس بن علی (۱۱۸۰ھ): نزھۃ الجلیس ومنیۃ الادیب الانیس، چ۱، مکتبۃ الحیدریہ، قم، ۱۴۱۷ھ۔

۱۵۹- صفوری شافعی، عبد الرحمٰن بن عبد السلام بن عبد الرحمٰن (۸۹۴ھ): نزھۃ المجالس ومنتخب النفائس، چ۳، شرکۃ مکتبۃ ومطبعۃ مصطفیٰ البانی الحلبی، قاھرہ، ۱۳۸۷ھ۔

۱۶۰- موصلی شافعی، عمر بن شجاع الدین محمد بن عبد الواحد (۶۶۰ھ): النعیم المقیم لعتر النبا العظیم، چ۱، دار الکتاب الاسلامی، قم، ۱۴۲۳ھ۔

۱۶۱- مقریزی شافعی، تقی الدین احمد بن علی (۸۴۵ھ): النقود الاسلامیہ المسمی بشذور العقود فی ذکر النقود، چ۱، منشورات الشریف الرضی، قم، ۱۴۰۷ھ۔

۱۶۲- شبلنجی شافعی، شیخ مومن بن حسن بن مومن (۱۲۹۸ھ): نورالابصار فی مناقب آل بیت النبی المختار، چ۱، دارالکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۱۸ھ۔

۱۶۳- قلقشندی شافعی، ابوالعباس احمد بن علی بن احمد عبداللہ (۸۲۱ھ): نھایۃ الارب فی معرفۃ انساب العرب، دارالکتب العلمیہ، بیروت۔

۱۶۴- نویری شافعی، ابوالعباس شھاب الدین احمد بن عبدالوھاب (۷۳۲ھ): نھایۃ الارب فی فنون الادب، وزارۃ الثقافیہ، قاھرہ۔

۱۶۵- صفدی شافعی، صلاح الدین خلیل بن ایبک (۷۶۴ھ): الوافی بالوفیات، چ۱، النشرات الاسلامیہ، جرمنی، ۱۳۸۱ھ۔

۱۶۶- ابن خلکان شافعی، ابوعباس شمس الدین محمد بن ابی بکر (۶۸۱ھ): وفیات الاعیان وانباء الزمان، چ۱، دارصادر، بیروت، ۱۳۹۸ھ۔

۱۶۷- ابن حجر عسقلانی شافعی، احمد بن علی (۸۵۲ھ): ھدی الساری معروف بہ مقدمہ فتح الباری، چ۱، دارالریان للتراث، قاھرہ، ۱۴۰۷ھ۔

ظاہری

۱۶۸- مغلطای حنفی، علاءالدین (۷۶۲ھ): اکمال تھذیب الکمال فی اسماء الرجال، بہ ضمیمہ نظرات محمد بن طاہر مقدسی ظاہری، چ۱، الفاروق الحدیثۃ، بیروت، ۱۴۲۲ھ۔

۱۶۹- ابن حزم اندلسی، ظاہری، ابومحمد علی بن علی بن احمد بن سعید (۴۵۶ھ): جمھرۃ انساب العرب، دارالکتب العلمیہ، بیروت۔

مالکی

۱۷۰- قاسم علی مالکی ، سعد مالی: جمھرۃ تراجم فقھاء المالکیہ، چ۱، دارالبحوث للدارسات الاسلامیہ واحیاء التراث، دبئ ۱۴۲۳ھ۔

۱۷۱- ازھری مالکی، محمد بشیر ظافر: طبقات المالکیہ، چ۱، دارالآفاق العربیہ، قاھرہ، ۱۴۲۰ھ۔

۱۷۲- ابن خلدون مالکی، عبدالرحمٰن (۸۰۸ھ): العبر و دیوان المبتداء والخبر فی ایام العرب والعجم والبربر ومن عاصرھم من ذوی السلطان الاکبر، معروف بہ تاریخ ابن خلدون، چ۲، دارالفکر، بیروت، ۱۴۰۹ھ۔

۱۷۳- ابن صباغ مالکی (۸۵۵ھ): الفصول المھمۃ فی معرفۃ احوال الآئمہ، چ۲، دارالاضواء بیروت، ۱۴۰۹ھ۔

۱۷۴- رشید عطار مالکی، ابوالحسین رشید الدین یحی بن عبداللہ بن علی قرشی (۶۶۲ھ): مجرد اسماء الرواۃ عن مالک، چ۱، مکتبۃ الغربا الاثریہ، مدینہ منورہ، ۱۴۱۸ھ۔

دیگر افراد(۱)

۱۷۵- ترمانینی، عبدالسلام: احدث التاریخ الاسلامی بترتیت السنن، چ۱، دارطلاس، دمشق۔

۱۷۶- بشاری مقدسی، ابوعبداللہ محمد بن احمد بن البناء (۳۸۰ھ): احسن التقاسیم فی معرفۃ الاقالیم، داراحیاء التراث العربی، بیروت، ۱۴۰۸ھ۔

۱۷۷- جوزجانی ناصبی، ابواسحاق ابراہیم بن یعقوب (۲۵۹ھ): احوال الرجال، چ۱، موسسۃ الرسالۃ، بیروت، ۱۴۰۵ھ۔

---

(۱) دوسرا فراد سے وہ لوگ مراد ہیں کہ جو اہل سنت ہی ہیں لیکن ان کا فقہی مذہب معلوم نہیں ہے۔

۱۷۸- فرمانی دمشقی، ابوعباس احمد بن یوسف بن احمد (۱۰۱۹ھ): اخبارالدول وآثارالاول، عالم الکتب، بیروت۔

۱۷۹- ابوحنیفہ دینوری، احمد بن داؤد (۲۸۳ھ): اخبارالطّوال، ترجمہ محمود مھدوی دامغانی، چ۴، نشرنی، تہران، ۱۳۷۱ش (ایرانی سال)۔

۱۸۰- ابویعلی قزوینی خلیل بن عبداللہ خلیلی (۴۵۶ھ): الارشاد فی معرفۃ علماء الحدیث، دارالفکر، بیروت، ۱۴۱۴ھ۔

۱۸۱- صولی، ابوبکر محمد بن یحی (۳۳۵ھ): اشعاراولادالخلفاء واخبارھم من کتاب الاوراق۔ چ۳، دارالمسیر، بیروت، ۱۴۰۱ھ۔

۱۸۲- زرکلی دمشقی، خیرالدین (۱۳۹۶ھ): الاعلام، چ۹، دارالعلم للملایین، بیروت، ۱۹۹۰ء۔

۱۸۳- ابوالفرج اصفہانی (۳۵۶ھ): الاغانی، دارالفکر، بیروت۔

۱۸۴- صفاءالضوی واحمد العدوی: اھداءالدیباجہ بشرح سنن ابن ماجہ، چ۱، دارالیقین، بحرین ۱۴۲۲ھ۔

۱۸۵- یعقوبی، ابن ابی واضح (۱۸۴ھ): البلدان، چ۱، تحقیق: محمد امین ضناوی، دارالکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۲ھ۔

۱۸۶- ابوزرعہ دمشقی، عبدالرحمٰن بن عمرو بن عبداللہ بن صفوان نصری (۲۸۱ھ): تاریخ ابی زرعہ الدمشقی بروایۃ ابوالمیمون بن راشد، چ۱، مطبوعات مجمع اللغۃ، دمشق، ۱۴۰۰ھ۔

۱۸۷- ابن شاھین، ابوحفص عمر بن احمد بن عثمان (۳۸۵ھ): تاریخ اسماء الثقات، چ۱، دارالکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۰۵ھ۔

۱۸۸- عجلی ابوالحسن احمد بن عبداللہ بن صالح (۲۶۱ھ): تاریخ الثقات، چ۱، دارالکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۰۵ھ۔

۱۸۹- جرجی زیدان، ترجمہ علی جواھرکلام: تاریخ تمدن اسلام، چ۷، امیرکبیر، تہران، ۱۳۷۲ش (ایرانی سال)۔

۱۹۰- ابن العظیمی، محمد بن علی تنوخی حلبی: تاریخ حلب۔

۱۹۱- خلیفہ بن خیاط، ابوعمرو لیثی عصفری (۲۴۰ھ): تاریخ خلیفہ بن خیاط، چ۱، دارالکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۱۵ھ۔

۱۹۲- ابن عبری (۶۸۵ھ): تاریخ مختصر الدول، چ۱، موسسۃ نشر المنابع الثقافیۃ الاسلامیہ، قم۔

۱۹۳- یحی بن معین، ابوزکریا مری غطفانی بغدادی (۲۳۳ھ): تاریخ یحی ابن معین بروایۃ ابوالفضل عباس بن محمد بن حاتم الدوری البغدادی (۲۷۱ھ): دارالقلم، بیروت۔

۱۹۴- یعقوبی، ابن ابی صلاح (۲۸۴ھ): تاریخ یعقوبی، دارصادر بیروت۔

۱۹۵- مسکویہ، ابوعلی احمد بن محمد بن یعقوب (۴۲۱ھ): تجارب الامم وتعاقب الھمم، چ۱، دارالکتب العلمیہ، بیروت، ۱۴۲۴ھ۔

۱۹۶- ابن بطوطہ مراکشی، محمد بن بطوطہ (۷۷۹ھ): تحف النظار فی غرائب الامصار معروف بہ رحلہ ابن بطوطہ، دارالکتب العلمیہ، بیروت۔

۱۹۷- معروف عواد، بشار، تحقیق وتعلیق سنن ابن ماجہ، تحقیق وتعلیق بشار معروف عواد، چ۱، دار الجبل، بیروت ۱۴۸۱ھ۔

۱۹۸- حفصی عدوی، محمد بن یوسف بن عیسی بن اطیفش (۱۳۳۲ھ): جامع الشمل فی حدیث خاتم الرسل، دارالکتب العلمیہ، بیروت۔

۱۹۹- عطاءاللہ شیرازی، روضۃ الاحباب، نسخہ خطی کتابخانہ آیت اللہ العظمی مرعشی نجفی، قم۔
۲۰۰- ابن ماجہ قزوینی، ابوعبداللہ محمد بن یزید (۲۷۵ھ): سنن ابن ماجہ، دارالفکر، بیروت۔
۲۰۱- شیبی، کامل مصطفیٰ: الصلۃ بین التصوف والتشیع، چ۳، دارالاندلس، بیروت، ۱۹۸۲ء۔
۲۰۲- مسلم بن حجاج نیشاپوری، ابوالحسین (۲۶۱ھ): الطبقات، چ۱، دارالھجرۃ، ریاض، ۱۴۱۱ھ
۲۰۳- ابن عنبہ، جمال الدین احمد بن علی حسینی (۸۲۸ھ): عمدۃ الطالب فی انساب آل ابی طالب، چ۱، موسسہ انصاریان، قم، ۱۴۱۷ھ۔
۲۰۴- ابن طقطقی، محمد بن علی بن طباطبا (۷۰۹ھ): الفخریہ فی الآداب السلطانیہ والدول الاسلامیہ، چ۱، دارالقلم العربی، حلب، ۱۴۱۸ھ۔
۲۰۵- تنوخی، قاضی ابوعلی: الفرج بعد الشدۃ، چ۱، دارصادر، بیروت، ۱۳۹۸ھ۔
۲۰۶- ابن ندیم ابوالفرج محمد بن اسحاق (چوتھی صدی ہجری): الفہرست، دارالمعرفہ، بیروت
۲۰۷- مؤلفین کا ایک گروہ: الفہرست الشامل للتراث العربی الاسلامی المخطوط (الحدیث النبوی الشریف وعلومہ ورجالہ) تحقیق ونشر: موسسۃ آل البیت للفکر الاسلامی، عمان، اردن، ۱۴۲۶ھ۔
۲۰۸- ھروی موصلی، ابوالحسن علی بن ابوبکر (۶۱۱ھ): کتاب الاشارات الی معرفۃ الزیارات، معھد الفرنسی، دمشق، ۱۹۵۳ء۔
۲۰۹- بخاری، محمد بن اسماعیل (۲۵۶ھ): کتاب الضعفاء الصغیر، چ۱، عالم الکتب، بیروت، ۱۴۰۴ھ۔
۲۱۰- خلیفہ بن خیاط، ابوعمرو لیثی عصفری (۲۴۰ھ): کتاب الطبقات، چ۲، دارالطیبہ، ریاض، ۱۴۰۲ھ۔

۲۱۱- مھلبی ،حسن بن احمد(۳۸۰ھ): کتاب العزیزی یا المسالک والممالک ،تصحیح وتعلیق : تیسیر خلف، چ 1 ،نشر التکوین، دمشق، ۲۰۰۶ء۔

۲۱۲- جھشیاری، ابوعبداللہ محمد بن عبدوس(۳۳۱ھ): کتاب الوزراء والکتاب ، دارالفکر الحدیث، بیروت، ۱۴۰۸ھ۔

۲۱۳- ابوالوفاء حلبی طرابلسی ،ابراہیم بن محمد بن سبط ابن عجمی(۸۴۱ھ): الکشف الحیث ، چ۱، عالم الکتب ومکتبۃ النھضۃ العربیۃ ، بیروت، ۱۴۰۷ھ۔

۲۴۱- متقی ہندی ، علا الدین علی متقی بن حسام(۹۷۵ھ): کنز العمال فی سنن الاقوال و الافعال، چ ۵ ،موسسۃ الرسالۃ ، بیروت، ۱۴۰۵ھ۔

۲۱۵- ابن منظور افریقی ،محمد بن مکرم (۷۱۱ھ): مختصر تاریخ دمشق ، ، چ۱، دارالفکر، بیروت، ۱۴۰۹ھ ۔

۲۱۶- یاقوت حموی، ابوعبداللہ شہاب الدین یاقوت بن عبداللہ رومی بغدادی(۶۲۶ھ): معجم البلدان، داراحیاء التراث العربی، بیروت، ۱۳۹۹ھ۔

۲۱۷- ونسینک ،آرنٹ یان: المعجم المفھرس لالفاظ الحدیث النبوی، ۱۹۳۶ء۔

۲۱۸- کحالہ، عمر رضا: معجم المولفین، داراحیاء التراث العربی، بیروت۔

۲۱۹- عجلی ، ابوالحسن احمد بن عبداللہ بن صالح (۲۶۱ھ): معرفۃ الثقات، چ۱، مکتبۃ الدار، مدینہ منورہ، ۱۴۰۵ھ۔

۲۲۰- یحی بن معین ، ابوزکریا مری غطفانی بغدادی(۲۳۳ھ): معرفۃ الرجال ، چ۱، مطبوعات مجمع اللغۃ العربیۃ، دمشق، ۱۴۰۵ھ۔

۲۲۱- فسوی، یعقوب بن سفیان(۲۷۷ھ): المعرفۃ والتاریخ ،چ ۲، موسسۃ الرسالۃ، بیروت، لبنان، ۱۴۰۱ھ۔

۲۲۲- ونسینک، آرنٹ یان: مفتاح کنوز السن، دارالباز، مکہ مکرمہ، ۱۴۰۳ھ۔
۲۲۳- ابوالفرج اصفہانی (۳۵۶ھ): مقاتل الطالبین، چ۲، منشورات الرضی، قم، ۱۴۰۵ھ۔
۲۲۴- حمادی مشہدانی، محمد جاسم: موارد البلاذری عن الاسرۃ الامویۃ فی انساب الاشراف، مکتبۃ الطالب الجامعی، مکہ مکرمہ، ۱۴۰۷ھ۔
۲۲۵- زغلول، ابوھاجر محمد سعید بن بسیونی: موسوعۃ اطراف الحدیث النبوی الشریف، دارالفکر، بیروت، ۱۴۱۴ھ۔
۲۲۶- آبی، ابوسعد منصور بن حسین (۴۲۱ھ): نثر الدرر، ھیئۃ المصریۃ العامۃ للکتاب، مصر۔
۲۲۷- علی سامی نشار: نشاۃ الفکر الفلسفی فی الاسلام، چ۴، دارالمعارف، اسکندریہ، ۱۹۶۹ء۔
۲۲۸- حضرمی، ابن کثیر: وسیلۃ المآل، نسخہ خطی، کتابخانہ آیت اللہ العظمی مرعشی نجفی، قم۔

ب﴿ امامیہ

۲۲۹- قاضی نوراللہ شوشتری، شہید ثالث حسینی شوشتری (۱۰۱۹ھ): احقاق الحق وازھاق الباطل، چ۱، مکتبۃ آیۃ اللہ العظمی مرعشی نجفی، قم۔
۲۳۰- شیخ طوسی، ابوجعفر محمد بن حسن بن علی (۴۶۰ھ): اختیار معرفۃ الرجال، تحقیق: حسن مصطفوی، دانشگاہ مشہد، ۱۳۴۸ش ایرانی سال۔
۲۳۱- شیخ مفید، ابوعبداللہ محمد بن نعمان (۴۱۳ھ): الارشاد فی معرفۃ حجج اللہ علی العباد، چ۱، موسسۃ آل البیت، لاحیاء التراث، قم، ۱۴۱۳ھ۔
۲۳۲- گروہ مولفین: اعلام الھدایہ، چ۱، المجمع العالمی لاھل البیت، قم، ۱۴۲۲ھ۔
۲۳۳- امین العاملی، سید محسن بن عبد الکریم (۱۳۷۱ھ): اعیان الشیعہ، دارالتعارف، بیروت۔

۲۳۴- شیخ صدوق، ابوجعفر محمد بن علی بن حسین بن بابویہ قمی (۳۸۱ھ): الامالی، چ۵، موسسۃ اعلمی، بیروت، ۱۴۱۰ھ۔

۲۳۵- شیخ طوسی، ابوجعفر محمد بن حسن بن علی (۴۶۰ھ): الامالی، چ۱، دارالثقافہ، قم، ۱۴۱۴ھ۔

۲۳۶- فضل اللہ، سید محمد جواد: الامام الرضا تاریخ ودراسۃ، چ۱، موسسۃ دارالکتاب الاسلامی، قم، ۱۴۲۸ھ۔

۲۳۷- طباطبائی، سید عبدالعزیز (۱۴۱۶ھ): اھل البیت فی المکتب العربی، تحقیق ونشر: موسسۃ آل البیت لاحیاالتراث، چ۱، قم، ۱۴۱۷ھ۔

۲۳۸- علامہ مجلسی، محمد باقر (۱۱۱۱ھ): بحارالانوار الجامع لدرر اخبار الآئمۃ الاطھار، چ۲، موسسۃ الوفا، بیروت، ۱۴۰۳ھ۔

۲۳۹- مظفر، محمد حسین: تاریخ الشیعہ، چ۲، دارالزھرا، بیروت، ۱۴۰۸ھ۔

۲۴۰- شیخ عباس قمی (۱۳۵۹ھ): تتمۃ المنتھی درتاریخ خلفاء، چ۱، انتشارات دلیل ما، قم، ۱۳۸۲ش (ایرانی سال)۔

۲۴۱- مامقانی، شیخ عبداللہ (۱۳۵۹ھ): تنقیح المقال فی علم الرجال، چ۱، مطبعۃ المرتضویہ، نجف اشرف۔

۲۴۲- شریف قرشی، محمد باقر: حیاۃ الامام علی بن موسی الرضا، چ۱، دارالبلاغہ، بیروت، ۱۴۱۳ھ۔

۲۴۳---: حیاۃ الامام موسی بن جعفر، چ۱،، دارالبلاغہ، بیروت، ۱۴۱۳ھ۔

۲۴۴- مرتضی عاملی، سید جعفر: الحیاۃ السیاسیۃ للامام الرضا، چ۳، موسسۃ النشر الاسلامی، قم، ۱۴۱۶ھ۔

۲۴۶- علامہ حلی، ابومنصور حسن بن یوسف بن مطہر اسدی (۷۲۶ھ): خلاصۃ الاقوال فی معرفۃ الرجال، تحقیق: شیخ جواد قیومی، چ۱، موسسۃ النشر الاسلامی، قم، ۱۴۱۷ھ۔

۲۴۶- شیخ طوسی، ابوجعفر محمد بن حسن بن علی (۴۶۰ھ): رجال الطّوسی، تحقیق وتعلیق: سید محمد صادق آل بحرالعلوم، چ۱، مطبعۃ الحیدریہ، نجف اشرف، ۱۳۸۱ھ۔

۲۴۷- نجاشی، ابوعباس احمد بن علی بن احمد بن عباس اسدی کوفی (۴۵۰ھ): رجال النجاشی، تحقیق: سید موسی شبیری زنجانی، چ۶، انتشارات جامعہ مدرسین، قم، ۱۴۱۸ھ۔

۲۴۸- خوانساری، میرزا محمد باقر موسوی (۱۳۱۳ھ): روضات الجنات فی احوال العلماء والسادات، موسسہ اسماعیلیان، قم، ۱۳۹۰ھ۔

۲۴۹- آفندی اصفہانی، میرزا عبداللہ (۱۱۳۰ھ): ریاض العلما و حیاض الفضلاء، کتابخانہ آیت اللہ العظمی مرعشی نجفی، قم، ۱۴۰۱ھ۔

۲۵۰- شیخ عباس قمی (۱۳۵۹ھ): سفینۃ البحار ومدینۃ الحکم والآثار، چ۱، اسلامی تحقیقات فاؤنڈیشن، آستان قدس رضوی، مشہد، ۱۴۱۶ھ۔

۲۵۱- معروف، سید ہاشم: عقیدۃ الشیعہ الامامیہ، دارالکتاب اللبنانی، بیروت، ۱۳۷۶ھ۔

۲۵۲- شیخ صدوق، ابوجعفر محمد بن علی بن حسین بن بابویہ قمی (۳۸۱ھ): علل الشرائع، چ۱، مکتبۃ الحیدریہ، نجف اشرف، ۱۳۸۵ھ۔

۲۵۳- عیون اخبار الرضا، چ۲، ناشر، رضا مشہدی، قم ۱۳۶۳ش (ایرانی سال)۔

۲۵۴- ابن داد حلی، تقی الدین حسن بن علی (۷۰۷ھ): کتاب الرجال، چ۲، انتشارات دانشگاہ، تہران، ۱۳۸۳ھ۔

۲۵۵- شیخ صدوق، ابوجعفر محمد بن علی بن حسین بن بابویہ قمی (۳۸۱ھ): کمال الدین وتمام النعمۃ، چ۱، مکتبۃ الصدوق، تہران، ۱۳۱۹ھ۔

۲۵۶- مطہری، مرتضی: مجموعہ آثار، چ۱، انتشارات صدرا، تہران، ۱۴۲۰ھ۔

۲۵۷- نمازی شاہرودی ، شیخ محمد علی (۱۴۰۵ھ): مستدرکات علم رجال الحدیث، چ۱، اصفہان،، ۱۴۱۲ھ۔

۲۵۸---: مستدرک سفینۃ البحار، چ۱، انتشارات جامعہ مدرسین، قم، ۱۴۱۸ھ۔

۲۵۹- خوئی، سید ابوالقاسم (۱۴۱۳ھ): معجم رجال الحدیث وتفصیل طبقات الرواۃ، چ۳، منشورات مدین العلم، قم، ۱۴۰۳ھ۔

۲۶۰- مرعشی نجفی، سید شہاب الدین (۱۴۱۱ھ): ملحقات احقاق الحق، چ۲، مکتبۃ آیت اللہ العظمی مرعشی نجفی، قم، ۱۴۲۳ھ۔

۲۶۱- ابن شہر آشوب، ابوجعفر رشید الدین محمد بن علی (۵۸۸ھ): مناقب آل ابی طالب، انتشارات علامہ، قم۔

۲۶۲- شیخ عباس قمی (۱۳۵۹ھ): منتہی الآمال فی تواریخ النبی والآل، چ۹، انتشارات ہجرت، قم، ۱۳۷۵ش (ایرانی سال)۔

۲۶۳---: منتہی الآمال فی تواریخ النبی والآل، تحقیق: ناصر باقری بیدہندی، چ۱، انتشارات دلیل ما، قم، ۱۳۷۹ش (ایرانی سال)۔

۲۶۴- یوسف غروی، محمد ہادی: موسوع التاریخ الاسلامی، چ۱، مجمع الفکر الاسلامی، قم ۱۴۳۰ھ۔

☆☆☆☆☆

☆☆☆

☆